اللہ کی کتاب اور تعلیمات رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی روشنی میں جواب

نئی نسل اور جدید لادینی شبہات

ضمیر جمیل

دین کا فہم اللہ کا کرم ہے. یہ صرف عالم فاضل لوگوں کی میراث نہیں.

نے

يُؤتِي الْحِكْمَةَ مَن يَشَاء وَمَن يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا وَمَا يَذَّكَّرُ إِلاَّ أُوْلُواْ الأَلْبَابِ

دین کا فہم جس کو چاہتے ہیں دیدیتے ہیں۔ اور (سچ تو یہ ہے کہ) جس کو دین کا فہم مل جاوے اُس کو بڑی خیر کی چیز مل گئی اور نصیحت وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو عقل والے ہیں (یعنی جو عقل صحیح رکھتے ہیں)۔ (۲۶۹)

روى البخاري (71)، ومسلم (1037) عن مُعَاوِيَةَ بن أبي سفيان رضي الله عنهما قال: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : (مَنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ).

جس کو دین کا فہم عطا ہوا اسکو بڑی خیر کی چیز مل گئی.

جامع ترمذی

نے

فہرست مضامین

Contents

نسے

نے

پیش لفظ

مسلمانوں طرف سے تعلیم و تربیت میں برسوں کی غفلت صدیوں میں بدل چکی. اس جرم کا خمیازہ ہم بھی بھگت رہے ہیں اور ہماری نسلیں بھی بھگتیں گیئں. اسلام کو ہم نے اپنی مرضی کے فرقوں میں تقسیم کر دیا ہے. ہر گروہ کو ناز ہے کہ وہ ٹھیک ہے باقی سب غلط ہیں. ایک طرف جہالت پر مبنی مذہبی انتہا پسندی زور پکڑ رہی ہے تو دوسری طرف اپنی عقل پر گھمنڈ کرنے والے لادین عناصر خود کو درست مان کر دین اسلام سے منکر ہو رہے ہیں. یہ خود کو حق اور سچ پرست کہتے ہیں. جاہل عالم کا روپ دھار کر دین اسلام کے اجارہ دار بن بیٹھے ہیں. یہ عوام الناس کو اپنی شخصیت پرستی کے شرک میں بھانس کر شکار کرتے ہیں. اللہ کی طرف بلانے کی بجاے یہ لوگوں کو پیروں کے تقدسکے قصے سناتے ہیں. خدا کا ذکر تو پڑھے لکھے لوگ تک نہیں کرتے وہ بھی یا تو کسی بزرگ کی شخصیت کے گن گاتے ہیں یا اسکی تعلیمات کا مگر جو ان تعلیمات کی غایت ہے اس سے وہ غافل رہتے ہیں. ان حالات میں روشنی ملے تو کیسے ؟ جتنے انسان اتنے انکے رویئے اور اتنی انکی خصلتیں ہیں. تمام انسانوں کو کسی ایک بات پر قائل کرنا بہت مشکل ہے.

نے

کسی نے اپنے آباء واجداد کا مذھب آرام سے اختیار کر لیا تو کسی نے بالغ ہو کر اپنی سمجھ اور عقل کے مطابق کوئی اور عقیدہ اور نظریہ اپنا لیا.

خدا کے وجود کا اقرار یا انکار پڑھے لکھے نوجوانوں میں ایک بڑا مسلہ ء بنکر سامنے آرہا ہے. مغربی افکار کے زیر اثر کچھ نوجوان خدا کو سائنس کے اصولوں پر پرکھنے کے بعد ہی تسلیم کرنا چاہتے ہیں.

دین اسلام نے خدا پر ایمان کے لئے عقل اور شعور کے استعمال پر زور دیا ہے آنکھیں بند کر کے ایمان لانے کو نہیں کہا. انسان اپنی اپنی انفرادی عقل کے استعمال کے بعد بھی کسی شک میں نہ رہ جائے اللہ نے رسول معبوث فرماء کر اس کی گنجائش ختم کر دی، یہ انسانوں پر اللہ کا بہت بڑا احسان ہے. مگر افسوس کہ سائنس کے ثبوت مانگنے کے شوقین وحی کو خوش نصیبی سے تعبیر کرنے کی بجاے اسے مذھب کی کمزور بنیاد سے تعبیر کرنے لگے.

بھلا یہ بتائیں تو سہی کیا علم وہی ہے جسکو انسان اپنے حواس سے معلوم کر سکے ؟. وہ خبریں کیسے معلوم کی جاسکتی ہیں جنکا ادراک کرنے سے انسانی حواس معذور ہیں. سائنس کا تو یہ موضوع نہیں نہ سائنس کو اس سے غرض ہے.

نے

جنات دوزخ، روح، فرشتے، قیامت، خدا کا وجود ہونا، موت کے بعد جی اٹھنا ان سب عقائد کا تصور اگر سائنس کا دائرہ اختیار نہیں ہے تو پھر انکو سائنس کے اصولوں پر پرکھنے کی ضد نہایت بچگانہ بات ہے.

میرا ماتھا ٹھنکا اور میں اس موضوع کی طرف تب متوجہ ہوا جب اپنے عزیز و اقارب چند نوجوانوں کو دہریوں جیسے خیالات کا اظہار کرتے دیکھا. انکا کہنا تھا کوئی بھی مذہب عقل اور سائنس کے معیار پر پورا نہیں اترتا.

انکو سوال کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی اور ہر بات پر برے نتائج اور جہنم سے ڈرایا جاتا ہے. نیز کسی وبا اور قدرتی آفت کی صورت میں یہ نوجوان آپکو باور کروائیں گئے کہ دعا کوئی فائدہ نہیں دیتی دراصل وبائی امراض سے عقل استعمال کرنے اور مناسب دوا لینے ہی سے بچا جا سکتا ہے. یہ وبائی امراض، اور قدرتی آفات کسی ملک میں ہونے والے ظلم وزیادتی یا گناہوں کا نتیجہ نہیں ہوتے، لہذا زنا، جوا، شراب ڈاکہ زنی اور دیگر خرابیاں ان وباؤں اور آفتوں کی ذمہ دار نہیں ہوتیں. سو نہ ڈرنے کی ضرورت ہے نہ اللہ کے حضور توبہ استغفار معنی رکھتا ہے. بس عقل کی تدبیر کافی ہے.

اس سوچ کے بر عکس اسلام کی الہامی کتاب قرآن کریم نے کچھ ایسی آفات اور وباؤں کو اس پیرائے میں بیان کیا ہے:

سورۃ الأعرَاف

پھر ہم نے ان پر طوفان بھیجا اور ٹڈیاں اور گُھن کا کیڑا اور مینڈک اور خون کہ یہ سب کھلے کھلے معجزے تھے سو وہ تکبر کرتے رہے اور وہ لوگ کچھ تھے ہی جرائم پیشہ۔(۱۳۳)

پھر وہ تمام اعتراضات بھی ہیں جو آپکو کسی بھی لادین ویب سائٹ پر مل جائیں گئے. مجھے تجسس ہوا کہ ان تمام ملحدانہ افکار کا ماخذ کیا ہے؟. میں نے ڈاکٹر رچرڈ ڈاکنز کی کتاب خدا ایک مغالطہ پڑھی تو محسوس ہوا ایسے تمام اعتراضات جو مذھب پر کئے جاتے ہیں یہ سب ڈاکٹر رچرڈ ڈاکنز کی کتاب میں موجود ہیں. میں نے یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ کتاب کی ترتیب کے مطابق ہی اس پر تنقیدی نظر ڈالی جائے اور پھر اسکو اسی ترتیب میں قلم بند کیا ہے.

اس کتاب میں خدا کے نہ ہونے پر تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے اور پڑھنے والے کو لادینی نکتہ نظر کو اپنانے کی ترغیب کمال ہوشیاری سے بار بار دی گئی ہے. ذہن

نے

سازی کے جدید نفسیاتی طریقوں کا استعمال کیا گیا ہے. یہی وجہ ہے نوجوانوں کے شبہات کا جواب دینے کے لئے میں نے اس کتاب کو بنیاد بنایا ہے. انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کے استعمال سے بھی لادینی نظریات کو منظم طریقہ سے پھیلایا گیا ہے. ایک طرف تو معاشرتی سطح پر انسان پہلے سے بھی بدترین غلامی میں جکڑا جا رہا ہے تو دوسری طرف انفرادی طور پر خود کو آزاد رائے رکھنے والا سمجھنے کا فریب نشو ونما پاتے ذہن کو ان شکاریوں کے جال میں پھنسا رہا ہے. حقیقت میں تو وہ جدید ذرائع ابلاغ کی بدولت مائنڈ کنٹرول اور جدید طریقہ ذہن سازی کا شکار ہو رہا ہے.

پھر ایک اور بات، نفس پرستی کا دوسرا نام آزادی سمجھ لیا گیا ہے. یہ اندھیر کا دور ہے یا سویر کا میں کیا کہوں اس کا اندازہ آپ اپنی اور لوگوں کی اخلاقی حالت دیکھ کر خود لگا لیں. حقیقی آزادی کی نعمت کا لطف انسان سے کوسوں دور ہے. انفرادی لحاظ سے انسان اپنی خواہشات کا غلام ہے. برے کاموں میں نڈر ہو چکا ہے اور ایسا کرنے کو اپنی آزادی سمجھتا ہے. مرد سے مرد کی شادی قانونی قرار دئے جانا اسکی ایک مثال ہے. انسان سخت دل خود غرض اور مادیت پرست بنتا جا رہا ہے. یہ اس ماحول کا بھی اثر ہے کہ نئی نسل نے دین اسلام کے بنیادی عقائد پر بھی سوال اٹھانے شروع کر دیے ہیں. کبھی کہا جاتا ہے یہ اسلام تو صرف عرب قبائلی معاشرہ کے لئے تھا. اسی فتنہ پرور دور میں کچھ نوجوان جنہوں نے اصل تعلیم تو کچھ اور شعبوں میں لیے رکھی

ہے مگر اختیاری طور پر عربی زبان سیکھ کر اسلامی معاملات پر چند عربی کتابیں پڑھ لی ہیں خود کو علامہ سمجھنے لگے ہیں. سوشل میڈیا کی طاقت کے زور پر ایسے عناصر نے بھی اپنے سر نکال لئے ہیں جو اپنی ذاتی مقبولیت میں اضافہ کی ہوس میں مبتلا ہیں. نوجوانوں کو اسلام سے بد ظن کرنے کے علاوہ اسلام کی کون سی خدمت ہے جو یہ سر انجام دے رہے ہیں؟ کبھی آپ نے دیکھا انکو اسلام کا پیغام غیر مسلموں کو پہنچاتے؟ یہ سوشل میڈیا پر غیر مسلموں کو دعوت کیوں نہیں دیتے؟. دین اسلام کے بارے میں انکے سوالات کے جواب میں کیا یہ انکو حضرت علی اور حضرت امیر معاویہ کے اختلافات کے قصّے سنائیں گئے؟. کچھ تو ہوش کے ناخن لیں. اصل مسائل کی طرف آئیں. کفر اور الحاد پھیل رہا ہے. دہریت پھیلانے والی جو کتاب زیر بحث ہے صرف سعودی عربیہ میں نوجوانوں نے تیس لاکھ بار اسکو انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا ہے. تیس لاکھ سے زائد اس کتاب کی ہارڈ کور کاپیاں بک چکی ہیں اور اسکا کئی زبانوں میں ترجمہ کیا جا چکا ہے. ہمارا جواب کہاں ہے؟ ہم سو رہے ہیں.

ڈاکٹر رچرڈ ڈاکنز کی کتاب میں وہ تمام موضوعات موجود میں جن کو لیکر تشکیک زدہ ذہن مذہب پر سوالات اٹھا سکتا ہے. مصنف رچرڈ ڈاکنز نے تمام اعتراضات کو نہ صرف نمایاں کیا ہے بلکہ ان پر تفصیل سے بحث بھی کی ہے. اس کتاب میں مصنف کا یہ دعوی بھی اسکی کتاب میں درج ہے کہ اگر کوئی کٹر مذہبی آدمی بھی اسکی کتاب کو

نے

پڑھے تو منکر خدا ہو کر اٹھے گا. اسکا اپنی کتاب میں یہ بھی کہنا ہے کہ یہ کتاب اسنے لوگوں کو دہریہ بنانے کے لئے لکھی ہے. ان سب وجوہات کے پیش نظر اس کتاب میں اٹھائے گئے نقاط کا جواب اللہ کی کتاب قرآن کریم اور تعلیمات رسول صلی کی روشنی میں دینا ایک ضروری امر ہے.

اس کام کے دوران قران کریم کا یہ اعجاز مجھ پر منکشف ہوا کہ وہ تمام باتیں جو منکر ان خدا کہتے ہیں قران کریم میں بڑی صراحت سے انکا جواب موجود ہے. میں نے اسی کو رہنما بنایا ہے اور تعلیمات نبوی سے رہنمائی لی ہے.

اہل ایمان کی بنیاد وہ یقین ہے جو انکو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کی امانت اور دیانت پر ہے. آپ کی ذات کی یہ عظمت ہی آپ کی کہی بات کو اعتماد کا وہ درجہ فراہم کرتی ہے جو اسلام پر یقین کی بنیاد ہے. اسی کی وجہ سے اہل اسلام آپ پر اتری وحی پر یقین کرتے ہیں اور اللہ کے نازل کردہ احکامات پر ایمان لاتے ہیں. یہ بات کہنے کا مقصد عقائد کے بارے میں اللہ کے رسول اور وحی کی اہمیت کو واضح کرنا ہے. عقل اور علم یہاں تک رہنمائی کر دے تو پھر یا ایمان لانا ہے یا انکار کرنا ہے. اسکا اختیار اللہ نے سب انسانوں کو دے رکھا ہے وہ آزاد ہیں اپنا فیصلہ کرنے میں. اہل

نسے

ایمان اور اہل کفر کے راستے یہیں سے جدا ہو جاتے ہیں. باقی فلسفہ دلیل منطق بحث مباحثہ سب فروعی باتیں ہیں.

سورة ٱلدَّهۡر / الإنسَان

ہم نے اُس کو مخلوط نطفہ سے پیدا کیا اس طور پر کہ ہم اس کو مکلف بنائیں تو (اسی واسطے) ہم نے اسکو سنتا دیکھتا (سمجھتا) بنایا۔ (۲) ہم نے اُسکو (بھلائی بُرائی پر مطلع کرکے) رستہ بتلایا (یعنی احکام کا مخاطب بنایا پھر) یا تو وہ شکر گزار (اور مومن) ہو گیا یا ناشکر (اور کافر) ہو گیا۔ (۳)

نے

ایک مثالی منکر خدا کی تلاش

جاننا چاہیے کہ آجکل کفر الحاد اور دہریہ پن بہت پھیل رہا ہے. خاص طور پر پڑھے لکھے نوجوان اسکا شکار ہو رہے ہیں. ایسے نوجوان کا دین اسلام کے بارے میں علم واجبی ہوتا ہے مگر انکو اپنی عقل اور سائنس کی ترقی پر بڑا گھمنڈ ہوتا ہے. ہمیں ایسے ہی کسی مثالی منکر خدا کی تلاش ہے جو خدا پر شک اور اسکے وجود کا انکار کرنے والوں کی نمائندگی کر سکے. دور جدید میں ایسے منکران خدا بہت سے ہیں جو نوجوان نسل میں کافی مقبول ہیں. جیسے قلمی ناموں کے پیچھے چھپے مرتد ابن وراق یا ابن سینا. مشہور دہریے پیٹر سنگر, ڈینیل ڈینٹ, سیم حارث, کرسٹوفر ھچینز, کارل سیگن مچل مارٹن اور وکٹر سٹنگر وغیرہ شامل ہیں .

میں نے اسکے لئے رچرڈ ڈاکنز کو چنا ہے. یہ شخص اعلی تعلیم یافتہ بھی ہے علانیہ دہریہ ہے جو خدا کے وجود کا منکر ہے اور جو لوگوں کو دہریہ بنانے کی مہم چلاتا

نے

ہے۔ اس نے اپنی کتاب میں ان تمام اعتراضات کو اٹھایا ہے جو خدا کے وجود کا انکار کرنے والے اہل ایمان سے بیاں کرتے ہیں

اس سے پہلے کہ ہم ان اٹھائے گئے اعتراضات پر بات کریں مناسب ہے کہ منکر خدا رچرڈ ڈاکنز کے بارے میں معلومات حاصل کر لی جائیں۔ یاد رکھیں کسی بھی مصنف کی تنصیف کے ساتھ علمی کام کرنے والے کا اپنا کردار بنیادی اہمیت کا حامل ہوتا ہے جس کو جانے بغیر صاحب تحریر کے افکار کا مطالعہ مکمل نہیں ہو سکتا۔

موجودہ زمانے میں خدا کا انکار کرنے والوں کے سرخیل ڈاکٹر رچرڈ ڈاکنز ۱۹۴۱ میں پیدا ہوے۔

یہ بنیادی طور پر Ethologist and Evolutionary biologist ہیں۔ ان دونوں الفاظ کی تعریف یوں ہے۔

Ethology is the scientific and objective study of animal behavior, usually with a focus on behavior under natural conditions, and viewing behavior as an

نے

evolutionarily adaptive trait. Behaviorism as a term also describes the scientific and objective study of animal behavior, usually referring to measured responses to stimuli or to trained behavioral responses in a laboratory context.

Evolutionary biology is a subfield of biology that studies the evolutionary processes that produced the diversity of life on Earth. In the 1930s, the discipline of evolutionary biology emerged through what Julian Huxley called the modern synthesis of understanding, from previously unrelated fields of biological research, such as genetics and ecology, systematics and paleontology.

یہ سب کچھ بتانے کا مقصد یہ باور کروانا ہے کہ ایک استاد جو طرز عمل رویہ میل جول یعنی حیوانات کے رویوں اور کردار کی سائنس میں مہارت رکھتا ہو وہ مائنڈ

نے

کنٹرول اور ذہن سازی کرنے کا کتنا بڑا ہنر مند ہو سکتا ہے. ایسا باکمال منکر خدا کس چالاکی سے اپنے نکتہ نظر کی ترویج کے لئے شاطرانہ چالیں چل سکتا ہے اسکا اندازہ آپکو اسکی تحریریں پڑھنے سے بخوبی ہو جاتا ہے.

انگلش میں ایسے آدمی کو Manipulator کہتے ہیں جس کی تعریف یوں ہے

"Psychological manipulation is a type of social influence that aims to change the behavior or perception of others through indirect, deceptive, or underhanded tactics. By advancing the interests of the manipulator, often at another's expense, such methods could be considered exploitative and devious."

ڈاکٹر رچرڈ ڈاکنز آکسفورڈ یونیورسٹی میں تیرہ سال تک سائنس کے لئے پبلک شعور اجاگر کرنے کے شعبہ کے پروفیسر کے طور پر کام کرتے رہے ہیں.
انہوں نے بیڑا اٹھایا ہے کہ وہ اپنی زندگی میں باقی لوگوں کو بھی منکر خدا بنائیں

نے

گئے. اس کام کے لئے بہت سی اور باتیں کرنے کے علاوہ انہوں نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام ہےThe God Delusionیعنی خدا کے موجود ہونے کا فریب.

حیوانی ذہنی رویوں کے ساتھ تجربات کرنے اور انکے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرنے میں مہارت رکھنے کی وجہ سے انہوں نے خوش اسلوبی سے اپنی اس کتابی تحریر سے بہت سارے نوجوانوں کو منکر خدا بنایا ہے. ایک ایسا شخص جو مذاہب کا عالم نہیں لہذا مذہب کے بارے میں کوئی اتھارٹی بھی نہیں. مگر وہ مذہبی عقائد کے خلاف اپنی دلیلوں کو نہایت پر اعتماد طریقہ سے استعمال کرنے کا سلیقہ رکھتا ہے. اگر ایسے شخص کی دلیلوں اور حجت بازیوں کا جواب نہ دیا جائے تو اندیشہ ہے کہ اسکی باتیں بہتیری مخلوق خدا کو گمراہ کرنے کا باعث بنیں. ویسے بھی برائی زیادہ تیزی کے ساتھ پھیلتی ہے.

یہ شخص کچھ مخصوص علوم کا ماہر ہے لہذا اس کے طریقہ واردات کو سمجھنے کے لئے ہمیں کم از کم ایسے علوم کا مختصر تعارف ہونا بھی بہت ضروری ہے. جو درج ذیل ہیں:

نے

Psychological manipulation:

Psychological manipulation is a type of social influence that aims to change the behavior or perception of others through indirect, deceptive, or underhanded tactics.

Psychological warfare (PSYWAR), or the basic aspects of modern psychological operations (PSYOP), has been known by many other names or terms, including MISO, Psy Ops, political warfare, "Hearts and Minds", and propaganda. The term is used "to denote any action which is practiced mainly by psychological methods with the aim of evoking a planned psychological reaction in other people".

ت

Various techniques are used and are aimed at influencing a target audience's value system, belief system, emotions, motives, reasoning, or behavior. It is used to induce confessions or reinforce attitudes and behaviors favorable to the originator's objectives, and are sometimes combined with black operations or false flag tactics. It is also used to destroy the morale of enemies through tactics that aim to depress troops' psychological states.

Target audiences can be governments, organizations, groups, and individuals, and are not just limited to soldiers. Civilians of foreign territories can also be targeted by technology and media so as to cause an effect in the government of their country.

Dawkins uses such sciences for his purpose.

Some manipulators like to make critical remarks, often disguised as humor or sarcasm, to make you seem inferior and less secure. Examples can include any variety of comments ranging from your appearance to your older model smartphone, to your background and credentials, to the fact that you walked in two minutes late and out of breath. By making you look bad, and getting you to feel bad, the aggressor hopes to impose psychological superiority over you.

The term “gaslighting” is often used to identify manipulation that gets people to question themselves, their reality, memory or thoughts. A manipulative person might twist what you say and

make it about them, hijack the conversation or make you feel like you've done something wrong when you're not quite sure you have, according to Stine.

If you're being gaslighted, you might feel a false sense of guilt or defensiveness—like you failed completely or must have done something wrong when, in reality, that's not the case, according to Stine.

https://time.com/5411624/how-to-tell-if-being-manipulated/

Deprogramming is the process of removing a person thought to be under "mind control" from a religious or other community and influencing him or her to abandon allegiance to the group. It is normally

commissioned by concerned relatives of the follower, often parents of adult children and involves forcible abduction. Historically, it usually involved confining the person against his or her will without prior psychological evaluation. This led to controversies over freedom of religion and civil rights in the United States, Europe, and Japan in the late twentieth century.

Ted Patrick, one of the pioneers of deprogramming, used a confrontational method, enlisting psychiatrists and psychologists to assist him in the deprogramming process.[19] Patrick was tried and convicted of multiple felonies related to kidnapping and unlawful imprisonment of deprogramming subjects.[20]

Sylvia Buford, an associate of Ted Patrick who has assisted him on many deprogrammings, described five stages of deprogramming:[21]

1. Discredit the figure of authority: the cult leader

2. Present contradictions (ideology versus reality): "How can he preach love when he exploits people?" is an example.

3. The breaking point: When a subject begins to listen to the deprogrammer; when reality begins to take precedence over ideology.

4. Self-expression: When the subject begins to open up and voice gripes against the cult.

ے

5. Identification and transference: when the subject begins to identify with the deprogrammers, starts to think as an opponent of the cult rather than as a member.

آج کے دور میں نہ صرف آپکو ان ہتھکنڈوں کا علم ہونا چاہیے بلکہ اس سے بچنا بھی ہو گا.

نے

ذہن سازی کے ہنر میں لپٹا عقلیت کا فریب

ہم ڈاکٹر رچرڈ ڈاکنز کی کتاب کی طرف آتے ہیں. اس کتاب کے پیش لفظ کو دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے ڈاکٹر رچرڈ ڈاکنز بطور ایک تجربہ کار استاد اپنے نوجوان شاگردوں سے مخاطب ہے

اپنی بات کو دلچسپ اور موثر بنانے کی خاطر اس نے جگہ جگہ داستان گوئی کا انداز بھی اختیار کیا ہے. کتاب کا بیشتر حصّہ ایسے بہت سارے قصّے کہانی نما واقعات پر مشتمل ہے. جس سے اسکا مقصد اپنے خشک موضوع کو دلچپ بنانے کے ساتھ ساتھ پڑھنے والے کو خدا کے انکار کے نظریہ کا قائل کرنا ہے.

اپنی کتاب کے پیش لفظ میں وہ لکھتا ہے:

"مجھے شک ہے—بلکہ یقین ہے—کہ ایسے بہت سے لوگ ہیں جو کسی نہ کسی مذہب سے منسلک تو ہیں، لیکن اس پر یقین نہیں رکھتے، اس میں خوش نہیں ہیں، یا اس کے نام پر کئے جانے والے مظالم کی وجہ سے پریشان ہیں؛ ایسے لوگ جو اپنے سینوں میں اپنے پرکھوں کے مذہب کو چھوڑنے کی مبہم سی خواہش لئے جی رہے ہیں۔ لیکن انہیں معلوم ہی نہیں کہ ایسا کرنا بالکل ممکن

نے

ہے۔ اگر آپ بھی ان میں سے ایک ہیں، تو یہ کتاب آپ ہی کے لئے ہے۔
اس کتاب کا اولین مقصد آپ کا شعور بیدار کرنا ہے۔ اس بات کا شعور کہ الحاد
کا راستہ اختیار کرنا ایک شاندار اور دلیرانہ خواہش ہے۔ آپ کے لئے ملحد بننا
عین ممکن ہے، ایک ایسا ملحد جو خوش، متوازن، بااخلاق اور علم و دانش سے
بھرپور زندگی گذار سکتا ہے۔ بیداریٔ شعور کے سلسلے میں یہ میرا آپ کو پہلا
پیغام ہے۔ اس کے علاوہ دیگر تین طریقوں سے بھی میں شعور کو بیدار کرنا
چاہتا ہوں جن پر آئندہ بات کی جائے گی۔"

صاحب مضمون نے بڑی خوبی سے قاری کے اعتقادی شکوک اسکو نمایاں
کر کے دکھلاتے ہوے اس کو اپنے خیالات کا حامی بنانے کا جال بچھایا ہے. اب
دوسری مثال کو لیجیے. مصنف لکھتا ہے

“In January 2006، I presented a two-part television documentary on British television (Channel Four) called Root of All Evil? From the start, I didn't like the title. Religion is not the root of all evil, for no one thing is the root of all anything. But I was

delighted with the advertisement that Channel Four put in the national newspapers. It was a picture of the Manhattan skyline with the caption 'Imagine a world without religion.' What was the connection? The twin towers of the World Trade Center were conspicuously present. "

قاری کے ذہن میں بلاواسطہ یہ بات ڈالی جا رہی ہے کہ تمام برائیوں کی جڑ دراصل مذہب ہی ہے. اور یہ کہ مذہب کے بغیر دیکھو دنیا کس قدر پرامن ہو گی.

کیا ورلڈ ٹریڈ سینٹر کے ٹوئن ٹاور کا موجود ہونا یا غائب ہو جانا اتنی سادہ بات ہے، یقینا ایسا نہیں ہے

دراصل رچرڈ ڈاکنز نے بڑے سلیقے سے ورلڈ ٹریڈ سینٹر کی تباہی کا ذمہ دار مذہب کو قرار دے رہا ہے جو سچائی اور حقائق کے برعکس بات ہے. ورلڈ ٹریڈ سینٹر کی تباہی بہت پراسرار حالات میں ہوئی تھی جو آج بھی تحقیق طلب ہے

ورلڈ ٹریڈ سینٹر پر تحقیق کبھی کروائی ہی نہیں گئی. اس ٹاور کے گرنے کی آڑ میں پھر جو کچھ ہوا وہ یہ ظاہر کرنے کو کافی ہے کہ اسکے گرنے کے بعد نقصان کس کو ہوا اور فائدہ کس کو ہوا. شام عراق لبنان یمن افغانستان اور لیبیا اسی کے رد عمل میں تباہ و برباد کر دیے گئے. یہ سب کچھ دہشت گردی کے خلاف جنگ کی آڑ میں ہوا. کیا یہ جنگ مسلمانوں اور اسلام نے چھیڑی؟ یا مغرب نے ان پر مسلط کی؟.

آگے مصنف لکھتا ہے

تو پھر آپ بھی مشہور گلوکار جان لینن کے ساتھ ایک ایسی دنیا کا تصور کیجئے جہاں کوئی مذہب نہ ہو جہاں ستمبر گیارہ یا جولائی سات خود کش حملے نہ ہوں. نہ برصغیر کا بٹوارہ، نہ اسرائیل فلسطین تنازعہ، نہ سرب مسلم قتل عام، نہ یہودیوں پر مظالم، نہ "جادوگرنیوں" کے حملے، نہ صلیبی جنگیں، نہ غیرت کے نام پر قتل، اور نہ ٹی وی پر مذہب بیچ کر کروڑوں کمانے والے '(-خداوند چاہتے ہیں کہ آپ اتنی خیرات دیں کہ آپ کو تکلیف ہونے لگے')۔ نہ سرعام شاطم رسول کا سر قلم کیا جائے، نہ عورتوں کو تھوڑی سی بھی جلد دکھانے پر کوڑے

نے

مارے جائیں۔ نہ طالبان بدّھا کے بتوں کو توپ سے اڑائیں۔ ”نہ ہی کوئی مذہب ہو“

یہ ایک مفروضہ پر مبنی بچگانہ موقف ہے جس سے مصنف ڈاکٹر رچرڈ ڈاکنز، ناواقف اور کم علم رکھنے والے نوجوانوں کو گمراہ کرنا چاہتا ہے. کیا دنیا میں جو بھی برائی ہوتی ہے وہ صرف مذہب کی وجہ سے ہوتی ہے؟ اگر دنیا میں مذھب کسی بھی اچھائی کا پیش خیمہ نہیں ہے تو دنیا میں ہونے والی تمام برائیوں کا ذمہ دار کیسے ہوا؟. کیا قوموں کے درمیان مسابقت کے دوسرے کئی عناصر فتنوں اور جنگوں کا باعث نہیں ہیں؟.

جن واقعات کا ذکر اوپر کیا گیا ہے ان کے پس منظر میں تو مغربی سامراجی طاقتوں کے اپنے مفادات ہیں. انہی کی جابرانہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے جس سے مزید رد عمل نے جنم لیا ہے. پھر اس مخالفت کو دبانے کے لئے دہشت گردی ایجاد کی گئی. اسی تبدیلی کے ساتھ لینگوتج میں بھی کئی نیے الفاظ ایجاد ہوے اور اصطلاحات گھڑی گئیں. ڈاکنز مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان آپس کے جھگڑوں کا ذکر کرتا ہے قتل وغارت اور ملکوں کی تقسیم کا ذکر کرتا ہے. مگر وہ پہلی اور دوسری جنگ عظیم کو بھول جاتا ہے جو مذھب کے نام پر

نسے

نہیں لڑی گئیں تھیں. وہ بھول جاتا ہے کہ ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم کسی مذھب نے نہیں گرایا تھا. اسکو کوریا کی جنگ اور ویتنام کی جنگ یاد نہیں رہتی. یہ تورچرڈ ڈاکنز کی علمی بد دیانتی ہے. مذھبی جذبہ اگر کار فرما رہا ہے تو کیا نسلی علاقائی اور لسانیت کی وجہ سے انسانی معاشرے فتنہ فساد جنگ وجدل کا شکار نہیں ہوے؟. کیا معیشت اور لوٹ مار اور دوسروں کے وسائل ہڑپ کرنے کی تمنا ہزاروں انسانوں کی زبوں حالی اور تباہی اور بربادی کا سبب نہیں بنی؟.

اپنی تہذیب مذہب اور معاشرت کے مطابق پر امن زندگی گزارنے کا حق سب انسانوں کو ہونا چاہیے. اگر اس اصول کو تسلیم کر لیا جائے تو پھر تہذیبوں کا تصادم نامی کتابیں جو جھوٹے مفروضوں پر مبنی ہیں لکھنے کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہتی. اس جنگ وجدل فتنہ فساد میں صرف مذہب کا قصور نہیں.

اصل جنگ تو ظلم اور مظلوم کے درمیان ہے خیر اور شر کے درمیان ہے جھوٹ اور سچ کے درمیان ہے. ایسی کشمکش کے بارے میں دنیا کے ظالم ارباب اختیار اور نام نہاد اہل علم نے آنکھیں بند کر رکھی ہیں. مصنف بھی اصل مجرموں کی طرف توجہ مبذول کروانے کی بجاے مذھب اور خدا سے نوجونوں کو متنفر کرنے کے مشن پر ہے.

نے

مصنف کا متکبرانہ دعوی ہے کہ اگر کوئی صاحب ایمان اسکی پوری کتاب ایک دفعہ پڑھ لے تو وہ ضرور منکر خدا بنکر اٹھے گا. یہ ایک عامیانہ اور چھوٹی سوچ کا اظہار ہے جس کو بیان کرنے کی غایت بھی نفسیات کے استعمال سے ذہن سازی کی کوشش ہے.

انکار خدا نئی دلیلیں نئے شبہات

مسلمانوں کی وہ نسلیں گزر گئیں جنہوں نے کہا ہم نے سنا اور ہم ایمان لے
آے. آج کا نوجوان جو دنیاوی علوم سے لیس ہے وہ اپنے ذہن میں ابھرنے
والے سوالات کا جواب سائنسی علوم کی روشنی میں چاہتا ہے. وہ انٹرنیٹ کے
ذریعہ ہر طرح کی معلومات حاصل کرنے پر قادر ہے وہ اب دین کے علم کے
سلسلہ میں فقط گاؤں کے امام مسجد کا مرہون منت نہیں رہا وہ مذھبی عقائد کے
بارے میں پیدا ہونے والے اپنے مسائل کا حل انٹرنٹ پر تلاش کرتا ہے. آج
اگر کم نوجوان بھی ایسا کر رہے ہیں تو آنے والے دور میں بیشتر نوجوان یہی
راستہ اختیار کریں گے. جو سوال انکے ذہنوں میں اٹھ رہے ہیں یا منکر خدا میڈیا
کے ذریعہ اٹھا رہے ہیں انکے تسلی بخش جواب نوجوانوں کو فراہم کرنے ہونگے.
ایسے ہی کچھ سوالوں کی مثالیں یہاں پیش خدمت ہیں.

نے

مظاہر قدرت میں غور و فکر کے نتائج مختلف کیوں

رچرڈ ڈاکنز اپنی کتاب خدائی کا فریب کے باب اول " مستحق احترام " میں
داستان گوئی کے انداز میں یہ نکتہ اٹھاتا ہے.

"کائنات کو خدا کی تخلیق کی نظر سے دیکھنا انسان کو رہبانیت کی طرف لے جاتا
ہے اور کٹر مذہبی انسان بنا دیتا ہے. جب کہ ایک دوسرا انسان اسی کائنات میں
غور و فکر کے بعد لادین دہریہ بن جاتا ہے " اس کے اپنے الفاظ میں

" آیون،(Ursa) اور دب اکبر (Orion) کو دیکھ کر ورطہ حیرت میں مبتلا،
آکاش گنگا کی ان سنی موسیقی سے آب دیدہ، گل یاس کی مہک میں مخمور۔ ایک
ہی احساس نے کیوں میرے استاد کو مذہب کی طرف اور مجھے دوسری سمت
دھکیل دیا، اس سوال کا جواب دینا بہت مشکل ہے۔"

نے

یعنی رائیٹر کے لئے اس سوال کا جواب دینا مشکل ہے کہ مظاہر قدرت میں غور وفکر کے بعد ایک انسان ایمان والا اور دوسرا لادین دہریہ کیونکر ہو جاتا ہے.

اس کا جواب قرآن کریم اور احادیث نبوی میں موجود ہے. قرآن کریم میں اللہ تعالی کا فرمانا ہے

وَٱلَّذِينَ جَٰهَدُوا۟ فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۚ وَإِنَّ ٱللَّهَ لَمَعَ ٱلْمُحْسِنِينَ

سورة العنكبوت

اور جنھوں نے ہمارے لیے کوشش کی ہم انہیں ضرور اپنی راہیں سمجھا دیں گے اور بے شک اللہ نیکو کاروں کے ساتھ ہے (٦٩)

نیز قرآن میں فرمایا

وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنۢ بَنِىٓ ءَادَمَ مِن ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلَىٰٓ أَنفُسِهِمْ أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۖ قَالُوا۟ بَلَىٰ ۛ شَهِدْنَآ ۛ أَن تَقُولُوا۟ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هَٰذَا غَٰفِلِينَ

سورة الأعراف

نے

اور جب تیرے رب نے بنی آدم کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے ان کی جانوں پر اقرار کرایا کہ میں تمہارا رب نہیں ہوں انہوں نے کہا ہاں ہے ہم اقرار کرتے ہیں کبھی قیامت کے دن کہنے لگو کہ ہمیں تو اس کی خبر نہ تھی

سورۃ یُوسُف

اور بہت سی نشانیاں ہیں آسمانوں میں اور زمین میں جن پر ان کا گزر ہوتا رہتا ہے اور وہ ان کی طرف (اصلاً) توجہ نہیں کرتے۔(۱۰۵) اور اکثر لوگ جو خدا کو مانتے بھی ہیں تو اس طرح کہ شرک بھی کرتے جاتے ہیں۔(۱۰۶)

اللہ تعالی کا علم اتنا مکمل ہے کہ اسے ماضی حال اور مستقبل میں جو کچھ بھی ہے اسکا علم ہے. اس نے یہ سب لوح محفوظ میں لکھ رکھا ہے اور وہ واقعات اپنے مقررہ وقت پر اسی طرح وقوع پذیر ہوتے ہیں. انسان کو بھی اختیار دیا ہے، پھر اس پر حجت بھی تمام فرماء دی جب سب کو پوچھا کہ تمہارا رب کون ہے؟ دنیا میں اللہ کی نشانیوں میں غور و فکر کرنے والے کو نوید ہے کہ " جنھوں نے ہمارے لیے کوشش کی ہم انہیں ضرور اپنی راہیں سمجھا دیں گے " اور اللہ تعالی نے اپنی کائنات میں انسان کو غور و فکر کرنے کی دعوت دی ہے. باقی جو نور

نے

دیکھنے کے کام آتا ہے اسکی مثال تو ایک چراغ کی ہے جو قلب میں ہے اور
انسان کے اپنے اعمال کی وجہ سے اسکے گرد کی چمنی دھوئیں سے سیاہ پڑ جاتی ہے
انسان کا انہماک فضول کاموں کی طرف ہوتا ہے تو وہ مظاہر قدرت کو حقیقی
رنگ میں دیکھ اور سمجھ نہیں سکتا.

آج انسان نے ڈی این اے پر موجود جینیٹک کوڈ کو پڑھنے کی صلاحیت حاصل کر لی ہے جس کی بنا پر وہ اس قابل ہے کہ بتا سکے کہ اس شخص کو مستقبل میں کون سی بیماریاں لگ سکتی ہیں جس سے اس کی موت ہو گی. اسی طرح سے وہ اسکے ماضی سے بھی واقفیت حاصل کر سکتا ہے کہ اسکا نسلی سلسلہ نسب کیا ہے. یہ سب اللہ تعالی کی تقدیر کے مطابق ہی تو ہے کہ انسان کو وہ کچھ سکھلایا جو وہ نہیں جانتا تھا اور اس میں چیزوں کو دریافت کرنے کی صلاحیت دی. قران کریم کی ان آیات میں کچھ اسی طرف اشارہ ہے.

سورة البَقَرَة

اور علم دیدیا اللہ تعالیٰ نے آدم کو (ان کو پیدا کر کے) سب چیزوں کے اسماء کا پھر وہ چیزیں فرشتوں کے روبرو کر دیں پھر فرمایا کہ بتلاؤ مجھ کو اسماء ان چیزوں کے (یعنی مع ان کے آثار وخواص کے) اگر تم سچّے ہو۔ (۳۱) (فرشتوں نے) عرض کیا آپ تو پاک ہیں ہم کو علم ہی نہیں مگر وہی جو کچھ ہم کو آپ نے علم دیا بے شک آپ بڑے علم والے ہیں حکمت والے

نسے

ہیں۔(۳۲)(کہ جسقدر جس کے لیے مصلحت جانا اسی قدر فہم و علم عطا فرمایا) حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے آدم انکو ان چیزوں کے اسماء بتادو سو جب بتلا دیے انکو آدم نے ان چیزوں کے اسماء تو (حق تعالیٰ نے) فرمایا (دیکھو) میں تم سے کہتا نہ تھا کہ بے شک میں جانتا ہوں تمام پوشیدہ چیزیں آسمانوں اور زمین کی اور جانتا ہوں جس (بات) کو تم ظاہر کر دیتے ہو اور جس (بات) کو دل میں رکھتے ہو۔(۳۳)

مشاہدے کے مختلف نتائج کی وجہ تاریکیوں کے وہ پردے ہیں جو انسان کی قلب و نظر پر پڑے ہوتے ہیں جن میں اس کا گمراہ کن عقائد رکھنا اور بد اعمال شامل میں جن میں سے ہر ایک تاریکی کا ایک پردہ ہے. مظاہر قدرت کو انکی حقیقت کے مطابق دیکھنے کے لئے صاف و شفاف قلب و نظر کی بھی تو ضرورت ہے. میں اس نکتہ کو چند مثالوں سے واضح کرتا ہوں. فرض کریں کسی آدمی کو ایک عورت سے عشق ہو جاتا ہے اور وہ دن رات اسکی کی محبت اور تصور میں غرق رہتا ہے. ایسا شخص مظاھر قدرت پر جو غور بھی کرے گا تو وہ کامل نہیں ہو گا کیونکہ اسکی اصل توجہ تو کسی اور طرف ہے. اسی طرح اگر ایک لالچی انسان تمام دن کاروبار کرتا اور نفع گنتا رہتا ہے تو وہ مظاھر قدرت میں خاک غور کرے گا؟ یا ایک کسی کی دشمنی یا حسد میں جلنے والا شخص جسکا نفس ہر دم بری تجاویز سوچنے میں مصروف رہتا ہے. مثبت سوچ رکھنے والے بھی جب کسی ایک پہلو کی سوچ میں ڈوب جاتے ہیں تو پوری تصویر انکی نگاہوں سے اوجھل ہو جاتی ہے. معروضی حالات کے پس منظر میں کسی کو اللہ کی قدرت کا

نسے

مشاہدہ بہت گہرا ہوتا ہے اور کوئی اس سے یکسر محروم رہتا ہے. شرابی اور زانی اپنے محبوب شغل میں رہتا ہے یہی اسکا حجاب بن جاتا ہے. اسی پر باقی باتوں کو بھی آپ قیاس کر لیں.

مظاہر قدرت دیکھ کر ایک کا اللہ پر ایمان لانا اور دوسرے کا منکر ہونے کی وجوہ آپکو سمجھ آ گئی ہونگی.

رچرڈ ڈاکنز مظاہر قدرت دیکھ کر سمجھتا ہے لوگوں کو خدا کے اقرار کی بجاے اس بات کا قائل ہونا چاہیے کہ "تمام عالم قوانین کے مطابق وجود میں آیا ہے" میں کہتا ہوں کیا یہ ان عقلیت پسندوں کی نئی دریافت ہے؟ ڈارون کو تو شائد ابھی دو سو سال بھی نہ ہوے ہوں، مگر اللہ کی کتاب قران مجید نے ہمیں چودہ سو سال پہلے اس کی خبر دی کہ ساری کائنات اللہ کے ٹھہراے اصولوں کے مطابق چل رہی ہے.

سورة یسٓ

اور (ایک نشانی آفتاب ہے کہ وہ) اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے یہ اندازہ باندھا ہوا ہے (اس خدا) کا جو زبردست علم والا ہے۔(۳۸) اور چاند کے لیے منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ ایسارہ جاتا ہے جیسے کھجور کی پرانی ٹہنی۔(۳۹) نہ آفتاب کی مجال

نے

ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن سے پہلے آسکتی ہے اور دونوں ایک دائرے میں تیر رہے ہیں۔(۴۰)

سورۃ الرّعد

اللہ تعالیٰ کو سب کی خبر رہتی ہے جو کچھ کسی عورت کو حمل رہتا ہے اور جو کچھ رحم میں کمی بیشی ہوتی ہے اور ہر شے کا اللہ کے نزدیک ایک اندازہ (مقرر) ہے۔(۸)

اور آپ خدا کے دستور میں ردوبدل نہ پاوینگے۔(۲۳)۴۸

اگر اللہ کا قانون ہے کہ جو موزوں ترین ذی نفس ہے وہی زندہ رہے اور باقی رہے تو اس میں اس اصول کو جان لینے والے انسان کی کیا حصّہ داری ہے

رچرڈ ڈاکنز اپنی حیرانگی کا اظہار ان الفاظ میں کرتا ہے

لہٰذا قدرت کی اس کشمکش میں، قحط سالی اور موت سے وہ سب سے ارفع و اعلیٰ موضوع جنم لیتا ہے جس کا ہم تصور کرسکتے ہیں، یعنی اعلیٰ جانوروں کا وجود میں آنا۔ زندگی کے اس زاویے میں ایک عجیب جلال ہے، جس میں حیات کی ساری قوّتیں جو

شاید چند ہیں، یا ایک ،۔ ابتدائی ذات میں نمودار ہوئی ہوں گی، اپنے پورے آب و تاب سے منظر عام پر ابھرتی جہاں یہ کرہ ارض قوانین کشش کے مطابق اپنے مدار میں جاری وساری ہے، اور جس پر اتنے سادہ آغاز کے باوجود نہایت خوبصورت اور حیران کن اشکال کی افزائش وارتقاء کا ایک لامتناہی سلسلہ آج تک جاری وساری ہے۔

یہ سب کچھ قدرتی طور پر ہو رہا ہے اور مصنف خدا کو اس سے خارج سمجھتا ہے.

قران نے اللہ کی ہر خلق اور اسکی حکمت کی طرف انسان کی توجہ دلائی ہے

سورۃ الرّعد

اللہ ایسا (قادر) ہے کہ اس نے آسمانوں کو بدون ستون کے اونچا کھڑا کر دیا چنانچہ تم ان (آسمانوں) کو (اسی طرح) دیکھ رہے ہو پھر عرش پر قائم ہوا اور آفتاب وماہتاب کو کام میں لگا دیا ہر ایک ایک وقت معین میں چلتا رہتا ہے وہی (اللہ) ہر کام کی تدبیر کرتا ہے اور دلائل کو صاف صاف بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے رب کے پاس جانے کا یقین کر لو۔ (۲) اور وہ ایسا ہے کہ اس نے زمین کو پھیلایا اور اس (زمین میں) پہاڑ اور نہریں اور اس میں ہر قسم کے پھلوں سے دو دو قسم کے پیدا کیے شب کی (تاریکی)

نے

سے دن (کی روشنی) کو چھپا دیتا ہے ان امور میں سوچنے والوں کے واسطے (توحید پر) دلائل (موجود) ہیں۔ (۳) اور زمین میں پاس پاس مختلف قطعے ہیں اور انگوروں کے باغ ہیں اور کھیتیاں ہیں اور کھجوریں ہیں جن میں بعضے تو ایسے ہیں کہ تنہ سے اوپر جا کر دو تنے ہو جاتے ہیں اور بعضے دو تنے نہیں ہوتے سب کو ایک ہی طرح کا پانی دیا جاتا ہے اور ہم ایک دوسرے پر پھلوں کو فوقیت دیتے ہیں ان امور میں (بھی) سمجھ داروں کے واسطے (توحید کے) دلائل (موجود) ہیں۔ (۴)

اپنی بات کی دلیل کے لئے پھر رچرڈ ڈاکنز کارل سیگن کا بیان نقل کرتا ہے

یہ 'کیوں کر ہوا کہ دنیا کے تمام مذاہب میں سے کسی نے بھی سائنس کو پرکھنے کے بعد یہ نہیں سوچا ارے! یہ کائنات تو اس سے بھی بڑی، شاندار، لطیف اور خوبصورت ہے جیسا ہمارے انبیاء نے بیان کیا۔ اس کے برعکس وہ کہتے ہیں

"نہیں، نہیں۔ ہمارا خدا ایک چھوٹا خدا ہے لیکن ہم اس کو چھوٹا ہی رہنے دینا چاہتے ہیں" کوئی بھی نیا یا پرانا مذہب جو سائنسی دریافتوں کی بنیاد پر کائنات کی شان و شوکت پر اصرار کرتا عام مذاہب کے مقابلے میں کہیں زیادہ تعظیم اور احترام حاصل کر پاتا۔"

نے

اگر ان لوگوں نے قران کریم کو صدق دل سے پڑھا ہوتا تو یہ احمق ایسی بات نہ کہتے. پھر انھیں معلوم ہوتا کہ قران کریم کیونکر کارخانہ قدرت میں موجود اشیاء میں غور و فکر کی انسان کو دعوت دیتا ہے. اور ایسا کرنے کے بعد اس کو مزید گہرائی سے جاننا اور سائنسی تحقیق کرنا پھر انسان پر ہے کہ وہ مزید کیا دریافت کرتا ہے

ایسی سائنسی تحقیق تو اور بھی اللہ تعالی کی عظمت کی گواہی دیتی ہے نہ کہ سائنس کی دریافتیں انسان کو اپنے خالق سے دور کرتی ہیں. دین اسلام سائنس اور دریافتوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے. ان دریافتوں کی ابتدا مسلمانوں ہی نے تو کی تھی جب کہ یورپ اس وقت تاریکی میں ڈوبا ہوا تھا. اور ایسا کرنے کی وجہ وہ ترغیب تھی جس کا درس انکو قران کریم سے ملا تھا.

سورة آل عمران

بے شک آسمان اور زمین کے بنانے اور رات اور دن کے آنے جانے میں البتہ عقلمندوں کے لیے نشانیاں ہیں (۱۹۰) وہ جو اللہ کو کھڑے اور بیٹھے اور کروٹ پر لیٹے یاد کرتے ہیں اور آسمان اور زمین کی پیدائش میں فکر کرتے ہیں (کہتے ہیں) اے ہمارے رب تو نے یہ بے فائدہ نہیں بنایا تو سب عیبوں سے پاک ہے سو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا (۱۹۱)

نے

رچرڈ ڈاکنز جولین بگانی کی کتاب کا حوالہ دیتے ہوے لکھتا ہے کہ بیشتر دہریوں کا خیال ہے کہ کل کائنات میں صرف ایک ہی نوعیت کا مادہ ہے اور یہ مادہ طبیعیاتی ہے۔ اسی مادے سے تمام ذہن، خوبصورتی، احساسات، اور اخلاقیات — یعنی وہ تمام اجزاء جو انسان زندگی میں رنگ بھرتے ہیں — جنم لیتے ہیں۔ انسان احساسات اور خیالات دماغ کے اندر ان گنت طبیعیاتی اجزاء کے نہایت پیچیدہ باہم ربط سے جنم لیتے ہیں۔ فلسفیانہ فطرت پسند ہونے کے لحاظ سے دہریہ ایک ایسا شخص ہوتا ہے جو یہ مانتا ہے کہ طبیعیاتی دنیا سے آگے کچھ نہیں، قابل مشاہدہ کائنات کے پیچھے کوئی مافوق الفطرت تخلیقی ذہن پوشیدہ نہیں ہے، کوئی روح نہیں جو انسان جسم کے ختم ہونے کے بعد جاری رہتی ہے، اور کوئی معجزات نہیں ہیں

وحی ہمیں اسکے برعکس خبر دیتی ہے کہ اس کائنات کا ایک خالق ہے جو اللہ ہے اور انسان خالی مادی نہیں بلکہ اسمیں روح بھی ہے اور معجزات اللہ کی منشا سے وقوع پذیر ہوتے ہیں. یہ وہ باتیں ہیں جن کو ثابت کرنے کی صلاحیت عقل اور سائنس کو دی ہی نہیں گئی اس ضمن میں اللہ تعالی کی مشیت کو وہی بہتر جانتا ہے، مگر اسکا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ عقل کسی بھی طرح کم اہمیت کی حامل، ہر شے توازن کے ساتھ اپنے

اپنے دائرہ میں ضروری ہے، عقل کو منفی خیال کرتے ھوے آدمی عقل کی افادیت کا انکار کردے یہ ناممکن ہے.

قرآن مجید نے صاحب عقل کا ذکر خوبی کے طور پر بار بار کیا ہے؟. پھر یہ منکر اور ملحد کون لوگ ہیں جو خود کو عقل کا وارث، حمایتی اور چیمپئن سمجھنے لگے ہیں.

قرآن کریم میں فرماتا ہے.

سورة البَقَرَة

بے شک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن کے بدلنے میں اور جہازوں میں جو دریا میں لوگوں کی نفع دینے والی چیزیں لے کر چلتے ہیں اور اس پانی میں جسے اللہ نے آسمان سے نازل کیا ہے پھر اس سے مردہ زمین کو زندہ کرتا ہے اور اس میں ہر قسم کے چلنے والے جانور پھیلاتا ہے اور ہواؤں کے بدلنے میں اور بادل میں جو آسمان اور زمین کے درمیان حکم کا تابع ہے البتہ عقلمندوں کے لیے نشانیاں ہیں. ۲-۱۶۴

رچرڈ ڈاکنز اپنے نوجوان قارئین کو شکار کرنے کے لئے اور انھیں متاثر کرنے کی خاطر مشہور سائنس دان آئین سٹائن کو ملحد اور دہریہ ثابت کرنے پر کافی زور لگاتا نظر آتا ہے اسی طرح وہ بعض دوسرے نوبل انعام یافتہ سائنس دانوں کو بھی دہریہ بتلاتا ہے. جو درست بات نہیں.

نے

ایسی چاہے کتنی بھی باتیں ہوں اور کتنے ہی قابل ذکر لوگ ہوں بھی تو اس سے اللہ کے وجود کے اثبات پر ذرہ برابر بھی فرق نہیں پڑتا.

نے

خالق اور اسکی تخلیق میں باہمی ربط

کائنات کی پیدائش کے بارے میں اندازہ لگانے والے سائنسدان بگ بینگ تھیوری تک کی بات کرتے ہیں مگر اس سے پہلے کیا تھا اسکا اندازہ لگانا ان پر بھاری پڑتا ہے. جبکہ دین ہمیں بتلاتا ہے کہ اس سے پہلے خدا واحد کی ذات تھی. پھر اللہ تعالی نے جسطرح چاہا ویسا اس کائنات کو تخلیق فرما دیا. اس سے پہلے کہ ہم پیدا ہوتے اور ہمارے حواس اس کائنات کی اشیاء کو محسوس کرتے اور چیزوں کو دریافت کرتے وہ ذات باری کے ارادہ میں اپنے ثبوت کے ساتھ موجود تھی. بالکل اسی طرح جیسے ایک شخص اپنے ذہن میں ایک کرسی بنانے کا تصور کرے اور پھر جیسا اس نے تصور کیا تھا ویسی کرسی بنا دے. حقیقت یہ ہے کہ اپنے وجود سے پہلے یہ کرسی بنانے والے کے ذہن میں موجود تھی مگر سائنس کے ذریعہ ہم اس کی تصدیق نہیں کرسکتے. اللہ تعالی شرک سے پاک ہے اور اسکی ذات اپنی تخلیق میں حلول کرنے سے بہت پاک ہے. مگر وہ ہر شے کا تھامنے والا یعنی قیوم ہے اور اسکا تصرف مسلسل جاری رہتا ہے. وہ ہر روز ایک نئ شان میں ہوتا ہے. کوئی اس جیسا نہیں ہے. ان معلومات کی روشنی میں آپ اندازہ لگائیں کائنات کی ابتداء معلوم کرنے میں بگ بینگ والے تو راستہ ہی میں رہ گئے.

نے

اب ذرا دیکھیے علم جو وحی سے ہمیں حاصل ہوا ہے اسکے بر خلاف رچرڈ ڈاکنز کا کیا کہنا ہے

۔توحید پرست ایک ایسی مافوق الفطرت ذہانت پر یقین رکھتے ہیں جو کائنات کی تخلیق کے کام کے مکمل ہو جانے کے بعد بھی موجود رہتا ہے اور اپنی مخلوق کے ارد گرد منڈلاتا ہے اور اس کی قسمت پر اثر انداز ہوتا ہے۔ بیشتر فطری مذاہب میں یہ خدا انسانی امور میں بڑی تفصیل سے ملوث رہتا ہے۔ عبادت کا جواب دیتا ہے؛ گناہ معاف کرتا ہے؛ معجزات کر کے دنیا میں مداخلت کرتا ہے؛ اچھے اور برے فعل کے بارے میں پریشان رہتا ہے؛ اور جانتا ہے کہ ہم یہ افعال کب کرتے ہیں (یا کرنے کے بارے میں سوچتے بھی ہیں)۔ فطرت پرست بھی کائنات بنانے والی ایک مافوق الفطرت ذہانت پر یقین رکھتے ہیں، لیکن اس کا دائرہ کار ان قوانین تک محدود ہے جو اس نے اس کائنات کی تخلیق کے لئے استوار کئے ہیں۔ فطرت کا خدا تخلیق کے بعد کبھی دنیا میں مداخلت نہیں کرتا اور انسانی امور میں تو اسے یقیناً کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔ اصنام پرست تو بالکل کسی مافوق الفطرت خدا پر یقین نہیں رکھتے، اور خدا کی اصطلاح کو کائنات یا قدرت یا ان کے قوانین کے بارے میں بات کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ فطرت پرست کے خدا اور توحید پرستوں کے خدا میں یہ قدر مختلف ہوتی ہے کہ ان کا خدا دعا کا جواب نہیں دیتا، ہمارے خیالات نہیں پڑھتا اور

نے

اپنی مرضی کے معجزے کر کے ہماری زندگی میں مداخلت نہیں کرتا۔ فطرت پرستوں کے خدا اور اصنام پرستوں کے خدا میں یہ فرق ہے کہ فطری خدا ایک کائناتی ذہانت ہے، جبکہ اصنام پرستوں کا خدا قوانین قدرت کے لئے ایک استعارہ یا شاعرانہ مترادف ہے. اصنام پرستی دہریت کی پرکشش شکل ہے، جبکہ فطرت پرستی توحید پرستی کی نیم گرم شکل ہے۔

اللہ تعالی کے وجود اور صفات کے سلسلہ میں کسی دلیل اور ثبوت کے بغیر ایسی گستاخانہ بات اور طنزیہ انداز مصنف کی علمی کسمپرسی کو ظاہر کرتا ہے. ایک احمق انسان ہی ایسی گفتگو کر سکتا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپنے خالق سے خود کو زیادہ قابل خیال کرتا ہے. ایک بیوقوف آدمی اپنے خالق پر کس طرح اعترض اٹھا سکتا ہے کہ وہ اپنی کائنات کے معاملات کو کیوں کر دیکھ رہا ہے. وہ اپنے قاری کو اس عزت اور احترام کے دائرہ سے باہر نکالنے کے لئے گستاخانہ رویہ اختیار کرتا ہے جو ایک ایمان والا انسان اپنے رب کے لئے رکھتا ہے. دراصل ڈاکنز ایک شاطر ہنرمند ہے جو حیوانی طور اطوار کو جاننے کے فن کا ماہر ہے اور اپنی تحریروں میں اس کے استعمال سے فائدہ اٹھانا خوب جانتا ہے.

مگر اللہ کی عطا کردہ برہان کے سامنے یہ چالیں ریت کا ڈھیر ثابت ہوتی ہیں

دہریے جو خدا کے وجود پر ہی یقین نہیں رکھتے وہ کس طرح کائنات میں اسکے تصرف کرنے یا نہ کرنے پر بحث کر سکتے ہیں. پھر وہ ایسے فطرت پرست گروہ کی بات کرتے ہیں جو اللہ کے کائنات کو تخلیق کرنے اور اس میں قوانین فطرت جاری کرنے کو تو مانتے ہیں مگر اللہ کے انمیں تصرف کرنے کو نہیں مانتے. ایسا نظریہ خدا کے منکر ہونے کے برابر ہے. یہ قران کریم اور احادیث نبوی ہی کا اعیجاز ہے کہ ہم تک اللہ تبارک وتعالی کی ذات وصفات کے بارے میں تفصیل کے ساتھ اطلاعات پہنچی ہیں..
قران کریم مین اس بارے میں فرماتا ہے.

سورة فَاطِر

تمام ترحمد (اسی) اللہ کولائق ہے جو آسمان اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے جن کے دو دو اور تین تین اور چار چار پر دار بازو ہیں وہ پیدائش میں جو چاہے زیادہ کر دیتا ہے بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔(۱) اللہ جو رحمت (بارش وغیرہ) لوگوں کے لیے کھول دے سو اس کا کوئی بند کرنے والا نہیں اور جس کو بند کر دے سو اس کے (بند کرنے کے) بعد اس کا کوئی جاری کرنے والا نہیں اور وہی غالب حکمت والا ہے۔(۲) اے لوگو تم پر جو اللہ کے احسانات ہیں ان کو یاد کرو اور (شکر کرو اور غور کرو کہ) کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی خالق ہے جو تم کو آسمان وزمین سے رزق پہنچاتا ہو اس کے سوا کوئی

نے

لائق عبادت نہیں سو تم (شرک کر کے) کہاں الٹے جا رہے ہو۔ (۳) اور اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلائیں تو آپ غم نہ کریں کیونکہ آپ سے پہلے بھی بہت سے پیغمبر جھٹلائے جا چکے ہیں اور سب امور اللہ ہی کے روبرو پیش کیے جائیں گے۔

سورۃ الرّعد

اللہ تعالیٰ کو سب کی خبر رہتی ہے جو کچھ کسی عورت کو حمل رہتا ہے اور جو کچھ رحم میں کمی بیشی ہوتی ہے اور ہر شے اللہ کے نزدیک ایک خاص انداز سے (مقرر) ہے۔ (۸) وہ تمام پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا جاننے والا ہے سب سے بڑا (اور) عالیشان ہے۔ (۹) تم میں سے جو شخص کوئی بات چپکے سے کہے اور جو پکار کر کہے اور جو شخص رات میں کہیں چھپ جاوے اور جو دن میں چلے پھرے یہ سب (خدا کے علم میں) برابر ہیں۔ (۱۰)

اللہ تعالیٰ کے تصرف کی بہت سی مثالیں ہیں جن میں سے حضرت موسیٰ سے ہمکلامی ہے اس رب کی یہ شان ذرا ملاحظہ فرمائیں

سو وہ جب اس (آگ) کے پاس پہنچے تو (ان کو منجانب اللہ) آواز دی گئی کہ۔ (۱۱) اے موسیٰ میں تمہارا رب ہوں پس تم اپنی جوتیاں اتار ڈالو (کیونکہ) تم ایک پاک

نے

میدان یعنی طویٰ میں ہو (یہ اس کا نام ہے) اور میں نے تم کو (نبی بنانے کے لیے) منتخب فرمایا ہے۔ (۱۲) سو (اس وقت) جو کچھ وحی کی جارہی ہے اس کو سن لو۔ (۱۳) (وہ یہ ہے کہ) میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں تم میری ہی عبادت کرو اور میری ہی یاد کی نماز پڑھا کرو۔ (۱۴) (دوسری بات سنو) کہ بلاشبہ قیامت آنے والی ہے میں اس کو (تمام خلائق سے) پوشیدہ رکھنا چاہتا ہوں تا کہ ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ مل جائے۔ (۱۵) سو تم کو قیامت سے ایسا شخص باز نہ رکھنے پائے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنی (نفسانی) خواہشوں پر چلتا ہے کہ تم (اس کی بے فکری کی وجہ سے) تباہ نہ ہو جاؤ۔ (۱۶)

اللہ تعالی کی پہچان اسکی تمام تر صفات کے ساتھ صرف اور صرف وہی ہے جو اس نے خود وحی کے ذریعہ کروائی ہے.

یہاں نہ دلیل ہے نہ شواہد کی بات نہ سائنس سے ثابت کرنے کی بات جس کا اہل عقل کہلانے والے اتنا ڈھنڈورا پیٹتے ہیں. بات فقط ایک ہی ہے ایک اللہ پر ایمان لانا ہے یا نہیں لانا.

نے

اللہ تعالی اور اسکی صفات کو تسلیم کرنے کے راستے میں کوئی علم کوئی دلیل کوئی سائنس حائل نہیں حائل ہے تو انسان کی اپنی مرضی. انسان کو اللہ کے فرستادہ انبیا جو کہ مخبر صادق ہیں کی باتوں پر یقین کرنے کی ضرورت ہے اگر اس کے علاوہ اسکے پاس اللہ کو معلوم کرنے کا کوئی اور راستہ ہے تو وہ بتلاے.

سورۃ قٓ

کیا ان لوگوں نے اپنے اوپر کی طرف آسمان کو نہیں دیکھا کہ ہم نے اسکو کیسا (اونچا اور بڑا) بنایا اور (ستاروں سے) اس کو آراستہ کیا اور اسمیں کوئی رخنہ تک نہیں۔ (٦) اور زمین کو ہم نے پھیلایا اور اس میں پہاڑوں کو جمایا اور اسمیں ہر قسم کی خوشنما چیزیں اگائیں۔ (٧) جو ذریعہ ہے بینائی اور دانائی کا ہر رجوع ہونے والے بندے کے لئے۔ (٨)

نظریہ ارتقابتاتا ہے کہ مختلف انواع کے جانور ایک دوسرے کے دور دراز کے رشتہ دار ہیں جو سب کے سب کسی ایک ہی جدِّ امجد کی اولاد ہیں۔ مثال کے طور پر ہمارا قریب ترین رشتہ دار چمپینزی بنتا ہے: تقریباً ستر لاکھ برس پہلے ہم دونوں کے جدِّ امجد ایک ہی تھے۔

نسے

اب ذرا وحی کی خبر پر غور کریں جو صراحت سے انسان کی ابتداء کو آج سے چودہ سو سال پہلے بیان کر رہی ہے

اے لوگو اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی جان سے اس کا جوڑا بنایا اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائیں اس اللہ سے ڈرو جس کا واسطہ دے کر تم ایک دوسرے سے اپنا حق مانگتے ہو اور رشتہ داری کے تعلقات کو بگاڑنے سے بچو بے شک اللہ تم پر نگرانی کر رہا ہے. ۴-۱

نظریہ ارتقا ہمیں اس بارے میں کچھ نہیں بتاتا ہے کہ زندگی کا وجود سب سے پہلے کیسے عمل میں آیا: یہ صرف اتنا بتاتا ہے کہ کس طرح اور کیوں موجودہ زندگی میں تبدیلیاں آتی رہیں۔ کس طرح زندہ رہنے کے لئے ایک جانوار کی درختوں کے پتے کھانے کے لئے گردن لمبی ہو گئی اور وہ زرافہ بن گیا ایسا نظریہ ارتقاء والوں کا کہنا ہے.

ڈارون کے مشہور نظریہ نیچرل سلیکشن کے ذریعے ارتقا کے باوجود تو (یعنی شہد کی مکھی) تو رہی اور میں میں رہا (یعنی انسان). تو اپنے بچوں کے لئے شہد بنانے والی اور میں زمین کی سب سے چالاک و مکار مخلوق تمہارا شہد چرانے والی. نہ زرافہ کی طرح

نے

تجھے گردن لمبی کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی کہ مجھ سے شہد بچا سکے نہ میرے مزید پر پرزے نکلے. یہ کیسا نیچرل سلیکشن ہے جناب؟

سوال تو زندگی کو وجود میں لانے کا ہے کہ کرہ ارض پر سب سے پہلے زندگی کیونکر خود بخود درونما ہوگئی؟ اسکا جواب نہ ڈارون کے پاس تھا نہ آج کسی لادین خدا کے وجود کے منکر کے پاس ہے.

جو ہمیں وجود میں لایا اسی نے ہماری ہیت اور حدود بھی تہہ کی ہونگی. وہی جو دل میں خیال ڈالتا ہے، وہی جو ہر شے کو اسکی اصل عطا کرتا ہے جسکو ہم اس شے کی فطرت کہتے ہیں.

ہر مکھی تو شہد جمع نہیں کرتی، کیوں؟ کبھی سوچا آپ نے؟

قران کریم میں اللہ تعالی نے جو تمام علم کا ماخذ و مالک ہے اور مخلوق کا خالق ہے مکھی کی اس جبلت کی وجہ کو یوں بیان فرمایا ہے

اور تیرے رب نے شہد کی مکھی کو حکم دیا کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں اور ان چھتوں میں گھر بنائے جو اس کے لیے بناتے ہیں (٦٨) پھر ہر قسم کے میووں سے کھا

نے

پھر اپنے رب کی تجویز کردہ آسان راہوں پر چل ان کے پیٹ سے پینے کی چیز نکلتی ہے جس کے رنگ مختلف ہیں اِس میں لوگوں کے لیے شفا ہے بے شک اِس میں ان لوگوں کے لیے نشانی ہے جو سوچتے ہیں ۱۶-۶۹

اب اگر آنکھیں ہیں تو کھول لو مشاہدہ کرلو اور صدق دل سے کہو

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو آسمانوں اور زمین کا بنانے والا ہے. ۳۵-۱

جب سب کچھ ہی اللہ نے بنایا ہے تو انسان اس سے باہر محض کسی نظریہ ارتقاء کی پیداوار کیسے ہو سکتا ہے ؟

اور لادین لوگوں کے پاس آج تک اسکی دلیل اور ثبوت بھی تو نہیں ہے.

انسان کسی چیز کا خالق نہیں اس نے معلوم کیا اور ایجادات کی ہیں

کوئی چیز عدم سے وجود میں نہیں لاے یہ صفت اللہ ہی کی ہے کہ وہ فاطر ہے.

ہم بھی اسکے مکھی بھی اسکی، حکم اور نظام بھی اسکا کہ وہ الحیی القیوم ہے

نے

بہت سارے ٹھیٹھ ان پڑھ یقین لانے کی بدولت کامیاب ہو گئے اور بہت سارے علم والے اور فلسفی اپنے شک کی وجہ سے ناکام اور نامراد ہو گے عقل انکے کام نہ آئی. پس ثابت ہوا ایمان لانا اللہ تعالی کی دی ہوئی توفیق سے ہی ممکن ہے.

اپنی کتاب کے اگلے چند صفحات رچرڈ ڈاکنز نے ان لوگوں کے ذکر کے لئے مختص کئے ہیں جو مذھب کے قریب تو نہیں ہوتے یا مذھب سے دور ہو چکے ہوتے ہیں مگر اسکے باوجود وہ لوگوں سے ڈر یا انکے احترام کی وجہ سے خود کو مذہب سے پیوستہ ظاہر کرتے ہیں. اور بقول اسکے ایسے لوگ جو مذھب کو غیر ضروری احترام دیتے ہیں انکو چاہیے کہ جرأت سے کام لیتے ہوئے اپنا مذھب ترک کر دیں.

نے

خدا کی دنیا میں مظالم کیوں؟

موجودہ زمانے کے منکران خدا کا سر خیل ڈاکٹر رچرڈ ڈاکنز دنیا میں ظلم انسانوں کے درمیان ناانصافی عدم توازن فتنہ فساد کو لیکر خدا کے وجود پر رکیک انداز میں کچھ ان الفاظ میں نکتہ چین ہے.

مصنف لکھتا ہے

"عہد نامہ قدیم کا خدا، بلاشبہ ادب کا سب سے ناگوار کردار ہے؛ اپنے حسد پر ناز کرنے والا؛ ایک قاتل، ظالم، کینہ پرور اور اپنی مرضی کرنے والا؛ انتقام کے نشے میں مخمور خونخوار نسل کش؛ عورتوں اور ہم جنس پرستوں سے نفرت کرنے والا، بچّوں کا، قوموں کا، بھائیوں کا قاتل، وبائیں پھیلانے والا، احساس برتری کا شکار، ظلم اور تکلیف سے لطف اندوز ہونے والا بد خواہ بد معاش! بچپن سے ہی اس کے حق میں تعلیم ملنے کی وجہ سے ہم میں سے اکثر لوگ ان مظالم کی دہشت ناکی سے بے حس ہو چکے ہوتے ہیں۔"

منکر ان خدا کے ان ناپاک خیالات کو تحریر میں لانا ضروری تھا تا کہ انکی بیج کنی کی جا سکے. جو خیالات انکے اوپر بیان ہوئے ہیں اس کے کئی پہلو ہیں. خدا اگر ہوتا تو ظلم کو روکتا. خدا اگر ہے تو اسکا ظالم ہونا اور برا ہونا (نعوذ باللہ). بچپن کی مذہبی تعلیم کے زیر اثر انسانوں کا ان مظالم کے بارے میں بے حس ہو جانا.

رچرڈ ڈاکنز مذھب کے احترام کو لادینیت کے پھیلاؤ میں ایک رکاوٹ تصور کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ انسانی معاشرہ سے مذھب کا احترام اٹھ جائے اور لوگ گستاخ ہونے پر دلیر ہو جائیں. اس عدم احترام کو آگے بڑھاتے ہوے اس نے اپنی کتاب "خدا ایک مفروضہ "باب دوئم کا آغاز" بائبل کے خدا" پر کڑی تنقید اور رکیک حملوں سے کیا ہے اور اسکی آڑ میں خدا کو نعوز باللہ برا کہا ہے اور گستاخانہ انداز اختیار کیا ہے. یہ سب نفسیاتی حربے مخاطبین کو مذہب کا احترم چھوڑ کر ایسی ہی گستاخانہ روش اختیار کرنے پر آمادہ کرنے کے لئے ہیں. اب ہم اٹھائے گئے نقاط کی طرف آتے ہیں، دنیا میں ظلم اور ناانصافی کیوں ہے ؟

اسکا ایک فقرے میں تو جواب یہ ہے کہ یہ اللہ کے پلان کا حصّہ ہے، جسکی مشیت وہی جانتا ہے. مگر پھر بھی اس کی کچھ تفصیل ضروری ہے تا کہ بات اچھی طرح سمجھ میں آجاے.

نے

دنیا میں نیکی بھی ہے اور بدی بھی، اچھائی بھی ہے اور برائی بھی. یہ امتحاں کی جگہ ہے، لہٰذا انصاف اور اللہ کی مشیت یہی ہے کہ ہر ایک انسان کو اپنی مرضی سے عمل کرنے کا پورا موقع دیا جائے. دنیا میں اچھے برے اعمال کے اثرات مرتب ہوتے ہیں. لوگوں سے ناانصافی اور ان پر ظلم بھی ہوتا ہے مگر کیونکہ انسان کو اپنی مرضی کرنے کا پورا موقع دینا ہے اس لئے انصاف یہی ہے کہ ہر اچھے برے کام کا نتائج بغیر مداخلت کے پیدا ہوں. بس یہی ہو رہا ہے. جن پر ظلم ہوا ہے انکو بھی انصاف ملے گا اور جو ظالم ہیں ان سے بھی انصاف ضرور ہو گا قیامت کے دن. اس سب کشمکش میں اللہ رحیم و کریم نے انسان کو اپنی رضا سے اگاہ کر دیا ہے کہ وہ کون سے کام ہیں جو اسکو پسند ہیں اور وہ کون سے ہیں جنکو اللہ ناپسند کرتا ہے تاکہ انسان آگاہ رہے. اس ضمن میں قران کریم کی ان آیات پر غور فرمائیں.

سورۃ البَقَرَة

اور ہم تمہیں کچھ خوف اور بھوک اور مالوں اور جانوں اور پھلوں کے نقصان سے ضرور آزمائیں گے اور صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دو (۱۵۵) وہ لوگ کہ جب انہیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو کہتے ہیں ہم تو اللہ کے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں (۱۵۶) یہ لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی طرف سے مہربانیاں ہیں اور رحمت اور یہی ہدایت پانے والے ہیں

نسے

سورۃ البَقَرَة

یہی نیکی نہیں کہ تم اپنے منہ مشرق اور مغرب کی طرف پھیرو بلکہ نیکی تو یہ ہے جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور فرشتوں اور کتابوں اور نبیوں پر اور اسکی محبت میں رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں اور سوال کرنے والوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں مال دے اور نماز پڑھے اور زکوٰۃ دے اور جو اپنے عہدوں کو پورا کرنے والے ہیں جب وہ عہد کرلیں اور تنگدستی میں اور بیماری میں اور لڑائی کے وقت صبر کرنے والے ہیں یہی سچے لوگ ہیں اور یہی پرہیزگار ہیں

خدا اگر رحمان اور رحیم ہے تو وہ جبار اور قہار بھی ہے۔ اس نے سزا اور جزا کا نظام بھی رکھا ہے۔ جنت اور جہنم بھی بنائی ہے۔ دنیا میں انسان کو وحی کے ذریعہ ہدایت بہم پہنچائی ہے اور اسکو نیکی اور بدی کی پہچان کا شعور بھی دیا ہے۔ اس سب کے بعد انسان کو اپنی مرضی کرنے کی آزادی دی ہے۔ انسان جو اعمال کرتا ہے اسکا اثر نہ صرف اس دنیا میں ہوتا ہے بلکہ آخرت میں بھی اس پر نتائج مرتب ہونگے۔ جس کے ساتھ اس دنیا میں ظلم وزیادتی ہوئی ہے اسکا حساب آخرت میں بھی ہوگا۔ ظلم کی نوعیت اور اسکے گھمبیر ہونے کی کیفیت کو اللہ ہی خوب جانتا ہے۔ اور اس کی سزا کی مصلحت سے وہ خوب آگاہ ہے۔ کچھ سزائیں جو دین میں تجویز کی گئیں ہیں منکر خدا انکو سخت اور انسانوں پر ظلم سے تعبیر کرتے ہیں جیسے زنا کی سزا جیسے مرتد کی سزا۔ اسی طرح ایک قوم کا دوسری قوم کا قتل عام بھی منکران خدا کے خدا کی طرف سے روا رکھے گئے

مظالم میں شمار ہوتا ہے. قدرتی آفات میں لوگوں کے مر جانے کو بھی وہ خدا اگر ہے تو اسکا ظلم شمار کرتے ہیں. انسانوں کو ہمیشہ کے لئے دوزخ میں ڈالنے کو بھی وہ خدا کا ظلم کہتے ہیں. جبکہ حقیقت یہ ہے کہ جنت ہو یا دوزخ اسکا دارو مدار انسان کے اپنے اعمال پر ہے اور بہت سو کو تو وہ اپنی رحمت سے بخش دے گا. اللہ کی پہچان اسی طرح ہے جیسی تعریف اس نے خود بیان فرمائی ہے جن کا ذکر اسکے اسماء حسنہ میں ہے.
آفاقی پیغام ہونے کی وجہ سے اللہ کے احکامات کی اپنی ایک عزت اور احترام ہے.

سورۃ یُونس

یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں پر ظلم نہیں کرتا لیکن لوگ خود ہی اپنے آپ کو تباہ کرتے ہیں۔(۴۴)

سورۃ الانعام

اور تیرے رب کی باتیں سچائی اور انصاف کی انتہائی حد تک پہنچی ہوئی ہیں اس کی باتوں کو کوئی بدل نہیں سکتا اور وہ سننے والا جاننے والا ہے(۱۱۵)

دنیا تو ایک کارزار عمل ہے جہاں اعمال کے نتائج مرتب ہوتے ہیں. وہ انسان کے اپنے ارادہ کی وجہ سے ہوں، قدرتی وجوہات کے باعث ہوں جیسے طوفاں زلزلوں اور

آتش فشاؤں کے پھٹنے کی اپنی وجوہات ہوتی ہیں جس سے بہت سی مخلوق مر جاتی ہے، یا بیماریاں ہوں یہ سب قدرت کے مقرر کردہ قوانین کو فولو کرتی ہیں.

سورۃ الفُرقان

وہ جس کی آسمانوں اور زمین میں سلطنت ہے اور اس نے نہ کسی کو بیٹا بنایا ہے اور نہ کوئی سلطنت میں اس کا شریک ہے اور اس نے ہر چیز کو پیدا کر کے اندازہ پر قائم کر دیا (۲)

سورۃ حٰمٓ السجدۃ / فُصّلَت

پھر انہیں دو دن میں سات آسمان بنا دیا اور اس نے ہر ایک آسمان میں اس کا کام القا کیا اور ہم نے پہلے آسمان کو چراغوں سے زینت دی اور حفاظت کے لیے بھی یہ زبردست ہر چیز کے جاننے والے کا اندازہ ہے

وَلَن تَجِدَ لِسُنَّةِ ٱللَّهِ تَبۡدِيلًا. یعنی تم اللہ کے مقرر کئے ہوے قانون میں کبھی تبدیلی نہیں پاؤ گئے.

سورۃ النّحل

نے

اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں پر ان کے ظلم کے سبب داروگیر فرماتے تو سطحِ زمین پر کوئی (حسّ و) حرکت کرنے والا نہ چھوڑتے لیکن ایک معیاد معین تک (توبہ کے لیے) مہلت دے رہے ہیں پھر جب ان کا وقت معین آ پہنچے گا اس وقت ایک ساعت نہ پیچھے ہٹ سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے۔ ١٦-٦١

سورۃ التّوبَۃ

کیا انہیں ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو ان سے پہلے تھے نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور ابراھیم کی قوم اور مدین والوں کی اور ان بستیوں کی خبر جو الٹ دی گئی تھیں ان کے پاس ان کے رسول صاف احکام لے کر پہنچے سو اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا لیکن وہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے. ٩-١١٧

شاطر کفار کی تمام حجتوں کا جواب حیرت انگیز طور پر قران کریم میں موجود ہے. جو باتیں یہ آج کر رہے ہیں وہ پہلوں سے مختلف نہیں.

Rūmī frequently sheds light on the virtue of patience. Nevertheless, it is in the parable of the "chickpea," one of the most well-known stories of the Mathnawī, where the importance of patience in the face of suffering fully comes to light. The story is about a fictional dialogue between a housewife and a chickpea that is being cooked as part of a meal. Similar to man at the time of his encounter with

نے

affliction, the chickpea complains to the housewife for cooking it in boiling water and it tries to escape by constantly jumping out of the pot. Finally, on realizing that it is not able to relieve itself from its misery, it desperately pleads with the housewife to take it out of the boiling water. The housewife then comes into a conversation to console the chickpea and help it learn that patiently enduring suffering is needed for its growth.

At the time of being boiled, the chickpea comes up continually to the top of the pot and raises a hundred cries,

Saying, 'Why are you setting the fire on me? Since you bought me, how are you turning me upside down?'

The housewife goes on hitting it with the ladle. 'No!' says she: 'boil nicely and don't jump away from the one who makes the fire.'

I do not boil you because you are hateful to me; nay, 'tis that you may get taste; this affliction of yours is not on account of you being despised.'

Continue, O chickpea, to boil in tribulation, that neither existence nor self may remain to thee.

The chickpea said, 'since it is so, O lady, I will gladly boil: give me help in verity!

In this boiling thou art, as it were, my architect: smite me with the skimming-spoon, for thou smites very delightfully.'[55]

The notion of evil and human suffering is not portrayed in the Islamic revelation as a "problem" to be resolved but rather as part of the human experience.

Ref: https://www.mdpi.com/2077-1444/9/2/47/htm

صفات الٰہی کی اہمیت

خدا کے بارے میں لوگ اپنے ظن سے بہت سے نظریات گھڑ لیتے ہیں. کچھ یہ سمجھتے ہیں خدا ہے تو سہی مگر کائنات بنانے کے بعد خدا کسی کام میں کوئی دخل نہیں دیتا. اس طرح کے شکوک کو اللہ تعالی کی صفات نے دور کر دیا، جو ہم تک وحی کے ذریعہ پہنچی ہیں. ان پر غور ہمیں اللہ کو حقیقی طور پر جاننے میں مدد دیتا ہے.

اللہ تعالی کا فرمانا ہے:

اور اچھے اچھے نام اللہ ہی کے لیے ہیں سو ان ناموں سے اللہ ہی کو موسوم کیا کرو اور ایسے لوگوں سے تعلق بھی نہ رکھو جو اس کے ناموں میں کجروی کرتے ہیں ان لوگوں کو ان کے کیے کی ضرور سزا ملے گی۔(۷-۱۸۰)

نیز فرمایا

وہ معبود (برحق) ہے پیدا کرنے والا ہے ٹھیک بنانے والا ہے وہ صُورت بنانے والا ہے اسکے اچھے اچھے نام ہیں سب چیزیں اس کی تسبیح کرتی ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔۔(۵۹-۲۴)

نے

رچرڈ ڈاکنز نے جس شدت اور تفصیل کے ساتھ خدا کی برائیاں گنوائی ہیں انکے رد کا تقاضہ ہے کہ اس سے زیادہ شدت کے ساتھ اللہ تعالی کی صفات کو تفصیل سے بیان کر دیا جائے۔ تاکہ پڑھنے کو احساس ہو جائے کہ رب تعالی کے اس پر کیا احسانات ہیں اور اللہ تعالی کے ان انعامات کا ذکر کیا جائے جو اس نے اپنی مخلوقات پر کر رکھے ہیں

اللہ تعالیٰ کا فرمانِ مبارک ہے:

وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا وَذَرُوا الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْٓ اَسْمَآئِہٖ ، سَیُجْزَوْنَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ

(الاعراف:180)

”اور اللہ تعالیٰ کے لئے اچھے نام ہیں، لہٰذا انہی کے ساتھ اسے پکارو اور ان لوگوں کو چھوڑ دو جو اس کے ناموں کے بارے میں کج روی کا شکار ہیں، جو کچھ وہ کرتے ہیں اس کا انہیں عنقریب بدلہ دیا جائے گا۔“(مزید حوالہ جات:طٰہٰ: آیت 8 / بنی اسرائیل: آیت 110 / الحشر: آیت 24)

اللہ تعالی کی صفات بابرکت کا ادراک جو اسلام عطا کرتا ہے ملاحظہ فرمائیں

کلمہ جلالہ "اللہ"

معبود برحق ہے، تمام مخلوق اسکی الوہیت اور عبودیت میں شامل ہے، کیونکہ وہ ان تمام معبودانہ صفات کا حامل ہے، جو صفاتِ کمال ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا خاص ذاتی نام ہے جو اسمائے حسنیٰ میں سب سے زیادہ شان والا ہے، اس لئے اسے اسم اعظم بھی کہتے ہیں۔

نسے

الرَّحْمٰنُ

بہت زیادہ رحم کرنے والا، دنیا میں اس کی رحمت مومنین اور کفار سب کے لئے ہے لیکن آخرت میں یہ رحمت اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار بندوں کے لئے، خاص ہو گی۔

الرَّحِیْمُ

نہایت مہربان، جو ہر عمل کرنے والے کو اس کا بے حساب اجر عطا کرنے والا ہے۔

اَلْمَلِکُ

حقیقی بادشاہ، جو اپنے ہر حکم کو نافذ کرنے کی مکمل طاقت رکھتا ہے، جسکی بادشاہی کو کبھی زوال نہیں۔

الْقُدُّوْسُ

پاکیزگی والا، جو ہر عیب اور نقص سے پاک ہے۔ ایسی پاکی جو انسانی تصور سے بالاتر ہے۔

السَّلَامُ

سلامتی کا سرچشمہ، جو ہر چیز کو سلامت رکھنے والا، نیک بندوں کی حفاظت اور انہیں سیدھی راہ پر چلاتا ہے۔

الْمُؤْمِنُ

نے

امن دینے والا، اسکی ذات میں امن ہی امن ہے اس لئے اسی سے امن طلب کیا جاتا ہے۔

المُهَيمِنُ

نگہبان اور محافظ، جو اپنی پوری مخلوق کی حفاظت اور نگہبانی کرنے والا ہے۔

العَزِيزُ

سب پر غالب، وہ عزت و غلبہ کا سر چشمہ ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے غلبہ عطا فرماتا ہے۔

الجَبَّارُ

بگڑے کاموں کو بنانے والا، طاقتور، جس کے سامنے کوئی بولنے کی جرأت نہیں کر سکتا۔

المُتَكَبِّرُ

کبریائی والا، وہ اتنا عظیم ہے کہ اس کی طرف کسی برائی، نقص یا عیب کی نسبت نہیں ہو سکتی۔

الخَالِقُ

ہر چیز کو پیدا کرنے والا، جو پیدا کرنے سے پہلے ہر چیز کی تقدیر لکھنے والا ہے۔

نے

الْبَارِئُ

عدم سے وجود میں لانے والا جو وجود میں لا کر اس کے معاش کی تدبیر کرنے والا ہے۔

الْمُصَوِّرُ

صورتیں بنانے والا، جس نے تمام مخلوقات کو پیدا کیا اور اپنی حکمت کے ساتھ خوبصورت بنایا۔

الْغَفَّارُ

بے انتہا بخشنے والا، ڈھانپنے والا، جو دنیا میں گناہوں اور برائیوں پر پردہ ڈال کر آخرت میں عذاب دینے کی بجائے در گذر کرتے ہوئے معاف کرنے والا بھی ہے۔

الْقَهَّارُ

ہر چیز پر غالب، جس کے سامنے تمام مخلوقات عاجز ہیں۔ جو ہر چیز پر اختیار رکھتا ہے۔

الْوَهَّابُ

بہت زیادہ عطا کرنے والا، وہ بغیر کسی غرض کے اور بغیر مانگے عطا کرنے والا ہے۔

الرَّزَّاقُ

روزی دینے والا، جو ہر جاندار کے لئے اسبابِ رزق مہیا کرنے اور روزی پہنچانے والا ہے۔

نے

اَلْفَتَّاحُ

مشکلات حل، اپنی رحمت کا دروازہ کھولنے اور حق اور باطل کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرنے والا ہے۔

اَلْعَلِيْمُ

بہت زیادہ علم رکھنے والا، ہر اول اور آخر کو جانتا ہے جو ہر چیز کو ہر وقت جاننے والا ہے۔

اَلْقَابِضُ

روزی تنگ کرنے والا، جو ہر چیز پر قابض ہے۔ موت کے وقت روحوں کو قبض کرنے والا ہے۔

اَلْبَاسِطُ

روزی کشادہ کرنے والا، فراخی دینے والا، جو رزق کو وسیع کرتا ہے اور دلوں کو کشادہ کرتا ہے۔

اَلْخَافِضُ

پست کرنے والا، جو اپنے دشمنوں کو نیچا دکھاتے ہوئے ذلیل و خوار کر دیتا ہے۔

اَلرَّافِعُ

بلند کرنے والا، اٹھانے والا۔ جو اہلِ ایمان کو ایمان لانے کی وجہ سے بلند کرتا ہے۔

نے

اَلْمُعِزُّ

عزت دینے والا، وہ اپنے نیک بندوں کو علم و فضل کے ذریعہ عزت عطا فرماتا ہے۔

اَلْمُذِلُّ

ذلیل و خوار کرنے والا، سرکشی اور تکبر کرنے والوں کو ذلیل و خوار کر دیتا ہے۔

اَلسَّمِیْعُ

بہت زیادہ سننے والا، جو چھوٹی سے چھوٹی مخلوق کی فریاد کو بھی سنتا اور قبول فرماتا ہے۔

اَلْبَصِیْرُ

ہر چیز کو خوب دیکھنے والا، جس کی نظروں سے ذرّہ سے بھی چھوٹی کوئی چیز اوجھل نہیں۔

اَلْحَکَمُ

حاکم، انصاف سے فیصلہ کرنے والا، اس کے حکم کو کوئی ٹال نہیں سکتا اور نہ اس میں تبدیلی کر سکتا ہے۔

اَلْعَدْلُ

انصاف کرنے والا، جو اپنے بندوں کے درمیان تمام معاملات میں انصاف کرنے والا ہے۔

نے

اللّطِیفُ

باریک بین، اپنی مخلوق کو باریک بینی سے پیدا کرنے اور زیادہ نرمی سے پیش آنے والا ہے۔

الْخَبِیرُ

ہر چیز سے آگاہ، کوئی بھی چیز اس سے پوشیدہ نہیں ہے اور وہ ہر وقت ہر چیز سے باخبر رہتا ہے۔

الْحَلِیمُ

بردبار، تحمل (برداشت) والا، وہ لوگوں کی سرکشی کو دیکھنے کے باوجود انہیں اپنی نعمتیں عطا فرماتا رہتا ہے

الْعَظِیمُ

سب سے بڑا، وہ اپنی ہر صفت میں بلند شان اور عظمت والا ہے۔

الْغَفُورُ

بار بار بخشنے والا، جو بار بار گناہوں کا ارتکاب کرنے والوں کو بھی بخش دیتا ہے۔

الشّکُورُ

قدر دان، بہت زیادہ اجر دینے والا، جو معمولی عمل کی قدر کرتے ہوئے اسے بھی شرف قبولیت بخشتا ہے۔

نے

الْعَلِيُّ

بہت ہی زیادہ بلند مرتبہ والا، جس کی بلندی کی کوئی انتہا نہیں اور نہ ہی کسی کو اس کی بلندی کا علمہے۔

الْكَبِيرُ

بہت ہی بڑا، جس کی شان و شوکت کے سامنے بڑے سے بڑا بھی حقیر ہے۔

الْحَفِيظُ

سب کیحفاظت کرنے والا، جو ہر وقت اپنی مخلوق کی حفاظت کرتا ہے اور وہ اس کی حفاظت میں نہ تھکتا ہے اور نہ ہی اکتاتا ہے، تمام کائنات کا محافظ ہے۔

الْمُقِيتُ

روزی اور توانائی دینے والا، جو پوری مخلوق کو اس کی غذا پہنچاتا ہے اور انہیں باآسانی رزق مہیا کرتا ہے۔

الْحَسِيبُ

حساب لینے، کافی ہو جانے والا، جو اپنے بندوں سے حساب لینے اور ہر پریشانی سے کافی ہو جاتا ہے۔

نے

اَلْجَلِیْلُ

بلند مرتبہ والا، افضل ترین صفات والا، جس کی ذات وصفات میں کوئی اسکے مقابل نہیں ہے۔

اَلْکَرِیْمُ

عطا کرنے والا، بڑا سخی، جو قدرت کے باوجود معاف کرنے اور امید سے بڑھ کر عطا کرنے والا ہے۔

اَلرَّقِیْبُ

بڑا نگہبان، پاسبان، محافظ، جو ہر نفس کا پاسبان اور محافظ اور نگہبان ہے۔

اَلْمُجِیْبُ

بے قراروں کی دعا قبول کرنے والا، حاجت روا، جو سائل کی دعا قبول، اس کی مدد اور پکارنے والوں کی ہر پکار کا جواب دینے والا ہے۔

اَلْوَاسِعُ

کشادگی دینے والا، علم وحکمت میں وسیع، جس کی سلطنت، علم، سخاوت اور فضل وکرم بڑا وسیع ہے۔

اَلْحَکِیْمُ

حکمت ودانائی والا، جو ہر چیز کو بہتر انداز میں سمجھنے والا ہے، اسکا ہر کام حکمت پر مبنی ہے۔

نے

الوَدُوْدُ

بہت زیادہ محبت کرنے والا، جو اپنے انبیا سے محبت رکھنے والوں سے بھی محبت رکھتا ہے۔

المُجِیْدُ

بڑی شان والا، جس کی صفات بہت بلند، تمام کام بہت ہی عمدہ اور ذات بے مثال ہے۔

البَاعِثُ

مُردوں کو زندہ کرکے قبروں سے اٹھانے والا، مخلوق کی ہدایت کے لئے انبیاo کو بھیجنے والا ہے۔

الشَّہِیْدُ

حاضر و ناظر، جو ہر چیز سے باخبر اور ہر ایک کے اعمال کو جانتا ہے اور ان پر گواہ بھی ہے۔

الحَقُّ

وہ اپنی ذات و صفات میں سچا ہے، وہی عبادت کا حقدار ہے، اس کا کوئی شریک نہیں۔

الوَکِیْلُ

بڑا کارساز، مختار، پوری مخلوق اسی کے قبضۂ قدرت میں ہے اور مکمل با اختیار ہے۔

نے

الْقَوِیُّ

بڑی طاقت والا، جسے پوری کائنات مل کر بھی عاجز نہیں کر سکتی۔

الْمَتِیْنُ

انتہائی مضبوط و مستحکم، وہ بڑی زبردست قوتوں والا ہے، اس کی قوت اور قدرت کی کوئی انتہا نہیں

الْوَلِیُّ

مددگار، حمایتی، اپنے فرماں بردار بندوں کا دوست ہے اور دشمنوں کا صفایا کرنے والا ہے۔

الْحَمِیْدُ

تعریف و توصیف کے لائق، جس کی حمد و ثنا ہر زبان پر ہر حال میں جاری و ساری ہے۔

الْمُحْصِی

اپنے علم اور شمار میں رکھنے والا اور کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں اس کا علم ہر چیز کو گھیرا ہوا ہے۔

الْمُبْدِئُ

پہلی بار پیدا کرنے والا، جو بغیر کسی نمونہ کے مخلوق کو عدم سے وجود میں لانے والا ہے۔

نے

المُعِیدُ

دوبارہ پیدا کرنے والا، جو موت کے بعد دوبارہ زندگی عطا کرنے اور حساب لینے والا ہے۔

المُحیی

زندگی اور صحت عطا کرنے والا، مُردہ دلوں کو زندہ کرنے اور مُردہ زمین کو آباد کرنے والا ہے۔

المُمِیتُ

موت دینے والا، جو ایک مقررہ وقت کے بعد ہر ایک کو موت دینے والا ہے، جس نے موت کو پیدا کیا۔

الحیُّ

ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا، جسے کبھی فنا اور زوال نہیں جب کہ اسکے علاوہ ہر چیز فنا ہو جائے گی۔

القَیُّومُ

کائنات کو قائم رکھنے اور سنبھالنے والا، جو پوری کائنات کا محافظ اور نگران ہے۔

الوَاجدُ

ہر چیز کو پانے والا، جسے ہر چیز کے بارے میں معلومات ہیں اور ہر چیز اس کے سامنے بالکل واضح ہے۔

نے

الْمَاجِدُ

بزرگی اور بڑائی والا، بڑے شرف والا، وہ عزت اور شرف کا مالک اور معزز ہے۔

الوَاحدُ

بے مثال، اکیلا، جو اپنی ذات وصفات میں یکتا ہے جس کا ذات، صفات، عبادات میں کوئی شریک نہیں۔

الصَّمَدُ

بے نیاز، جو کسی کا محتاج نہیں، جو کائنات کی ہر چیز سے بے نیاز ہے۔

الْقَادِرُ

مکمل قدرت رکھنے والا، جس کا حکم بغیر کسی واسطہ کے نافذ ہوتا ہے، وہ جو چاہتا ہے کر گذرتا ہے۔

الْمُقْتَدِرُ

بڑی قدرت رکھنے والا، جو ہر چیز پر قادر ہے، کوئی بھی چیز اس کی قدرت سے باہر نہیں۔

الْمُقَدِّمُ

آگے بڑھانے والا، جو عزت وشرف، علم و عمل میں اپنے نیک بندوں کو آگے بڑھانے والا ہے۔

نے

اَلْمُؤَخِّرُ

پیچھے ہٹانے والا، جو اپنے اور اپنے دشمنوں کو ذلیل وخوار کرتے ہوئے پیچھے ہٹانے والا ہے۔

اَلْاَوَّلُ

سب سے پہلے، جو ہر چیز کے وجود میں آنے سے پہلے بھی موجود تھا۔

اَلْاٰخِرُ

سب کے بعد، جو سب کو موت دینے کے بعد بھی زندہ اور موجود رہے گا۔

اَلظَّاهِرُ

ظاہر، سب پر غالب، جو اپنی پوری مخلوق پر غالب اور بلند و بالا ہے۔

اَلْبَاطِنُ

سب سے پوشیدہ، جسے دنیا کی کوئی آنکھ دیکھنے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔

اَلْوَالِیُ

سرپرست، جو پوری کائنات کا اکیلا ہی مالک ہے اور اپنی مرضی سے اس میں تصرف کرنے والا ہے۔

نے

اَلْمُتَعَالُ

سب سے بلند و بالا، جو شان اور مقام کے اعتبار سے تمام کائنات سے بلند و برتر ہے۔

اَلْبَرُّ

تمام اچھائیوں کا سرچشمہ، جو اپنی تمام مخلوق سے اچھائی اور ان کی ضروریات کو پورا کرنے والا ہے۔

اَلتَّوَّابُ

توبہ قبول کرنے والا، جو بڑے سے بڑا گناہ کرنے والے کی بھی توبہ قبول کرنے والا ہے۔

اَلْمُنْتَقِمُ

بدلہ لینے والا، جو سرکش اور نافرمان لوگوں سے بدلہ لینے والا ہے۔

اَلْعَفُوُّ

بہت ہی زیادہ درگزر کرنے والا۔ جو معافی کو بہت ہی زیادہ پسند اور بہت جلد معاف فرمادیتا ہے۔

اَلرَّءُوْفُ

بڑا ہی شفیق و مہربان، جو اپنے بندوں سے نہایت شفقت اور انتہائی نرمی کا برتاؤ کرنے والا ہے۔

نے

مَالِکُ الْمُلْکِ

حقیقی شہنشاہ، جسے چاہے بادشاہت عطا کرے اور جس سے چاہے چھین لے۔ دنیا و آخرت اور پوری کائنات کا حقیقی بادشاہ ہے، پوری کائنات پر جس کی حکومتِ لازوال ہے۔

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

عظمت و جلال والا اور انعام و اکرام کرنے والا، جو عظمت و کبریائی والا ہے اور اپنی مخلوق پر خوب مہربانی کرنے والا اور ہر عام و خاص پر خوب احسان کرنے والا ہے۔

الْمُقْسِطُ

عدل و انصاف قائم رکھنے والا، جو اپنے فیصلوں میں مخلوق کے ساتھ مکمل انصاف کرنے والا ہے۔

الْجَامِعُ

جمع کرنے والا، جو قیامت کے دن اپنی تمام مخلوقات کو جمع کرنے والا ہے۔

الْغَنِیُّ

خود کفیل، بے پرواہ، جو اپنی تمام مخلوق کے افعال سے بے نیاز اور ان سے درگزر کرنے والا ہے۔

الْمُغْنِی

مالدار بنانے والا، مال و دولت اور دوسری نعمتوں سے نواز کر محتاجی سے نجات دینے والا ہے۔

الْمَانِعُ

ہلاکت سے روکنے والا، وہ جس سے چاہے اور جو چیز چاہے اس چیز سے اپنی مخلوق کو روک لیتا ہے۔

الضَّآرُّ

ضرر پہنچانے والا، جو ہر چیز کے نفع و نقصان کا مالک ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے پریشانی میں مبتلا کرتا ہے۔

النَّافِعُ

نفع پہنچانے والا، جو ایسی اشیا کا خالق ہے جو اچھائیوں سے بھرپور اور نفع بخش ہیں۔

الْهَادِی

سیدھی راہ دکھانے والا، جو کامیابی کی راہ دکھاتا ہے اور لوگوں کو ہدایت عطا فرماتا ہے۔

الْبَدِیْعُ

بغیر نمونہ کے چیزوں کو پیدا کرنے والا۔ جس نے کائنات میں حیرت انگیز چیزیں پیدا کیں۔

نے

الْبَاقِي

ہمیشہ ہمیشہ کے لئے باقی رہنے والا ہے۔ جبکہ اس کے سوا ہر مخلوق کو فنا ہونا ہے۔

الوَارِثُ

سب کے بعد موجود رہنے والا، جو تمام چیزوں کا حقیقی وارث ہے۔

الرَّشِيدُ

صحیح راہ پر چلانے والا، اپنی مخلوق کو پیدا کرنے کے بعد انہیں سیدھی راہ دکھانے والا ہے۔

الصَّبُورُ

بڑے صبر والا، جو انسانوں کے گناہوں پر صبر اور گناہ گاروں کو عذاب دینے میں جلدی نہیں کرتا ہے۔(اسماء الحسنیٰ ویب پیج محدث سے ماخوز)

اب آپ ایمان سے بتلاؤ کیا آپکا رب ویسا ہی نہیں ہے جیسا دین اسلام نے بیان کیا ہے. جو بات اس معلون نے کہی ہے وہ اسکی لاعلمی حماقت اور عناد کو ظاہر کرنے کے سوا کچھ اور نہیں.

نے

اور تم ان لوگوں کی طرح مت ہو جنہوں نے اللہ (کے احکام) سے بے پروائی کی سو اللہ تعالیٰ نے خود ان کی جان سے ان کو بے پروا بنا دیا یہی لوگ نافرمان ہیں۔(۱۹) اہل نار اور اہل جنت باہم برابر نہیں جو اہل جنت ہیں وہ کامیاب لوگ ہیں (اور اہل نار ناکام ہیں)۔ (۲۰) اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو (اے مخاطب) تو اس کو دیکھتا کہ خدا کے خوف سے دب جاتا اور پھٹ جاتا۔ اور ان مضامین عجیبہ کو ہم لوگوں کے (نفع کے) لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سوچیں۔(۲۱-۵۹)

سورة النِّسَاء

اے ایمان والو تم اعتقاد رکھو اللہ کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ اور اس کتاب کے ساتھ جو اسنے اپنے رسول پر نازل فرمائی اور ان کتابوں کے ساتھ جو کہ پہلے نازل ہو چکی ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ کا انکار کرے اور اس کے فرشتوں کا اور اسکی کتابوں کا اور اس کے رسولوں کا اور روزِ قیامت کا تو وہ شخص گمراہی میں بڑی دور جا پڑا۔(۱۳۶)

بلاشبہ جو جو لوگ مسلمان ہوئے پھر کافر ہو گئے پھر مسلمان ہوئے پھر کافر ہو گئے پھر کفر میں بڑھتے چلے گئے اللہ تعالیٰ ایسوں کو ہر گز نہ بخشیں گے اور نہ ان کو (منزل مقصود یعنی بہشت کا) راستہ دکھلائیں گے۔(۱۳۷) منافقین کو خوشخبری سنا دیجئیے اس

نے

(امر) کی کہ ان کے واسطے بڑی دردناک سزا ہے۔(۱۳۸) جن کی یہ حالت ہے کہ کافروں کو دوست بناتے ہیں مسلمانوں کو چھوڑ کر کیا ان کے پاس معزز رہنا چاہتے ہیں سو اعزاز تو سارا خدا کے قبضہ میں ہے۔(۱۳۹)

اور اللہ تعالیٰ تمھارے پاس یہ فرمان بھیج چکا ہے کہ جب احکامِ الٰہیہ کے ساتھ استہزا اور کفر ہوتا ہوا سنو تو ان لوگوں کے پاس مت بیٹھو جب تک کہ وہ کوئی اور بات شروع نہ کر دیں کہ اس حالت میں تم بھی انہی جیسے ہو جاؤ گے یقیناً اللہ تعالیٰ منافقوں کو اور کافروں کو سب کو دوزخ میں جمع کر دیں گے۔

مغربی دنیا میں مذھب کے نام پر کی گئ چالاکیاں فراڈ اور جھوٹ جو وہاں کے مذھبی گروہوں سے منسوب ہیں اور انکا ذکر وہاں کے منکر خدا مزے لے کر کرتے ہیں ایسی باتوں کا اللہ تعالی کے وجود کی بحث سے کوئی واسطہ نہیں. خدا کا وجود کسی مذہبی آدمی کے جرائم کا ذمہدار کیونکر ہو سکتا ہے. مصنف نے ایسی بہت ساری داستانوں کا ذکر کیا ہے جن میں مذھبی لوگ مجرم ہیں. مگر اس کو اللہ تعالی کی ذات کے انکار کا جواز تو نہیں بنایا جا سکتا. عیسائیت کی اعتیقادی کمزوریاں جنکو بنیاد بنا کر ڈاکنز نے مذھب پر سخت تنقید کی ہے وہ عیسائیت کی کمزوریاں ہیں خدا کے وجود کے اثبات کی

کمزوری نہیں. ان دونوں میں فرق کرنا ہو گا. پھر یہ شخص اسلامی عقائد اور تعلیمات سے اصلاناواقف ہے تو اسکی تحقیق اس لحاظ سے ناقص ہے.

نے

اسلام دیگر مذاھب اور عقیدہ توحید

اللہ تعالی کا عطا کردہ سچا دین اسلام آج بھی پوری آب و تاب کے ساتھ اپنی اصلی حالت میں موجود ہے. اسلام کو باقی مذھب کی طرح سمجھنا یا بہت سارے مذاھب میں سے انہی کی طرح کا مذھب سمجھنا درست نہیں. دین اسلام کو باقی مذاھب کے ساتھ گڈ مڈ کر کے نہیں دیکھا جا سکتا. اور نہ ہی دوسرے مذاھب میں موجود خرابیوں کو مذھب کے نام پر اسلام کے پلڑے میں ڈالا جا سکتا ہے. اسلام صرف عقائد اور عبادات کا نام نہیں بلکہ یہ اپنے اندر انسانی زندگی کے لئے ہر شعبہ کے بارے میں اصول و ضوابط کا ایک جامع نظام رکھتا ہے جن کا تعلق انسانی اعمال سے ہے. یہ مومن کی پوری زندگی کو محیط ہیں. دنیا میں ہر جگہ پیغمبر دین اسلام ہی لیکر آے جو بعد میں شرک اور کفر کی آمیزش کی وجہ سے بہت ساری تہذیبوں میں بدل گیا اور باقی نہ رہا.

اسلام باقی ادیان سے یکتا ہے.

رچرڈ ڈاکنز عیسائیت میں پاے جانے والے شرک کا اظہار اس انداز میں کرتا ہے

"جیفرسن نے کالون ازم (Calvinism) کی تنقید میں نظریہ ٔتثلیث کو تضحیک کا نشانہ بنایا۔ لیکن عیسائیت کی رومن کیتھولک شاخ میں تو شرک کی طرف جھکاؤ کا ایک

نے

عجیب و غریب عروج نظر آتا ہے۔ افلاک کی ملکہ میری جن میں دیوی ہونے کی تمام خصوصیات پنہاں ہیں اور جن کے حضور کی جانے والی دعائیں اپنی عبدیت میں خدا سے تھوڑی ہی کم ہیں، ان کو بھی اس تثلیث میں شامل کر لینے سے تو شرک کے تمام لوازمات پورے ہوتے نظر آتے ہیں۔ جب ان کے ساتھ سینکڑوں ولیوں اور بزرگوں کو شامل کیا جاتا ہے، کہ جن کی قوّت شفاعت ان کو بھی نیم خدائی کے بلند مرتبے پر فائز کر دیتی ہے، تو دیوی دیوتاؤں کی یہ محفل ایک "دیو سبھا" کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ "کیتھولک کمیونٹی فورم (Catholic Community Forum) نے 5,120 بزرگوں کی فہرست جاری کی ہے جس میں ان کی مہارتیں بھی درج ہیں جیسے پیٹ کا درد، بد سلوکی کا نشانہ بننے والے، دبلے پن کے شکار، غیر قانونی ہتھیاروں کے بیوپاری، لوہار، ٹوٹی ہڈّیاں، بم ناکارہ کرنے والے، اسہال کی تکلیف، وغیرہ وغیرہ۔ دیگر قوّتیں، حاکمین،، یہ کہ ہمیں نو گروہوں میں مرتّب فرشتوں کے ان چار طائفوں کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے: سیرافم، چرابم، تخت، قدرت، فضائل سرپرست (رئیس الملائکہ، اور دیگر عام فرشتے، بشمول ہمارے دیرینہ دوست محافظ فرشتے)۔ اس جعلی نمود و نمائش کے علاوہ مجھے کیتھولک دیومالا میں جو چیز سب سے زیادہ مرعوب کرتی ہے وہ اس کے لکھنے والوں کی وہ بے پرواادا ہے جس سے یہ داستان میں حسب ضرورت تفاصیل گھڑتے چلے جاتے ہیں۔ ہر تفصیل نہایت بے شرمی سے "ایجاد" کی جاتی ہے۔"

نسے

آپ نے دیکھالادینیت کے مغرب میں عام ہونے کے پیچھے وہاں کے ابن الوقت جھوٹے مذھبی طبقہ کا بھی کتناہاتھ ہے. ہم انکادفاع ہرگز نہیں کرسکتے اورنہ کسی جھوٹ اورغلط بات کادفاع ہوسکتاہے. یہی وہ ردعمل ہے جس کے نتیجہ میں لوگ خداکے منکرہوگیے. دین مبین اسلام سے خداواسطے کابیر رکھنے کی وجہ سے مغرب کے لوگوں نے اسلام کامطالعہ ہی نہیں کیااوربس عیسائیت ہی کوسب مذاھب کا قائم مقام قرار دیکر توحید کے سچے حقائق کی مذمت کرڈالی. اگریہ قرآن کریم پڑھتے تو دیکھتے اتنے سوسال پہلے قران نے ایسے لوگوں کی کیفیت کاذکرفرمایاہے

سورۃ المَائدۃ

اورجب اللہ فرمائے گااے عیسیٰ مریم کے بیٹے کیاتونے لوگوں سے کہاتھاکہ خداکے سوامجھے اورمیری ماں کوبھی خدابنالووہ عرض کرے گاتوپاک ہے مجھے لائق نہیں ایسی بات کہوں کہ جس کامجھے حق نہیں اگرمیں نے یہ کہاہوگاتوتجھے ضرورمعلوم ہو گاجومیرے دل میں ہے توجانتاہےاورجوتیرے دل میں ہے وہ میں نہیں جانتابے شک توہی چھپی ہوئی باتوں کاجاننے والاہے(١١٦) میں نے ان سے اس کے سواکچھ نہیں کہاجس کاتونے مجھے حکم دیاتھاکہ اللہ کی بندگی کروجومیرااورتمہارارب ہے اور میں اس وقت تک ان کانگران تھاجب تک ان میں رہاپھرجب تونے مجھے اٹھالیاتوتو

نے

ہی ان کا نگران تھا اور تو ہر چیز سے خبر دار ہے (۱۱۷) اگر تو انہیں عذاب دے تو وہ تیرے ہی بندے ہیں اور اگر تو انہیں معاف کر دے تو تو ہی زبردست حکمت والا ہے (۱۱۸) اللہ فرمائے گا یہ وہ دن ہے جس میں سچوں کو ان کا سچ کام آئے گا ان کے لیے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ان میں سے ہمیشہ رہنے والے ہوں گے ان سے اللہ راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے یہی بڑی کامیابی ہے (۱۱۹) آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب اللہ ہی کی سلطنت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (۱۲۰)

منکران خدا کا مثالی نمائندہ رچرڈ ڈاکنز عقیدہ توحید پر کیا خیالات رکھتا ہے اسکا جاننا دلچسپی سے خالی نہیں. وہ توحید پر اپنے خیالات کے اظہار کا آغاز گورے وڈال کے ان الفاظ سے کرتا ہے

"ہماری تہذیب میں سب سے بڑی نا قابل بیان برائی عقیدہ توحید ہے۔ کانسے کے زمانے میں لکھے گئے صحیفہ قدیم سے تین انسانیت دشمن مذاہب نے جنم لیا ہے۔ یہودیت، عیسائیت اور اسلام۔ یہ آسمانی خداؤں والے مذاہب ہیں۔ یہ صحیح معنوں میں پدرانہ ہیں۔ خدا ایک قادر مطلق باپ کی مانند ہے۔

اسکے نتیجہ میں سال ۲۰۰۰ تک عورت ذات کو ان ممالک میں نفرت کا نشانہ بنایا گیا ہے جہاں یہ آسمانی خدا اور انکے نائب مسلط ہیں."

رچرڈ ڈاکنز کا اس سے فضول بیان اور کوئی ہو نہیں سکتا جو تعصب خود سری اور بدبو دار نفرت کا آئینہ دار ہے. یہ دعوی کہ اسلام کا خدا مذکر ہے مضحکہ خیز ہے.

قران کریم نے اللہ تعالی کی جو صفت بیان کی ہے وہ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ یعنی

کوئی چیز اس کی مثل نہیں اور وہی ہر بات کا سننے والا اور دیکھنے والا ہے.

توحید کے بارے میں پہلی بات تو یہ ہے کہ اسلام کا عقیدہ توحید کوئی نیا مذھب نہیں تھا خود دین اسلام نے دین حنیف کہا ہے. اور قران نے اسکی تفصیل کچھ اس طرح فرمائی ہے

"اور ملتِ ابراہیمی سے تو وہی روگردانی کرے گا جو اپنی ذات ہی سے احمق ہو اور ہم نے ان (ابراہیمؑ) کو دنیا میں منتخب کیا اور (اسی کی بدولت) وہ آخرت میں بڑے لائق لوگوں میں سے شمار کیے جاتے ہیں. (۱۳۰) جب کہ ان سے ان کے پروردگار نے فرمایا کہ تم اطاعت اختیار کرو انہوں نے عرض کیا کہ میں نے اطاعت اختیار کی رب

نے

العالمین کی. (۱۳۱) اور اسی کا حکم کر گئے ہیں ابراہیم اپنے بیٹوں کو اور (اسیطرح)
یعقوب بھی، میرے بیٹو اللہ تعالیٰ نے اس دین (اسلام) کو تمھارے لیے منتخب فرمایا
ہے سو تم بجز اسلام کے اور کسی حالت پر جان مت دینا۔ (۱۳۲) کیا تم خود (اس
وقت) موجود تھے جس وقت یعقوب کا آخری وقت آیا. (اور) جس وقت انہوں نے
اپنے بیٹوں سے پوچھا کہ تم لوگ میرے (مرنے کے) بعد کِس چیز کی پرستش کرو
گے انہوں نے (بالاتفاق) جواب دیا کہ ہم اس کی پرستش کریں گے جس کی آپ اور
آپ کے بزرگ (حضرات) ابراہیم و اسمٰعیل و اسحٰق پرستش کرتے آئے ہیں یعنی
وہی معبود جو وحدہ لاشریک ہے. اور ہم اس کی اطاعت پر (قائم) رہیں گے۔ (۱۳۳)
یہ (ان بزرگوں کی) ایک جماعت تھی جو گزر چکی. ان کے کام اُن کا کیا ہوا آوے گا
اور تمھارے کام تمھارا کیا ہوا آوے گا اور تم سے ان کے کئے ہُوئے کی پوچھ بھی تو نہ
ہو گی۔ (۱۳۴) اور یہ (یہودی و نصرانی) لوگ کہتے ہیں کہ تم لوگ یہودی ہو جاؤ یا
نصرانی ہو جاؤ تم بھی راہ پر پڑ جاؤ گے آپ کہد یجیئے کہ ہم تو ملت ابراہیم (یعنی اسلام)
پر رہیں گے جس میں کجی کا نام نہیں. اور ابراہیم مشرک بھی نہ تھے۔۔ (۱۳۵)
(مسلمانو) کہدو کہ ہم ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور اس کے (حکم) پر جو ہمارے پاس
بھیجا گیا اور اس پر بھی جو حضرت ابراہیم اور حضرت اسمٰعیل اور حضرت اسحٰق اور
حضرت یعقوب اور اولادِ یعقوب کی طرف بھیجا گیا اور (اس حکم و معجزہ پر بھی) جو
حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ کو دیا گیا اور اس پر بھی جو کچھ اور انبیاء کو دیا گیا ان کے

نے

پروردگار کی طرف سے اس کیفیت سے کہ ہم ان (حضرات) میں سے کسی ایک میں بھی تفریق نہیں کرتے اور ہم تو اس (اللہ تعالیٰ) کے مطیع ہیں۔(۱۳۶)

یہ سمجھنا اور کہنا کہ اللہ کی توحید پر یقین دو ہزار سال سے عورت پر استحصال اور ظلم کی وجہ ہے بہت ہی حماقت خیز بات ہے. بہتر ہوتا کہ یہ بات کہنے والا کچھ مسلمان گھروں کا دورہ کرتا اور وہاں پر موجود عورتوں سے پوچھ لیتا ان پر کیسا کیسا ظلم و ستم ڈھایا جارہا ہے اور کیا انکو اپنے گھروں میں عزت اور احترام حاصل ہے یا نہیں. جن باتوں کو لیکر جھوٹا پروپیگنڈا کیا جاتا ہے اسکی حقیقت سے ایک لاعلم آدمی سچی بات تک نہیں پہنچ سکتا. عورت اسلامی معاشرے کی بنیادی اکائی یعنی فیملی کا اہم جزو ہے. عورت ایک اچھی وفاشعار بیوی ایک ذمہ دار ماں اور بیٹی اور بہن ہوتی ہے جو مثالی محبت اور احترام سے نوازی جاتی ہے جو ایک صالح نسل کی تعلیم و تربیت کرتی ہے.

ہاں وہ بازار میں سجاوٹ کی چیز نہیں جس پر ایک لادین ہوس کی نظر رکھے. مصنف چیدہ چیدہ منکران خدا کے خیالات تو قاری کے سامنے رکھتا ہے مگر ان لاکھوں نیک لوگوں کو فراموش کر جاتا ہے جن کی انسانیت کے لئے لازوال خدمات ہیں اور جو ایک اللہ پر یقین رکھنے کے زبردست پرچارک تھے. مصنف کی کتاب اللہ کے عدم وجود سے زیادہ اللہ کے ماننے والوں پر تنقید کرنے پر مشتمل ہے. اگر ثبوت اور

نے

سائنس تجربہ کی بنیاد پر مصنف اللہ کے وجود کو رد کر سکتا ہو شائد اسکو یہ کتاب لکھنے کی ضرورت ہی نہ پڑتی.

مغرب میں دراصل عورت شدید استحصال اور ظلم کا شکار ہے.

"مغرب میں عورت کا یہ حالِ زار دراصل سرمایہ دارانہ نظام کی عورت کے خلاف خوفناک سازش کا نتیجہ ہے جسے آزادیٔ نسواں کا دلکش اور پُر فریب نام دیا گیا۔ اب یہ کوئی راز نہیں کہ آزادیٔ نسواں اور مساواتِ مرد وزن کی تحریکوں کے نام پر عورت کو گھر داری اور نئی نسل کی پرورش اور تربیت کے فطری فریضے کی ادائیگی کے لیے فارغ رکھے جانے سے دراصل روکا ہی اس لئے گیا تھا تاکہ اسے گھر سے باہر لا کر سرمایہ داری نظام کی ضرورت کے مطابق کارخانوں اور دفاتر کے لئے سستی لیبر فراہم کی جا سکے اور عشروں سے ان معاشروں میں عورت کا عملی کردار یہی ہے۔ مگر ظاہر ہے کہ فطرت سے بغاوت کے کبھی مثبت نتائج بر آمد نہیں ہوتے چنانچہ مغرب، خاندانی نظام کے تقریباً مکمل خاتمے کی صورت میں آج فطرت کے خلاف کی گئی اس بغاوت کے انجام سے دوچار ہے جس پر چیخ پکار تو سنائی دیتی رہتی ہے مگر اب اس گاڑی کو ریورس گیئر لگانا بہت مشکل ہے۔"

عورت، مغرب اور اسلام'، ثروت جمال اصمعی، انسٹیوٹ آف پالیسی سٹڈیز، اسلام آباد

نسے

اللہ کے نبی حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے آخری خطبہ میں عورتوں سے حسن سلوک کی خاص طور پر تاکید کی ہے. اور قرآن کریم میں اللہ نے عورت اور مرد یعنی خاوند اور بیوی کو ایک دوسرے کا لباس قرار دیا ہے

نے

دہریہ پن کی گمراہی اور الحاد کی عقلی مفلسی

رچرڈ ڈاکنز دہریہ پن یعنی خدا کے وجود کے صاف انکار کی حمایت میں ملحدوں کی مذمت کرتا ہے. ملحد وہ ہیں جو خدا کے ہونے کا نہ اقرار کرتے ہیں نہ انکار. اس نے ان کو ہدف تنقید بنایا ہے. اس کو وہ الحاد کی عقلی مفلسی کہتا ہے. رچرڈ ڈاکنز خدا کے وجود کے سوال کو ایک سائنس کے مفروضہ کے طور پر لینے کی وکالت کرتا ہے جب کہ مشہور نیوڈارون ماہر بیالوجسٹ اور ملحد سٹیفن جے گولڈ کا کہنا ہے کہ سائنس اور مذہب کا دائرہ کار الگ الگ ہے لہٰذ سائنس کے اصولوں کا اطلاق مذھب کو جانچنے کے لئے نہیں ہو سکتا.

سٹیفن گولڈ کا اپنی کتاب راک آف ایجز میں کہنا ہے

"سائنس کی کل حاکمیت عملی اور تجرباتی دائرہ کار تک محدود ہے: کائنات کس مادے سے بنی ہے (حقیقت) اور اس طرح کیوں چلتی ہے (نظریہ)۔ مذہب کی حاکمیت ازلی مسائل اور اخلاقیات پر محیط ہے۔ یہ دونوں حاکمیتیں ایک دوسرے میں دخل انداز نہیں ہوتیں، اور نہ ہی تمام سوالات کا جواب دینے کی سکت رکھتی ہیں (مثال کے طور پر فنون لطیفہ اور خوبصورتی کی حاکمیت)۔ کہاوت ہے کہ سائنس چٹّان کے

نے

دور سے تعلق رکھتی ہے اور مذہب ادوار کی چٹّان سے؛ سائنس بتاتی ہے کہ سماوات کیسے چلتے ہیں اور مذہب بتاتا ہے کہ سماوات (مطلب جنّت) تک کیسے پہنچا جائے۔ اپنے اس نظریہ کو وہ Non-over lapping magisteria - NORMA کہتا ہے

. رچرڈ ڈاکنز دہریہ پن کے اندھے پن میں سٹیفن جے گولڈ کی اس رائے سے شدید اختلاف رکھتا ہے. کچھ بھی ہو دین اسلام کی نظر میں تو دونوں انکاری ہی کہلائیں گئے.

اسی تنقید میں اپنا نکتہ نظر بیان کرتے ہوے رچرڈ ڈاکنز لکھتا ہے

" یہ ایک ناگوارسی کہاوت ہے (بقول رچرڈ اور زیادہ تر کہاوتوں کے مقابلے میں سچ بھی نہیں ہے) کہ سائنس اپنے آپ کو "کیسے" کے سوالات میں مصروف رکھتی ہے. جبکہ مذہب ہی "کیوں" کا جواب دے سکنے کی قابلیت رکھتا ہے۔

رنگ کیا ہوتا ہے؟ امید کی بو کیسی ہوتی ہے؟ میرے قواعد کے اصولوں کے مطابق کوئی جملہ بنا لینے سے وہ جملہ معنی خیز نہیں ہو جاتا اور نہ سنجیدہ توجّہ کا مستحق اور نہ ہی سائنس کے کسی سوال کا جواب دینے میں ناکامی مذہب کو جواب تراشنے کا اہل کر دیتی ہے۔ یہ "کیوں" والا سوال آخر ہوتا کیا ہے. ضروری نہیں ہر وہ سوالیہ جملہ جس

نے

میں کیوں کا لفظ ہے ایک جائز جملہ ہو. یک سنگھے کھو کھلے کیوں ہوتے ہیں. ہر سوال جواب کا مستحق نہیں ہوتا جیسا کہ یہ سوال کہ

"یک سنگھے کھو کھلے کیوں ہوتے ہیں. تجرید کا رنگ کیا ہوتا ہے. امید کی بو کیسی ہوتی ہے. میرے قواعد کے اصولوں کے مطابق کوئی جملہ بنا لینے سے وہ جملہ معنی خیز نہیں ہو جاتا اور نہ سنجیدہ توجہ کا مستحق اور نہ ہی سائنس کے کسی سوال کا جواب دینے میں ناکامی مذہب کو جواب تراشنے کا اہل کر دیتی ہے."

میرا کہنا ہے، اگر سائنس کے کسی سوال کا جواب دینے میں ناکامی مذہب کو جواب تراشنے کا اہل نہیں کر دیتی تو منکران خدا کی خدا کے اقرار میں ناکامی کیونکر انکو خدا کے وجود کے نہ ہونے کا دعوی تراشنے کا اہل بنا دیتی ہے؟

بلاشبہ ہر کیوں والا سوال جائز نہیں ہوتا مگر ایسے ہر سوال کا فیصلہ تو عقل سلیم کر سکتی ہے کہ کون سا سوال جائز ہے اور کون سا سوال نہیں احمق پن ہے. اور سوال ہوتے ہیں جن کے جواب کا تقاضہ انسان کا تجسس کرتا ہے. ایسے ہیں جن کا جواب ہر انسان چاہتا ہے.

نے

ایسے سوالات جن کا جواب سائنس نہیں دیتی. ایسے سوالات کا جواب الہامی تعلیمات دیتی ہیں. جیسے یہ سوال کہ انسان اس دنیا میں کیسے وجود میں آیا. سائنس اس سوال کا درست جواب تلاش کرنے کی جستجو میں لگی رہتی ہے مگر انسان اس دنیا میں کیوں آیا اسکی ہستی کا مقصد حیات کیا ہے سائنس اس کا کھوج نہیں لگا سکتی اسکا جواب سائنس سے بھی ایک قدم آگے بڑھ کر الہامی علم دیتا ہے جیسے وحی کے ذریعہ حاصل ہونے والی یہ آیات قرآنی

سورۃ الاٴعرَاف

نیچے ایسی حالت میں جاؤ کہ تم باہم بعضے دوسرے بعضوں کے دشمن رہو گے اور تمھارے واسطے زمین میں رہنے کی جگہ ہے اور نفع حاصل کرنا ایک مدت تک۔ (۲۴) فرمایا کہ تم کو وہاں ہی زندگی بسر کرنا ہے اور وہاں ہی مرنا ہے اور اسی میں سے پھر پیدا ہونا ہے۔(۲۵)

مصنف نے ایسے آسانی اور لاپرواہی سے "کیوں" کے مدے سے جان چھڑانے کی کوشش کی جیسے علم موم کی ناک ہو جیسا دل چاہا اسکو موڑ لیا.

نے

انسان کے پاس بہت سارے "کیوں" ہیں جن کا وہ جواب چاہتا ہے. یہ کوئی مذاق نہیں کہ اس استجاب کو "یک سنگھی کھوکھلے پن سے تشبیہ دے کر خود کو جواب دینے سے فارغ کر دیا جائے.

سائنس اسکا جواب دے کہ ہائڈروجن کے دو اور آکسیجن کا ایک مالیکول ملکر پانی کیوں بناتے ہیں؟.

یا زمین میں کشش کی قوت کیوں ہے؟. قصّہ مختصر جو بھی اصول قدرت ہیں یا یونیورسل لاء ہیں وہ کیوں ہیں. انسان زمین پر کیوں ہے. ایسے بہت سارے سنجیدہ سوالات ہیں جنکا جواب صرف دین مبین اسلام سے ملتا ہے.

سورۃ البَقَرَۃ

ہم نے حکم فرمایا نیچے جاؤ اس بہشت سے سب کے سب پھر آوے تمھارے پاس میری طرف سے کسی قسم کی ہدایت سو جو شخص پیروی کرے گا میری اس ہدایت کی تو نہ کچھ اندیشہ ہو گا ان پر اور نہ ایسے لوگ غمگین ہونگے۔(۳۸)

سورۃ طٰہ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا دونوں کے دونوں جنت سے اترو اور (دنیا میں) ایسی حالت سے (جاؤ) کہ ایک کا دشمن ایک ہو گا پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت پہنچے تو (تم میں) جو شخص میری اس ہدایت کا اتباع کرے گا تو وہ نہ دنیا میں گمراہ ہو گا اور نہ آخرت میں شقی ہو گا۔(۱۲۳) اور جو شخص میری اس نصیحت سے اعتراض کرے گا تو اس کے لیے تنگی کا جینا ہو گا اور قیامت کے روز ہم اس کو اندھا کر کے (قبر سے) اٹھائیں گے۔(۱۲۴) وہ (تعجب سے) کہے گا اے میرے رب آپ نے مجھ کو اندھا کر کے کیوں اٹھایا میں تو (دنیا میں) آنکھوں والا تھا۔(۱۲۵) ارشاد ہو گا کہ ایسا ہی تیرے پاس ہمارے احکام پہنچے تھے پھر تو نے ان کا کچھ خیال نہ کیا اور ایسا ہی آج تیرا کچھ خیال نہ کیا جاوے گا۔(۱۲۶

اب سائنس اور منطق تو ایسی باتوں کا جواب نہیں دے سکتی اور نہ ایسی باتیں ثابت کرنے کی خاطر سائنس اور منطق کے دربار میں پیش کی جا سکتی ہیں جبکہ دونوں خود اس بارے میں مجبور اور لاعلم ہیں. حیات بعد الموت، جنّت دوزخ، فرشتے، جن، یوم آخرت ان سب کا جواب سائنس کہاں سے لائے گی؟.

انسانی علم و فضل کے مابعد الطبیعی ذرائع

افسوس کا مقام ہے سائنس کو اپنے دفاع میں استعمال کرنے والے جدید دور کے کفّار خدا کے وجود کے تو منکر ہیں مگر مفروضوں اور افسانوی ناولوں سے مستعار تصورات کی بنیاد پر کسی دوسرے سیارے پر اپنے سے بہتر خدا جیسی صلاحیتوں کی مالک مخلوق کی موجودگی کی امید رکھتے ہیں یہ آس لگانے بیٹھے ہیں کہ سائنس کے برقی اور مقناطیسی لہروں پر مبنی پیغامات ایک دن اس کائنات میں موجود اربوں سیاروں میں سے کسی ایک پر ایسی مخلوق کو ڈھونڈ نکالیں گئے. جہاں کی تہذیب ہم سے زیادہ ترقی یافتہ ہو گی. ہمیں پتا چلے گا کہ اصل میں تو ہم انکی بنائی ہوئی کمپیوٹر سیمولیشنز ہیں. انکا کہنا ہے کہ اسطرح کے انکشاف کے بعد ہمارے لئے خدا جیسا ہونے کے باوجود وہ خدا نہیں ہونگے بلکہ ہماری طرح قدرتی ارتقا کی پیداوار ہونگے. وہ قدرتی ارتقاء کی ہم سے ترقی یافتہ شکل ہونگے. کفّار جدید کے لئے خدا پر یقین مشکل ہے مگر افسانوی ناولوں سے مستعار تصورات کو حقیقت کے روپ میں دیکھنے کے وہ آرزومند ہیں. ان سے زیادہ گمراہ اور کون ہو گا. سوال یہ ہے کیا سائنس کے طریقہ کار کے علاوہ بھی کوئی دیگر ذرائع ہیں جن کی مدد سے اللہ کی اس کائنات کا مشاہدہ ممکن ہے؟.

اللہ تعالی نے انسان کو جو مختلف صلاحیتیں دی ہیں انکی اپنی حدود ہیں. ایک صلاحیت حاصل ہونے کے بعد اس کے دوسرے درجہ کی صلاحیت کا آغاز ہوتا ہے جس کے ذریعہ مزید علم اور معلومات حاصل ہو سکتی ہیں اور دوسرے درجہ کے اختتام کے بعد تیسرے درجہ کے ذریعہ ہی آگے بڑھا جا سکتا ہے.

اس کی مثال کچھ اسطرح ہے. انسان اگر زمین سے پانچ فٹ اونچا ہو تو وہ تین میل دور تک دیکھ سکتا ہے. اور اگر نو فٹ اونچا ہو تو مزید آگے دیکھ سکتا ہے مگر فزیکل دیکھنے کی ایک حد ہے اسکے بعد دوسرے ذارئع سے دیکھا جا سکتا ہے.

انسان نے گزرتے زمانہ کے ساتھ علم سے نئ صلاحیتیں حاصل کیں اور نیے طریقے دریافت کیے اور آج وہ زمین پر ہزاروں میل دور بیٹھے اپنے دوست کو دیکھ اور سن سکتا ہے.

کیا انسان اتنی عظیم الشان کائنات جس میں لاکھوں کہکشاں اور اربوں سیارے ہیں انکو وہ کبھی دیکھ سکے گا. صلاحیت کا یہ درجہ ابھی اسکو حاصل نہیں. حالت یہ ہے کہ وہاں کسی سیارے پر ہونے والے حادثے میں پیدا ہونے والی چمک کی روشنی ہم تک پہنچنے میں کئی لاکھ نوری سال کا فاصلہ ہوتا ہے. یعنی جو حادثہ لاکھوں سال پہلے ہوا تھا

نسے

اسکی خفیف سی اطلاع ہمیں آج مل رہی ہے. وہاں تک سائنس کے طریقہ سے رسائی تو بہت دور کی بات ہے. وہاں کے معاملات معلوم کرنے کے لئے اور اعلی درجہ کی صلاحیت کی ضرورت ہے جو اپنے جوہر میں طبیعاتی اور مادی نہ ھو. تب ہی وہ وہاں تک شائد رسائی حاصل کر سکے. وہ کیسی قوت ہو سکتی ہے اسکی معلومات ہمیں کچھ قران کریم سے ملتی ہیں.

وہ پاک ذات ہے جو اپنے بندہ (محمد ﷺ) کو شب کے وقت مسجد حرام (یعنی مسجد کعبہ سے) مسجد اقصیٰ (یعنی بیت المقدس) تک جس کے گرد اگرد ہم نے برکتیں رکھی ہیں لے گیا تاکہ ہم ان کو اپنے کچھ عجائبات قدرت دکھلاویں بے شک اللہ تعالیٰ بڑے سننے والے بڑے دیکھنے والے ہیں۔ سورہ بنی اسرائیل

۔پھر کہا کہ: وَلَقَد رَاٰهُ نَزلَۃًاُخرٰی۔عِندَ سِد رَۃِ الْمُنتَھٰی۔ عِندَھا جَنَّۃُ المَاوٰی۔ اِذ یَغشَی السّدرَۃَ مَا غشٰی۔ مَازَاغَ البَصَرُوَمَا طَغٰی۔ لَقَدرٰای مِنْاٰیٰتِ رَبّہِ الکُبرٰی

(النَّجم:-١٣١٨)

''جو کچھ انہوںؐ نے اپنی نگاہوں سے دیکھا اور اس کو ان کے دل نے جھٹلایا نہیں۔ لوگو! کیا تم ان چیزوں کے بارے میں ان سے جھگڑتے ہو جو وہ دیکھتے ہیں اور بلاشبہ ان کا یہ مشاہدہ (پہلی بار نہیں ہوا) ایک مرتبہ پہلے بھی ہو چکا ہے۔ سدرۃ المنتہیٰ کے

پاس۔ اسی (سدرۃ المنتہیٰ) کے پاس جنت الماویٰ ہے جبکہ اس بیری کے درخت کو ڈھانپے ہوئے تھا جو ڈھانپے ہوئے تھا۔ نگاہ کج نہیں ہوئی اور نہ ہی اس نے حد سے تجاوز کیا۔ بے شک انہوں نے اپنے رب کی عظیم ترین نشانیوں کا مشاہدہ کیا"۔

جدید دور میں انسان نے چاند تک سفر کرنے کے بعد دیگر سیاروں کو تسخیر کرنے کے لئے بھی کمر کس رکھی ہے لیکن جدید ترین ٹیکنالوجی کے باوجود انسان روشنی کی رفتار (186,000 میل، یعنی تین لاکھ کلو میٹر فی سیکنڈ) کے مطابق سفر نہیں کر سکتا۔ روشنی کی رفتار کو حاصل کرنے میں کئی رکاوٹیں ہیں۔ 1905ء میں جدید دنیا کے سائنس دان البرٹ آئن سٹائن نے Theory of Relativity پیش کی۔ اس تھیوری میں آئن سٹائن نے واضح کیا کہ Time and Space کی تمام مشکلات اس نظریے کے مکمل ادراک کے بغیر سمجھنا ناممکن ہے۔

آئن سٹائن برسوں سوچ بچار اور تحقیق کے بعد اس نکتہ پر پہنچا کہ روشنی کی 90٪ رفتار سے سفر کرنے والے جسم کا حجم نصف رہ جاتا ہے اور اس کے ساتھ وقت کی رفتار بھی نصف رہ جاتی ہے۔ اس کو سادہ مثال سے لیں کہ اگر کوئی شخص کسی ایسے خلائی جہاز میں جو روشنی کی 90٪ فیصد رفتار سے دس سال سفر کرے تو اس شخص پر زمین کے مقابلے میں فقط 5 سال گزریں گے۔ اس کی وجہ یہ کہ انسانی جسم کے اس قدر تیز سفر کرنے سے انسان کا مکمل نظام

نے

تنفس آہستہ ہو جائے گا اور اس پر وقت کم گزرے گا۔ اس نظریے کو سائنس جاننے والے بخوبی سمجھ سکتے ہیں، مکمل تفصیل بیان کرنا ممکن نہیں۔

اس نظریے کا سب سے اہم نکتہ یہ ہے کہ "اگر کوئی شخص روشنی کی رفتار سے سفر کرنے میں کامیاب ہو جائے تو اس پر وقت بالکل رک جائے گا"۔ اگرچہ اس رفتار سے سفر کرنا انسان کے اختیار میں نہیں لیکن اللہ کریم جو وقت، رفتار، روشنی اور مکاں کا خالق ہے وہ اگر اپنی قدرت خاص سے کسی کو اس رفتار سے سفر کروادے تو اس شخص پر وقت تھم جائے گا۔

اب اس نکتے کو ذہن میں رکھیں اور آیات و احادیث کا مطالعہ کریں تو ہمیں واقعہ معراج کچھ اس طرح سے ملتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ براق (برق کی جمع اور برق عربی زبان میں بجلی، روشنی کو کہتے ہیں) پر سواری فرمائی۔ معراج کی رات بیت الحرام سے بیت المقدس۔ بیت المقدس میں امامت۔ بیت المقدس سے ہر آسمان سے ہوتے ہوئے سدرۃ المنتہیٰ۔ جنت و دوزخ کا معائنہ۔ پھر وصل الٰہی کا سفر۔ واپس تشریف آوری ہوئی تو وضو کا پانی ابھی بہہ رہا تھا اور بستر بھی گرم تھا۔

نے

اتنے کم وقت چند سیکنڈ یا منٹ میں لاکھوں کروڑوں میل بلکہ نوری فاصلوں کا سفر کیسے ممکن ہو گیا۔ آئن سٹائن کا نظریہ ہمیں یہ معجزہ سمجھنے میں مدد فراہم کرتا ہے کہ اگر انسان نوری رفتار سے سفر کرنے میں کامیاب ہو جائے تو اس پر وقت تھم جائے گا۔ اور یہ بات احادیث صیحہ سے ثابت ہے کہ معراج کے لیے برّاق کو بھیجا گیا۔ عربی میں برّاق برق کی جمع ہے اور عربی جمع کا کم از کم اطلاق تین کے عدد پر ہوتا ہے۔

لہذا اگر زیادہ نہ سہی برّاق کو تین برق ہی مان لیا جائے اور برق کا مطلب روشنیLight ہے۔ اور روشنی یا نورLight کی رفتار186,000 میل فی سیکنڈ بنتی ہے۔ اور اس کو برّاق پر قیاس کرتے ہوئے 3 سے ضرب دے دیں تو یہ رفتار558,000 میل فی سیکنڈ بنے گی۔ گویا سیاحِ لامکاں ﷺ کی سواری کی کم از کم رفتار558,000 میل فی سیکنڈ تھی۔ وقت تھم جاتا ہے. ابدی زندگی میں بھی وقت نہیں تبدیل ہو گا.

خرد ہوئی ہے زمان و مکاں کی زناری

نہ ہے زماں نہ مکاں لا الہٰ الا اللہ – اقبال

نے

البرٹ آئن سٹائن کی تھیوری آف ریلیٹیویٹی کی اس تھیوری کو سامنے رکھیں اور احادیث و واقعاتِ معراج کا سائنسی مطالعہ کریں تو اس جدید نظریہ کی بنیاد پر بھی اسلام اور واقعاتِ معراج کی سچائی واضح ہوتی ہے، خاص کر معراج کے اتنے بڑے واقعے میں صرف چند سیکنڈ یا منٹ کیسے لگے، رسول اللہ ﷺ کے لئے وقت کیسے تھم گیا تھا۔

اگرچہ یہ معجزہ ءنبوی ﷺ ہے اور معجزہ عقل سے محال شے کو کہتے ہیں لیکن اس کے باوجود کسی حد تک سمجھنے میں آئن سٹائن کی تھیوری بہت اہمیت کی حامل ہے

ایک چیز کو ننگی آنکھ سے دیکھنے کے بعد، پھر سائنس کی مدد سے بہت دور دراز سے دیکھنے کی صلاحیت کے بعد کائنات کے معائینہ کے لئے انسان کو تیسری قسم کی صلاحیت درکار ہے. ریفرنس

https://www.urdusafha.pk/waqiyah-e-miraaj-aur-theory-of-relativity/

سائنس دین برحق کی سو فی صد موافقت کرتی ہے اور کرتی رہے گی. میری یہ رائے مصنف کی رائے کے برعکس ہے کہ سائنس مذھب کو سمیٹ دے گی. سٹیفن گولڈ کی رائے کہ دونوں مذھب اور سائنس کا دائرکار الگ الگ ہے. جونان اور لیپنگ

نے

ہے. درست ہو سکتا ہے مگر اس اضافہ کے ساتھ کہ سائنس دین مبین کا سب سیٹ ہے. سائنس دین مبین کی حریف نہیں حلیف ہے. یہاں میں نے دین مبین کا لفظ استعمال کیا ہے مذہب کا نہیں

انسان کا اپنی کوشش سے حاصل کردہ کسی بھی علم خواہ وہ سائنسی علم ہی کیوں نہ ہو سے بھی بلند علمی صلاحیت کی موجودگی کا پتہ قران کریم کی اس آیت سے بھی ملتا ہے

سلیمانؑ علیہ السلام نے فرمایا کہ اہل دربار تم میں سے کوئی ایسا ہے جو اس (بلقیس) کا تخت قبل اس کے کہ وہ لوگ میرے پاس مطیع ہو کر آویں حاضر کر دے۔ (۳۸) ایک قوی ہیکل جن نے جواب میں عرض کیا کہ میں اس کو آپ کی خدمت میں حاضر کر دوں گا قبل اس کے کہ آپ اپنے اجلاس سے اٹھیں اور میں طاقت رکھتا ہوں امانت دار (بھی) ہوں۔ (۳۹) جس کے پاس کتاب کا علم تھا اس (علم والے) نے (اس جن سے) کہا کہ میں اس کو تیرے سامنے تیری آنکھ جھپکنے سے پہلے لا کھڑا کر سکتا ہوں جب سلیمانؑ نے اس کو روبرو دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ بھی میرے پروردگار کا ایک فضل ہے تاکہ وہ میری آزمائش کرے کہ میں شکر ادا کرتا ہوں یا ناشکری کرتا ہوں.

نے

سائنٹیفک ریسرچ میں خدا کو مفروضہ بنانا کیسا ہے ؟.

جس رب تعالی نے نیکی اور بدی کی پہچان کا نظام ہر انسان کے اندر ودیعت کر دیا ہو یہ کیسے ممکن ہے اس نے انسان کو اپنی پہچان نہ کروائی ہو. حقیقت یہ ہے کہ اللہ ایک ہے اور باقی سب کائنات اسکے ہونے کا ثبوت ہے. پھر اسکے بعد اس سے بڑا گستاخ کون ہو گا جو اپنی حیثیت کو فراموش کر کے خدا کو سائنس جیسے تجربہ کے ذریعہ ثابت کرنے کی کوشش کرے. یہ تو ایسی ہی بات ہے جیسے فرعون نے ہامان سے کہی تھی کہ ایک بلند عمارت بنواؤ کہ وہ بلندی پر چڑھ کر موسی کے خدا کو دیکھے.

اور فرعون نے کہا اے سردارو! میں نہیں جانتا کہ میرے سوا تمہارا اور کوئی معبود ہے پس اے ہامان! تو میرے لیے گارا پکوا پھر میرے لیے ایک بلند محل بنوا کہ میں موسیٰ کے خدا کو دیکھوں اور بے شک میں اسے جھوٹا سمجھتا ہوں.28-38

مشہور منکر خدا وکٹر جے سٹنگر جس نے God: The failed Hypothesis نامی کتاب لکھی ہے. اسکا کہنا ہے

" I applied the scientific process of hypothesis to the question of God."

وہ کہتاہے "میری کتاب پر تواتر کے ساتھ جو اعتراض اٹھایا گیاہے کہ خدا کا وجود کسی سائنس کے مفروضہ کی بنیاد نہیں بن سکتا، مگر میں کہتاہوں کہ بن سکتاہے

اپنی بات کی دلیل میں وہ لکھتاہے

۱. سائنسی طریقہ کار جو پروفیشنل سائنسدان اختیار کرتے ہیں وہ ان تک ہی محدود نہیں بلکہ اس میں کسی بھی چیز کے مشاہدہ کے متعلق کوئی بھی سوال شامل کیاجاسکتا ہے.

۲. اسکامزید کہناہے کہ انسانی دماغ کسی آبجیکٹ کی تصویر کو محفوظ کرتاہے وہ وقت، سمت یاانرجی کو محفوظ نہیں کرتالہٰذا ہمیں یہ کمیتیں اس آبجیکٹ کے ساتھ تفویض کرنی ہوتی ہیں تب یہ آبجیکٹ ماڈل کہلاتاہے.

۳. سائنس تو صرف ماڈل کو حق بجانب تسلیم کروانے کے لئے اسکی تاویل کرتی ہے یا اسکو واضح کرتی ہے.

۴. سائنس کی تھیوری ایک ماڈل ہی ہوتی ہے جسکو بہت سارے لوگ قبول یامسترد کرتے ہیں

خدا بھی ایک ماڈل ہے مذھب بھی منوانے کے لئے یہی طریقہ اختیار کرتا ہے مگر مذہب میں بہت سارے لوگوں کا اتفاق رائے نہیں ہوتا بلکہ یہ اتفاق رائے ایک اتھارٹی کے دباؤ پر پیدا کیا جاتا ہے. زمانہ قدیم سے لوگ خدا کا تصور اسکی صفتوں کی وجہ سے کرتے آئے ہیں. وہ صفتیں جنکا وہ ادراک رکھتے تھے.

خدا اور روحوں نے آبجیکٹ کی شکل اختیار کی جیسے سورج چاند جانور اور انسان. جیسے قدیم مصریوں کے خدا جانوروں کی شکل کے ہوتے تھے. یا یونانیوں کے خدا انسان کی شکل کے نامکمل اور غیر فانی ہوتے تھے

مصنف کہتا ہے اسی طرح یہودیت عیسایت اور اسلام کا خدا ایک طاقتور مرد خدا ہے جو مطلق العنان ہے اور اپنی رعایا پر حکومت کرتا ہے. خدا کے یہ ماڈل اپنے اپنے زمانے کے کلچر کی پیداوار ہیں.

وکٹر جے سٹنگر کا کہنا ہے یقین اور ایمان کو ایک طرف رکھیں تو جو خدائی ماڈل کم از کم شواہد پر پورا نہیں اترتا اسکو رد کر دینا چاہیے.

نے

خدا جس کا ذکر ہو رہا ہے اسکو ماڈل ہی سے جانچا جا سکتا ہے اس سے فرق نہیں پڑتا اصل اور ماڈل میں کیا فرق ہے. آخر لوگ خدا کو اسکی صفتوں ہی سے تو پہچانتے ہیں جنکی سمجھ انکو ہوتی ہے. (تو کیا پھر ٹیسٹ کے لئے خدا کی جگہ پر صفتوں کو مفروضہ بنالیا جائے)

سب سے عام خدائی ماڈل ایک ذاتی خدا کا ماڈل ہے جو لوگوں کی دعائیں سنتا ہے. ایسے خدا کی بہت سارے کنٹرول تجربات میں تصدیق نہیں کی جا سکی پس ثابت ہوا کہ ایک مذھبی آدمی اسکے آگے دعائیں مانگ کر اپنا وقت ضائع کر رہا ہے. اگر ایسا خدا ہوتا تو جودیا میں ماضی میں آنے والے بڑے زلزلہ کا پتا مل چکا ہوتا نوح کی کشتی کے آثار مل گئے ہوتے. کائنات انسان کے لئے اتنی آسان ہوتی کہ وہ ایک سیارے سے دوسرے سیارے پر با آسانی آجا رہا ہوتا انسان وہاں زندہ بھی رہ سکتا بلکہ خلا میں بھی زندہ رہ سکتا. صرف گناہگار لوگ بیمار ہوتے برق گرتی تو صرف برے لوگوں پر اور گرجا کی راہبائیں کسی جہاز کے کریش ہونے پر زندہ بچ جایا کرتیں. نیک لوگوں کے ہاتھوں معجزے رونما ہوتے. کیونکہ یہ سب کچھ تو نہیں ہو رہا لہذا ثابت ہوتا ہے کہ خدا کے ہونے کا مفروضہ غلط ہے. ان مفروضوں کو ہمارے مشاہدات اور سائنس کے آلات غلط ثابت کر رہے ہیں.

ا. پہلی بات تو یہ ہے کہ رب کریم کی ذات اپنے ثابت ہونے کے لئے کسی انسانی سائنس کے تجربہ کا ماڈل نہیں بن سکتی. وہ آبجیکٹ کی خصوصیات سے پاک ہے، اسکا فرمانا ہے کہ اس

نے

جیسی کوئی چیز نہیں جس پر انسان اسکو قیاس کر سکے تو تجربے کس پر کرے گا؟. اسکی صفات ہیں اور اسکی نشانیاں ہیں جن سے انسان اپنے رب کا ادراک کر سکتا ہے مگر ان صفات کو ماڈل تصور کر کے انکے جھوٹا یا سچا ہونے کا فیصلہ انسان اپنے تجربات کی بنا پر نہیں کر سکتا کیوں کہ انسان عقل کل نہیں ہے کہ اللہ کی ان منشاؤں کو سمجھ سکے.. خدا کے لئے اپنے ہونے کے ثبوت کے طور پر کائنات کو اور اس میں موجود ہونے والے واقعیات کو انسان کی تسلی اور خواہش کے مطابق بنانے کی کوئی مجبوری نہیں. ایسے بے تکے مطالبات تو ماضی میں لوگ کرتے تھے جیسے شواہد مصنف نے خدا کو تسلیم کرنے کے لئے طلب کئے ہیں.

. اللہ تعالی کی ذات کو مشرکوں کے بتوں اور یونانی دیومالائی کرداروں کے برابر ایک ماڈل کی قطار میں پرکھنے کے لئے کھڑا نہیں کیا جا سکتا. یہ دانستہ کی جانے والی گستاخی ہے. اللہ تعالی کی ذات بلند اور ممتاز ہے اور کوئی اسکا ثانی ہو ہی نہیں سکتا.

کیا انسان کی سمجھ کے لئے قران کریم نے جن نشانیوں کی طرف اشارہ کیا ہے وہ اللہ پر یقین لانے کے لئے کم ہیں یا انمیں حیرت کی کوئی کمی ہے کہ وہ دیگر ثبوت طلب کرتا ہے.

سورة البَقَرَة

اور (بعضے) جاہل یوں کہتے ہیں کہ (خود) ہم سے کیوں نہیں کلام فرماتے اللہ تعالیٰ یا ہمارے پاس کوئی اور ہی دلیل آجاوے اس طرح وہ (جاہل) لوگ بھی کہتے چلے آئے ہیں جو ان سے پہلے ہو

گزرے ہیں ان ہی کا سا (جاہلانہ) قول ان سب کے قلوب (کج فہمی میں) باہم ایک دوسرے کے مشابہ ہیں ہم نے تو بہت سی دلیلیں صاف صاف بیان کر دی ہیں (مگر وہ) ان لوگوں کے لیے (نافع) ہیں جو یقین (حاصل کرنا) چاہتے ہیں۔(۱۱۸)

جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے ایک اللہ ہے اور باقی ساری کائنات کا زرہ زرہ اسکے ہونے کا ثبوت ہے. خدا کے بارے میں اپنا ایک مفروضہ بنا کر اس کو ٹیسٹ کرنے کا انکا احمقانہ تجربہ ملاحظہ فرمائیں.

انہوں نے بیمار مریضوں کے جو ہسپتالوں میں تھے دو گروپ بنانے پھر ایک گروپ کے لئے بہت سے گر جا گھروں میں انکے لئے دعاے صیحت کروائی اور دوسرے گروپ کے لئے نہیں کروائی، ایسا بہت دن تک ہوتا رہا. جب نتیجہ دیکھا تو دونوں گروپس میں کوئی فرق نہیں تھا، لہٰذا خدا موجود نہیں ہے.

میں کہتا ہوں کیا اللہ تعالی انکے تجربے کا پابند ہے ؟ یا انکے پادریوں کی دعا قبول کرنے کا پابند ہے. یا وہ کسی بھی معاملہ میں انسان کی آزووں کو ایک خاص طریقہ اختیار کرنے پر قبولیت بخشنے کا پابند ہے. اگر تمام انسان ملکر بھی دعا کریں اور خدا انکی دعا رد کر دے تو بھی اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ خدا نہیں ہے

انسان جس کی عقل اسکی خواہش کے زیر اثر ہے چاہتا ہے جو بھی وہ چاہے وہ ہو جائے. تو کیا اگر وہ خدا کو تسلیم کرنے کیلئے کہے کہ میری عمر ہزار برس کی ہو جائے تب مانوں گا تو کیا پھر ایسا ہو جائے ؟ یا کوئی یوں کہے کہ مجے تین در جن بیٹے عطا کرے تب جانوں گا کہ خدا ہے . اسطرح تو سب کچھ در ہم بر ہم ہو جائے گا. انسان پر لازم ہے کہ اپنی عقل کی حیثیت کو پہچانے اور اسکو اسکے جائز مقام پر رکھے.

کیا یہ کائنات انسان نے بنائی ہے ؟ اسکی منشا کیا ہے اور اس کا خاتمہ کیونکر ہو گا انسان نے طے کیا ہے یا خدا نے ؟ پھر جو کچھ اس دنیا میں ہو رہا ہے وہ کیا انسان کی مرضی سے ہو تا ہے، اگر ایسا نہیں ہے تو پھر انسان وہ تمام کچھ کیسے چاہ سکتا ہے جسکا تقاضا خدا کو نہ ماننے والے خدا سے کرتے ہیں. ؟

پوری کائنات کی ایک ایک چیز پکار پکار کر اپنے رب کی شان بیان کر رہی ہو گواہی دے رہی ہو پھر بھی اگر مشائدہ کرنے والا اندھا ہو تو وہ کون سی سیڑھی یا تجربہ ہو گا جس سے وہ خدا کے ہونے کا اقرار کرے گا. اللہ پر ایمان لانے کا معیار ہی کچھ اور ہے یعنی ہدایت اللہ ہی کے اذن سے ملتی ہے نہ کہ تجربات کرنے کے بعد. ایسی حرکت سیڑھی لگا کر خدا کو دیکھنے کے اقدام سے کم مضحکہ خیز نہیں. جب قرائن ہی پر اعتماد کرتے ھوے یقین کر لیا تو کیا اس کے بعد کسی نے اپنے باپ کو بطور مفروضہ فرض کر کے پھر اسکو ثابت کیا ہے.

قران کریم نے بیان فرمایا ہے: سورۃ الرّعد

اور یہ کافر لوگ کہتے ہیں کہ ان پر کوئی معجزہ ان کے رب کی طرف سے کیوں نہیں نازل کیا گیا آپ کہہ دیجئے کہ واقعی اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گمراہ کر دیتے ہیں اور جو شخص ان کی طرف متوجہ ہوتا ہے اس کو اپنی طرف ہدایت کر دیتے ہیں۔(۲۷)

سورۃ فاطِر

تو کیا ایسا شخص جسکو اس کا عملِ بد اچھا کر کے دکھایا گیا پھر اس کو اچھا سمجھنے لگا(یعنی کافر) اور ایسا شخص جو قبیح کو قبیح سمجھتا ہے(یعنی مومن) کہیں برابر ہو سکتے ہیں سو اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جس کو

چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے سو ان پر افسوس کر کے کہیں آپ کی جان نہ جاتی رہے اللہ کو ان کے سب کاموں کی خبر ہے۔(۸)

انسائیکلوپیڈیا برتننیکا ایسے فضول خیال کے بارے میں یوں رقم دراز ہے:

Encyclopedia Britannica:

God as a hypothesis, a scientific theory to be studied by the methods of empirical science (and rejected if no clear evidence is found) is neither a sensible nor a productive way to approach the Divine. Indeed, as several authors have observed, it is tantamount to blasphemy.. ....

However, the overwhelming majority of science-religion philosophers disagree with the premise that God is subject to scientific experimentation, or that a scientific examination of God is a worthwhile approach. As Catholic philosopher John Haught observes,

"thinking of God as a hypothesis reduces the infinite divine mystery to a

نے

finite scientific cause, and to worship anything finite is idolatrous" [Haught2008, pg. 43]. Similarly, British philosopher-theologian Keith Ward notes that "the question of God is certainly a factual one, but certainly not a scientific one." Instead, "[i]t lies at the very deep level of ultimate metaphysical options"

https://www.sciencemeetsreligion.org/theology/god-hypothesis.php

My understanding is that a hypothesis is not scientific unless there is a way to sufficiently test it.

Is it ever acceptable to present a hypothesis that cannot be sufficiently tested?

I can imagine a situation where one has a hypothesis (A) that can be sufficiently tested via available research methods (e.g. a questionnaire) and another (B) that can only be sufficiently tested via other research methods that you do not have the resources to conduct (e.g.

ـــ

face-to-face interviews).

Would it be

acceptable to partially test for hypothesis B and collect some

preliminary data

for it in this fictitious questionnaire, despite knowing that this

would be an

imperfect test? But then, if the testing method is imperfect,

would this truly

be considered a hypothesis or something else?

https://academia.stackexchange.com/questions/76645/hypotheses-that-cannot-be-sufficiently-tested

قران کریم سے پتا چلتا ہے کہ ماضی میں بھی قومیں اور لوگ خدا کے ہونے کا ثبوت پیغمبروں سے مانگا کرتے تھے.

سورة البَقَرَة

اور جب تم لوگوں نے (یوں) کہا کہ اے موسیٰ ہم ہر گز نہ مانیں گے تمہارے کہنے سے یہاں تک کہ ہم (خود) دیکھ لیں اللہ تعالیٰ کو علانیہ طور پر سو (اس گستاخی پر) آ پڑی تم پر کڑک بجلی کی اور تم (اس کا آنا) آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔(۵۵) پھر ہم نے تم کو زندہ کر اٹھایا تمھارے مر جانے کے بعد اس توقع پر کہ تم احسان مانو گے۔(۵٦)

کیا آدمی کو یہ معلوم نہیں کہ ہم نے اس کو نطفہ سے پیدا کیا سو وہ علانیہ اعتراض کرنے لگا۔(۷۷) اور اس نے ہماری شان میں ایک عجیب مضمون بیان کیا اور اپنی اصل کو بھول گیا کہتا ہے کہ ہڈیوں کو جب کہ وہ بوسیدہ ہو گئی ہوں کون زندہ کرے گا۔(۷۸) آپ جواب دے دیجیئے کہ ان کو وہ زندہ کرے گا جس نے اول بار میں پیدا کیا ہے اور وہ سب طرح کا پیدا کرنا جانتا ہے.

سورة البَقَرَة

بلاشبہ آسمانوں کے اور زمین کے بنانے میں اور یکے بعد دیگرے رات اور دن کے آنے میں اور جہازوں میں جو کہ سمندر میں چلتے ہیں آدمیوں کے نفع کی چیزیں (اور اسباب) لے کر اور (بارش کے) پانی میں جس کو اللہ تعالیٰ نے آسمان سے برسایا پھر اس سے زمین کو تر و تازہ کیا اس کے خشک ہوئے پیچھے اور ہر قسم کے حیوانات اس میں پھیلا دیئے اور ہواؤں کے بدلنے میں اور ابر میں جو زمین و آسمان

کے درمیان مقید (اور معلق) رہتا ہے دلائل (توحید کے موجود) ہیں ان لوگوں کے لیے جو عقلِ (سلیم) رکھتے ہیں۔

سورۃ السَّجدَۃ

وہی ہے جاننے والا پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا زبردست رحمت والا۔(٦) جس نے جو چیز بنائی خوب بنائی اور انسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی۔(٧) پھر اس کی نسل کو خلاصہ اخلاط یعنی ایک بے قدر پانی سے بنایا۔(٨) پھر اس کے اعضاء درست کیے اور اس میں اپنی روح پھونکی اور تم کو کان اور آنکھیں اور دل دیئے تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو (یعنی نہیں کرتے)۔(٩)

سورة ٱلدَّهۡر / الإنسَان

بے شک انسان پر زمانہ میں ایک ایسا وقت بھی آچکا ہے جس میں وہ کوئی چیز قابل تذکرہ نہ تھا (یعنی انسان نہ تھا بلکہ نطفہ تھا)۔(١) ہم نے اُس کو مخلوط نطفہ سے پیدا کیا اس طور پر کہ ہم اس کو مکلف بنائیں تو (اسی واسطے) ہم نے اسکو سنتا دیکھتا (سمجھتا) بنایا۔(٢) ہم نے اُسکو (بھلائی بُرائی پر مطلع کر کے)رستہ بتلایا (یعنی احکام کا مخاطب بنایا پھر) یا تو وہ شکر گزار (اور مومن) ہو گیا یا ناشکر (اور کافر) ہو گیا۔

سورۃ الحَدید

کوئی مصیبت نہ دنیا میں آتی ہے نہ خاص تمہاری جانوں میں مگر وہ ایک کتاب میں (یعنی لوح محفوظ میں) لکھی ہے قبل اسکے کہ ہم ان جانوں کو پیدا کریں یہ اللہ کے نزدیک آسان کام ہے۔(٢٢) (یہ بات) بتلا اس واسطے دی ہے تا کہ جو نسے

چیز تم سے جاتی رہے تم اسپر رنج (اتنا) نہ کرو اور تا کہ جو چیز تم کو عطا فرمائی ہے اس پر اتراؤ نہیں اور اللہ تعالیٰ اترانے والے شیخی باز کو پسند نہیں کرتا۔ (۲۳)

سورۃ الذّاریَات

اور یقین لانے والوں کیلیئے زمین میں بہت سی نشانیاں ہیں۔ (۲۰) اور خود تمہاری ذات میں بھی اور کیا تم کو دکھائی نہیں دیتا۔ (۲۱)

One of His signs is that He created you from dust and—lo and behold!—you became human and scattered far and wide. Another of His signs is that He created spouses from among yourselves for you to live with in tranquility: He ordained love and kindness between you. There truly are signs in this for those who reflect. Another of His signs is the creation of the heavens and earth, and the diversity of your languages and colors. There truly are signs in this for those who know. Among His signs are your sleep, by night and by day, and your seeking His bounty. There truly are signs in this for those who can hear. Among His signs, too, are that He shows you the lightning that terrifies and inspires hope; that He sends water down from the sky to restore the earth to life after death. There truly are signs in this for those who use their reason.[51]

نے

We shall show them Our signs on the far horizons and in themselves, until it becomes clear to them that this is the Truth. Is it not enough that your Lord witnesses everything?[54]

Highlighting the signs of God's work in nature is the primary and most powerful rational method of confirming the existence of the Creator. Ibn Taymiyyah writes, "Affirming the Creator by means of signs is an obligation, as it has been revealed in the Quran and Allah has made it instinctual to his servants.

ے

ایمانی عقائد پر موجودہ کفّار کے وار

خدا کے انکار کیلیئے عقل اور سائنس کو اپنے حق میں بطور دلیل پیش کرنے کے علاوہ بھی منکران خدا نے دیگر طریقوں سے خدا کے وجود پر ایمان رکھنے کو غلط ثابت کرنے کی کوششیں کی ہیں. اسی سلسلہ میں اپنی کتاب کے باب سوم کا عنوان مصنف رچرڈ ڈاکنز نے " وجود خدا کے حق میں دلائل " رکھا ہے. خدا پر ایمان رکھنے والے جو بھی خدا کے ہونے کا جواز پیش کرتے ہیں انکا ذکر کرنے کے بعد وہ انکو رد کرتا ہے. کچھ دلائل ایسے ہوں گے جنکا تذکرہ کرنے کو اس نے دانستہ چھپا لیا ہو یا ایسے دلائل بھی ہونگے جنکا اسے علم ہی نہ ہو. جیسے کہ قرآن کریم سے استفادہ نہیں کیا. اس لحاظ سے اسکے علم میں یقینا کمی ہے. وہ قران کریم کو بھول گیا جس پر ایک ارب کے قریب انسان یقین رکھتے ہیں. جس میں اللہ تعالی نے وجود ذات کے بارے میں انسانوں کے اشکال کا جواب دیا ہے.

اس نے ان دلائل کا ذکر تو کیا ہے جو خدا پر یقین رکھنے والے عسائی پیش کرتے ہیں.

اس کا کہنا ہے:

نے

ا. مشہور صوفی عیسائی فلاسفر تھامس آکوئینس نے تیرویں صدی میں خدا کے وجود کے جو "ثبوت" لکھے ہیں ان سے کچھ بھی ثابت نہیں ہوتا، بلکہ ان دلائل کا کھوکھلا پن با آسانی ظاہر ہو جاتا ہے۔ پہلے تین تو ایک ہی بات کو مختلف انداز سے کہنے کے طریقے ہیں، اوران کا جواب ایک ساتھ دیا جاسکتا ہے۔

تمام "ثبوت" الٹی چال کے پیش نظر لکھے گئے ہیں۔ ہر جواب ایک اور سوال کو جنم دیتا ہے اور یہ لامتناہی سلسلہ چلتا رہتا ہے۔

.1 ساکت محرّک۔)The Unmoved Mover(۔ کسی سابقہ محرّک کے بغیر کوئی چیز حرکت میں نہیں آتی۔ اس منطق کے نتیجے میں ہم الٹے قدموں ایک "الٹ چال" پر چل پڑتے ہیں، جس سے فرار پانے کے لئے ہمیں "خدا" کا سہارا لیناہی پڑتا ہے۔ اور ہم کہنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ کہیں تو کسی نے سابقہ محرّک کے بغیر پہلی حرکت کی ہو گی۔ محرّک کے بغیر حرکت کرسکنے والی یہ جنس "خدا" ہے۔

.2 'بے سبب علت')The Uncaused Cause(۔ کوئی چیز خود سے اپنا سبب نہیں ہوتی۔ ہر اثر کا کوئی سابقہ سبب ہوتا ہے۔ اور ہم پھر الٹ چال کی طرف دھکیل دئے جاتے ہیں۔ اس تسلسل کا اختتام پہلے سبب)First Cause(پر ہوتا ہے، اور یہ پہلا سبب خدا ہے۔

نے

.3 سماوات سے دلیل۔(The Cosmological Argument)۔ ایسا کوئی وقت رہا ہو گا جب کسی مادی شے کا وجود نہیں تھا۔ لیکن اب چونکہ مادی کائنات موجود ہے، کوئی غیر مادی ہستی پہلے سے موجود ہوئی ہو گی جس نے اس مادی کائنات کو بنایا۔ اور اس ہستی کو ہم خدا کہتے ہیں۔

ڈاکٹر رچرڈ ڈاکنز ان دلیلوں کو رد کرنے میں ناکام ہے. اسکا جواب سن لیجئے

"آیئے لامتناہی الٹ چال اور اس کے اختتام تک پہنچنے کے لئے خدا کا نام لینے کی عدم ضرورت کی طرف واپس چلتے ہیں۔ اس سے زیادہ کفایت شعاری تو یہ ہو گی کہ ہم Big Bang کے نقطہ واحد یا کسی اور ان دیکھے طبیعیاتی عمل کو اس تمام کار فرمائی کا ذم دار ٹھہرا دیں۔ اس کو 'خدا' کہنا نہ صرف مدد گار نہیں بلکہ فساد برپا کرنے والی غلط فہمیوں کا موجب بھی ہے۔"

خدا کے وجود کے تو تھیلس سقراط افلاطون ارسطو اور پلوٹینس جیسے جید فلاسفر بھی قائل تھے جب کچھ بھی نہ تھا تو خدا واحد تھا.

قرآن کریم میں اللہ تعالی نے کائنات کی تشکیل کے بارے میں یوں فرمایا ہے

پھر آسمان (کے بنانے) کی طرف توجہ فرمائی اور وہ (اس وقت) دھواں سا تھا سو اس سے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں خوشی سے آؤ یا زبردستی سے دونوں نے عرض کیا کہ ہم خوشی سے حاضر ہیں۔ (۱۱) سو دو روز میں اس کے سات آسمان بنا دیے اور ہر آسمان میں

اس کے مناسب اپنا حکم (فرشتوں کو) بھیج دیا اور ہم نے اس کے قریب والے آسمان کو ستاروں سے زینت دی اور (استراق شیاطین سے) اس کی حفاظت کی. یہ تجویز ہے (خدائے) زبردست واقف الکل کی۔ 41-11

اور جب قیامت آئے گی تو بھی پہلے والی حالت کی طرح دھواں ہو گا

فَٱرْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِى ٱلسَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ. ۴۴-۱۰

سو اس دن کا انتظار کیجیئے کہ آسمان دھواں ظاہر لائے

اللہ اول و آخر، یعنی شروع میں بھی اللہ تھا اور آخر میں بھی اللہ ہی ہو گا

بے شک تمھارا رب اللہ ہی ہے جس نے سب آسمانوں اور زمین کو چھ روز میں پیدا کیا پھر عرش پر قائم ہوا چھپا دیتا ہے شب سے دن کو ایسے طور پر کہ وہ (شب) اس (دن) کو جلدی سے آلیتی ہے اور سورج اور چاند اور دوسرے ستاروں کو پیدا کیا ایسے طور پر کہ سب اس کے حکم کے تابع ہیں یاد رکھو اللہ ہی کے لیے خاص ہی خالق ہونا اور حاکم ہونا بڑی خوبیوں کے بھرے ہوئے ہیں۔ (۵۴)

آپ ان نام نہاد عالم اور ماہر کہلانے والے ملحدوں اور دہریوں کی عقل کا اندازہ انہی کی تحریروں سے لگالیں. انہی کے الفاظ درج ہیں

"4. درجات سے دلیل۔ (The Argument from Degree)۔ ہمارا مشاہدہ ہے کہ دنیا کی چیزوں میں فرق ہے۔ مثال کے طور پر، اچھائی یا کمال کے درجات ہیں۔ لیکن ہم ان درجات کی پہچان کسی آخری حد کمال یا حد غایت (perfection) سے موازنہ کی بنیاد پر ہی کر سکتے ہیں. انسان کیوں کہ اچھے بھی ہو سکتے ہیں اور برے بھی لہٰذا یہ حد نے

انسانوں پر مبنی نہیں ہو سکتی. کوئی اور حد غایت ہو گی جو درجہ کمال کا معیار متعین کرتی ہے. اور ہم اس حد کو خدا کہتے ہیں۔

یہ کیسی دلیل ہے ؟یوں تو آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ لوگ بدبو کے مختلف درجات پر ہوتے ہیں لیکن ان کی بدبو کے درجے کا اندازہ بدبو کی حد سے لگایا جا سکتا ہے۔ لہٰذا احد کمال بدبو کے کسی دائمی وجود کا ہونا لازم ہے اور اسے ہم خدا کہہ سکتے ہیں۔ اگر آپ کو بدبو کا ذکر ناگوار گزرے تو کسی اور صفت کا استعمال کر لیجئے اور اتنے ہی حماقت خیز نتیجے پر پہنچ جائیے۔"

میں کہتا ہوں یہ خبث باطن اور بد اخلاقی کی انتہا ہے. کیا یہ دلیل کا جواب دلیل سے ہے ؟. کیا اللہ کی صفات کی جو کاملیت ہے بھول جائیں. کہ وہ رحمان بھی ہے رحیم بھی ہے وہ حد درجہ پاک اور بلند مرتبہ بھی ہے. اسکی صفتوں کی حد کو دیکھنا ہے تو اسکے ننانویں نام پڑھ لیجتے. کیا وہ فاطر نہیں کیا وہ بدیع نہیں کیا وہ خالق اور یوم حشر کا ملک نہیں. تمام اچھی صفات کی حدیں اسی پر ختم نہیں ہوتیں؟.

یہ مسلہ خشبو یا بدبو کی انتہائی حد کا نہیں، نیکی اور بدی کی تخلیق کا ہے. اس پر اسلام کا نکتہ نگاہ کچھ یوں ہے:

تمام اچھائیوں اور برائیوں کے خالق اللہ سبحانہ تعالی ہیں. انسان کو انکی پہچان بھی کروادی اور پھر اسکو اختیار دیا، آزادی دی کہ وہ نیکی کا انتخاب کرے یا بدی کا. امام ربانی فرماتے ہیں، کسب بندہ کی طرف سے ہے جبکہ تخلیق اللہ تبارک وتعالی کی طرف سے. کسب وہ اعمال ہیں جو ہم اپنی مرضی سے کرتے ہیں. اگر انسان اپنی مرضی کرنے میں آزاد نہ ہوتا تو پھر حلال اور حرام احکامات بتلانے کی کوئی ضرورت نہ ہوتی.

سورۃ الزُّمَر

اللہ ہی پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا اور وہی ہر چیز کا نگہبان ہے۔ ٦٢

نے

سورۃ الصَّافات

حالانکہ اللہ ہی نے تمہیں پیدا کیا اور جو تم بناتے ہو.۹٦

سورۃ الشّوریٰ.

اور تم پر جو مصیبت آتی ہے تو وہ تمہارے ہی ہاتھوں کے کیے ہوئے کاموں سے آتی ہے اور وہ بہت سے گناہ معاف کر دیتا ہے(۳۰)

سورۃ النِّسَاء

تجھے جو بھلائی بھی پہنچے وہ اللہ کی طرف سے ہے اور جو تجھے برائی پہنچے وہ تیرے نفس کی طرف سے ہے.۷۹

سورۃ یُونس

بے شک اللہ لوگوں پر ذرہ ظلم نہیں کرتا لیکن لوگ ہی اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں(۴۴)

5.ترتیب سے دلیل

The Teleological Argument, or Argument from Design

۔دنیا میں تمام چیزیں، خصوصاً عالم حیات، اشارہ کرتی ہیں کہ ان کو مرتّب (design) کیا گیا ہے۔کوئی بھی چیز مرتّب نہیں دکھ سکتی اگر وہ حقیقتاً مرّتب نہ ہو۔ان کو کوئی ترتیب دینے والا ہو گا۔اور وہ خدا ہے

* * * *

۔آکوئیناس نے تیر کی مثال دی تھی جو اپنے ہدف کی طرف گامزن ہے، لیکن شاید حدّت پسند طیّارہ شکن میزائل کی مثال بہتر رہتی۔

نے

تمام دلیلوں میں سے صرف ترتیب سے دلیل ہی ہے جو آج بھی استعمال ہو رہی ہے۔ اور اس کے استعمال کرنے والوں کو کامل یقین ہوتا ہے

کہ یہ ملحد کو ڈھیر کرنے کے لئے کافی اور موزوں ہے۔ اوائل عمری میں جب ڈارون نے یہ دلیل ولیم پیلی کی (William Paley's Natural Theology میں پڑھی تو وہ بھی بہت مرعوب ہوئے۔ پیلی کی بدقسمتی کہیے کہ بڑی عمر کے ڈارون نے اس دلیل کی دھجیاں بکھیر دیں.

شاید کسی کے استدلال نے کبھی اس سے پہلے مقبول عوام ایمان کو اس بے دردی سے تباہ نہ کیا ہو

۔ یہ اس قدر غیر متوقع تھا۔ ڈارون کی وجہ سے آج یہ کہنا درست نہیں کہ کوئی بھی چیز مرتّب نہیں دکھ سکتی اگر وہ حقیقتاً مرتّب نہ ہو۔ قدرتی انتخاب کے نتیجے میں ہونے والا ارتقاء اپنی انتہا درجے کی پیچیدگی اور نفاست کی وجہ سے دیکھنے میں ترتیب سے متشابہ لگتا ہے۔ اور ترتیب کے اس عکس میں وہ اعصابی نظام بھی شامل ہے جو دیگر روزمرّہ کے کاموں کے علاوہ حصول مقاصد کی حکمت عملی کا اظہار کرتا بھی نظر آتا ہے جس سے چھوٹے سے چھوٹا کیڑا بھی محض تیر نہیں ایک حدّت پسند میزائل لگتا ہے۔

اللہ تعالی نے تو خود انسان کو ترغیب دی ہے کہ وہ اللہ تعالی کی تخلیق کردہ کائنات کے ایک ایک جزو پر غور و فکر کرے اور دیکھ لے انکو بنانے والا کس شان کا مالک ہے. اگر منکر غور کریں تو ڈارون کا قدرتی انتخاب سے پیدا شدہ ارتقا بھی اللہ کی تخلیق میں آتا ہے. "قدرتی انتخاب کے نتیجے میں ہونے والا ارتقاء اپنی انتہا درجے کی پیچیدگی اور نفاست کی وجہ سے دیکھنے میں ترتیب سے متشابہ لگتا ہے۔" منکر مصنف کو یہ بات تسلیم کرتے ہوئے کچھ تو شرم آنی چاہیے تھی. کسی ایک پہلو سے حاصل ہوا لنگڑا لولا علم اور اس پر اتنی اکڑفوں اور ساتھ ہی اتنی بے بسی؟.

اللہ کی تمام کائنات اتنی کامل ہے کہ اس میں کوئی کمی نہیں. اللہ جو ہر روز ایک نئی شان میں ہوتا ہے. انسانوں کی شکلوں کو بناتا ہے جس طرح چاہے. تمام زمانوں میں پیدا ہونے والے بیشمار انسانوں کو انفرادی شناخت عطا کرتا ہے. اللہ اکبر. یہ کیا کسی قدرتی انتخاب یا ارتقاء کا نتیجہ ہے؟

نے

اللہ تبارک وتعالی کا فرمان ہے:

وہ (خدا) بڑا عالی شان ہے جس کے قبضہ میں تمام سلطنت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔(۱) جس نے موت اور حیات کو پیدا کیا تا کہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں کون شخص عمل میں زیادہ اچھا ہے اور وہ زبردست (اور) بخشنے والا ہے ۔(۲) جس نے سات آسمان اوپر تلے پیدا کیئے تُو خدا کی اس صنعت میں کوئی خلل نہ دیکھے گا سو تو (اب کی بار) پھر نگاہ ڈال کر دیکھ لے کہیں تجھ کو کوئی خلل نظر آتا ہے (یعنی بلا تامل تونے بہت بار دیکھا ہو گا. اب کی بار تامل سے نگاہ کر)۔(۳) پھر بار بار نگاہ ڈال کر دیکھ (آخر کار) نگاہ ذلیل اور درماندہ ہو کر تیری طرف لوٹ آئے گی۔(۴)

قٓ. قسم ہے قرآن مجید کی۔(۱) بلکہ ان کو اس بات پر تعجب ہوا کہ ان کے پاس ان ہی (کی جنس) میں سے (کہ بشر ہیں) ایک ڈرانے والا (پیغمبر) آ گیا سو کافر لوگ کہنے لگے کہ یہ (ایک) عجیب بات ہے۔(۲) جب ہم مر گئے اور مٹی ہو گئے تو کیا دوبارہ زندہ ہونگے یہ دوبارہ زندہ ہونا (امکان سے) بہت ہی بعید بات ہے۔(۳) ہم انکے ان اجزا کو جانتے ہیں جنکو مٹی (کھاتی اور) کم کرتی ہے اور ہمارے پاس (وہ) کتاب (یعنی لوح) محفوظ (موجود) ہے۔(۴) بلکہ سچی بات کو جبکہ وہ انکو پہنچتی ہے جھٹلاتے ہیں غرض یہ کہ وہ ایک متزلزل حالت میں ہیں۔(۵) کیا ان لوگوں نے اپنے اوپر کی طرف آسمان کو نہیں دیکھا کہ ہم نے اسکو کیسا (اونچا اور بڑا) بنایا اور (ستاروں سے) اس کو آراستہ کیا اور اسمیں کوئی رخنہ تک نہیں۔(۶) اور زمین کو ہم نے پھیلایا اور اس میں پہاڑوں کو جمایا اور اسمیں ہر قسم کی خوشنما چیزیں اگائیں۔(۷) جو ذریعہ ہے بینائی اور دانائی کا ہر رجوع ہونے والے بندے کے لئے۔(۸)

۲. وجودیت کی دلیل اور قیاس پر مبنی دلائل اور علمی بددیانتی

رچرڈ ڈاکنز کا کہنا ہے "خدا کے وجود کے دلائل دو اقسام میں بانٹے جاسکتے ہیں۔ ایک تو وہ جو تجربے یا مشاہدے سے پہلے بنائے جاتے ہیں، یعنی قیاس پر مبنی ہیں۔ اور دوسرے وہ جو تجربے اور مشاہدے کی بنیاد پر بنائے جاتے ہے. انہیں تجربی دلائل کہہ سکتے ہیں."

پہلی بات تو یہ ہے کہ اس نے سب سے اہم قسم کا ذکر نہیں کیا یعنی وہ معلومات جو وحی کے ذریعہ حاصل ہوتی ہیں. دوسری قابل توجہ بات یہ ہے کہ تجربہ اور مشاہدہ سے حاصل علم پر بات کرنے کو نظر انداز کر کے اس نے قیاسی دلائل پر لمبا مضمون لکھ دیا. یہ علمی بددیانتی ہے. گو آگے چل کر اسنے الہامی صحیفوں سے دلیل کی بات بھی کی ہے

نے

استہزا آمیز داستان گوئی اصل ذاتی تجربات اور اثبات خدا کا بیان

اپنے علم پر نازاں یہ ڈاکٹر اور پروفیسر کہلوانے والے منکر خود ہی سوال بناتے ہیں اور پھر خود ہی اپنی مرضی کا جواب پیش کرتے ہیں. اسی طرح کے عنوان "ذاتی تجربہ سے خدا کی دلیل" میں وہ بیان کرتے ہیں.

"میرے کالج کے ہم عصروں میں سے ایک شخص نہایت ہوشیار اور سمجھدار تھا اور مذہبی رجحانات رکھتا تھا۔ ایک بار وہ سکاٹ لینڈ کے جزیروں میں کیمپنگ کرنے چلا گیا۔ رات کے اندھیرے میں اس کی اور اس کی خاتون دوست کی آنکھ ایک آواز کی وجہ سے کھل گئی۔ شیطان کی آواز! شک کی کوئی گنجائش ہی نہیں تھی؛ یقیناً شیطان کی آواز ہی تھی۔ میرا دوست وہ واقعہ کبھی نہ بھول سکا، اور اس نے رہبانیت اختیار کر لی۔ میں جوان تھا، اور اس کہانی سے بہت مرعوب ہوا۔ میں نے یہ کہانی روز اینڈ کراؤن ان، آکسفورڈ میں ماہرین حیوانیات کی ایک محفل میں سنائی۔ ان میں سے دو

تجربہ کار ماہر پرندتھے، اور وہ دونوں خوب ہنسے اور یک آواز چلّائے: میں کس شیئر واٹر! پھر ان میں سے ایک نے میری معلومات میں یہ بتا کر اضافہ کیا کہ اونام کے پرندے کی شیطان چیخوں کی وجہ سے یہ دنیا کے مختلف کونوں میں شیطان پرندے کے نام سے جانا جاتا ہے۔"

بہت سے لوگ خدا میں اس لئے یقین رکھتے ہیں کیونکہ ان کو لگتا ہے کہ انہوں نے خدا، یا ایک فرشتے کو، یا نیلے لباس میں کسی کنواری کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ یا وہ ان کے دماغوں میں ان سے مخاطب ہوتا ہے۔

آپ کہتے ہیں آپ کو ذاتی طور پر خدا کا تجربہ ہوا ہے ایسا ہے تو پھر ایسے بھی لوگ ہیں جن کو ذاتی طور پر ایک گلابی رنگ کے ہاتھی کا تجربہ ہوا ہے"

کیا مذہب کا ذاتی تجربہ یہ ہوتا ہے. گمراہ کرتے ہیں یہ لوگ فضول باتوں سے.

خدا کے ہونے کا ذاتی تجربہ کیا ہوتا ہے.

ذاتی تجربہ تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پیچیدہ نظام حیات رکھنے والے انسان کو صرف نو ماہ کی مدت میں مکمل کیا. اسکی پیدائش کے ساتھ ہی اسکے رزق کا بندوبست کیا. دنیا میں زندہ رکھنے کے لئے ایک پیچیدہ نظام موجود تھا جس میں

نے

سورج چاند ستارے سمندر بادل دریا پہاڑ اور میٹھا پانی سب کام میں لگا رکھے تھے. پھر اس دنیا میں بڑا کیا عقل دی فہم و فراست سے نوازا اور اختیار دیا میں خدا پر ایمان لا کر اسکا شکر گزار بندہ بنوں یا انکار کروں اور ناشکرا بن جاؤں. ذاتی مشاہدہ تو یہ ہے کہ ہر ہر شے خدا کی عظمت اور شان بیان کرتی نظر آتی ہے.

خوبیوں والے رب کا قران کریم میں فرمانا ہے:

وَاللّهُ أَخْرَجَكُم مِّن بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ لاَ تَعْلَمُونَ شَيْئًا وَجَعَلَ لَكُمُ الْسَّمْعَ وَالأَبْصَارَ وَالأَفْئِدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ

اور اللہ تعالٰی نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے اس حالت میں نکالا کہ تم کچھ بھی نہ جانتے تھے اور اس نے تم کو کان دیئے اور آنکھ اور دل تا کہ تم شکر کرو۔ (۷۸)

قران کے دلائل تو ان سب سے مختلف ہیں. اللہ تعالی نے زمین اور آسمان اور انسان کے پیدا کرنے سے اپنا تعارف کروایا ہے. عدم سے وجود میں لانے والا بھی وہی ہے پھر جو وجود میں لایا ہے اس سے باقی کی سب چیزوں کو تخلیق کرتا ہے اور انکو قائم رکھنے میں انتظام کرتا ہے. جو انسان کو وہ کچھ بتلاتا ہے جو وہ اپنے طور پر نہیں جان سکتا جیسے فرشے، جنات، جنت دوزخ، انسانوں کا نیک اور بد ہونا، قیامت یر یوم حشر اور اچھی اور بری تقدیر پر ایمان، جس میں سے مبرم تقدیر جو اس نے لکھ رکھی ہے تبیل نہیں ہوتی.

اللہ تعالی اپنے بندے کی توجہ کائنات میں موجود اپنی نشانیوں کی طرف دلاتا ہے جسے بادلوں سے پانی کا برسنا اور زمین کی پیداوار کا ان سے نکلنا، رات اور دن کا یکے دیگر بعد آنا، سورج چاند اور زمین کا اپنے اپنے دائروں میں تیرنا اور خود انسان کی پیدائش جس کا پیچیدہ عمل محض نو ماہ میں مکمل ہوتا ہے.

اسکا فرمانا ہے:

نسے

اللہ ایسا (قادر) ہے کہ اس نے آسمانوں کو بدون ستون کے اونچا کھڑا کر دیا چنانچہ تم ان (آسمانوں) کو (اسی طرح) دیکھ رہے ہو پھر عرش پر قائم ہوا اور آفتاب وماہتاب کو کام میں لگا دیا ہر ایک ایک وقت معین میں چلتا رہتا ہے وہی (اللہ) ہر کام کی تدبیر کرتا ہے اور دلائل کو صاف صاف بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے رب کے پاس جانے کا یقین کر لو۔(۲) اور وہ ایسا ہے کہ اس نے زمین کو پھیلایا اور اس (زمین میں) پہاڑ اور نہریں اور اس میں ہر قسم کے پھلوں سے دو دو قسم کے پیدا کیے شب کی (تاریکی) سے دن (کی روشنی) کو چھپا دیتا ہے ان امور (مذکورہ) میں سوچنے والوں کے (سمجھنے کے) واسطے (توحید پر) دلائل (موجود) ہیں۔(۳) اور زمین میں پاس پاس (اور پھر مختلف قطعے ہیں اور انگوروں کے باغ ہیں اور کھیتیاں ہیں اور کھجوریں ہیں جن میں بعضے تو ایسے ہیں کہ تنہ سے اوپر جا کر دو تنے ہو جاتے ہیں اور بعضے دو تنے نہیں ہوتے سب کو ایک ہی طرح کا پانی دیا جاتا ہے اور ہم ایک دوسرے پر پھلوں کو فوقیت دیتے ہیں ان امور (مذکورہ) میں (بھی) سمجھ داروں کے واسطے (توحید کے) دلائل (موجود) ہیں۔(۴)

اور یہ کفار یوں (بھی) کہتے ہیں کہ ان پر خاص معجزہ (جو ہم چاہتے ہیں) کیوں نہیں نازل کیا گیا (حالانکہ) آپ صرف ڈرانے والے (نبی) ہیں اور ہر قوم کے لیے ہادی ہوتے چلے آئے ہیں۔(۷) اللہ تعالیٰ کو سب کی خبر رہتی ہے جو کچھ کسی عورت کو حمل رہتا ہے اور جو کچھ رحم میں کمی بیشی ہوتی ہے اور ہر شے اللہ کے نزدیک ایک خاص انداز سے (مقرر) ہے۔(۸) وہ تمام پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا جاننے والا ہے سب سے بڑا (اور) عالیشان ہے۔(۹) تم میں سے جو شخص کوئی بات چپکے سے کہے اور جو پکار کر کہے اور جو شخص رات میں کہیں چھپ جاوے اور جو دن میں چلے پھرے یہ سب (خدا کے علم میں) برابر ہیں۔(۱۰) ہر شخص (کی حفاظت) کے لیے کچھ فرشتے (مقرر) ہیں جن کی بدلی ہوتی رہتی ہے کچھ اس کے آگے اور کچھ اس کے پیچھے کہ وہ بحکم خدا اس کی حفاظت کرتے ہیں واقعی اللہ تعالیٰ کسی

نے

قوم کی (اچھی) حالت میں تغیر نہیں کرتا جب تک وہ لوگ خود اپنی (صلاحیت کی) حالت کو نہیں بدل دیتے اور جب اللہ تعالیٰ کس قوم پر مصیبت ڈالنا تجویز کرلیتا ہے تو پھر اس کے ہٹنے کی کوئی صورت نہیں اور کوئی خدا کے سوا ان کا مددگار نہیں رہتا۔ (۱۱) وہ ایسا ہے کہ تم کو بجلی دکھلاتا ہے جس سے ڈر بھی ہوتا ہے اور امید بھی ہوتی ہے اور وہ بادلوں کو (بھی) بلند کرتا ہے جو پانی سے بھرے ہوتے ہیں۔ (۱۲) اور رعد (فرشتہ) اس کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرتا ہے اور (دوسرے) فرشتے بھی اس کے خوف سے (تسبیح و تحمید کرتے ہیں) اور وہ بجلیاں بھی بھیجتا ہے پھر جس پر چاہے گرا دیتا ہے اور لوگ اللہ کے باب میں جھگڑتے ہیں حالانکہ وہ بڑا شدید القوت ہے۔ (۱۳) سچا پکارنا اسی کے لیے خاص ہے اور خدا کے سوا جن کو یہ لوگ پکارتے ہیں وہ ان کی درخواست کو اس سے زیادہ منظور نہیں کرسکتے جتنا پانی اس شخص کی درخواست کو منظور کرتا ہے جو اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف پھیلائے ہوئے تاکہ وہ اس کے منہ تک (اڑ) کر آجاوے اور وہ اس کے منہ تک (از خود) آنے والا نہیں اور کافروں کی درخواست (ان معبودانِ باطل سے) کرنا محض بے اثر ہے۔ (۱۴) اور اللہ ہی کے سامنے سب سر خم کیے ہیں جتنے آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں ہیں خوشی سے اور مجبوری سے اور ان کے سائے بھی صبح اور شام کے وقتوں میں۔ (۱۵) آپ کہیئے آسمانوں اور زمین کا پروردگار کون ہے آپ (ہی) کہہ دیجیئے اللہ ہے (پھر) آپ یہ کہیئے کہ کیا پھر بھی تم نے خدا کے سوا دوسرے مددگار قرار دے رکھے ہیں جو خود اپنی ذات کے نفع و نقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتے آپ یہ (بھی) کہیئے کہ کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہو سکتا ہے یا کہیں تاریکی اور روشنی برابر ہو سکتی ہے یا انہوں نے اللہ کے ایسے شریک قرار دے رکھے ہیں کہ انہوں نے بھی (کسی چیز کو) پیدا کیا ہو جیسا خدا پیدا کرتا ہے پھر ان کو پیدا کرنا ایک سا معلوم ہوا ہو آپ کہہ دیجیئے کہ اللہ ہی ہر چیز کا خالق ہے اور وہ ہی واحد ہے غالب ہے۔ (۱۶) اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی نازل فرمایا پھر نالے (بھر کر) اپنی مقدار کے موافق

نے

چلنے لگے پھر وہ سیلاب خس وخاشاک کو بہالایا جو اس (پانی کے اوپر آرہا) ہے اور جن چیزوں کو آگ کے اندر زیور یا اور اسباب بنانے کی غرض سے تپاتے ہیں اس میں بھی ایسا ہی میل کچیل (اوپر آجاتا) ہے اللہ تعالیٰ حق (یعنی ایمان وغیرہ) اور باطل (یعنی کفر وغیرہ) کی اسی طرح مثال بیان کر رہا ہے سو جو میل کچیل تھا وہ تو پھینک دیا جاتا ہے اور جو چیز لوگوں کے کار آمد ہے وہ دنیا میں (نفع رسانی کے ساتھ) رہتی ہے اللہ تعالیٰ اسی طرح (ہر ضروری مضمون میں) مثالیں بیان کرتے ہیں۔(۱۷)

۲۵) اللہ جس کو چاہے رزق زیادہ دیتا ہے (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگی کر دیتا ہے اور یہ (کفار) لوگ دنیوی زندگی پر اتراتے ہیں اور دنیوی زندگی آخرت کے مقابلے میں بجز ایک متاع قلیل کے اور کچھ نہیں۔(۲۶) اور یہ کافر لوگ کہتے ہیں کہ ان پر کوئی معجزہ ان کے رب کی طرف سے کیوں نہیں نازل کیا گیا آپ کہہ دیجیئے کہ واقعی اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گمراہ کر دیتے ہیں اور جو شخص ان کی طرف متوجہ ہوتا ہے اس کو اپنی طرف ہدایت کر دیتے ہیں۔(۲۷) مراد اس سے وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور اللہ کے ذکر سے ان کے دلوں کو اطمینان ہوتا ہے خوب سمجھ لو کہ اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ہو جاتا ہے۔

اور یہ کافر لوگ یوں کہہ رہے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ پیغمبر نہیں آپ فرما دیجیئے کہ میرے اور تمہارے درمیان (میری نبوت پر) اللہ تعالیٰ اور وہ شخص جس کے پاس کتاب (آسمانی) کا علم ہے کافی گواہ ہیں۔

مسلم کی حدیث ہے:

سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، ہم بقیع میں تھے (بقیع مدینہ منورہ کا قبرستان ہے) ایک جنازہ کے ساتھ، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے، ہم آپ

نے

صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد بیٹھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک چھڑی تھی، آپ سر جھکا کر بیٹھے اور چھڑی سے زمین پر لکیریں کرنے لگے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”تم میں سے کوئی ایسا نہیں ہے، کوئی جان ایسی نہیں ہے جس کا اللہ نے ٹھکانا نہ لکھ دیا ہو جنت میں یا دوزخ میں اور یہ نہ لکھ دیا ہو کہ وہ نیک بخت ہے یا بد بخت ہے۔“ ایک شخص بولا:: یارسول اللہ! پھر ہم اپنے لکھے پر کیوں بھروسا نہ کریں اور عمل کو چھوڑ دیں (یعنی تقدیر کے روبرو عمل کرنا بے فائدہ ہے جو قسمت میں ہے وہ ضرور ہو گا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جو نیک بختوں میں سے ہے وہ نیکیوں کا کام شتابی کرے گا اور جو بد بختوں میں سے ہے وہ بدوں کا کام جلدی کرے گا۔“ اور فرمایا: ”عمل کرو ہر ایک کو آسانی دی گئی ہے لیکن نیکوں کو آسان کیا جائے گا نیکوں کے اعمال کرنا اور بدوں کو آسان کیا جائے گا بدوں کے اعمال کرنا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی « فَاَمَّا مَنۡ اَعۡطٰى وَاتَّقٰى، وَصَدَّقَ بِالۡحُسۡنٰى، فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلۡيُسۡرٰى، وَاَمَّا مَنۡۢ بَخِلَ وَاسۡتَغۡنٰى، وَكَذَّبَ بِالۡحُسۡنٰى فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلۡعُسۡرٰى » (۹۲اللیل:-۵-۱۰)سو جس نے خیرات کی اور ڈرا اور بہتر دین (یعنی اسلام کو سچا جانا) سو اس پر ہم آسان کر دیں گے نیکی کرنا اور جو بخیل ہو اور بے پرواہ بنا اور نیک دین کو اس نے جھوٹا جانا تو اس پر ہم آسان کر دیں گے کفر کی سخت راہ۔“

15702 - 6731

حدثني زهير بن حرب ،وابن نمير كلاهما، عن المقرئ، قال زهير: حدثنا عبد الله بن يزيد المقرئ، قال: حدثنا حيوة، اخبرني ابو هانئ، انه سمع ابا عبد الرحمن الحبلي، انه سمع عبد الله بن عمرو بن العاص،يقول: انه سمع رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ،يقول:" إن قلوب بني آدم كلها بين إصبعين من اصابع الرحمن كقلب واحد يصرفه حيث يشاء، ثم قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم: اللهم مصرف القلوب صرف قلوبنا على طاعتك ".

نے

سیدنا عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، انہوں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے: ”آدمیوں کے دل پروردگار کی دو انگلیوں کے بیچ میں ہیں جیسے ایک دل ہوتا ہے، پروردگار ان کو پھیرتا ہے جس طرح چاہتا ہے۔“ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: « اللّٰھُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوبِ صَرِّفْ قُلُوبَنَا عَلَی طَاعَتِکَ » ”یا اللہ! دلوں کے پھرانے والے ہمارے دلوں کو پھیر دے اپنی اطاعت پر۔“

15721 - 6750

یہ ہیں وہ باتیں جن کی طرف اللہ نے انسان کی توجہ دلائی ہے اور اسکو فکر و تدبر کی دعوت دی ہے. یہ ہیں وہ مظاہر قدرت جن کا ہر انسان کو تجربہ اور مشاہدہ ہوتا ہے اور اسکی عقل با آسانی اپنے خالق و مالک کو پہچان سکتی ہے اور قلب سلیم سے اس پر ایمان لاتی ہے.

نے

اللہ کی تخلیق اور نظریہ ارتقاء

ڈارون کے نظریہ ارتقاء کے کٹر پیروکار رچرڈ ڈاکنز کا اپنی کتاب میں کہنا ہے۔

"میں سمجھتا ہوں کہ اس میری کتاب کا مقصد ہی لوگوں کو الحاد اور دہریت کی راہ دکھانا ہے"

اہل ایمان کا عقیدہ ہے کہ ساری کائنات کو ایک عظیم ہستی نے ایک پر حکمت منشا کے مطابق تخلیق کیا ہے۔ اس کا ثبوت اس کارخانہ قدرت میں موجود ہر چھوٹی بڑی چیز کے اندر پائی جانے والے اصول اور ان اشیاء کی اس سے موافقت ہے۔ یہ اللہ تعالی کی نشانیاں کہلاتی ہیں جن میں غور و فکر اور تحقیق کی دعوت خود قران کریم میں دی گئی ہے۔ سورج چاند زمین اور دیگر سیاروں کا اپنے اپنے مدار میں گردش کرنا دن اور رات کا آنا جانا موسموں کا بدلنا بارش کا برسنا اور زمین کا فصلیں اگلنا اور مختلف پھلوں اور سبزیوں اور غلہ کا اگنا سب کے پیچھے ایک اصول اور قانون ہے اور ایک مقدار اور اندازہ ہے۔ رب کائنات حکیم اور خبیر کا مقرر کیا ہوا۔ انسان ان چیزوں کے بارے میں جس قدر تحقیق اور جستجو اور غور فکر کرے گا ورطہ حیرت میں ڈوبتا چلا جائے گا۔ وہ اللہ کی سنّت میں کوئی تبدیلی نہیں پاے گا۔ وہ سائنس کے مشاہدات کو ہر حال میں قانون قدرت کی موافقت کرتا پاے گا کہ سائنس تو قوانین قدرت کی ایک گواہ ہے۔ اسکے برعکس یہ

نے

منکران خدا لوگوں کو گمراہ کرنے کی خاطر "قدرتی انتخاب" نامی نظریہ بیچنا چاہتے ہیں جس سے انسان اپنے پیدا کرنے والے کی تمام نعمتوں کا کفران کر کے نہ صرف اپنے مرتبہ سے گر جائے بلکہ ہمیشہ کے لئے راندہ درگاہ ہو جائے.

ارشاد باری تعالی ہے

سورة حٰم السجدة / فُصِّلَت

پھر آسمان (کے بنانے) کی طرف توجہ فرمائی اور وہ (اس وقت) دھواں سا تھا سو اس سے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں خوشی سے آؤ یا زبردستی سے دونوں نے عرض کیا کہ ہم خوشی سے حاضر ہیں۔ (۱۱) سو دو روز میں اس کے سات آسمان بنا دیے اور ہر آسمان میں اس کے مناسب اپنا حکم (فرشتوں کو) بھیج دیا اور ہم نے اس کے قریب والے آسمان کو ستاروں سے زینت دی اور (استراق شیاطین سے) اس کی حفاظت کی. یہ تجویز ہے (خدائے) زبردست واقف الکل کی۔ (۱۲)

سورة الحَجّ

اور (اے مخاطب) کیا تجھ کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کے کام میں لگا رکھا ہے زمین کی چیزوں کو اور کشتی کو (بھی) کہ وہ دریا میں اس (خدا) کے حکم سے چلتی ہے اور وہی آسمانوں کو

نے

زمین پر گرنے سے تھامے ہوئے ہے ہاں مگر اسی کا حکم ہو جاوے تو خیر . بالیقین اللہ تعالیٰ لوگوں (کے حال) پر بڑی شفقت اور رحمت فرمانے والا ہے۔(٦٥) اور وہی ہے جس نے تم کو زندگی دی پھر (وقت موعود پر) تم کو موت دے گا پھر (قیامت میں دوبارہ) تم کو زندہ کرے گا واقعی انسان ہے بڑا بے قدر۔(٦٦)

اللہ کی ہستی کے منکر کہتے ہیں کہ سائنس مذہب کے فریب کا پردہ چاک کرتی ہے. ضرور کرتی ہو گی مگر جھوٹے مذاہب اور جھوٹے خداؤں کا. دین اسلام ہی صرف ایک ہے جس کی حفاظت کی ذمہ داری قیامت تک خود اللہ تعالی نے لی ہے. جس کو کسی بھی قسم کی تشکیک ہے وہ اپنی بات اس دین کے روبرو رکھے. اس پر حق ظاہر ہو جائے گا. اس دین کو کسی بھی طرح دوسرے مذاہب کے زمرے میں شامل نہیں کیا جاسکتا. اسکا اپنا خاص انفردی پن ہے.

خدا کی تخلیق کے نظریہ کے بر خلاف منکران خدا "قدرتی انتخاب" کا نظریہ پیش کرتے ہیں. یہ قدرتی انتخاب ہے کیا.

ڈارون نے اپنی تحقیق اور سوچ بچار کی بنیاد پر ارتقاء کا ایک میکانزم تجویز کیا جسے ڈارون کا نظریۂ ارتقاء یا ڈارونزم کہتے ہیں۔۔ڈارون کا نظریہ، ارتقاء کی تشریح کا ایک زبردست نظریہ ہے۔ اسے فطری انتخاب(Natural selection) کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ نظریہ چارلس ڈارون نے 1859 میں اپنی کتاب The Origin of Species میں پیش کیا تھا۔ یہ بات معلوم ہے کہ ڈارون اس نظریہ تک کئی سال کی انتھک تحقیق، مطالعے اور غور و فکر کے بعد پہنچا تھا۔ اس کی

کتاب کا شمار ان کتابوں میں ہوتا ہے جنہوں نے انسانی سوچ کے دھارے کو بدلنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

ڈارون کے نظریہ ءارتقاء کا لب لباب یہ ہے کہ پہلے چند ایک انواع پیدا ہوئیں پھر مختلف انواع و اجناس تدریجی ترمیم MODIFICATION کے زیر اثر آہستہ آہستہ تغیر پذیر ہوتی گئیں۔ یہ ترمیم باہمی مقابلے کے نتیجے میں واقع ہوئی۔ جو افراد، اجناس یا انواع اس باہمی مقابلے میں بدلتے ہوئے حالات کو اپنانے اور نئے تقاضوں کو نبھانے کے اہل ہوتے ہیں، ان کو بقاء حاصل ہو جاتی ہے اور وہ FIT FOR SURVIVAL یا ''بقاکے اہل'' قرار پائے۔ اس کے برعکس جنہوں نے رجعت پسندی کا ثبوت دے کر اپنے آپ کو اس لچک کے نااہل ثابت کیا وہ لقمہ ءاجل ہو گئے اور وہ UNFIT FOR SURVIVAL ''بقاء کے لئے نااہل'' کہلائے۔ رد و قبول کا کام نیچرل سیلکشن Natural Selection ''قدرت کا چناؤ'' کے ہاتھ میں رہا۔ نئے حالات کو اپنانے ADAPTATION ''اڈاپٹیشن'' اور نئے تقاضوں سے عہدہ براء ہونے کے لئے رنگ، شکل، اعضاء، جوارح، ذہن اور قویٰ پر زیادہ بوجھ پڑتا ہے۔ وہ متواتر قویٰ اور تغیر پذیر ہوتے جاتے ہیں اور جن کا کام ہلکا ہوتا ہے، یا بالکل ختم ہو جاتا ہے، تو وہ کمزور ہو کر آہستہ آہستہ ناپید ہو جاتے ہیں.

قدرتی انتخاب اگر سب سے موزوں ترین مخلوق کی بقا ہو تو بھی ان کے لئے اس بقا کے لئے حالات و قوع پذیر ہونے کے اصول کس نے وضع کیئے. اللہ کا قانون ہے "ہر زندہ نفس نے موت کا مزہ چکھنا ہے" اب آپ دعا سے دوا سے یا کسی بھی اور طریقہ سے جیسے جناٹک کوڈ میں رد و بدل سے کسی کی عمر بڑھا لیتے ہیں تو بھی ایک تو موت سے بچت نہیں اور دوسرا جو کچھ بھی کیا اور

نے

ایک نفس وقتی طور پر موت سے بچ گیا تو یہ بھی اللہ کے ازلی علم اور مرضی ہی سے انجام پایا.
اضافہ آپکی نظر میں ہے اللہ کو تو پہلے ہی علم تھا کہ اسکی موت دراصل کب ہو گی.

اپنی بات کو آگے بڑھاتے ہوے رچرڈ ڈاکنز نظریہ قدرتی انتخاب کو عورتوں کے بارے میں شعور کے ارتقاء سے تشبیہ دیتا ہے. اسکے لئے وہ مثال دیتا ہے کہ ماضی میں زبان میں زیادہ تر مذکر الفاظ استعمال ہوتے تھے اور بقول اسکے اب شعور میں اضافہ کے بعد انسان کو احساس ہوا ہے کہ عورتوں کے حقوق کے بارے میں ایسا کرنے سے ناانصافی برتی گئی تھی. hero , mankind , history,اور اس جیسے کئی دوسرے الفاظ کیا قصداعورت کے استحصال اور حق تلفی کے لئے استعمال کئے گئے تھے، ہر گز ایسا نہیں تھا، اسکا مقصد ہر گز انسانیت کے آدھے حصّہ کو انکے ذکر سے محروم کرنا نہیں تھا بلکہ وہ بھی اسی میں شمار متصور تھیں. بات نیت کی ہے کیا کوئی ثابت کر سکتا ہے انسان کی مختلف زبانوں میں تعصب کی وجہ سے مذکر کا استعمال کیا گیا ہے اگر ایسا نہیں ہے اور یقینا ایسا نہیں ہے تو پھر ہم جس کو تحریک نسواں کی کامیابی اور شعور کی بیداری کا نام دے رہے ہیں ہو سکتا ہے آج کی بیداری شعور کل کو انسانیت کو تقسیم کرنے والا تعصب کہلائے.

نظریہ ارتقاء کو اگر عورتوں کی بیداری کی تحریک ہی کی مثال سے ثابت کرنا ہے تو پھر کچھ ذکر ہم جنس پسندوں کی آپس میں شادیاں رچانے کا بھی کر لیتے ہیں جس کا پہلے دستور نہ تھا مگر اب بہتر قدرتی انتخاب کے نظریہ ارتقاء کے مطابق انسانی شعور نئی بلندیوں کو چھونے لگا ہے. کیا ان شادیوں کی شروعات سے اب موجود نسل انسانی کا پہلے زیادہ بہتر ارتقا ہو گا؟. نہیں بلکہ نسل کشی

نے

ہو گی تو پھر یہ بہتر قدرتی انتخاب کیسے ہو گا؟. یہ انسانیت کی معراج ہے یا کسی اتھاہ گڑھے میں گرنے والا انحتاط.

بہتر قدرتی انتخاب کی ایک اور جدید مثال لے لیجیے. اب معروضی حالات کیوجہ سے نوجوانوں کی بہت بڑی تعداد شادی کرنے سے کترانے لگی ہے. خاص طور پر مغرب میں. لہٰذا نوجوانوں کی قابل ذکر تعداد انٹرنیٹ پر پورنوگرافی پر اکتفاء کرنے لگی ہے. یہ انسانیات کی جدید بیماری ہے جس کے اثرات انسانی معاشرہ میں خطرناک طریقوں سے ظاہر ہو رہے ہیں. انسانی معاشرہ بدکار ہو رہاہے. کوئی محفوظ نہیں حتیٰ کہ نہ معصوم بچہ نہ بچی. کیایہ بہتر قدرتی انتخاب ہے اور یہ انسانیات کا ارتقاءہے یا کہ یہ بیماری اور مرض ہے.

رچرڈ ڈاکنز کا کہنا ہے: قدرتی انتخاب کا نظریہ صرف عالم حیات کی وضاحت ہی پیش نہیں کرتا، وہ ہمارے اندر مرتب پیچیدگی کے کسی دانستہ رہنمائی کے بغیر ہی نہایت سادہ شروعات سے پیچیدگی کی حالت تک پہنچنے کے بارے میں سائنس کی قوت وضاحت کے شعور کو بھی جگاتا ہے.

میں کہتاہوں آج آپ اپنے شعور کو سائنس کی قوت وضاحت سے جگاتے ہیں مگر اس ارتقا کے بارے میں قران کریم نے توچودہ سو سال پہلے فرمادیا تھا:

سورۃ النِّسَاء

اے لوگوں اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تم کو ایک جاندار سے پیدا کیا اور اس جاندار سے اس کا جوڑ پیدا کیا اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائیں

اپنی بات کو آگے بڑھتے رچرڈ ڈاکنز کہتا ہے: ڈارون سے پہلے تو کسی کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہو گا کہ تتلی کے رنگین پر یا عقاب کی آنکھ جیسی چیزیں ہوں ہمیں ظاہری طور پر ترتیب (اللہ تعالی کی تخلیق) کا نتیجہ لگتی تھیں دراصل ایک بہت ہی طویل غیر حادثاتی قدرتی عمل کا حتمی حاصل ہیں."

میں کہتا ہوں یہ قدرت کیا ہوتی ہے قدرت سے اسکی کیا مراد ہے قدرتی عمل کیا ہوتا ہے ایسے ایک یا تمام قدرتی اعمال کی بنیاد کس نے رکھی؟

خواہ وہ ارتقاء ہی کی راہ سے کیوں نہ ہو کہ اشیا یا حیات اپنی حالتیں بدلتی آ رہی ہو اسکا خالق رب کریم ہی ہے.

سورۃ الحَجّ

اے لوگو ایک عجیب بات بیان کی جاتی ہے اس کو کان لگا کر سنو (وہ یہ ہے کہ) اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو وہ ایک (ادنیٰ) مکھی کو تو پیدا کر نہیں سکتے گو

نے

سب کے سب بھی کیوں (نہ) جمع ہو جائیں اور (پیدا کرنا تو بڑی بات ہے وہ ایسے عاجز ہیں کہ) اگر ان سے مکھی کچھ چھین لے جائے تو اس کو (تو) اس سے چھڑا نہیں سکتے ایسا عابد بھی لچر اور ایسا معبود بھی لچر۔(۷۳) (افسوس ہے) ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی جیسی تعظیم کرنا چاہیے تھی کہ (اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے) وہ نہ کی (کہ شرک کرنے لگے حالانکہ) اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا سب پر غالب (بھی) ہے۔(۷۴)

پھر ان آیات کو پڑھ لیں. یہ قدرتی انتخاب والے کام کا فاعل کون ہے. یہ قدرتی ترتیب کیسے پیدا ہوئی. اب اگر یہ بات تم کو کسی جینٹک کوڈ زیا ڈی این اے کی وجہ سے کچھ اور تفصیل سے سمجھ آ گئی ہے تو اسکی وجہ ارتقاء نہیں اللہ ان منشا ہے. جس نے بتدریج اپنے علم میں سے کچھ تم کو تفویض کیا.

سورۃ النّحل

اور آپ کے رب نے شہد کی مکھی کے جی میں یہ بات ڈالی کہ تو پہاڑوں میں گھر بنا لے اور درختوں میں (بھی) اور جو لوگ عمارتیں بناتے ہیں ان میں۔(٦٨) پھر ہر قسم کے پھلوں سے چوستی پھر. پھر اپنے رب کے راستوں میں چل جو آسان ہیں اس کے پیٹ میں سے پینے کی ایک چیز نکلتی ہے جس کی رنگتیں مختلف ہوتی ہیں کہ اس میں لوگوں کے لیے شفا ہے اس میں (بھی) ان لوگوں کے لیے بڑی دلیل ہے جو سوچتے ہیں۔(٦٩)

نے

ایسا تو نہیں تھا کہ اپنی سادہ حالت میں شہد کی مکھی پہلے اپنا فعل انجام نہیں دیتی تھی پھر قدرتی انتخاب کے مطابق وہ ایک پیچیدہ حالت کی طرف منتقل ہو گئی اور شہد کے چھتے بنانے لگی اور شہد پیدا کرنے لگی. اور فرض کرو اگر وہ بتدریج بھی ایسا کرتی تو بھی اپنے پروردگار کے چاہنے اور حکم ہی سے ایسا کرتی.

اتنی کھلی نشانیوں کے باوجود منکر خدا ڈارون کے نظریہ ارتقاء بذریعہ قدرتی انتخاب کو حتمی آلہ بیداری خیال کرتا ہے. وہ مرکزی موضوع پر مستحکم دلائل قائم کرنے میں ناکام نظر آتا ہے. سچ یہ ہے کہ جس کو اللہ ہی نور نہ دے اسکے لئے کوئی نور نہیں.

نے

بوئنگ 747 کا قصّہ

یہ دلیل جو فریڈ ہوییل سے منسوب ہے بہتر ہے اسکو دہریے رچرڈ ڈاکنز کے اپنے الفاظ ہی میں نقل کر دیا جائے تاکہ بات میں کوئی ابہام باقی نہ رہے.

"ہوئیل نے کہا تھا کہ کرّہ اَرض پر زندگی کے پیدا ہو جانے کے امکانات اتنے ہی روشن ہیں جتنے کباڑ خانے سے گزرتی آندھی کے ایک بوئنگ 747 بنانے کے" اس کے بعد اور لوگوں نے بھی اس استعارے کو پیچیدہ حیات کے ارتقاء پر تنقید کرنے کی غرض سے مستعار لیا، خصوصاً جہاں اس کا امکان مشکوک ہو۔ ایک گھوڑے، کیڑے یا شتر مرغ کے مختلف حصوں کو بغیر ترتیب کے پھینٹ دینے سے ایک مکمل طور پر باحرکت گھوڑے، کیڑے یا آسٹرچ کا پیدا ہو جانا ایسا ہی ہے جیسے کباڑ خانے میں آندھی کے گزرنے سے بوئنگ 747 تعمیر ہو جائے۔ تو یہ ہے تخلیق پسند کی دلیل کا لب لباب۔ ایک ایسی دلیل جو صرف ایسا شخص ہی گڑھ سکتا ہے جو قدرتی انتخاب کے عمل کی ابجد سے بھی ناواقف ہو: جو یہ سمجھتا ہو کہ قدرتی انتخاب اتفاقات کا نظریہ ہے۔ جبکہ اصلیت اس سے بالکل الٹ ہے۔"

بجاے اسکے کہ ڈاکنز بتاتا کہ بغیر کسی خالق کے زندگی زمین پر خود بخود کیونکر وجود میں ائی وہ خدا کے تخلیقی عمل کو بوئنگ 747 سے بھی پیچیدہ تر بتاتے ہوے خدا کی موجودگی کے امکان کو رد کرتا ہے. یہ سوال گندم جواب چنا والی بات ہوئی. جس چیز کے لوازمات آپکے سامنے ہیں آپ پہلے انکے بارے میں اپنی دلیل تو لاؤ، خدا کتنا پیچیدہ ہوگا یہ زیر بحث بات کا جواب تو نہیں.

نسے

آپ خدا کی ذات پر قیاس کرنے چل پڑے کہ وہ کتنی پیچدہ ہوگی لہٰذا نا ممکن ہے کہ ہو. جب خدا کی ہستی کے بارے میں انسان کا علم محدود ہے تو اسکی پیچیدگی کو فرض کر کے اسکے ہونے کو رد کرنا کیا معنی رکھتا ہے؟.

نا قابل تخفیف پیچیدگی

رچرڈ ڈاکنز اپنے پسندیدہ نظریہ قدرتی انتخاب کے حق میں کچھ مثالیں بیان کرتا ہے اسکی ایک مثال کو نقل کیا جاتا ہے.

"اپنی کتاب خدا ایک مغالطہ میں وہ لکھتا ہے "غیر اغلیت (جسکے وجود کے ہونے کا امکان نہ ہو) کی پہاڑی کا سفر Climbing Mount Improbable" میں میں نے اس نقطے کو ایک کہانی کے ذریعے بیان کیا ہے۔ پہاڑی کی ایک طرف اونچی چٹّان ہے جس پر چڑھنا محال ہے، اور دوسری طرف چوٹی تک پہنچنے کے لئے ہموار سطح ہے۔ چوٹی پر کوئی پیچیدہ آلہ پڑا ہے، جیسے انسانی آنکھ یا جرثومے کے سوتے کی موٹر)۔ اس قدر پیچدہ آلے کے ذریعہ خود سے اپنے آپ کو یکایک ترتیب دے سکنے کے بے معنی خیال کو علامتاًیوں بیان کیا جاتا ہے کہ جیسے کوئی اس پہاڑی کے نیچے کھڑا ہو اور ایک ہی جست میں چوٹی سر کرلے۔ اس کے برعکس، ارتقاء پہاڑی کے عقب میں جاکر آہستہ آہستہ ہموار سطح سے اوپر چڑھتا جاتا ہے اور با آسان چوٹی تک پہنچ جاتا ہے۔ لمبی چھلانگ مارنے کے مقابلے میں ہموار سطح پر چڑھنے کا نظریہ اس قدر سادہ ہے کہ انسان سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ انسانیت کو ایک ڈارون کا انتظار کیوں کرنا پڑا کہ وہ منظر پر نمودار ہو اور اسے دریافت کرے۔ جب تک ڈارون نے یہ نظریہ دریافت کیا، نیوٹن کے "حیرت انگیز سال" کو گزرے دو صدیاں بیت چکی تھیں۔ اگرچہ نیوٹن کے کارنامے بظاہر ڈارون سے زیادہ مشکل تھے۔"

نے

یہاں میں دین اسلام کا نکتہ نظر قران کی آیات کی روشنی میں واضح کرنا چاہوں گا.

پہلی بات تو یہ ہے اللہ تعالی ہر بات پر قادر ہے وہ یکدم پیدا فرمادے یا بتدریج کسی چیز کے لئے تخلیق کے مراحل مقرر فرمادے.

اس نے کائنات کو چھ دن میں پیدا فرمایا جبکہ اسکے ایک دن کی مقدار ہمارے ہزاروں سالوں پر محیط ہے. اس نے انسان کو پیدا ہونے کے لئے نوماہ کی مدت رکھی.

سورۃ الاٴعرَاف

بے شک تمہارا رب اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر قرار پکڑا رات سے دن کو ڈھانک دیتا ہے وہ اس کے پیچھے دوڑتا ہوا آتا ہے اور سورج اور چاند اور ستارے اپنے حکم کے تابعدار بنا کر پیدا کیے اسی کا کام ہے پیدا کرنا اور حکم فرمانا اللہ بڑی برکت والا ہے جو سارے جہان کا رب ہے (۵۴)

اسکا فرمانا ہے

سورۃ الرّعد

اللہ کو معلوم ہے کہ جو کچھ ہر مادہ اپنے پیٹ میں لیے ہوئے ہے اور جو کچھ پیٹ میں سکڑتا اور بڑھتا ہے اور اس کے ہاں ہر چیز کا اندازہ ہے (۸

نے

وَ كُلُّ شَیۡءٍ عِنۡدَہٗ بِمِقۡدَارٍ. یعنی اللہ کے ہاں ہر چیز کی مقدار کا ایک اندازہ مقرر ہے.
اسی کے مطابق وہ نازل ہوتی ہیں اور دنیا میں وقوع پذیر ہوتی ہیں.

پھر لاکھوں سالوں میں ہونے والی تبدیلیاں ہوں جسکو نظریہ ارتقاء کہتے ہیں یا نوماہ کی قلیل مدت میں ایک نہایت پیچیدہ انسان پیدا کرنا یہ سب اللہ ہی کی مشیت کے کرشمے ہیں.

سورة المؤمنون

اور البتہ ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے پیدا کیا(۱۲) پھر ہم نے اِسے حفاظت کی جگہ میں نطفہ بنا کر رکھا (۱۳) پھر ہم نے نطفہ کا لو تھڑا بنایا پھر ہم نے لو تھڑے سے گوشت کی بوٹی بنائی پھر ہم نے اس بوٹی سے ہڈیاں بنائیں پھر ہم نے ہڈیوں پر گوشت پہنایا پھر اسے ایک نئی صورت میں بنا دیا سو اللہ بڑی برکت والا سب سے بہتر بنانے والا ہے(۱۴) پھر تم اس کے بعد مرنے والے ہو(۱۵) پھر تم قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے (۱۶) اور ہم ہی نے تمہارے اوپر سات آسمان بنائے ہیں اور ہم بنانے میں بے خبر نہ تھے(۱۷) اور ہم نے ایک اندازہ کے ساتھ آسمان سے پانی نازل کیا پھر اسے زمین میں ٹھیرایا اور ہم اس کے لے جانے پر بھی قادر ہیں(۱۸

رچرڈ ڈاکنز اپنے اس نظریہ کو بیان کرنے کے بعد آخر میں لکھتا ہے: یہ کہانی ہمیں خبر دار کرتی ہے کہ ہر چیز کو نا قابل تخفیف حد تک پیچیدہ نہ بنائیں؛ اس کا ابلغ امکان موجود ہے کہ آپ نے تفاصیل کو غور سے نہیں دیکھا یا ان کے بارے میں دھیان سے نہیں سوچا۔ دوسری طرف، ہم سائنسدانوں کو بھی کٹر حد تک پر اعتمادی کا اظہار نہیں کرنا چاہئے۔ شاید قدرت میں واقعی کچھ

نے

ایسا ہو جو اپنی حقیقی نا قابل تخفیف پیچید گی کی بنا پر ہمیں غیر اغلیت کی پہاڑی کی ہموار سطح کے نہ ہونے کا اشارہ دیتی ہے۔ تخلیق پسند اپنے اس اصرار میں بجا ہیں کہ اگر کسی حقیقی نا قابل تخفیف پیچید گی کا مظاہرہ ممکن ہو تو ڈارون کی تھیوری کے تابوت میں کیل گڑھ جائے گی۔ ڈارون نے خود بھی کچھ ایسا ہی کہا تھا: 'اگر یہ دکھایا جا سکتا کہ کوئی ایسا پیچیدہ عضو موجود تھا جو بیشمار، ایک کے بعد ایک چھوٹی چھوٹی تبدیلیوں کے نتیجے میں وجود میں نہیں آیا تھا، تو میرا نظریہ تباہ ہو جائے گا۔ لیکن مجھے آج تک ایسی کوئی مثال نہیں ملی'۔ ڈارون کو کبھی ایسی کوئی مثال نہیں ملی، اور نہ ہی کسی کو کڑی محنت https://plato.stanford.edu/entries/ibn-arabi/ کے باوجود اس کے بعد آج تک مل سکی ہے۔ تخلیق پسندی کے اس مقدس نادر نمونے کے بہت سے دعوے دار سامنے آتے رہے ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی آج تک تفتیشی عمل کی تاب نہیں لا سکا۔ ویسے بھی، اگر کوئی حقیقی نا قابل تخفیف پیچید گی دریافت ہو بھی جائے اور ڈارون کے نظریے کو تباہ کرنے کے قابل بھی ہو، تب بھی، کون کہہ سکتا ہے کہ یہی نا قابل تخفیف پیچید گی "ذہین ترتیب" کے نظریے کے ساتھ بھی ایسا ہی سلوک نہیں کرے گی؟ در حقیقت، یہ نظریہ ذہین ترتیب کے ساتھ تو ایسا سلوک کر بھی چکی ہے کیونکہ، جیسا کہ میں کہتا آیا ہوں اور کہتا رہوں گا، خدا کے بارے میں ہمارا علم کتنا ہی کم کیوں نہ ہو، ایک بات تو ہم بڑے اعتماد سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ بہت بہت پیچیدہ ہو گا، اور غالباً نا قابل تخفیف بھی!

پہلی دلیل تو یہی ہے کہ آدم کا وجود کسی ارتقاء کا نتیجہ نہیں بلکہ اللہ کی بنائی ایک حیرت انگیز تخلیق ہے جس پیچیدہ عضو کا ڈارون کو جاننے کا اشتیاق تھا وہ تو اس کے وقت میں بھی موجود تھی

نے

میں کہتا ہوں کیا نظریہ یکتائی ایک حقیقت نہیں ؟. جو اللہ تعالی کی عظمت تخلیق کا شاہکار ہے.

نظریہ یکتائی: کائنات میں اربوں سیارے ہیں کسی کا کوئی ڈپلیکیٹ نہیں سب اپنی ذات میں یکتا ہیں. دنیا میں کروڑوں انسان پیدا ہوے سب یکتا ہیں کوئی اس جیسا نہیں جو پہلے پیدا ہوا ہے اور نہ اس جیسا بعد میں پیدا ہو گا. یہ پیچید گی یونیورسل ہے. اسکا وجود کسی پیچدہ عضو کے نظریہ ارتقاء کے مطابق رفتہ رفتہ وجود میں آنے سے بھی پہلے ہے. ایک ایسا اچھوتا پن کائنات میں جاری وساری ہے جو دہرایا نہیں جاتا. ایسی کیفیت کائنات میں موجود ہر شے کو لاحق ہے.. اگر ایسا ہے تو یہ عجوبہ کسی ارتقاء کا نتیجہ کیسے ہو سکتا ہے. نہیں بلکہ یہ رب کریم کی منشا کا مرہون منت ہے

ڈارون کے نظریہ ارتقاء کو رد کرتی ان آیات قرانی پر ذرا غور فرمایئے.

سورة فَاطِر. سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو آسمانوں اور زمین کا بنانے والا ہے فرشتوں کو رسول بنانے والا ہے جن کے دو دو تین تین چار چار پر ہیں وہ پیدائش میں جو چاہے زیادہ کر دیتا ہے بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے(۱)

سورة النُّور

اور اللہ نے ہر جاندار کو پانی سے بنایا ہے سو بعض ان میں سے اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں اور بعض ان میں سے دو پاؤں پر چلتے ہیں اور اور بعض ان میں سے چار پاؤں پر چلتے ہیں اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے(۴۵)

نے

سورة الغَاشِيَة

پھر کیا وہ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے بنائے گئے ہیں (۱۷)

اب غور کر لیں ڈارون کب پیدا ہوا اور اللہ کا کلام کب نازل ہوا.

کائنات کے طلسم ہوش ربا میں کسی معمولی سی دریافت کی چکا چوند نے بعض لوگوں کو اندھا کر دیا

ہم یہی کہہ سکتے ہیں اللہ تعالی حاضر و ناظر ہیں اس نظام کائنات کے خالق اور مالک ہیں اور اسکا انتظام بھی فرما رہے ہیں انسان کی عقل کی سوئی اگر آدھا سچ معلوم ہونے پر اٹک گئی ہے تو اسکو اللہ تعالی کے وجود کے انکار کا کوئی حق نہیں. اپنی کم مائیگی کو پہچانے اور اپنی بینائی کے لئے خدا کے حضور سے ایسی نظر طلب کرے جس سے سچ اور حقیقت اس پر آشکارا ہو سکے.

سورة المجَادلة

کیا آپ نے نہیں دیکھا اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (یہاں تک) کہ جو کوئی مشورہ تین آدمیوں میں ہوتا ہے تو وہ چوتھا ہوتا ہے اور جو پانچ میں ہوتا ہے تو وہ چھٹا ہوتا ہے اور خواہ اس سے کم کی سرگوشی ہو یا زیادہ کی مگر وہ ہر جگہ ان کے ساتھ ہوتا ہے پھر انہیں قیامت کے دن بتائے گا کہ وہ کیا کرتے تھے بے شک اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے (۷)

نے

شگافوں کی پرستش

The worship of Gaps

یہ رچرڈ ڈاکنز کی ایک دلیل کا عنوان ہے. اسکا الزام ہے:

" تخلیق پسند بڑی بے تابی سے ہماری معلومات اور سمجھ میں دراڑ یا جھول کی تلاش میں رہتے ہیں۔ اگر کوئی بظاہر شگاف نظر آجائے تو فی الفور فرض کر لیا جاتا ہے کہ اِسے پر کرنے کے لئے صرف خدا کا ہی سہارا لیا جا سکتا ہے۔ "

" جیسے جیسے سائنس ترقی کرتی ہے یہ شگاف چھوٹے ہوتے چلے جاتے ہیں اور خدا، جسے نہ تو مزید کوئی کام ہے اور نہ کوئی چھپنے کی جگہ میسر ہے، حتیٰ کہ خدا کے وجود کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ "

" مذہب انسان کو یہ سبق دیتا ہے کہ سمجھ کے فقدان سے اطمینان بہت فضیلت کی بات ہے "

" لاعلمی کا اعتراف اور عارضی حالت اسرار اچھی سائنس کے لئے نہایت اہم ہیں۔ لہٰذا یہ بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ تخلیق پسند مبلغ کی سب سے اہم حکمت عملی ہمارے علم میں شگاف تلاش کرنے اور انہیں "ذہین ترتیب" سے آراستہ کرنے کی منفی حکمت ہے "

نے

اسکا مزید کہنا ہے:

"کیا مذہب ایک اشد ضروری خلاء کو پر کرتا ہے؟ عموماً ایسا کہا جاتا ہے کہ انسان کے دماغ میں خدا کی ساخت کا ایک خلاء موجود ہوتا ہے جو پر ہونا چاہتا ہے: ہمارے اندر خدا کے لئے ایک نفسیاتی چاہت ہے—ایک خیالی دوست، باپ، بڑا بھائی، راز داں اور اعتراف کرنے والا—اور اس ضرورت کو مطمئن کرنا نہایت اہم ہے قطع نظر اس بات سے کہ خدا کا وجود ہے یا نہیں۔ لیکن، کیا یہ ممکن ہے کہ ہم جس خلاء کو "خدا" سے پر کر رہے ہیں اسے کسی اور چیز سے پر کیا جائے تو بہتر ہو گا؟ شاید سائنس؟ یا فنون لطیفہ؟ انسان دوستی؟ انسانیت پرستی؟ قبر سے آگے کی زندگیوں کو اہمیت دیے بغیر اس زندگی سے پیار؟ قدرت سے پیار، یا عظیم ماہر حشرات الارض ای او ولسن کے الفاظ میں حب حیاتیات."

پہلی بات تو یہ ہے کہ انسان کے ذہن میں کیا کوئی ایسا شگاف ہوتا بھی ہے جسکو پر کرنا ہوتا ہے. اس بات کے وجود کا کیا ثبوت ہے سب سے مرکزی حیثیت تو عقائد کی ہے جن میں ایک اللہ پر فرشتوں پر اور دیگر نظر نہ انے والی باتوں پر ایمان لانا شامل ہے. جس کے لئے سائنس نہیں وحی پر ایمان لانا ضروری ہے کیوں کہ سائنس اس بارے انسان کو راستہ نہیں دکھلا سکتی یہ سائنس کے دائرکار کی صنف ہی نہیں ہے.

یہ کہنا کہ انسان کسی نفسیاتی کجی کو پورا کرنے کی خاطر خدا کا ایک وجود اپنے ذہن میں تراشتا ہے لغو خیال ہے. خدا کے بارے میں یہ احساس اللہ تعالی کا ودیعت کردہ ہے جس کو قران کریم نے ان سے صدیوں پہلے بیان کر دیا تھا. لہٰذا شگاف تو بعد میں آنے والے ملحد اپنے لایعنی تصورات سے تلاش کر رہے ہیں. جب انسان کی توجہ اور دلچسپی نفس اپنی طرف کر کے اسکو دیگر معاملات میں مصروف اور محو کر دیتے ہے تو اسکے قلب پر تاریکی کے ایک نہیں بہت سے پردے پر جاتے ہیں اور وہ خدا کی طرف متوجہ

نے

ہونے سے محروم ہو جاتا ہے، پھر بعض تو سرے ہی سے خدا کے ہونے کا انکار کر دیتے ہیں. قران کریم کا مطالعہ کیا ہوتا تو یہ آیات انکے مد نظر ہوتیں. ان آیات سے صاف پتا چلتا ہے کہ اللہ کے وجود کا احساس ہر انسان کی فطرت میں ہے.

سورۃ الأعرَاف

اور جب تیرے رب نے بنی آدم کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے ان کی جانوں پر اقرار کرایا کہ میں تمہارا رب نہیں ہوں انہوں نے کہاہاں ہے ہم اقرار کرتے ہیں کبھی قیامت کے دن کہنے لگو کہ ہمیں تو اس کی خبر نہ تھی (۱۷۲)

پھر یہ دعوی بھی غلط ہے کہ سائنس نے مذھب پر سبقت حاصل کرلی ہے. جبکہ دونوں کا میدان الگ الگ ہے اور انکے درمیان کوئی مقابلہ نہیں ہے. بلکہ دین اسلام نے جو کہا ہے سائنس کے ذریعہ لی گئی معلومات نے دین اسلام کے عقائد کو مزید تقویت دی ہے. تسخیر کائنات کی یہ دین بھرپور حوصلہ افزائی کرتا ہے. اور سائنس سے حاصل شدہ سچائیاں دین اسلام کی کہی باتوں پر مہر تصیق ثبت کرتی نظر آتی ہیں. سائنس کو دین کا حریف ظاہر کرنا علمی بد دیانتی ہے. اگر منطقی طور پر فرض کرلیا جائے کہ ایک دن سائنس خدا کے وجود کو ثابت کردیتی ہے تو پھر ان تمام انسانوں کے ساتھ ظلم ہوگا جو کسی ایسے سائنس کے تجربے سے پہلے کفر والحاد کی موت مر گئے. لہٰذا حکمت کا تقاضہ یہی ہے کہ غائب پر ایمان کسی مادی تبدیلی یا تجربے کا محتاج نہ ہو.

دوسری بات یہ ہے کہ دین اسلام انسان کی کسی جزوی کمی یا شگاف کی خانہ پری کے لئے نہیں آیا. بکہ دین اسلام انسان کی تمام زندگی پر محیط ہے. دین اسلام جزو نہیں کل ہے. دین اسلام کو اختیار کئے بغیر انسان خسارے میں ہے. قران کریم میں اللہ تعالی کا فرمانا ہے

نے

زمانہ کی قسم ہے (۱) بے شک انسان گھاٹے میں ہے (۲) مگر جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے اور حق پر قائم رہنے کی اور صبر کرنے کی آپس میں وصیت کرتے رہے (۳) 103

تمام مذاھب کو عیسائیت کے ہم پلہ سمجھ کر ایک ہی ترازو میں نہیں ڈالا جاسکتا. خاص طور پر دین اسلام اپنا الگ تشخص رکھتا ہے. اسلام سے لاعلمی ڈارون کے پیروکاروں کی بہت بڑی کمزوری ہے. سائنس جو کچھ اسلام نے چودہ سو سال پہلے کہا ہے اسکی موافقت کرتی ہے اور اسلام ہمیشہ تسخیر کائنات کو تحسین کی نظر سے دیکھتا ہے

لہٰذا کون سے شگاف ہیں جنکو اسلام اپنے فائدہ میں استعمال کرتا ہے اور نہ جانے اسلام کی تعلیمات سے ٹکراتی وہ کون سی سائنس کی دریافتیں ہیں جس سے دین اسلام کا دامن تنگ ہو رہا ہے.

ذیل کی آیات پر غور کریں قران کی کہی باتوں کی سائنس موافقت کر رہی ہے.

سورۃ الرُّوم

اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ تمہیں مٹی سے بنایا پھر تم انسان بن کر پھیل رہے ہو (۲۰) اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تمہارے لیے تمہیں میں سے بیویاں پیدا کیں تاکہ

نے

ان کے پاس چین سے رہو اور تمہارے درمیان محبت اور مہربانی پیدا کر دی جو لوگ غور کرتے ہیں ان کے لیے اس میں نشانیاں ہیں (۲۱) اور اس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور تمہاری زبانوں اور رنگتوں کا مختلف ہونا ہے بے شک اس میں علم والوں کے لیے نشانیاں ہیں (۲۲) اور اس کی نشانیوں میں سے تمہارا رات اور دن میں سونا اور اس کے فضل کا تلاش کرنا ہے بے شک اس میں سننے والوں کے لیے نشانیاں ہیں (۲۳) اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ تمہیں خوف اور امید دلانے کو بجلی دکھاتا ہے اور اوپر سے پانی برساتا ہے پھر اس سے زمین خشک ہو جانے کے بعد زندہ کرتا ہے بے شک اس میں عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں (۲۴) اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ آسمان اور زمین اس کے حکم سے قائم ہیں پھر جب تمہیں پکار کر زمین میں سے بلائے گا اسی وقت تم نکل آؤ گے (۲۵) اور اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسکے حکم کے تابع ہیں (۲۶

ہماری نظر میں انسان اور کائنات کا شہادی پہلو رہتا ہے اور اسکا روحانی پہلو ہم نظر انداز کر دیتے ہیں ان دونوں میں توازن رکھنے کی ضرورت ہے.

نے

باشعور کہلوانے کی بدمعاشی

منکران خدا نوجوانوں کو یہ گمراہ کن تاثر دیتے ہیں کہ اگر تم سائنس کے تجربات سے ثابت چیزوں پر ہی یقین رکھتے ہو اور بن دیکھے خدا پر ایمان لانے سے انکار کر دو تو پھر تم ہی اصلی باشعور اور زہین و فطین شخص ہو. انہوں نے انسانیت کی تاریخ میں ہونے والے تدریجی عمل اور تہذیبوں کے عروج و زوال، ایک اللہ پر ایمان کی تاریخ کو نظر انداز کر دیا یا جھٹلا دیا. حیات کا اپنی بقاء کی خاطر اپنی ہیت میں تبدیلی کر لینے کو اپنا نظریہ بنالیا. خود کو جانوروں کے برابر قرار دے کر ان اخلاقی ضابطوں اور اقدار کو خیر باد کہہ دیا جن کی تاکید دین اسلام کرتا ہے اور صدیوں سے کرتا چلا آیا ہے یعنی حضرت آدم کے زمانے سے. انہوں نے خدا کے حاضر ناظر ہونے کا انکار کر ڈالا اور یوں مذہب کو پرانے تصورات کا مجموعہ قرار دے کر اسکا تمسخر اڑانے لگے. ملحدوں کے سرخیلوں کا ماننا ہے کہ جو بن دیکھے خدا پر ایمان رکھے اور وحی کو خدا کا پیغام خیال کرے اور دین کے احکامات پر عمل کرے وہ جاہل اور رجعت پسند ہے جو اپنے وقت اور زمانہ سے بہت پیچھے رہ گیا ہے. ایسے لوگوں کا خیال ہے وہ خدا کو دیکھ کر یقین لائیں گئے جب سائنس خدا کے وجود کو ثابت کر دے گی. اپنی عقل کے ان گھمنڈی لوگوں کے گرو کیا کہتے ہیں ذرا انہی کی زبانی ملاحظہ کیجئے.

"ڈارون کا ارتقاء خصوصاً قدرتی انتخاب، اس سے بڑھ کر ایک اور کارنامہ بھی سرانجام دیتا ہے وہ نظریہ حیاتیات میں نظریہ ترتیب کے بھرم کی دھجیاں بکھیر دیتا ہے. اور ساتھ ہی ساتھ ہمیں ترغیب دیتا ہے کہ طبیعیات اور فلکیات میں بھی ترتیب کی ہر تجویز کو شک کی نگاہ سے دیکھیں.

نے

میرے خیال میں ماہر طبیعیات لینارڈ سیکنڈ کے ذہن میں یہی ہو گا جب انہوں نے لکھا کہ 'میں مورخ نہیں ہوں لیکن ایک رائے کا اظہار کرنے کی جسارت ضرور کروں گا: جدید فلکیات کا آغاز ڈارون اور والس سے ہی ہوا ہے۔ انہوں نے ہمارے وجود کی ایسی توجیہات پیش کیں جن میں مافوق الفطرت محرکات کو مسترد کر دیا گیا ہے".

"میں ان مذہبی لوگوں سے ہمہ وقت حیران رہتا ہوں جو اپنے شعور کو جگانے کی بجائے، قدرتی انتخاب کو خدا کے ذریعہ تخلیق سے منسوب کرتے ہیں۔ وہ اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ قدرتی انتخاب حیات سے بھرپور ایک دنیا بنانے کا نہایت آسان اور نفیس طریقہ کار ہے۔ خدا کو تو کچھ کرنے کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی".

یہ نظریہ ارتقاء کے داعی کم از کم یہ تو بتا دیں وہ پہلا جرثومہ کہاں سے آیا جو پھر کئی قسم کی حیات میں بدل گیا. اس کا جواب انکے پاس نہیں ہے. قرآن کریم میں تو بہت ساری آیات ہیں جو بتاتیہیں اللہ جو چاہتا ہے تخلیق کرتا ہے. ان ملحدوں نے کیسے فرض کر لیا سب کچھ بس آٹو میٹک ہوتا ہے.

سورۃ القَصَص

اور تیرا رب جو چاہے پیدا کرتا ہے اور جسے چاہے پسند کرے انہیں کوئی اختیار نہیں ہے اللہ ان کے شرک سے پاک اور برتر ہے (٦٨)

نے

ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ فَاطِرِ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ جَاعِلِ ٱلْمَلَـٰٓئِكَةِ رُسُلًا أُو۟لِىٓ أَجْنِحَةٍ مَّثْنَىٰ وَثُلَـٰثَ وَرُبَـٰعَ يَزِيدُ فِى ٱلْخَلْقِ مَا يَشَآءُ إِنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو آسمانوں اور زمین کا بنانے والا ہے فرشتوں کو رسول بنانے والا ہے جن کے دو دو تین تین چار چار پر ہیں وہ پیدائش میں جو چاہے زیادہ کر دیتا ہے بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے

تم اسے قدرتی انتخاب کہتے ہو؟ در حقیقت تو یہ تخلیق کرنے والے خدا کا انتخاب ہے کہ وہ جو چاہے پیدا کر دے.

ملحد خود انسان کی ساخت پر ہی غور کر لیتے تو انکو اندازہ ہو تا کہ ہر قسم کی چیز کو تخلیق کرنے والا اللہ تعالی ہے. سب اندازے اسی کے مقرر کردہ ہیں. ذرا غور فرمائیں انسان کا دل ایک دن میں ایک لاکھ بار دھڑکتا ہے اور دو ہزار گیلن خون پمپ کرتا ہے. کئی سال بغیر آرام یہ کام انجام دیتا ہے. انسانی جسم میں خون کی نالیوں کی لمبائی ساٹھ ہزار میل ہے. ذائقہ کے لئے دو ہزار سے چار ہزار سینسر ہوتے ہیں. پچاس لاکھ پسینہ کے مسام ہوتے ہیں. انسان کے ایک سیل میں ڈی این اے بنانے والے تین ارب بیس جوڑے ہوتے ہیں. انسان کے تمام ڈی این ایز کو اگر پھیلا یا جائے تو ہمارے نظام شمسی کے گرد یہ دو چکر لمبا ہونگے. اور بھی ان گنت مظاہر قدرت ہیں بس

نے

دیکھنے والی آنکھ غور و فکر کرنے والا ذہن اور بیدار قلب درکار ہے. کیا یہ سب کچھ خود ہی بن گیا اور خود ہی چل رہا ہے ؟

"مندرجہ بالا کتاب میں پیٹر اٹکینز اس انداز فکر کو اس کے منطقی انجام تک لے جاتے ہیں اور ایک ایسے خدا کا تصوّر پیش کرتے ہیں جو کم سے کم کام کر کے کائنات اور حیات پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اٹکینز کا خدا ااٹھارویں صدی کی روشن خیالی کے خدا سے بھی زیادہ کاہل ہے: حالت فرصت میں بیٹھا ہوا، خالی، بے روزگار، غیر ضروری، ناکارہ۔ قدم بہ قدم، اٹکینز کامیابی سے اس سست خدا کا کام کم کرتے جاتے ہیں حتی کہ وہ قطعی طور پر کچھ نہیں کرتا: ایسا خدا موجود ہونے کی زحمت نہ بھی کرے تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ یہاں مجھے ووڈی ایلن کی کراہنے والی آواز سنائی دیتی ہے: 'اگر ایسا ہو کہ واقعی کوئی خدا ہو، تو میرے خیال میں وہ برا نہیں ہو گا۔ اس کے بارے میں شاید صرف اتنی سی بدترین بات کی جاسکتی ہے کہ اس کی کارکردگی اس کی قابلیت سے کہیں کم نکلی"۔

قران کریم کی ان آیات پر اگر انہوں نے غور کیا ہوتا تو جو باتیں ان جاہلوں نے اوپر پراگرف میں لکھی ہیں نہ لکھتے. اللہ بیشک ہر کام کا انتظام کرتا ہے وہ حی القیوم ہے یعنی زندہ اور تھامنے والا ہے ورنہ یہ کائنات فنا ہو جائے. یہ احمق کیسے سمجھ رہے ہیں کہ اللہ دنیا بنا کر فارغ بیٹھا ہو گا.

نے

سورة الرّعد

یہ کتاب کی آیتیں ہیں اور جو کچھ تجھ پر تیرے رب سے اترا سو حق ہے اور لیکن اکثر آدمی ایمان نہیں لاتے (۱) اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں کو ستونوں کے بغیر بلند کیا جنہیں تم دیکھ رہے ہو پھر عرش پر قائم ہوا اور سورج اور چاند کو کام پر لگا دیا ہر ایک اپنے وقتِ معین پر چل رہا ہے وہ ہر ایک کام کا انتظام کرتا ہے نشانیاں کھول کر بتاتا ہے تاکہ تم اپنے رب سے ملنے کا یقین کر لو (۲)

کیا نظریہ قدرتی انتخاب یہ ہے ؟ کیا یہ نظریہ ارتقاء ہے ؟. جن لوگوں کو اپنے زہین اور فہیم ہونے کا تکبر ہے وہ ذرا اپنی اس ذہانت کے ماخذ کے بودا پن پر غور کر لیں. نظریہ ارتقاء کو دراصل منکر ان نے اغواء کر کے اس سے ناجائز فائدہ اٹھایا ہے. اسمیں نقب زنی کی ہے. انکا یہ اغواء انکی علمی مفلسی ظاہر کرتا ہے کہ ایک معمولی جانکاری کو بنیاد بنا کر خدا کا انکار کر دیا. حیف ایسا باشعور ہونے پر.

سورة النُّور

اور جو کافر ہیں ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے جنگل میں چمکتی ہوئی ریت ہو جسے پیاسا پانی سمجھتا ہے یہاں تک کہ جب اس کے پاس آتا ہے اسے کچھ بھی نہیں پاتا اور اللہ ہی کو اپنے پاس پاتا ہے پھر اللہ نے اس کا حساب پورا کر دیا اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے (۳۹) یا جیسے گہرے دریا میں اندھیرے ہوں اس پر ایک لہر چڑھ آتی ہے اس پر ایک اور لہر ہے اس کے اوپر بادل ہے اوپر

نے

تلے بہت سے اندھیرے ہیں جب اپنا ہاتھ نکالے تو اسے کچھ بھی دیکھ نہ سکے اور جسے اللہ ہی نے نور نہ دیا ہو اس کے لیے کہیں نور نہیں ہے (۴۰)

جن "عقلمندوں" کا علاج قران کریم کی سادہ اور آسان آیات سے ہو سکتا ہے وہ کہتے ہیں ہمیں فلسفہ دلیل اور منطق سے مطمئن کرو.

نے

یہ اصولِ بشریت کیا ہے؟

Anthropic Principle:

It appears that there is a set of fundamental physical constants that are such that had they been very slightly different, the universe would have been void of intelligent life. This led to the beginning of the debate on what became known as the Anthropic Principle.

The success of science in understanding the macroscopic, microscopic and cosmological worlds has led to the strong belief that it is possible to form a fully scientific explanation of any feature of the Universe. However, in the past 20 years, our understanding of physics and biology has noted a peculiar specialness to our Universe, a specialness with regard to the existence of intelligent life. This sends up warning signs from the Copernican Principle, the idea that

نے

no scientific theory should invoke a special place or aspect to humans.

All the laws of Nature have particular constants associated with them, the gravitational constant, the speed of light, the electric charge, the mass of the electron, Planck's constant from quantum mechanics. Some are derived from physical laws (the speed of light, for example, comes from Maxwell's equations). However, for most, their values are arbitrary. The laws would still operate if the constant s had different values, although the resulting interactions would be radically different.

Examples:

gravitational constant: Determines the strength of gravity. If lower than stars would have insufficient pressure to overcome Coulomb barrier to start thermonuclear fusion

(i.e. stars would not shine). If higher, stars burn too fast, use up the fuel before life has a chance to evolve.

Strong force coupling constant: Holds particles together in the nucleus of the atom. If weaker than multi-proton particles would not hold together, hydrogen would be the only element in the Universe. If stronger, all elements lighter than iron would be rare. Also, radioactive decay would be less, which heats the core of Earth.

The electromagnetic coupling constant: Determines the strength of the electromagnetic force that couples’ electrons to the nucleus. If less, then no electrons are held in orbit. If stronger, electrons will not bond with other atoms. Either way, no molecules.

All the above constants are critical to the formation of the basic building blocks of life. And, the range of possible

values for these constants is very narrow, only about 1 to 5% for the combination of constants. Outside this range, and life (in particular, intelligent life) would be impossible.

http://abyss.uoregon.edu/~js/cosmo/lectures/lec24.html

قدرتی انتخاب اور ڈارون کے نظریہ ارتقاء کے ان حامیوں کو جن کے دل میں انکار خدا کا مرض ہے نہ تو ان کو ابتداء حیات کا سراغ ملتا ہے اور نہ ہی اصول بشری انکی موافقت کرتا ہے. اصول بشری کی اہمیت کا اندازہ تو آپکو اوپر درج عبارت سے ہو ہی گیا ہو گا. اللہ تعالی کی بنائی کائنات اور زمین پر زندگی کا دارو مدار اللہ تعالی کی مشیت سے قائم نازک توازن پر قائم ہے جس کو اصول بشری کہا جاتا ہے. مگر ذہین ترتیب کے مخالف خدا کے منکر ڈھٹائی سے اصول بشری کو اپنے حق میں بتاتے ہیں. ذیل میں انکا موافق درج ہے. پہلے ابتداء حیات کی بات کر لیتے ہیں.

اس عنوان کے تحت لکھتے ہوے شروع ہی کے جملے میں ڈاکنز نے علمی بد دیانتی کی انتہا کر دی جب اس نے لکھا: شگاف پر انحصار کرنے والے علماء دین جو آنکھوں، پروں، سوطیہ موٹر اور مدافعاتی نظام کی مثالوں سے ذہین ترتیب کو ثابت کرنے میں ناکام ہو گئے ہوں اپنی آخری امید ابتداء حیات سے جوڑ لیتے ہیں.

یہ علما دین کب ثابت کرنے چلے تھے اور کب وہ ناکام ہو گئے اور کیسے ناکام ہو گے ؟. یہ جملہ نہ جانے کیوں مصنف نے یہاں جڑ دیا ہے.

نے

میں یہاں رچرڈ ڈاکنز کا بنیادی مواقف لکھ دیتا ہوں جو بقول اسکے اس باب کا مرکزی نکتہ ہے

"اس باب میں میری کتاب کی مرکزی دلیل موجود ہے۔ لہٰذا میں اسے چھ نکات کی صورت میں یہاں دہرانا چاہوں گا۔"

1. انسانی ذہانت کو صدیوں سے درپیش مشکلات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ کائنات کی پیچیدہ، غیر ممکن ترتیب کیسے وجود میں آئی۔

میرا کہنا ہے انکے پاس ابتداءِ حیات کا کوئی جواب نہیں کہ یہ کہاں سے کیسے وجود میں ائی.

۲. ہماری فطری جبلّت ہمیں ظاہری ترتیب کو ترتیب کی حقیقت سے منسلک کرنے پر اکساتی ہے۔ انسان کی بنائی ہوئی چیزوں جیسے کہ گھڑی کا ترتیب کار واقعی ایک ذہین مہندس تھا۔ لیکن اس منطق کا آنکھ پر، مکڑی یا انسان پر اطلاق کرنے کی خواہش میں بہت کشش ہے۔

یہاں یہ خود تسلیم کر رہے ہیں کہ خدا کی پہچان کا میلان انسان کی فطرت میں داخل ہے. ایسا کیوں ہے اسکا جواب ہمیں قران کریم سے ملتا ہے.

نے

سورۃ الاٴعراف

اور جب تیرے رب نے بنی آدم کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے ان کی جانوں پر اقرار کرایا کہ میں تمہارا رب نہیں ہوں انہوں نے کہاہاں ہو ہم اقرار کرتے ہیں کبھی قیامت کے دن کہنے لگو کہ ہمیں تو اس کی خبر نہ تھی(۱۷۲)

3. لیکن یہ کشش جھوٹی ہے، کیونکہ نظریہ ترتیب فورا ایک مزید بڑی مشکل کو جنم دیتا ہے، کہ ترتیب کار کو کس نے ترتیب دیا۔ ہم نے جس مسئلے سے شروعات کی وہ شماریاتی غیر امکان کی وضاحت کا تھا۔ حل کے طور پر کسی مزید غیر ممکن چیز کو پیش کر دینا مسئلے کا حل نہیں بلکہ مسئلے کو مزید الجھا دیتا ہے۔ ہمیں آسمان کنڈا نہیں بلکہ تعمیراتی نظام درکار ہے۔ کیونکہ ایسا نظام ہی بتدریج سادگی سے غیر ممکن پیچیدگی کی جانب سفر کر سکتا ہے۔

اسکا جواب یہ ہے کہ پہلے بھی وہ ہی تھا اور اخیر میں بھی وہی ہو گا. نہ وہ پہلے سادہ تھا اور پھر پیچیدہ ہو تا جائے گا اور نہ خالق کا موازنہ اس کی پیدا اکسی تخلیق سے کیا جاسکتا ہے. دونوں کے احکام اور مقام مختلف ہیں. لہٰذا ترتیب کار کو کس نے جنم دیا ایک لایعنی سوال ہے.

هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ

نے

وہی سب سے پہلا اور سب سے پچھلا اور ظاہر اور پوشیدہ ہے اور وہی ہر چیز کو جاننے والا ہے (۳)

4. آج تک دریافت ہونے والا سب سے طاقتور اور جامع نظام ڈارون کا نظریہ ارتقاء ہے جو قدرتی انتخاب کے ذریعہ کام کرتا ہے۔ ڈارون اور اس کے بعد آنے والوں نے ہمیں دکھایا کہ جاندار، اپنی حیران کن شماریاتی غیر امکان اور ظاہری ترتیب سمیت، ایک بتدریج ارتقائی عمل کے نتیجے میں اپنی آج کی حالت میں ہمارے سامنے موجود ہیں۔ اب ہم بہت یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ ترتیب کا فریب نظر بس یہی ہے۔ ایک فریب۔

یہ انکا گمان ہے کہ خدا خالق نہیں مگر یہ کہ انواع قدرتی انتخاب کے ذریعہ ارتقاء پذیر ہیں جبکہ قران کریم میں بیشمار آیات اللہ تعالی کے فاعل ہونے پر دلیل ہیں. جنکا ذکر یہاں متعدد بار کیا جا چکا ہے.

سورۃ الاَنعَام

یہی اللہ تمہارا رب ہے اس کے سوائے اور کوئی معبود نہیں ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے پس اسی کی عبادت کرو اور وہ ہر چیز کا کارساز ہے (۱۰۲)

نسے

سورۃ الزُّمَر

اللہ ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہی ہر چیز کا نگہبان ہے (٦٢) آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اسی کے ہاتھ میں ہیں اور جو اللہ کی آیتوں کے منکر ہوئے وہی نقصان اٹھانے والے ہیں (٦٣)

سورۃ الواقِعَة

کیا تم اسے پیدا کرتے ہو یا ہم ہی پیدا کرنے والے ہیں (٥٩) ہم نے ہی تمہارے درمیان موت مقرر کر دی ہے اور ہم عاجز نہیں ہیں (٦٠) اس بات سے کہ ہم تم جیسے لوگ بدل لائیں اور تمہیں ایسی صورت میں بنا کھڑا کریں جو تم نہیں جانتے (٦١) اور تم پہلی پیدائش کو جان چکے ہو پھر کیوں تم غور نہیں کرتے (٦٢)

5. ابھی تک ہمارے پاس طبیعیات کی وضاحت کے لئے کوئی تعمیراتی نظام نہیں ہے۔ شاید کسی قسم کا کثیر کائنات کا نظریہ طبیعیات کے لئے اسی نوعیت کی وضاحت فراہم کر سکے جیسی ڈارون نے حیاتیات کے لئے فراہم کیا۔ اس قسم کی وضاحت بظاہر ڈارون کے نظریے کے مقابلے میں کم اطمینان بخش ہے کیونکہ یہ خوش قسمتی پر بہت زیادہ انحصار کرتی ہے۔ لیکن اصول بشری ہمیں اس سے کہیں زیادہ خوش قسمتی کو فرض کرنے کا حق فراہم کرتا ہے جتنا کہ ہماری الہامی صلاحیت ہمیں فراہم کرتی ہے.

یعنی یہ خود تسلیم کر رہے ہیں کہ سائنس کا بہت اہم حصّہ ڈارون کے نظریہ قدرتی انتخاب کی موافقت نہیں کر رہا.

6. ہمیں طبیعیات کے لئے بھی ایک بہتر تعمیراتی نظام کی دریافت کی امید نہیں چھوڑنی چاہئے، جو اتناہی طاقتور ہو جتناڈارون کا نظریہ ارتقاء حیاتیات کے لئے ہے۔ لیکن ایک اطمینان بخش تعمیراتی نظام کی عدم موجودگی کے باوجود، جب انہیں اصول بشری کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے، تو کسی آسمانی کنڈے کی ذہین ترتیب، پاس موجود کمزور نظام بھی کار کی وضاحت سے کہیں بہتر وضاحتیں فراہم کرتا ہے۔

اگر ہم اوپر دیئے گئے نقاط پر غور کریں تو سب سے پہلا سوال تو یہی ہے کہ کسی عقیدہ کو پرکھنے کی کسوٹی حیاتیات کی بات کرنے والا نظریہ "قدرتی انتخاب" ہی کیوں ہو. اگر پہلی زندگی کا جواب نہیں مل پارہااور اللہ کی بات پر یقین نہیں لاناتو پھر کان کو الٹے ہاتھ سے پکڑنے کی کوشش میں لگے رہیں. یہی چیستان انسانی خود آگہی یا یہ اپنی ذات کا جو عرفان ہے اسکے بارے میں بھی ہے. اگر ان سوالات کے جوابات دین اسلام کے پاس ہیں تو پھر بہتر نہیں کہ انکومان لیا جائے.

وہ ڈارون کا نظریہ ہو یا بشریت کے اصول کا نظریہ ہو طبیعات کے قوانین ہوں کوئی بھی خدا کے نہ ہونے کو ثابت نہیں کرتا. دین اسلام کی تعلیمات سائنس کی تمام دریافتوں کا خیر مقدم کرتی ہیں. جس قدر بھی انسان، زندگی یا کائنات کے متعلق پیچیدہ انکشافات ہوں وہ اللہ رب

نے

العزت کی موجودگی ہی کو ظاہر کرتے ہیں. جن باتوں کو سائنس آج بھی دریافت نہیں کر سکی وہ بھی منجانب اللہ ہی ہیں. کائنات میں انسان کی موجودگی اور زمین پر زندگی کے آثار سائنس دانوں کے لئے حیران کن ہیں.

جب وہ دیکھتے ہیں یہ زمین اپنے وجود اور اس پر موجود حیات کے لئے کتنی نازک ڈور سے بندھی ہے. اسکا سورج سے فاصلہ اسکی دوری اور محوری گردشیں اس کی گردش کو درست رکھنے میں چاند کا کردار. اسکی زندگی کو کسی سیارے کی ٹکر سے تباہ ہونے سے بچانے کے لئے سیارے جوپیٹر کا رول جو اپنی کشش ثقل سے ہر زمین پر بڑھنے والے سیارے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے. یہ سب ایک حکیم و خبیر رب کائنات کے ہونے کا پتا دیتے ہیں.

الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُن لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا

سورۃ الفُرقان

وہ جس کی آسمانوں اور زمین میں سلطنت ہے اور اس نے نہ کسی کو بیٹا بنایا ہے اور نہ کوئی سلطنت میں اس کا شریک ہے اور اس نے ہر چیز کو پیدا کر کے اندازہ پر قائم کر دیا (۲)

نے

انسان خدا کو کیوں مانتا ہے؟

لادین عقل رسیدہ سکالرز سوال اٹھاتے ہیں کہ وہ کون سی وجوہات تھیں جو انسانوں کے مذہب کو اختیار کرنے کی وجہ بنیں؟. کیا انسانوں نے تسلی اور سکون حاصل کرنے کی خاطر مذھب اختیار کیا؟. کیا اسلئے اختیار کیا کہ یہ کسی انسانی معاشرے کے افراد کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرتا ہے؟. کیا مذہب انسان کی اپنے آپ کو سمجھنے کی خواہش پوری کرتا ہے؟ انہی باتوں کو لیکر رچرڈ ڈاکنز کہتا ہے:"یہ جانتے ہوئے کہ ہم ڈاروینی ارتقاء کا نتیجہ ہیں، ہمیں قدرتی انتخاب کی طرف سے پڑنے والے اس دباؤ پر سوال اٹھانا چاہیۓ جو مذہب کا محرّک بنا۔

مگر اپنے خالق کو معلوم کرنے کا فطرتی جذبہ ایک ایسا محرک ہے جس کا ذکر قران پاک نے کیا ہے مگر ڈاکنز ان محرکات کا ذکر کیسے کرتا اسکو تو دین اسلام کو جاننا گوارا ہی نہیں ہوا.

سورۃ الانعام

اور ہم نے اسی طرح ابراھیم کو آسمانوں اور زمین کے عجائبات دکھائے اور تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہو جائے (۷۵) پھر جب رات نے اس پر اندھیرا کیا اس نے ایک ستارہ دیکھا کہا یہ میرا رب ہے پھر جب وہ غائب ہو گیا تو کہا میں غائب ہونے والوں کو پسند نہیں کرتا (۷٦) پھر جب چاند کو چمکتا ہوا دیکھا کہا یہ میرا رب ہے پھر جب وہ غائب ہو گیا تو کہا اگر مجھے میرا رب ہدایت نہ کرے گا تو میں ضرور گمراہوں میں سے ہو جاؤں گا (۷۷) پھر جب آفتاب کو چمکتا ہوا دیکھا کہا یہی میرا رب ہے یہ

نسے

سب سے بڑا ہے پھر جب وہ غائب ہو گیا کہا اے میری قوم میں ان سے بیزار ہوں جنہیں تم اللہ کا شریک بناتے ہو (۷۸) سب سے یک سو ہو کر میں نے اپنے منہ کو اسی کی طرف متوجہ کیا جس نے آسمان اور زمین بنائی اور میں شرک کرنے والوں سے نہیں ہوں (۷۹) اور اس کی قوم نے اس سے جھگڑا کیا اس نے کہا کیا تم مجھ سے اللہ کے ایک ہونے میں جھگڑتے ہو اور اس نے میری رہنمائی کی ہے اور جنہیں تم شریک کرتے ہو میں ان سے نہیں ڈرتا مگر یہ کہ میرا رب مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے میرے رب نے علم کے لحاظ سے سب چیزوں پر احاطہ کیا ہوا ہے کیا تم سوچتے نہیں (۸۰)

"یہ سوال ڈارون کے اقتصادی تحفظات کے تناظر میں مزید اہمیت اختیار کر جاتا ہے۔ مذہب خاصہ نامعقول اور مسرف ہے۔ جبکہ ڈارویني انتخاب عادتاً اسراف کو ختم کرنے کی کوشش کرتا ہے. قدرت بہت ہی سخت محاسب ہے وہ پائی پائی کا حساب رکھنے والی، پل پل گھڑی دیکھنے والی، جو مختصر ترین زیاں پر بھی سزا دیتی ہے۔ جیسا کہ ڈارون نے وضاحت بھی کی ہے، 'یہ بے رحمی سے، رکے بغیر، ہر روز ہر گھڑی پوری دنیا میں ہر کمی بیشی کی جانچ پڑتال کے کام میں مصروف رہتی ہے؛ برے کو رد کرتی ہے اور اچھے کو محفوظ اور جمع کرتی ہے؛ جہاں موقع ملے خاموشی سے ہر جاندار کی بہتری کا کام سرانجام دیتی چلی جاتی ہے'۔ اگر کوئی جنگلی جانور عادتاً کسی بیکار حرکت میں ملوث رہتا ہے تو قدرتی انتخاب اس کے ایسے حریف کو سراہے گا جو اپنا وقت اور قوّت زندہ رہنے اور افزائش نسل میں صرف کرتے ہیں۔ قدرت بیکار نفس کے کھیلوں کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ اگرچہ ہمیشہ ایسا نہیں لگتا ہے، لیکن قدرت کے ماحول میں سنگدل افادیت پسندی کا دور دورہ رہتا ہے"۔

نے

یہ قدرت کیا چیز ہے جو رچرڈ ڈاکنز کی دلیل میں ہر وہ کام کرتی نظر آتی ہے جو صرف خدا ہی کی شان ہے.

شروع ہی سے ایک مذہب تھا دین حنیف اور وہ تھا ایک خدا واحد پر ایمان اور اسکی تعلیم خدا کے ان نیک بندوں نے دی تھی جو اللہ کے پیغمبر تھے اور جو الہامی ہدایات لوگوں تک پہنچاتے تھے. نہ تو وہ مذہب ایجاد کرنے والے تھے. اللہ کے نازل کردہ احکامات کی اپنی برکات ہیں جن سے ایمان لانے والے مستفید ہوتے ہیں. اسکے بعد جو نفع بخش چیزوں کو بقا حاصل ہونے کی بات ڈارون کے نظریہ ارتقاء کے حوالے سے کی گئی ہے تو یہ باتیں اور یہ اصول تو صدیوں پہلے انسان کو اللہ تعالی نے بتلا دیے تھے قران کریم میں فرمایا ہے

سُوۡرَةُ الرّعد

اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی نازل فرمایا پھر نالے اپنی مقدار کے موافق چلنے لگے پھر وہ سیلاب خس و خاشاک کو بہالایا. اور جن چیزوں کو آگ کے اندر زیور یا اور اسباب بنانے کی غرض سے تپاتے ہیں اس میں بھی ایسا ہی میل کچیل (اوپر آجاتا) ہے اللہ تعالیٰ حق (یعنی ایمان وغیرہ) اور باطل (یعنی کفر وغیرہ) کی اسی طرح مثال بیان کر رہا ہے سو جو میل کچیل تھا وہ تو پھینک دیا جاتا ہے اور جو چیز لوگوں کے لئے کارآمد ہے وہ دنیا میں (نفع رسانی کے ساتھ) رہتی ہے اللہ تعالیٰ اسی طرح (ہر ضروری مضمون میں) مثالیں بیان کرتے ہیں۔

(۱۷

نے

انسانوں کے گروہوں میں توہم پرستی، جھوٹے خداؤں کا وجود، اور بہت ساری قسم کی توہم پرستی آج بھی پائی جاتی ہیں. کچھ مذاھب جن کی بنیاد وحی پر تھی انکی تعلیمات یا تو مٹ گئیں یا غیر مصدقہ ہو گئیں. تاریخ سے انکے بارے میں پکے شوائد بھی نہیں ملتے. ایک دین اسلام ہے جو چودھویں کے چاند کی طرح چمک رہا ہے. اسکے رسول حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ ہوں یا ان پر وحی کے ذریعہ نازل ہونے والے احکامات الٰہی کسی کے بارے میں بھی کوئی ابہام نہیں یا یہ شک نہیں کہ شائد انمیں ردوبدل ہو گئی ہو یا کچھ باتیں رہ گئی ہوں. دین اسلام کو ہم ہرگز بھی دوسرے ادیان کے ساتھ کھڑا نہیں کر سکتے. لہٰذا ہم الگ شناخت کے لئے اسکو مذہب نہیں دین اسلام کہیں گئے. اور الحاد، کفر، دہریہ پن کو کسی اور مذہب سے نہیں دین اسلام کی کسوٹی پر پرکھیں گے اور انکی چالوں کا پردہ چاک کریں گئے.

انشاالله

الله نے انسانوں پر اپنا کرم کیا انکو ہدایات بخشیں. الله کی تعلیمات کے خلاف جو چلا وہ گمراہ ہوا. لوگوں کو الله کی طرف الله ہی کی جانب سے قائم کردہ حجت سے بلایا جا سکتا ہے

دین اسلام انسانی زندگی کو مقصدیت عطا کرتا ہے، جبکہ ڈارون کا نظریہ قدرتی انتخاب انسانی زندگی کا مقصد آفرینش نسل بیان کر کے اسکو بے مقصد چھوڑ دیتا ہے کہ وہ اپنی حقیر زندگی پر خیالوں کی تاریکی میں بھٹکتا پھرے. انسان کا ارتقاء اسکے اعمال کی شمولیت کے بغیر نامکمل ہے آخر اسکے وجود کے ہونے کا حتمی نتیجہ اسکے اعمال ہی تو ہیں. پسندیدہ اعمال کے

لئے عقیدہ اور ایمان ضروری ہیں۔ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے اور اچھے اعمال کا ماخذ عقیدہ اور ایمان ہے۔ اچھا عمل وہ ہے جس کی فہمائش انسان کا خالق ان سے کرتا ہے اور انکو پسندیدہ کہتا ہے۔

انسان حیاتیات کی زبان میں کروموسوم، ڈی این اے یا جین اور طبی وجود کے علاوہ بھی بہت کچھ ہے۔ اس میں روح بھی ہے جس کی طرف ابھی حیاتیات کی رسائی نہیں ہوئی۔ اسکے اعمال اسکے مادی جسم کے الگ ہونے کے بعد بھی اسکی ذات کے ساتھ باقی رہتے ہیں۔ یہ وہ تبدیلی ہے جس میں کوئی تغیر نہیں آسکتا۔

مذہب کے جو ظاہری اور ثانوی فوائد اہل مذہب گنواتے ہیں منکر خدا رچرڈ ڈاکنز انکو "پلاسیبو" یعنی جھوٹی تسلی کا نام دیتا ہے۔ جیسے یہ سوال کہ کیا مذہب ذہنی پریشانیاں دور کرنے کا سبب بنتا ہے، یا دعا سے شفا کا ملنا مگر اس طرح کا بھروسہ بقول اسکے انسان کی نفسیات پر اچھا اثر تو ڈالتا ہے جیسے کہ کسی ڈاکٹر کا پر اعتماد طریقہ سے اپنے مریض کو یقین دلانا کہ وہ جلد ہی ٹھیک ہو جائے گا مریض کے حوصلہ کو بلند کر دیتا ہے۔ مگر ڈاکنز نقلی گولی کے طور پر بھی مذہب کی افادیت ماننے کو تیار نہیں۔ اسکی طرف سے اس ساری بحث کا مقصد اپنے قاری کو اللہ کے وجود کے بارے انکار پر آمادہ کرنا ہے اور پڑھنے والے کے ذہن کو اپنے خیالات سے مسموم کرنا ہے۔ اسی ضمن میں مصنف کا مزید کہنا ہے کہ امریکا میں سفید

نے

فام لوگ اپنے سیاہ فام غلاموں کو اگلے جہاں میں بہتر ملنے والی زندگی کے خواب دیکھا کر مطمئن رکھتے تھے.

مذہب کی خاطر جان دینے کو بھی وہ اسی زمرے میں شمار کرتا ہے. وہ مذہب کو انسانی تاریخ میں جنگوں خون خرابے جانی ومالی نقصان وقت اور وسائل کو ضائع کرنے کا ذمہ دار سمجھتا ہے.

مصنف یہ سوال بھی اٹھاتا ہے کہ انسان آخر مذہب اختیار ہی کیوں کرتا ہے؟

علم سلوک اور بیالوجی کے پروفیسر اور ایک دہریہ کے طور پر وہ یہ سب سوال اٹھا سکتا ہے اور اپنے نکتہ نظر کو نوجوان نسل کے آگے رکھ سکتا ہے.

ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ دین اسلام کی روشنی میں ایسے سوالوں کا جواب کیا ہے

اب مصنف مذہب کی خامیاں تلاش کرنے ان پر انگشت نمائی کرنے پر آگیا ہے

انسان اور دیگر حیوان سبھی اپنا طبعی وجود زندہ رکھنے کی جدوجہد کے لئے مجبور ہیں. سب ہی آفرینش نسل کے لئے بھی فطری میلان رکھتے ہیں. مگر انسان کو اللہ تعالی نے جو اپنی ذات کے ہونے کا عرفان بخشا ہے تو وہ اپنے پیدا کیے جانے کا مقصد جاننا چاہتا ہے. وہ یہ بھی جاننا چاہتا ہے کہ اسکا آخری انجام کیا ہو گا. اگر اسکو کسی نے پیدا کیا ہے تو وہ جاننا چاہے گا کہ کیوں پیدا کیا ہے. وہ اس بات کا بھی مشاہدہ کرتا ہے کہ ان زمین پر اسکے زندہ رکھنے کے حالات پیدا کیئیے گے ہیں. اپنی عقل کے مطابق اپنی حیثیت کا اسنے تعین کرنے کی کوشش

نے

کی اور یوں عقیدہ کی ابتدا ہوئی. وہ اپنی زندگی میں سورج، چاند، دریا، بیل گائے کی اہمیت کو دیکھ کر انکو اپنا خدا ابنا بیٹھا اور انکو پوجنے لگا. یونانیوں نے انسانی شکل سے خدا تصور کر لئے اور لوگوں نے اپنے مرے اباواجداد کو پوجنا شروع کر دیا.

وہ کون سی سائنس اور طریقہ ہو سکتا ہے جو انکو ایک حقیقی خدا کے وجود سے آگاہ کرے؟ وہ خدا جس نے انسان کو اور تمام کائنات کو تخلیق کیا ہے اور وہ انکا انتظام بھی کرتا ہے. ایسا خدا اگر ہے تو وہ انسانوں سے کیا چاہتا ہے؟

یہ وہ ضرورت تھی جس کی وجہ سے اللہ تعالی نے انسانوں پر اپنی عنایات کرتے ہوے انہی میں میں انکے نیک اور پرہیز گار لوگوں میں سے اپنے رسول بنائے، انسانوں کی رہنمائی فرمائی اور انکو وہ باتیں بتلائیں جو وہ اپنے علم سے حاصل نہیں کر سکتے تھے. جب اس کائنات میں سب کچھ ہی اللہ کی نشانیاں ہیں اور عجوبے ہیں تو پھر اگر اس نے انسانوں ہی میں سے اپنی وحی کے لئے چند کو چن لیا تو اس میں حیرانگی کی کون سی بات ہے. اللہ تعالی نے انسانوں کی رہنمائی فرمائی اور انکو وہ بتلا دیا جو وہ نہیں جانتے تھے.

سورۃ العَلق

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

نے

اپنے رب کے نام سے پڑھیئے جس نے سب کو پیدا کیا(۱) انسان کو خون بستہ سے پیدا کیا (۲) پڑھیئے اور آپ کا رب سب سے بڑھ کر کرم والا ہے(۳) جس نے قلم سے سکھایا(۴) انسان کو سکھایا جو وہ نہ جانتا تھا

سورۃ البَقَرَۃ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الم ۤ(۱) یہ وہ کتاب ہے جس میں کوئی بھی شک نہیں پرہیزگاروں کے لیے ہدایت ہے (۲) جو بن دیکھے ایمان لاتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں(۳) اور جو ایمان لاتے ہیں اس پر جو اتارا گیا آپ پر اور جو آپ سے پہلے اتارا گیا اور آخرت پر بھی وہ یقین رکھتے ہیں(۴) وہی لوگ اپنے رب کے راستہ پر ہیں اور وہی نجات پانے والے ہیں(۵

سورۃ النِّسَاء

اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول پر یقین لاؤ اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول پر نازل کی ہے اور اس کتاب پر جو پہلے نازل کی تھی اور جو کوئی اللہ کا انکار کرے اور اس کے فرشتوں کا اور اس کے رسولوں کا اور قیامت کے دن کا تو وہ شخص بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑا(۱۳۶

نے

اسلام کی چودہ سو سال پہلے بیان کردہ سچائیاں اور جدید ملحدوں کا عقل کی ٹارچ لے کر حقیقت کی تلاش میں بھٹکنا سب روز روشن کی طرح ظاہر ہے.

رچرڈ ڈاکنز کے اپنے الفاظ میں

"ارتقائی نفسیات کے اہم اور بڑھتے ہوئے شعبہ علم و تحقیق سے نفسیاتی ضمنی پیداوار کا تصّور پیدا ہو جانا قدرتی ہے......ماہر نفسیات پال بلوم جو "مذہب بطور ضمنی پیداوار" کے نظریے کے اہم وکیل ہیں، وہ ہمیں بتاتے ہیں کہ بچّوں میں ذہن کے ثنویاتی dualistic نظریہ کی طرف قدرتی رجحان ہوتا ہے. مذہب اس جبلی ثنویت کی ضمنی پیداوار ہوتا ہے. اس کے مطابق انسان خاص طور پر بچے قدرتی طور پر ثنویاتی ہوتے ہیں.

ایک ثنویت پسند مادے اور ذہن کی بنیادی تفریق کا اعتراف کرتا ہے۔ اس کے برعکس وحدت پسند یہ مانتا ہے کہ ذہن دراصل مادے کا ہی مظہر ہے.......

بلوم یہ بھی تجویز کرتا ہے کہ ہم قدرتی طور پر نظریہ تخلیق کے حامی واقع ھوے ہیں. ..خاص طور سے بچّوں کی ہر چیز کو مقصدیت کی خاصیت سے نوازنے کے امکانات بہت زیادہ ہوتے ہیں، جیسے کہ ماہر نفسیات ڈیبرا کیلمن اپنے مقالے "کیا بچے 'بدیہی

نے

توحید پرست 'ہوتے ہیں؟ میں کہتی ہے ہر چیز کے ساتھ مقصد منسلک کرنے کو teleology یا نظریہ مقصدیت (کہا جاتا ہے۔ بچّے جبلی طور پر مقصدیت پسند ہوتے ہیں اور اکثر اوقات اس نظریے سے باہر نہیں نکل پاتے۔

رچرڈ ڈاکنز آگے کہتا ہے

جبلی ثنویت ہمیں ذہنی طور پر "روح" میں یقین رکھنے پر آمادہ کرتی ہے، ایک ایسی روح جو ہمارے جسم کا حصہ ہونے کی بجائے صرف اس میں قیام کرتی ہے۔ جسم سے غیر منسلک ایسی روح کے بارے میں یہ تصوّر کرنا مشکل نہیں کہ یہ جسم کی موت کے بعد " کہیں اور " نقل مکان کر جاتی ہے۔ ہم کسی ایسی خدائی کا تصوّر بھی با آسانی کر سکتے ہیں جو کامل روح ہے، اور پیچیدہ مادے سے اخذ ہونے والی خصوصیت کی بجائے مادے سے علیحدہ وجود رکھتی ہے۔ بچگانہ مقصدیت پسندی مذہب کی جانب ہماری راہ ہموار کر دیتی ہے۔ اگر ہر چیز کسی مقصد کے تحت بنی ہے، تو پھر وہ مقصد کس کا ہے؟

میرا کہنا ہے مقصد یقیناً خدا کا متعین کردہ ہے، اور کس کا؟ اور سب تدبیریں بھی اسی کی طرف سے ہیں.

نے

یہ بچے میں قدرتی رحجان جس کی طرف یہ اشارہ کرتے ہیں اور اسکے بارے میں غلط اندازے لگاتے ہیں. نیز روح اور جسم کے بارے میں غلط سلط تجزیے کرتے پھرتے ہیں. اور پھر سرے ہی سے بہت کچھ کا انکار کر دیتے ہیں قران کریم میں ہمیں انکے بارے میں رہنمائی ملتی ہے. ذرا ملاحضہ فرمائیں

سورۃ الاٗعرَاف

اور جب تیرے رب نے بنی آدم کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے ان کی جانوں پر اقرار کرایا کہ میں تمہارا رب نہیں ہوں انہوں نے کہاہاں ہے ہم اقرار کرتے ہیں کبھی قیامت کے دن کہنے لگو کہ ہمیں تو اس کی خبر نہ تھی(۱۷۲) یا کہنے لگو ہمارے باپ دادانے ہم سے پہلے شرک کیا تھا اور ہم ان کے بعد ان کی اولاد تھے کیا تو ہمیں اس کام پر ہلاک کرتا ہے جو گمراہوں نے کیا(۱۷۳) اور اسی طرح ہم کھول کر آیتیں بیان کرتے ہیں تا کہ وہ لوٹ آئیں(۱۷۴) اور انہیں اس شخص کا حال سنادے جسے ہم نے اپنی آیتیں دی تھیں پھر وہ ان سے نکل گیا پھر اس کے پیچھے شیطان لگا تو وہ گمراہوں میں سے ہو گیا(۱۷۵)

نے

مجھ سے اسحاق نے بیان کیا، انہوں نے کہا ہم کو عبد الرزاق نے خبر دی، کہا ہم کو معمر نے خبر دی، انہیں ہمام نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی بچہ ایسا نہیں ہے جو فطرت پر نہ پیدا ہوتا ہو۔ لیکن اس کے والدین اسے یہودی یا نصرانی بنا دیتے ہیں جیسا کہ تمہارے جانوروں کے بچے پیدا ہوتے ہیں۔ کیا ان میں کوئی کن کٹا پیدا ہوتا ہے؟ وہ تو تم ہی اس کا کان کاٹ دیتے ہو۔

سورۃ بنی اسرآئیل / الاِسرَاء

اور یہ لوگ تجھ سے روح کے متعلق سوال کرتے ہیں کہہ دو روح میرے رب کے حکم سے ہے اور تمہیں جو علم دیا گیا ہے وہ بہت ہی تھوڑا ہے (۸۵) اور اگر ہم چاہیں تو جو کچھ ہم نے تیری طرف وحی کی ہے اسے اٹھالیں پھر تجھے اس کے لیے ہمارے مقابلہ میں کوئی حمایتی نہ ملے (۸۶) مگر یہ صرف تیرے رب کی رحمت ہے بے شک تجھ پر اس کی بڑی عنایت ہے (۸۷) کہہ دو اگر سب آدمی اور سب جن مل کر بھی ایسا قرآن لانا چاہیں تو ایسا نہیں لا سکتے اگرچہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کا مددگار کیوں نہ ہو (۸۸) اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لیے ہر ایک قسم کی مثال بھی کھول کر بیان کر دی ہے پھر بھی اکثر لوگ انکار کیے بغیر نہ رہے (۸۹

نے

کیا مذہب کو جانچ کے لئے کہ آیا یہ سچا ہے اسکو باقی تمام علوم کے روبرو ایک مفروضہ کی صورت میں پیش کیا جائے گا؟ تاکہ پھر انکی گواہی پر جناب حضرت انسان جن کو اپنی عقل و دانش پر بہت گھمنڈ ہے فیصلہ کریں کہ انہوں نے اللہ پر ایمان لانا ہے یا شک میں رہنا ہے. ہاں اپنی حقیقت اسکو یاد ہی نہیں رہتی کہ وہ اچھل کر نکلنے والے پانی کی ایک بوند کی پیدائش ہے. مذہب کو بائیولوجی فزکس میتھ کیمسٹری فلسفہ دلیل اور منطق کے حضور میں پیش کیا جائے اور ان تمام علوم کی روشنی میں مذہب کی سچائی جانچی جائے اور پھر اسکو سند عنایت کی جائے. کیا باقی علوم کے ساتھ بھی ایسا ہی کیا جاتا ہے. کیا فزکس کے اصولوں کا تقابل بائیولوجی کے ساتھ کیا جاتا ہے. کیا میتھ کے کلیوں پر نفسیات کو پرکھا جاتا ہے؟.

کسی مذہب کا اگر آپ نے جائزہ لینا ہے تو اسکو کامن سینس کے روبرو پیش کیا جاسکتا ہے ایک مذھب کا موازنہ دوسرے مذاھب سے کیا جاسکتا ہے. مذھب کسی انسانی ذہن کی کسی کیفیت کی فطرتی پیداوار نہیں جیسا کہ منکران خدا ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں

مذھب کسی بھی صورت کسی انسانی ذہنی ارتقاء کی پیداوار نہیں ہے. یہی وجہ ہے رب کریم نے واضح طور پر اپنے دین کا علان کھل کر اپنے رسولوں کے ذریعہ کروایا اور ان

پر وحی نازل فرمائی تا کہ یہ خلجان اور شک دور ہو جاے کہ ایسے دین کے عقائد کسی قدرتی ذہنی عمل کا نتیجہ ہوتے ہیں. ان معروضات کی روشنی میں آپ ملحدوں اور دھریوں کے خیالات کو غور سے پڑھیں یہ کس قدر گمراہ کن ہیں. ان دہریوں کی باتیں عیارانہ ضرور ہیں جن کے گہرے اثرات کو سمجھنے کی ضرورت ہے.

انسان خدا کو کیوں مانتا ہے؟ قصّہ مختصر ایک جملے میں جواب ! کیونکہ اللہ تعالی انسان سے ایسا چاہتا ہے.

ثقافتی اکائیMeme

میم آج کل کے نوجوانوں میں ایک مقبول عام لفظ ہے جس سے مراد ایسی تحریر تصویر یا کردار ہے جو سوشل میڈیا پلیٹ فورمز پر پھیلائی جاتی ہے جس میں کسی چیز یا بات پر طنز یا مذاق اڑایا جاتا ہے. دراصل میم اپنے اصل معنی کھو چکا ہے. یہ لفظ ڈاکٹر رچرڈ ڈاکنز کی ایجاد ہے جس کا اصل معنی انسانی کردار میں ثقافتی تبدیلی کے اثرات ہیں. یوں سمجھیں کہ جس طرح ڈارون کا نظریہ ارتقاء قدرتی انتخاب کے ذریعہ انسانی جین میں تبدیلی کی بات کرتا ہے. ڈاکنز اس کی نقل میں یہی نظریہ انسان کے ثقافتی ارتقاء پر لاگو کرنے کا تصور اپنی کتاب The Selfish Gene میں پیش کرتا ہے، یہ ۱۹۷۶ کی بات ہے. ایسی کردار اور ثقافت کی منتقلی کو اس نے میم کا نام دیا ہے. بہت بہتر ہے کہ اسکے معروف معنی جو لغت میں درج کئے گئے ہیں وہ یہاں ہو بہو نقل کر دیے جائیں.

An element of a culture or system of behavior that may be considered to be passed from one individual to another by non-genetic means, especially imitation.

نے

رچرڈ ڈاکنز نے پر زور طریقہ سے ایک کے بعد ایک نکتہ اٹھاتے ہوے اور مثالوں سے اپنا موقف واضح کرتے ہوے نیز جگہ جگہ داستان گوئی سے اپنی باتوں کو دلچسپ بناتے ہوے ہر انداز سے کوشش کی ہے کہ وہ نئ نسل کو انکے دین سے پھیر کر گمراہ کر دے. اگر مصنف بائیولوجی اور behavioral science کا ماہر ہے تو اس نے اس مہارت کا استعمال بھی بہت ہوشیاری سے کیا ہے. جینز اور میم اسکا دل پسند مضمون ہے اور ان علوم کی معلومات کو اس نے مذہب پر منطبق کیا ہے

اسکا کہنا ہے جینز جس طرح اپنی نقل تیار کرتے ہیں بلکل اسی طرح کا سو فیصد نہ سہی مگر ایسا ہی کچھ ثقافتی عداد میں بھی عمل روا ہوتا ہے یعنی کلچر ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل ہوتا ہے اور مذہب بھی اسی کا ایک مظہر ہے جو ایک طریقہ سے پیدا ہوتا ہے پھر ارتقاء پذیر ہوتا ہے.

رحمان کے راستہ سے گمراہ کرنے کے لئے شیطان ایک سو ایک دلیلیں دیتا ہے. کچھ یہی حال ڈاکنز کا بھی ہے جس نے اس ثقافت اور انسانی کردار کی منتقلی کو بھی مذہب کے خلاف اپنی کتاب میں ایک دلیل کے طور پر استعمال کیا ہے. اسی کے الفاظ ہیں غور فرمائیں.

نے

The cultural equivalent of genetic drift is a persuasive option, one that we cannot neglect when thinking about the evolution of religion.

The central question for meme theory is whether there are units of cultural imitation which behave as true replicators, like genes. I am not saying that memes necessarily are close analogues of genes, only that the more like genes they are, the better will meme theory work; and the purpose of this section is to ask whether meme theory might work for the special case of religion.

The following is a partial list of religious memes that might plausibly have survival value in the meme pool, either because of absolute 'merit' or because of compatibility with an existing memeplex: • You will survive your own death. • If you die a martyr, you will go to an especially wonderful part of paradise where you will enjoy seventy-two virgins (spare a thought for the unfortunate virgins). • Heretics, blasphemers and apostates

ـــ

should be killed (or otherwise punished, for example by ostracism from their families). • Belief in God is a supreme virtue. If you find your belief wavering, work hard at restoring it, and beg God to help your unbelief. (In my discussion of Pascal's Wager I mentioned the odd assumption that the one thing God really wants of us is belief. At the time I treated it as an oddity. Now we have an explanation for it.) • Faith (belief without evidence) is a virtue. The more your beliefs defy the evidence, the more virtuous you are. Virtuoso believers who can manage to believe something really weird, unsupported and insupportable, in the teeth of evidence and reason, are especially highly rewarded.

کیا اب مذہب کو کرداری سائنس کے حضور پیش کرنے کی باری ہے کہ وہ اپنے آپ کو سچا ثابت کرے، نہیں بلکہ یہ تو پڑھنے والے کو گمراہ کرنے کی کوشش ہے کہ جو ایمان وہ رکھتا ہے اسکی وجوہات ثقافتی اکائی میم میں پنہاں ہیں.

اگر مندرجہ بالا تحریر پر غور کیا جائے تو بنیادی بات یہی نظر آتی ہے کہ بغیر ثبوت خدا کو نہیں مانا جا سکتا.

نے

میں کہتا ہوں خدا ایک ہے باقی ساری کائنات ثبوت ہے. خدا کے ہونے کے آثار تو ہمارے چاروں طرف بکھرے پڑے ہیں.

قران کریم میں ارشاد ہے

سورۃ الرّعد

یہ کتاب کی آیتیں ہیں اور جو کچھ تجھ پر تیرے رب سے اترا سو حق ہے اور لیکن اکثر آدمی ایمان نہیں لاتے (۱) اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں کو ستونوں کے بغیر بلند کیا جنہیں تم دیکھ رہے ہو پھر عرش پر قائم ہوا اور سورج اور چاند کو کام پر لگا دیا ہر ایک اپنے وقتِ معین پر چل رہا ہے وہ ہر ایک کام کا انتظام کرتا ہے نشانیاں کھول کر بتاتا ہے تاکہ تم اپنے رب سے ملنے کا یقین کر لو (۲) اور اُسی نے زمین کو پھیلایا اور اس میں پہاڑ اور دریا بنائے اور زمین میں ہر ایک پھل دو قسم کا بنایا دن کو رات سے چھپا دیتا ہے بے شک اس میں سوچنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں (۳) اور زمین میں ٹکڑے ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں اور انگور کے باغ ہیں اور کھیتیاں اور کھجوریں ہیں ایک کی جڑ ملی ہوئی بعض بن ملی انہیں پانی بھی ایک ہی دیا جاتا ہے اور ہم ایک کو دوسرے پر پھلوں میں فضیلت دیتے ہیں بے شک اسمیں عقل مندوں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں (۴)

میم اگر بذریعہ نقل پھیلانے کا عمل ہے تو اسلام میں تو اسکے اچھے برے پہلووں پر صدیوں سے فکری تحریک جاری ہے.

نسے

تقلید کے معنی ہیں آدمی دوسرے کے قول و فعل میں دلیل طلب کئے بغیر اس کو حق سمجھتے ہوئے اسکی پیروی کرے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "تمہارے رب کی طرف سے جو وحی آئی اسی پر عمل کرو، اس کے علاوہ دوسرے اولیاء کی اتباع نہ کرو، کس قدر کم تم لوگ نصیحت حاصل کرتے ہو "(۷:۳)۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کی اتاری ہوئی کتاب کا اتباع کرو تو وہ لوگ کہتے ہیں کہ نہیں، ہم اس چیز کی اتباع کرینگے جس پر ہم نے اپنے باپ دادہ کو پایا، چاہے ان کے باپ دادا بے عقل اور بے ہدایت ہوں "(۲:۱۷۰)

اسی طرح اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "ٹھہرالیا اپنے عالموں اور درویشوں کو خدا (یعنی اللہ کے واضح احکام حلال و حرام کے خلاف ان کو حاکم (حکم دینے والا) اللہ کو چھوڑ کر)..."(۹:۳۱)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "فَسـَٔلوا أَهلَ الذِّكرِ إِن كُنتُم لا تَعلَمونَ (النحل: ۴۳ و الانبیا: ۷) پس تم سوال کرو اہل علم (علماء) سے، اگر تم نہیں علم رکھتے "۔

نے

ولا تقف ما لیس لک بہ علم ان السمع والبصر والفواد کل اولئک کان عنہ مسؤلا (القرآن۔۱۷:٦)

جس بات کا تجھے علم نہ ہو اس کی پیروی مت کر، کیونکہ کان آنکھ اور دل ان میں سے ہر ایک کی پوچھ گچھ کی جانے والی ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

’فلا تتبعو الھویٰ (پس اپنی خواہشات کی پیروی مت کر)

پس اسلامی عقائد کی طرح اسلامی ثقافت کی بنیاد براہ راست وحی پر ہے.

اسلامی ثقافت پہلی خصوصیت

اسلامی ثقافت کی پہلی خصوصیت یہ ہے کہ اس کی اساس کامل وحدانیت پر ہے، دوسری خصوصیت

اسلامی ثقافت کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ اس کے اہداف اور پیغامات تمام کے تمام آفاقی ہیں، ارشاد ربانی ہے: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَاُنْثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوْبًا وَقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللهِ اَتْقَاكُمْ

نے

(حجرات:۱۳) قرآن کریم نے تمام عالم کے انسانوں کو حق، بھلائی اور خلقی شرافت
وکرامت کی بنیاد پر ایک کنبہ قرار دیا.

اسلامی ثقافت کی تیسری اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس نے اعلیٰ اخلاقی قدروں کو اپنے تمام
ضابطہ ہائے حیات اور زندگی کی سرگرمیوں میں اولیت کا مقام عطا کیا

ہماری ثقافت کی چوتھی خصوصیت یہ ہے کہ اس نے سچے اصولوں پر مبنی علم کو خوش آمدید کہا
اور پکے مبادیات پر مبنی عقائد کو اپنی توجہ کا مرکز قرار دیا؛ چناںچہ عقل و قلب دونوں اس
کے مخاطب ہیں

ہماری ثقافت کی ایک اور اہم ترین خصوصیت اس کی کشادہ ظرفی اور انتہا سے زیادہ مسامحت
ہے. (ماخوز رسالہ محدث)

دین اسلام جیسی خوبصورت اور نافع ثقافت کا پروان چڑھنا کسی دہریے کی پریشانی کا
باعث نہیں ہونا چاہیے.

نے

کیا مذہب انسانی ذہن کی پیداوار ہے؟

ارتقائی نفسیات کے طرفدار ماہرین کا کہنا ہے کہ ذہن کے مختلف حصّے مختلف معاملات دیکھتے ہیں جیسے سماجی میل جول کا حصّہ خاندانی معاملات کا حصّہ یا ہمدردی والا حصّہ اور یہ کہ مذہب انہی مختلف حصّوں کے مس فائر کی ضمنی پیداوار ہے.
اور کچھ کا کہنا ہے انسان کا بچہ شروع ہی سے مادہ اور غیر مادہ کے بارے میں دوئی کا فطرتی تصور رکھتا ہے جس کی ضمنی پیداوار مذہب ہے. انہی میں سے کچھ کا خیال ہے کہ جسم اور ذہن ایک ہی چیز ہیں اور جو کچھ ذہن میں ہوتا ہے وہ جسم کے اندر ہونے والے کیمیاوی اثرات کا نتیجہ ہوتا ہے. پھر دانیال ڈننٹ نے طبعی ڈیزائن کا موقف اور ارادہ کے موقف کی بات کی ہے.

نفسیاتی ماہرین کی مذہب کے بارے میں مختلف آراء ہیں. آیا کہ یہ کسی ذہنی عمل کا نتیجہ ہے یا اس کی ضمنی پیداوار ہے.

وحی کا نازل ہونا منطقی طور پر ایسے تمام تصورات کا خاتمہ کرتا ہے. وگرنہ ان لوگوں نے شکوک پیدا کرنے والے مختلف نظریات کے زریعہ دین کو ایک ذہنی مفروضہ قرار دینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑنی تھی.

نے

بات دراصل یہ ہے کہ انسانی دماغ اور ذہن اللہ تعالی کی تخلیق کا ایک نادر نمونہ ہے. جو حیرا نکن کام انجام دیتاہے. یہ ایک جدید ترین مواصلاتی آلہ ہے، جو تخلیقی کام بھی سر انجام دینے کی صلاحیت رکھتاہے اور باہر سے آنے والی معلومات سے متاثر بھی ہو تاہے. اس کی کچھ تفصیل یہاں درج ہے.

ذہن دماغ کا غیر مادی پلیٹ فارم ہے. یہ الہام القاوجدان ٹیلی پیتھی مسمریزم اور خواب جیسی صلاحیتوں سے ہمکنار ہے.

ہمارالاشعور بھی ہمارے ذہن پر اثر انداز ہو تاہے تو انسان کو ہر طرح اور نئی قسم کے خیالات وہم اور خواب نظر آتے ہیں. انسان کا وجدان تخلیقی صلاحیت کا حامل بھی ہو تاہے، جس مسلہ پر ہم بہت سوچ بچار کرتے ہیں تو ہمارالاشعور بھی اس سلسلہ میں متحرک ہو جاتاہے اور حل پیش کر تاہے. خواب ہماری اندرونی نفسیات اور کیفیات کا مظہر بھی ہوتے ہیں اور خوابوں کی ایک قسم وہ بھی ہوتی ہے جن میں باہر سے قدرت کی طرف سے کوئی پیغام ہو تاہے. جیسے حضرت یوسف کو سنائے جانے والے خوابوں کا ذکر قران کریم میں ملتاہے جو بعد میں سچے ثابت ھوے.

نے

ہمارا ذہن باہر سے پیغامات موصول کرنے کا حیرت انگیز آلہ بھی ہے. ٹیلی پیتھی اور مسمریزم کو تو سائنس بھی تسلیم کرتی ہے. حضرت موسی اور فرعون کا واقعہ مسمریزم اور خدائی معجزے کے فرق کو ظاہر کرتا ہے. جو کام جادوگروں نے کیا وہ نظر بندی تھی جسکی وجہ سے رسیاں سانپ معلوم دینے لگیں حتی کہ حضرت موسیٰ کو بھی. پھر اعصا کا سانپ بننے کا معجزہ جو باقی سب فریب کو نگل گیا. کچھ یہی حال وحی کا ہے، وہ اللہ کی طرف سے نازل شدہ ہوتا ہے جسکا واضح اعلان ہوتا ہے. یہ کسی انسان کے اپنے ذہن کی کسی کیفیت کا نام نہیں ہوتا. اس کی اپنی مستقل حیثیت اور آفاقی اہمیت بذات خود اس کے سچا ہونے کی دلیل ہوا کرتی ہے. وحی اپنا ثبوت اپنے اندر رکھتی ہے.

اخلاقیات کی بنیاد: ہم اچھائی کیوں کرتے ہیں

ملحدین کا خیال ہے اخلاقیات کا مذھب سے کوئی تعلق نہیں. لہٰذا اچھا یا برا انسان ہونے کے لئے کسی خدا کی ضرورت نہیں. نیز انکا کہنا ہے اخلاقیات کا حتمی ہونا ضروری نہیں.

یہ ایک اشتعال انگیز نکتہ نظر ہے اور خدا کے انکار کی انکی ایک دلیل.

یہ درست ہے کہ اخلاقیات آفاقی ہوتی ہیں اور ہر انسان بلا تفریق مذھب و قوم ان اخلاقیات پر یقین رکھتا ہے. مثال کے طور پر جھوٹ بولنے کو ہر انسانی معاشرہ میں برا جانا جاتا ہے. کسی ضرورت مند کی مشکل میں مدد کرنا اچھا عمل تصور ہوتا ہے. مگر اخلاقیات یہ کہاں ظاہر کرتی ہے کہ خدا کا انکار کر دیا جائے. خدا ہی تو ہے جس نے انسان کی فطرت میں اچھائی اور برائی کی پہچان رکھ دی، بلا تفریق کہ کوئی شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے یا نہیں.

قران کریم میں اللہ تعالی فرماتے ہیں

سورۃ الشّمس

نے

اور قسم ہے (انسان کی) جان کی اور اس ذات کی جس نے اسکو درست بنایا۔(۷) پھر اس کی بدکرداری اور پرہیز گاری (دونوں باتوں) کا اس کو القا کیا۔(۸) یقیناً وہ مراد کو پہنچا جس نے اس (جان) کو پاک کر لیا۔(۹) اور نامراد ہوا جس نے اس کو (فجور میں) دبا دیا۔(۱۰)

البرٹ آئین سٹائن نے کہا تھا!.

"Strange is our situation here on Earth. Each of us comes for a short visit, not knowing why, yet sometimes seeming to a divine purpose. From the standpoint of daily life, however, there is one thing we do know: that man is here for the sake of other men above all for those upon whose smiles and well-being our own happiness depends."

آئین سٹائن کا اوپر درج مقولہ درست ہے مگر یہ نامکمل بات ہے. دعویٰ تو سبھی کرتے ہیں انسانی بھلائی کے کام کرنے کا مگر یا تو وہ جھوٹ ہوتا ہے یا زبانی جمع خرچ ہوتا ہے اسکا کوئی طریقہ کوئی اصول کوئی لائحہ عمل وہ نہیں بتاتے.

انسان کے دنیا میں آنے کا مقصد اللہ تعالی نے قران کریم میں بیان فرمایا ہے:

نے

سورۃ ھُود

اور وہی ہے جس نے آسمان اور زمین چھ دن میں بنائے اور اس کا تخت پانی پر تھا کہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کون اچھا کام کرتا ہے اور اگر تو کہے کہ مرنے کے بعد اٹھو گے تو منکرین یہ کہیں گے کہ یہ تو صریح جادو ہے(۷)

یہ بات بھی ہے کہ ایمان لانے کے بعد ایک مسلمان کو حقوق العباد کی ادائیگی پر بہت زور ہے. اعمال میں بہت سے احکامات اسی سے متعلق ہیں. اور ان کی بنیادی وجہ اللہ کا اپنی مخلوق کی بہتری چاہنا ہے. اسی بہتری کی خاطر اسلام نے قوانین دیے ہیں. سود زنا شراب اور جواء سے منع فرمایا گیا ہے کہ اس میں اپنا اور دوسرے انسانوں کا استحصال اور نقصان ہے. اسی طرح سے حق حقوق کا خیال رکھا گیا ہے. وارثت کی تقسیم کے قوانین انسانی حقوق کا تحفظ کرتے ہیں. خون بہا یعنی دیت کے قوانین انسانوں کے آپسی تعلقات میں توازن اور بہتری کی خاطر ہیں. اسلام نے اخلاق کی تعلیم ہی نہیں دی اسکے ضابطے بھی بنائے ہیں. کمال کر دیا ہے قران میں بہت باریک سماجی معاملات تک کی طرف انسان کی توجہ دلائی ہے اور اخلاقی تعلیم دی ہے. ملحد اپنا ایک بھی ضابطہ اخلاق دکھلا دیں جو انہوں نے انسانوں کی بہتری خاطر بنایا ہو.

نے

اے ایمان والو جب تمہیں مجلسوں میں کھل کر بیٹھنے کو کہا جائے تو کھل کر بیٹھو اللہ تمیں فراخی دے گا اور جب کہا جائے کہ اٹھ جاؤ تو اٹھ جاؤ تم میں سے اللہ ایمان داروں کے اور ان کے جنہیں علم دیا گیا ہے درجے بلند کرے گا اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خبر دار ہے.۵۸-۱۱

اے ایمان والو نہ مَردوں کو مَردوں پر ہنسنا چاہئیے کیا عجب ہے کہ (جن پر ہنستے ہیں) وہ ان (ہنسنے والوں) سے (خدا کے نزدیک) بہتر ہوں اور نہ عورتوں کو عورتوں پر ہنسنا چاہئیے کیا عجب ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور نہ ایک دوسرے کو طعنہ دو. اور نہ ایک دوسرے کو برے لقب سے پکارو ایمان لانے کے بعد گناہ کا نام لگنا (ہی) برا ہے اور جو (ان حرکتوں سے) باز نہ آوینگے تو وہ ظلم کرنے والے ہیں۔ (۱۱) اے ایمان والو بہت سے گمانوں سے بچا کرو کیونکہ بعضے گمان گناہ ہوتے ہیں اور سراغ مت لگایا کرو اور کوئی کسی کی غیبت بھی نہ کیا کرے کیا تم میں سے کوئی یہ بات پسند کرتا ہے کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے اسکو تو تم ناگوار سمجھتے ہو اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔۴۹-۱۱

آپ فرمایئے کہ البتہ میرے رب نے حرام کیا ہے تمام فحش باتوں کو ان میں جو علانیہ ہیں وہ بھی اور ان میں جو پوشیدہ ہیں وہ بھی اور ہر گناہ کی بات کو اور ناحق کسی پر ظلم

نے

کرنے کو اور اس بات کو کہ تم اللہ کے ذمے ایسی بات لگاؤ جس کی تم سند نہ رکھو۔ ۷۔

۳۳

سورۃ القلم

اور بے شک آپ تو بڑے ہی خوش خلق ہیں (۴)

قرآن کریم کی یہ آیت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلی اخلاق کے حامل ہونے کی تصدیق ہے. یعنی جن اخلاقیات کی انسان سے فہمائش ہے اسکی مثال بھی پیش کی ہے. یہ ہیں وہ اخلاقیات جن کی تعلیم سب انسانوں کے لئے ہیں اور خاص طور پر ایمان لانے والوں کے لئے. ایسی تعلیمات تمام انسانوں کی بھلائی اور سلامتی چاہتی ہیں. اسکا نمونہ مومن کی روزمرہ زندگی ہے. جس کے ثمرات کو ہر انسان دیکھ اور محسوس کر سکتا ہے اور انسان کی عقل ان اخلاقیات کے مثبت اثرات کی قائل ہوتی ہے

انسان کا مقصد حیات کیا ہے اس کی پوری تصویر تو قران کریم کی تعلیمات کی روشنی ہی میں ظاہر ہوتی ہیں. پھر یہ بات بھی ہے کہ انسان کو اپنا مقصد حیات جو معلوم ہو اس پر اسکا پورا یقین بھی ہو کہ ایسا ہی ہے. انسان کا مقصد حیات یہ بھی ہے کہ وہ اللہ کو اپنے پیدا کرنے والے کو پہچان لے اور اسکی آیات میں غور و فکر سے اپنے ایمان کو

نے

مضبوط کرے. اس بات کا یقین کر لے کہ موت کے بعد بھی زندگی ہے اور یوم حساب بھی ہے تا کہ جو کام اس نے اس دنیا میں کیے ہیں اسکا اسکو بدلہ دیا جا سکے. کیونکہ تمام تر آسمانی ہدایت کے باوجود انسان دوسرے انسانوں پر ظلم بھی کرتا ہے انکے حق حقوق بھی سلب کرتا ہے اور مظلوموں کو اس دنیا میں انصاف بھی نہیں ملتا لہذا اس دنیا میں رہتے ہوے یہ بھی انسان کا مقصد ہے کہ وہ عمل کرتے ہوے اس بات پر ایمان رکھے کہ یوم حشر بھی برپا ہونا ہے جہاں اس سے مواخذہ ہو گا. دوسرے انسانوں کے ساتھ بھلائی کرنے میں یہ چیز میں ممد و معاون ہے. مقصد حیات یہ بھی ہے کہ جو آگے ہونے والا ہے اسکی بھی انسان کو خبر ہو جیسا کہ قران کریم میں فرمایا گیا ہے

جب سورج کی روشنی لپیٹی جائے (۱) اور جب ستارے گر جائیں (۲) اور جب پہاڑ چلائے جائیں (۳) اور جب دس مہینے کی گابھن اونٹنیاں چھوڑ دی جائیں (۴) اور جب جنگلی جانور اکھٹے ہو جائیں (۵) اور جب سمندر جوش دیئے جائیں (۶) اور جب جانیں جسموں سے ملائی جائیں (۷) اور جب زندہ در گور لڑکی سے پوچھا جائے (۸) کہ کس گناہ پر ماری گئی تھی (۹)

نے

اس چھوٹی سی زندگی میں انسان کے لئے ایک اور بہترین عمل اللہ کو سجدہ کرنا ہے. یہ اخلاقیات کی جڑ ہے. کیونکہ ہمیں اپنے خالق اور رزاق کا شکر گزار ہونا چاہیے.

نے

کیا دعائیں قبول ہوتی ہیں؟

دعائیں قبول بھی ہوتی ہیں جیسا کہ قرآن کریم سے ثابت ہے. ظاہر طور پر نہیں اگر دعا قبول نہیں ہوتی تو مفسرین کا کہنا ہے کہ وہ ملتوی رکھی جاتی ہے اور اسکا بدلہ قیامت کو ملے گا. اللہ خالق اور مالک ہے اور ہم اسکی مخلوق. اسکی مشیت اور مرضی ہماری خواہش پر بھاری ہے. ہاں ہمارا کام ہے ہم اپنی عرضی ڈال دیں. درخواست دینے والا درخواست نہ دینے والے سے بہتر ہے.

سورۃ البَقَرَة

اور جب آپ سے میرے بندے میرے متعلق سوال کریں تو میں نزدیک ہوں دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے پھر چاہیئے کہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ وہ ہدایت پائیں.

سورۃ طٰہٰ

فرمایا اے موسیٰ تیری درخواست منظور ہے

آل عمران

اس موقع پر دعا کی (حضرت) زکریا نے اپنے رب سے. عرض کیا کہ اے میرے رب عنایت کیجئیے مجھکو خاص اپنے پاس سے کوئی اچھی اولاد۔ بے شک آپ بہت سننے والے ہیں

نے

دعا کے۔(۳۸)پس پکار کے کہا ان سے فرشتوں نے اور وہ کھڑے نماز پڑھ رہے تھے
محراب میں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو بشارت دیتے ہیں یحیٰیؑ کی جن کے احوال یہ ہونگے کہ وہ کلمتہ
اللہ کی تصدیق کرنے والے ہونگے اور مقتداء ہونگے اور اپنے نفس کو (لذات سے) بہت
روکنے والے ہونگے اور نبی بھی ہونگے اور اعلیٰ درجہ کے شائستہ ہونگے۔

کرونا وائرس پھیلا تو ملحدوں نے سوشل میڈیا پر ایسی تصویر ڈالیں جن میں ایک طرف
مولویوں کو کرونا سے بچنے کے لئے رو رو کر دعائیں مانگتے دکھایا گیا ہے تو دوسری طرف ایک
سائنس دان کو لیباٹری میں ویکسین دریافت کرنے کے لئے تجربات میں مصروف دیکھایا
گیا ہے اور اس تصویر کو دیکھنے والے سے سوال کیا گیا ہے کہ کرونا وائرس جیسی مہلک بیماری
کا علاج ملاؤں کی دعاؤں سے ہو گا یا ویکسین کی دریافت سے.
اسکا مختصر جواب تو یہی ہے کہ ملاؤں کی دعاؤں کو قبول کرتے ہوئے اللہ نے سائنس دانوں
کو کام میں لگا دیا ہے کہ وہ کرونا وائرس کا توڑ نکالیں.

نوجوانوں کے ذہنوں میں شک ڈالنے اور انکو خدا کے وجود سے انکاری بنانے کے لئے آج
کل کے جدید کفّار نے کہا دیکھو خدا ہوتا تو تمہاری دعائیں قبول بھی کرتا. دعا کا تمسخر اڑایا
جاتا ہے اور اسکے قبول ہونے کے اثر سے انکار کیا جاتا ہے. پڑھنے اور دیکھنے والا کہتا ہے بات

نے

توٹھیک ہی ہے میر اذاتی مشاہدہ بھی یہی کہتا ہے کہ بہت ساری دعائیں قبول نہیں ہو تیں.

ایسی ہی باتوں کو مزید تقویت دینے اور خدا کے وجود کے انکار کی دلیل دینے کے لئے آجکل کے کفّار نے دعاؤں کے بارے میں ایک تجربے کا انعقاد کیا. جس کا احوال انکے تمسخر اڑانے سمیت انہی کی زبانی کچھ یوں ہے:

حالیہ دور میں مایاناز ماہر طبیعیات رسل سینآرڈ (برطانیہ کے تین مشہور مذہبی سائنسدانوں میں سے ایک) نے ٹیمپلٹن فاؤنڈیشن کے سرمایے کی مدد سے کی جانے والی ایک تحقیق کی حوصلہ افزائی کی ہے جس کا مقصد تجرباتی طریقے استعمال کرتے ہوئے اس سوال پر غور کرنا ہے کہ بیمار لوگوں کے لئے دعا کرنے سے ان کی صحت بہتر ہوتی ہے

ایسے تجربات اگر صحیح طرز پر کئے جائیں تو انھیں ''دہرا اندھا'' ہونا ہو گا. انہیں کسی ترتیب کے دو گروہوں میں بانٹا گیا، ایک تجرباتی گروہ جس کے لئے دعائیں مانگی گئیں، اور ایک پابند گروہ جس کے لئے کوئی دعا نہیں مانگی گئی۔ ڈاکٹروں، مریضوں، تیمارداروں اور تجربہ کرنے والوں میں سے کسی کو علم نہیں تھا کہ کونسے مریض کس گروہ میں ہیں۔ صرف دعا مانگنے والوں کو ان مریضوں کے نام بتادئے گئے تھے جن کے لئے دعا کرنا تھی۔ اگر یہ بھی نہ کیا جاتا تو وہ دعا کیونکر مانگ سکتے۔ لیکن اس بات کا پھر بھی خیال رکھا گیا سہ انہیں صرف پہلا نام اور خاندان نام کا پہلا حرف ہی بتایا جائے۔ بظاہر خدا کو مریض کا بستر تلاش کرسکنے کے لئے اتنی معلومات کو کافی سمجھا گیا۔

نے

ایسے تجربات کرنے کا خیال بھی تمسخر کے خطرے سے پاک نہیں، اور اس منصوبے کو بھی اس کے جائز حصے کے تمسخر سے نوازا گیا۔ جہاں تک مجھے یاد ہے باب نیوہارٹ نے اس پر مزاحیہ خاکہ بنایا تو نہیں تھا، لیکن مجھے نہ جانے کیوں اس کی آواز کچھ یوں سنائی دیتی ہے:

اوہ اچھا اچھا میں سمجھا۔ میری... کیا کہا آپ نے، مالک؟ آپ میری علالت دور نہیں کر سکتے کیونکہ میں پابند گروہ میں ہوں؟ کیا کہا مالک؟ ایوانز صاحب کو ہر روز ایک... خالہ کی دعائیں کافی نہیں تھی۔ لیکن مالک وہ ساتھ والے بستر میں ایوانز صاحب اوہ، اچھا۔ انہوں نے.... ہزار دعائیں موصول ہو رہی ہیں؟ لیکن مالک ایوانز صاحب تو ایک ہزار لوگوں کو جانتے تک نہیں ہیں جنہوں نے انکے کے نام کی دعائیں کی تھیں۔ لیکن آپ کو کیسے پتا کہ وہ دعائیں جان کے لئے تھیں "جان ای" تو اوہ اچھا۔.... ایلیسوور کے لئے نہیں تھیں؟.... آپ نے اپنے عالم الغیب سے دریافت کر لیا کہ دعائیں کس جان ای کو ملنی ہیں۔ لیکن مالک

بہادری سے تمسخر کو نظر انداز کرتے ہوئے محققین ثابت قدم رہے، اور باسٹن کے قریب واقع ایک باڈی اینڈ مائنڈ میڈیکل انسٹیٹیوٹ میں ماہر امراض قلب ڈاکٹر ہربرٹ نیلسن کی قیادت میں چوبیں لاکھ ڈالر خرچ کر ڈالے۔.... چھ ہسپتالوں ایک ہزار آٹھ سو دو مریضوں کو چنا گیا. مریضوں کو تین گروہوں میں بانٹ دیا گیا۔ گروہ نمبر ایک کے دعا کروائی گئی اور انکو بتایا نہیں گیا گروہ نمبر دو کے لئے کوئی دعا نہیں ملی گروہ نمبر تین کے لئے دعا کروائی گئی اور انکو بتا بھی دیا گیا.

نے

تین چرچوں کی جماعتوں سے دعائیں کروائی گئیں۔ ایک منیسوٹا میں تھا، ایک میساچوسٹس میں اور ایک مسوری میں، لیکن سب ان ہسپتالوں سے فاصلے پر تھے جہاں مریض رکھے گئے تھے۔ جیسا کہ پہلے بھی بتایا گیا، دعا کرنے والوں کو صرف مریضوں کا پورا نام اور خاندان نام کا پہلا حرف بتایا گیا تھا۔ یہ ایک اچھی تجرباتی عادت ہے کہ جہاں تک ممکن ہو کہ منصوبے کے تمام تجربات کے لئے ایک ہی معیار رکھا جائے، اس لئے یہاں تمام دعاؤں میں یہ الفاظ کامیاب آپریشن اور مشکلات سے آزاد جلد از جلد صحتیابی "شامل کروائے گئے:

تجربات کے نتائج اپریل دو ہزار چھ کے امریکن ہارٹ جرنل میں پیش کئے گئے اور بالکل واضح تھے۔ جن مریضوں کے لئے دعا کی گئی اور جن کے لئے دعا نہیں کی گئی ان میں کوئی فرق نہ نکلا۔

آپ کو قطعاً حیران نہ ہونا چاہئے کہ علماء دین نے اس تحقیق کی مخالفت کی کیونکہ وہ پریشان تھے کہ اس کے نتائج مذہب کو تضحیک کا نشانہ بنانے کے کام آئیں گے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کے عالم دین رچرڈ سوائین برن نے تحقیقاتی منصوبے کی ناکامی کے بعد لکھتے ہوئے کہا کہ منصوبہ اس لئے ناکام ہوا کیونکہ خدا۔ کسی ایک شخص کے مقابلے میں کسی دوسرے شخص کے لئے صرف اس لئے " "دعاؤں کا جواب اسی صورت میں دیتا ہے کہ وہ نیک نیتی سے کی گئی ہوں دعا کرنا کہ اس کا نام کسی دوہرے اندھے تجربے میں دعا کے حق میں نکل آیا تھا

نے

مناسب نہیں ہے۔ خدا کو چال سمجھ آجاتی۔ باب نیوہارٹ کا نام لے کر میں نے جو مزاح کیا اس کا مقصد یہی واضح کرنا تھا، اور سوائین برن بھی یہ کہنے میں حق بجانب ہے۔ وہ خدا کی بنائی دنیامیں دکھ اور تکلیف کی توجیہ پیش کرتا ہے:

میری تکلیف مجھے اپنی بہادری اور صبر کا مظاہرہ کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ اور آپ کو میری تکلیف کے ساتھ ہمدردی دکھانے اور اس کا مداوا کرنے کا موقع دیتی ہے۔ اور معاشرے کو یہ فیصلہ کرنے کا موقعہ دیتی ہے کہ وسائل کس طبی تحقیق پر خرچ کئے جائیں اور کس پر نہ کئے جائیں۔ اگرچہ ہمارے اچھے خدا کو ہماری تکلیف کا بہت افسوس ہوتا ہے، لیکن اسکا مقصد ہے کہ ہر شخص صبر، ہمدردی اور فراخدلی کے جذبات کا مظاہرہ کر سکے، اور اس طرح ایک اخلاقی کردار اپنا سکے۔ کچھ لوگوں کو اپنی ہی خاطر بیمار ہونے کی اشد ضرورت ہوتی ہے اور کچھ لوگوں کو اس لئے بیمار ہو جانے کی اشد ضرورت ہوتی ہے کہ کچھ دوسرے لوگ چند اہم مسائل میں انتخاب کر سکیں۔ کچھ لوگوں کو صرف اسی سے راغب کیا جاسکتا ہے کہ وہ اہم فیصلے کر سکیں۔ جبکہ اور لوگوں کے لئے بیماری اتنی کار آمد نہیں ہوتی۔"

جواب:

جن معاملات کو اللہ تعالی نے اسباب اور انکے قوانین کے تابع کر رکھا ہے انکا پورا کرنا اولیت رکھتا ہے اور دعا کا مقام بھی اسکے ساتھ ہے. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صرف دعا مانگ کر

نے

اللہ کی نصرت کے امیدوار نہیں ہوئے مگر یہ کہ انہوں نے مقدور بھر اسباب اختیار کیے.
جنگ بدر کی مثال لیجئے تین سو تیرہ کے ساتھ کم تر سازو سامان کے ساتھ بدر کے میدان میں
پہنچے اور وہاں پر نصرت کے لئے اللہ سے دعاء کی.

مکّہ میں مسلمان گرم ریت پر گھسیٹے گئے طائف کے سفر میں آپ: صلی اللہ علیہ وسلم کو پتھر مار کر
زخمی کر دیا گیا مسلمان پناہ کی خاطر حبشہ گئے. یہ سب کیا تھا کیا نبی کریم دعاء نہیں کرتے
ہونگے ضرور کرتے ہونگے مگر اللہ پر بھروسہ بھی کرتے تھے کہ وہ خالق اور ملک ہے جو وہ
کرتا ہے وہی درست ہے اس کی مشیت ہی اولی ہے. اس کی ہمارے لئے بنائی اچھی اور بری
تقدیر پر ہماراا یمان ہونا چاہیے

دوسرا نکتہ یہ ہے کہ ہماری ضرورتوں سے وہ ہم سے بڑھ کر آگاہ ہے. اس نے ہمارا خیال
اسوقت بھی رکھا جب ہم سوچنے اور سمجھنے کے قابل بھی نہ تھے. اب بھی جو اس نے
ہمارے نصیب میں لکھا ہے وہ کہیں جاتا نہیں اور جو ہمارے نصیب میں نہیں وہ آتا نہیں.

تیسرا نکتہ یہ ہے کہ وہ انسانوں کو دعاء کے قبول یا نا قبول ہونے کے ثبوت دینے کا پابند نہیں
چاہے سارے انسان ہی اکٹھے ہو کر یہ کام کیوں نہ کریں. وہ جو کرتا ہے اسی کا اعتبار ہے.
تم اللہ کی سنّت میں کوئی تبیلی نہیں پاؤ گئے. پس انسان کا کام ہے اس کی رحمت کا امیدوار
رہے. جو اس پر توکل کرتا ہے وہی اسکا پسندیدہ ہے.

نے

اس تمہید کی روشنی میں سب سے پہلے تو یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ دعا کی افادیت ہے یا نہیں سے پہلے ہم یہ یقین کر لیں آیا خدا ہے یا نہیں. اگر خدا کے ہونے پر ہی یقین نہیں ہے تو دعا کس سے کرنی ہے. حیرت کی بات ہے انسان جس کی موجودگی کے شواہد دنیا میں عارضی ہیں اس کو اپنے ہونے پر یقین ہے مگر جس کی وجہ سے اسکا اپنا وجود ہے یعنی وہ ذات جو اسکی قیوم ہے یعنی اسکے ہونے کو ممکن بنائے ہوے ہے اس پر یقین نہیں ہے. پس سب سے پہلے تو ہمیں اپنے وجود پر یقین کے ساتھ ساتھ ہمیں اللہ تعالی کی معرفت حاصل کرنے کی ضرورت ہے.

جب کچھ بھی نہ تھا اسی رب کی وحدہ ہو لاشریک ذات تھی. پھر اس نے کائنات بنانے کا ارادہ فرمایا تو واجب الوجود یعنی مرتبہ عقلی وجود میں آیا اور اسکے بعد ظاہر الوجود یعنی کائنات یا شخص اکبر بھی جسکا نام ہے وہ وجود میں آیا.

انسان کے ساتھ اسکے رب کا کیا تعلق ہے اور وہ اسکے کتنا قریب ہے اسکو حضرت شاہ ولی اللہ رہ نے اللہ کی معرفت کو تین حصّوں میں تقسیم کیا ہے. اللہ کی ذات مرتبہ عقل یعنی اللہ کی صفات اور کائنات یا شخص اکبر.

شاہ صاحب کا فرمانا ہے انسان کے لئے انس راہ کی ابتداء بھی عجز و حیرت ہے اور انتہا بھی عجز و حیرت ہے.

نے

شاہ صاحب اسکی مثال ایک سانچہ یا ٹھپہ سے دیتے ہیں جس میں جو نقش کھدا ہوا ہے وہ جب مٹی پر لگا تو وہی نقش مٹی پر کندا ں ہو گیا. جو ٹھپہ ہے وہ مرتبہ عقل ہے اور جو کندا ں ہو گیا ہے وہ کائنات ہے. اس مثال سے آپکو اندازہ ہو گیا ہو گا کہ اللہ تعالی کائنات کے مادی وجود سے کس قدر پاک ہے. اسکے باوجود اسکا اپنی مخلوق کے ساتھ اتنا قریبی تعلق ہے کہ وہ انکی شہ رگ سے بھی قریب ہے.

جو شہ رگ سے بھی قریب ہے یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ آپکی دعا کو نہ سنے.

پاک ہے وہ ذات جو بے قرار آدمی کی سنتا ہے جب وہ اس کو پکارتا ہے اور (اس کی) مصیبت کو دور کر دیتا ہے اور تم کو زمین میں صاحب تصرف بناتا ہے (یہ سن کر بتلاؤ کہ) کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے (مگر) تم لوگ بہت ہی کم یاد رکھتے ہو۔ (٦٢)

اسی بات کو آگے بوتے بڑھاتے ہوے حضرت شاہ اسماعیل شہید فرماتے ہیں:

"تمام امکانی حقائق کو تھامنے اور بر قرار رکھنے والی قوت ایک ہی ہے یعنی وہ واحد ذات ہی انکی قیوم ہے."

لاھوت یعنی حق تعالی کا علم عین اسکی ذات ہے. لاھوت کا ساری کائنات سے وہی تعلق ہے جو کسی چیز کو علمی صورت سے ہو سکتا ہے یعنی سارے حقائق خواہ ابہام و اطلاق سے موصوف ہوں یا یقین یا تحصیل کی شان رکھتے ہوں یا افراد و اشخاص ہوں ان سب کو اللہ

تعالی اپنے علم فعلی سے جانتے ہیں. علم کی یہ قسم صرف لاھوت کے ساتھ مختص ہے ممکن یا مخلوقات کو اس میں سے کوئی حصّہ نہیں ملا.

خالق اپنی مخلوق کی ضرورتوں کو ان سے زیادہ اور مکمل جانتا ہے. جو دعا ہم کرتے ہیں وہ بلا شبہ اس تک پہنچتی ہے. دعا کو قبول کرلینا یا نہ قبول کرنا یہ اللہ تعالی کا استحقاق ہے. وہ ہماری ضرورتوں اور اسکو پورا کرنے میں پنہاں مصلحتوں کو ہم سے بہتر جانتا ہے. اس کے کیے کی اس سے کسی کو پوچھنے کی جرات نہیں. دعائیں پوری بھی ہوتی ہیں اور نہیں بھی پوری ہوتیں. قران کریم میں دعاؤں کے منظور ہونے کا ذکر ہے. فرمایا

سورۃ المائدۃ

عیسےٰ ابنِ مریم نے دعا کی کہ اے اللہ اے ہمارے پروردگار ہم پر آسمان سے کھانا نازل فرمایئے کہ وہ ہمارے لیے یعنی ہم میں جو اول ہیں اور جو بعد میں سب کے لیے ایک خوشی کی بات ہو جائے اور آپ کی طرف سے ایک نشان ہو جاوے اور آپ ہم کو عطا فرمایئے اور آپ سب عطا کرنے والوں سے اچھے ہیں۔(۱۱۴) حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ میں وہ کھانا تم لوگوں پر نازل کرنے والا ہوں پھر جو شخص تم میں سے اس کے بعد ناحق شناسی کرے گا تو میں اس کو ایسی سزا دوں گا کہ وہ سزا دنیا جہان والوں میں سے کسی کو نہ دونگا۔(۱۱۵)

عرض کیا اے میرے رب میرا حوصلہ فراخ کر دیجیئے اور میرا (یہ) کام (تبلیغ کا) آسان فرما دیجیئے۔(۲۶) اور میری زبان پر سے بستگی (لکنت کی) ہٹا دیجیئے۔(۲۷) تا کہ لوگ میری

نے

بات سمجھ سکیں۔(۲۸)اور میرے واسطے میرے کنبہ میں سے ایک معاون مقرر کر دیجیئے۔(۲۹)یعنی ہارونؑ کو کہ میرے بھائی ہیں۔(۳۰)ان کے ذریعے سے میری قوت کو مستحکم کر دیجیئے۔(۳۱)اور ان کو میرے (اس تبلیغ کے) کام میں شریک کر دیجیئے۔(۳۲) تاکہ ہم دونوں آپ کی خوب کثرت سے پاکی بیان کریں۔(۳۳)اور آپ کا خوب کثرت سے ذکر کریں۔(۳۴)بیشک آپ ہم کو دیکھ رہے ہیں۔(۳۵)ارشاد ہوا کہ تمہاری (ہر) درخواست منظور کی گئی اے موسیٰ۔(۳۶)اور ہم تو (ایک دفعہ اور بھی)(اس کے قبل بے درخواست ہی) تم پر احسان کر چکے ہیں۔(۳۷)

سورۃ الانبیاء

اور مچھلی والے (پیغمبر یعنی یونسؑ کا تذکرہ کیجیئے جب وہ (اپنی قوم سے) خفا ہو کر چل دیئے اور انہوں نے یہ سمجھا کہ ہم ان پر (اس چلے جانے میں) کوئی دارو گیر نہ کریں گے پس انہوں نے اندھیروں میں پکارا آپ کے سوا کوئی معبود نہیں آپ (سب نقائص) سے پاک ہیں میں بے شک قصوروار ہوں۔(۸۷)سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو اس گھٹن سے نجات دی اور ہم اسی طرح (اور) ایمان والوں کو (بھی کرب وبلا سے) نجات دیا کرتے ہیں۔(۸۸)اور زکریاؑ کا ذکر کیجیئے جب کہ انہوں نے اپنے رب کو پکارا اے میرے رب مجھ کو لاوارث مت رکھیو (یعنی مجھ کو فرزند دیجیئے کہ میرا وارث ہو) اور سب وارثوں سے بہتر آپ ہی ہیں۔(۸۹)سو ہم نے ان کی دعا قبول کرلی اور ہم نے ان کو یحییٰ فرزند عطا

فرمایااور ان کی خاطر سے ان کی بی بی کو (جو کہ بانجھ تھیں) اولاد کے قابل کر دیا یہ سب نیک کاموں میں دوڑتے تھے امید و بیم کے ساتھ ہمای عبادت کرتے تھے اور ہمارے سامنے دب کر رہتے تھے۔ (۹۰)

ان آیات کی روشنی میں دعا کرنا اور اسکی قبولیت ثابت ہے. لہٰذا اللہ پر ایمان رکھنے والوں کو اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنی عرض داشتیں ضرور پیش کرنی چاہیں اور بیشک اسکی رحمت سے کافر ہی مایوس ہوتے ہیں.

سورۃ الاٗعرَاف

اللہ تعالیٰ جو تمام عالم کے پروردگار ہیں تم لوگ اپنے پروردگار سے دعا کیا کرو تذلّل ظاہر کرکے بھی اور چپکے چپکے بھی (البتہ یہ بات) واقعی (ہے کہ) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ناپسند کرتے ہیں۔ (۵۵) جو (دعا) میں حدّ (ادب) سے نکل جائیں اور دنیا میں بعد اس کے کہ اس کی درستی کر دی گئی ہے فساد مت پھیلاؤ اور تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اُس سے ڈرتے ہوئے اور امیّدوار رہتے ہوئے بیشک اللہ تعالیٰ کی رحمت نزدیک ہے نیک کام کرنے والوں سے۔ (۵۶)

دعا دراصل ایک طرح کی عبادت ہے

نے

حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا: الدُّعاءَ هوَ العِبادةُ، ثمَّ قرأَ: وَقالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ (صحيح الترمذي:3372)

ترجمہ: دعاہی عبادت ہے، پھر آپ نے آیت پڑھی: « وقال ربکم ادعوني أستجب لکم إن الذين يستكبرون عن عبادتي سيد خلون جهنم داخرين » تمہارارب فرماتا ہے، تم مجھے پکارو، میں تمہاری پکار یعنی دعا کو قبول کروں گا، جو لوگ مجھ سے مانگنے سے گھمنڈ کرتے ہیں، وہ جہنم میں ذلیل وخوار ہو کر داخل ہوں گے۔

اللہ کے نزدیک دعاسب سے معزز چیز ہے، نبی ﷺ کا فرمان ہے:

ليسَ شيءٌ أكرَمَ على اللَّهِ تعالى منَ الدُّعاءِ (صحيح الترمذي:3370)

ترجمہ: اللہ کے نزدیک دعا سے زیادہ معزز و مکرم کوئی چیز نہیں ہے۔

اسی لئے اللہ تعالی دعا کرنے والوں کو کبھی مایوس نہیں کرتا، نبی ﷺ فرمان ہے:

إنَّ اللَّهَ حيِيٌّ كريمٌ يستحيي إذا رفعَ الرَّجلُ إليهِ يديهِ أن يردَّهما صفرًا خائبتينِ (صحيح الترمذي:3556)

ترجمہ: اللہ « حيي كريم » ہے یعنی زندہ وموجود ہے اور شریف ہے اسے اس بات سے شرم آتی ہے کہ جب کوئی آدمی اس کے سامنے ہاتھ پھیلا دے تو وہ اس کے دونوں ہاتھوں کو خالی اور ناکام ونامراد واپس کر دے۔

نے

ہاں یہ بات جان لینے کی ضرورت ہے کہ دعا کی قبولیت کی شکلیں مختلف ہو سکتی ہیں چنانچہ نبی ﷺ کا یہ فرمان ملاحظہ فرمائیں:

ترجمہ: جب بھی کوئی مسلمان ایسی دعا کرے جس میں گناہ یا قطع رحمی نہ ہو، تو اللہ ربّ العزت تین باتوں میں سے ایک ضرور اُسے نوازتے ہیں: یا تو اس کی دعا کو قبول فرمالیتے ہیں یا اس کے لئے آخرت میں ذخیرہ کر دیتے ہیں اور یا اس جیسی کوئی برائی اس سے ٹال دیتے ہیں۔ صحابہؓ نے کہا: پھر تو ہم بکثرت دعا کریں گے۔ تو نبیؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس سے بھی زیادہ بخشنے (عطا کرنے) والا ہے۔

گویا دعا کبھی رائیگاں نہیں جاتی، کبھی فوراً قبول کرلی جاتی ہے، کبھی اس کی قبولیت میں تاخیر ہو سکتی ہے، کبھی اسے آخرت کے لئے ذخیرہ بنادی جاتی ہے تو کبھی اس کے بدلے برائی دفع کی جاتی ہے۔ آخری پیرا تحریر مقبول احمد سلفی

دعا کا ایک بڑا فائدہ تو یہی ہے کہ درخواست گزار اپنے خالق ومالک بادشاہ کی خاص نظر میں آجاتا ہے. جس سے مانگنے کا حق ہے اسی سے مانگتا ہے اور اس کا اپنا سرور ہے. رب کریم کا فرمانا ہے:

سُوۡرَةُ فَاطِر

۞ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ أَنتُمُ ٱلۡفُقَرَآءُ إِلَى ٱللَّهِۖ وَٱللَّهُ هُوَ ٱلۡغَنِىُّ ٱلۡحَمِيدُ (١٥

اے لوگو تم خدا کے محتاج ہو اور اللہ تعالیٰ تو بے نیاز خوبیوں والا ہے۔

نے

آسمانی صحیفوں میں درج مافوق الفطرت واقعات

خدا کے منکر آسمانی صحیفوں میں درج مافوق الفطرت واقعات کو لیکر مذاق کرتے ہیں، مذہب پر تنقید کرتے ہیں اور اپنا عدم اطمینان ظاہر کرتے ہیں. قران کریم نہیں مگر دیگر کچھ صحیفوں میں درج ناشائستہ حکایتوں کی بھی وہ نشان دہی کرتے ہیں. جو یقینا شرمناک باتیں ہوتی ہیں.

یہی وجہ ہے یہاں مذھب کی طرف سے جواب کا مطلب دین اسلام کے نکتہ نظر سے اسکا جواب ہے. یہی خدا کا پسندیدہ سچا دین ہے. ضروری ہے کہ شائستگی کے دائرہ میں رہتے ہوے شک کرنے والوں کو تسلی بخش جواب دیا جائے.

قران کریم میں بھی بہت سے ایسے واقعیات کا ذکر ہے جن کی سچائی پر ہمارے بعض نوجوان شک کرتے ہیں. انکی مختصر تفصیل کچھ یوں ہے؛

نے

۱. حضرت نوح کی کشتی میں سب جانور چرند پرند کیسے سما سکتے ہیں؟

۲. چیونٹیاں کیسے باتیں کر سکتی ہیں، جو حضرت سلیمان نے سن لیں.

۳. ہدہد پرندہ کیسے باتیں کر سکتا ہے اور حضرت سلیمان سے یمن کے حالات بیان کر سکتا ہے.

۴. آگ تو جلا دیتی ہے وہ حضرت ابراہیم پر ٹھنڈی کیسے ہو سکتی ہے؟

۵. بغیر باپ کے بچہ کیسے پیدا ہو سکتا ہے؟

رچرڈ ڈاکنز لکھتا ہے

"خدا نے ابراہیم کو حکم دیا کہ وہ منتوں مرادوں کے بعد پیدا ہونے والے اپنے بیٹے اسحاق کی قربانی پیش کرے۔ بایں ہمہ ابراہیم نے ایک قربان گاہ بنائی، اس میں لکڑیاں جمع کیں، اور اسحاق کے ہاتھ پیر باندھ کر لکڑیوں پر لٹا دیا۔ ابراہیم خنجر کا وار کرنے ہی والا تھا کہ ایک فرشتہ نے بڑے ڈرامائی انداز میں مداخلت کرتے ہوئے یہ خوشخبری دی کہ خدا نے اپنا ارادہ بدل دیا ہے: خدا تو یونہی "مذاق" کر رہا تھا، اور ابرا

ہیم کے ایمان کا امتحان لے رہا تھا۔ دور جدید کا ماہر اخلاقیات یہ سمجھنے سے قاصر ہے کہ ایک بچّہ اس قسم کے نفسیاتی صدمے سے کیسے نجات پا سکے گا۔ جدید اخلاقیات کے نقطہ نظر سے یہ شرمناک قصہ بیک وقت بچّوں کے استحصال، دو مختلف اطراف میں غنڈہ گردی، اور تاریخ میں پہلی بار نیورمبذگ بر دفاع 'میں تو صرف احکامات کی بجا آوری کر رہا تھا' کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ اس کے باوجود یہ قصہ تینوں مذاہب کی عظیم ترین بنیادی روایات میں سے ایک ہے۔"

آگے کہتا ہے

"حریف خدا بعل ہمیشہ سے عبادت گزاروں کو بہکانے والا رہا ہے۔ اسرائیلی عبادت گزاروں کو بعل کے حضور قربانی پیش کرنے کے لئے موآبی عورتوں کے ذریعہ ورغلایا گیا۔۔ حسب معمول، خدا کا ردعمل قہر آلود تھا۔ اس نے موسیٰ کو حکم دیا کہ 'سب کے سر لو اور انہیں اپنے پروردگار کے حضور سورج کے سامنے لٹکا دو، تا کہ تمہارے پروردگار کا غیض و غضب اسرائیل سے دور ہو سکے'۔ ایک بار پھر، حریف خدا سے راہ و رسم بڑھانے کی پاداش میں خدا کے شدید ظالمانہ نقطہ نظر پر حیران ہوئے بغیر نہیں رہا جا سکتا ہے۔"

دہریے بائبل کے حوالے سے حضرت نوح علیہ سلام کی کشتی کی مثال دیتے ہیں کہ ایک کشتی میں کیسے سب جانور سوار کر لئے گئے. وہ یہ بھی کہتے ہیں خدا کو انسانوں کی حرکات ناپسند تھیں تو اس سے ایک خاندان کے علاوہ باقی سب انسانوں کو بچوں اور جانوروں سمیت غرق کر دیا. دہریہ کہتا ہے "ایک معبود ہستی کو، جس کے ذہن پر تخلیق اور ابدیت جیسے مسائل چھائے ہوئے ہوں، اسے انسان کی چھوٹی چھوٹی بدمعاشیوں سے بھلا کیا علاقہ ہو گا. ہم انسان خواہ مخواہ اپنے آپ کو اتنی اہمیت دے لیتے ہیں کہ اپنی معمولی 'غلطیوں' کو بڑھا چڑھا کر آسمانی درجے پر بیٹھا دیتے ہیں۔"

ان سب مافوق الفطرت باتوں کے جواب کے لئے ہم کشتی نوح کے قصّہ کو لے لیتے ہیں. اس واقعہ کا ذکر تو تقریبا سب مذاہب میں ملتا ہے. ایسا ہوا واقعہ ہوا تھا اس پر اختلاف نہیں، اس طوفان کا ذکر بہت ملتا ہے. اختلاف دیگر باتوں پر ہے اور اس پر کافی تحقیق بھی کی گئی ہے. اور کشتی میں سب جانوروں کے سوار کرنے کو عقل سے بعید قرار دیا گیا ہے. ملاحضہ فرمائیں کیسا تفصیل سے اسکا تجزیہ کیا جاتا ہے:

نوح نے تمام جانوروں کو کشتی میں کیسے رکھا تھا؟ کیا کشتی اتنی بڑی تھی کہ جانوروں کی "ہر قسم میں سے دو دو یعنی پرندوں کی ہر قسم میں سے، چرندوں کی ہر قسم میں سے، رینگنے والوں کی ہر قسم میں سے" اور کچھ کے سات سات جوڑے اس میں سما سکتے تھے۔ اُن سب کے کھانے کے بارے میں کیا خیال ہے؟ نوح اور اُس کے خاندان (8 لوگوں) کے ساتھ ساتھ تمام جانوروں

نے

کے لیے کم از کم ایک سال (پیدائش 7 باب 11 آیت؛ 8 باب 13-18 آیات) تک کے لیے یا ہو سکتا کہ سبزے کی نشو و نما کے لیے درکار وقت اور ماحول کے پیش نظر زیادہ لمبے عرصے تک وافر خوراک ذخیرہ کرنے کے لیے کشتی میں بہت سی جگہ درکار تھی۔ یہ بہت سی خوراک ہے ! پینے والے پانی کے بارے میں کیا خیال ہے ؟ کیا یہ یقین کرنا حقیقت پسندانہ بات ہے کہ نوح کی کشتی تمام جانوروں اور اُن سب لوگوں کے واسطے کھانا اور پانی ذخیرہ کرنے کے لیے کافی تھی ؟

پیدائش کی کتاب میں دی گئی کشتی کی پیائش کچھ یوں ہے 300 ہاتھ لمبائی، 50 ہاتھ چوڑائی اور 30 ہاتھ اونچائی (پیدائش 6 باب 15 آیت)۔ ہاتھ. لہذا کشتی ممکنہ طور پر 550 فٹ لمبی، 91.7 فٹ چوڑی اور 55 فٹ اونچی ہو گی. کشتی میں کتنے جانور تھے ؟ ووڈ مور ایپ "8000 اقسام" کا اندازہ لگاتا ہے۔ ایک "قسم" سے کیا مراد ہے ؟ "قسم" کی اصطلاح "نسلوں" کی اصطلاح سے کہیں زیادہ وسیع خیال کی جاتی ہے۔ جیسا کہ کتوں کی 400 سے زیادہ انواع ایسی ہیں جن کا تعلق ایک ہی نسل سے ہے لہذا بہت سی انواع ایک ہی قسم سے تعلق رکھ سکتیں ہیں۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ "جنس" کی اصطلاح بائبل میں استعمال ہونے والے لفظ "قسم" کے کسی حد تک قریب ہو سکتی ہے۔

اس کے باوجود اگر ہم "قسم" کو "نوع" کا مترادف بھی خیال کریں تو "ممالیہ، پرندوں، امفیبین اور رینگنے والے جانوروں کی بہت سی انواع نہیں ہیں۔ نظام حیاتیات کے ماہر ارنسٹ مائرِان کی تعداد 17,600 پیش کرتا ہے۔ کشتی پر موجود ہر نوع میں سے دو دو اور اُن کے ساتھ نام نہاد پاک قسم کے جانوروں کے سات سات جوڑوں کے علاوہ معدوم ہونے والی انواع کی

نے

معقول تعداد کو بھی شامل کر لیا جائے تو یہ پوری طرح واضح ہے کہ کشتی پر 50,000 سے زیادہ جانور نہیں تھے "(موریس، 1987)۔

ان تمام جانوروں کی طرف سے پیدا کردہ تمام فضلے کے بارے میں کیا خیال ہے۔ 8 لوگ روزانہ کی بنیاد پر ان تمام جانوروں کے کھانے کا انتظام اور بہت سے فضلے کو ٹھکانے کیسے لگاتے تھے؟ مخصوص خوراک کھانے والے جانوروں کے بارے میں کیا خیال ہے؟۔ نباتاتی زندگی کیسے زندہ بچی تھی؟ حشرات کے بارے میں کیا خیال ہے؟ ان جیسے ہزاروں دیگر سوالات ہیں جو اُٹھائے جا سکتے ہیں اور یہ سب مناسب سوال ہیں۔ بہت لوگوں کے نزدیک یہ ناقابل جواب سوالات ہیں ۔ لیکن یہ یقینی طور پر کوئی نئی باتیں نہیں ہیں۔ یہ صدیوں سے پوچھے جا رہے ہیں۔ اور اس تمام عرصے کے دوران محققین نے جوابات کی کھوج کی ہے۔ اب ایسے بے شمار عالمانہ تجزیے موجود ہیں جنہوں نے نوح اور اُس کی کشتی کو امتحان میں ڈال دیا ہے

https://www.gotquestions.org/Urdu/Urdu-Noahs-ark-animals.html۔

میرا خیال ہے یہ الٹی طرف چل نکلے ہیں، اتنی تفصیلات میں مغز کھپانے کی ضرورت نہیں تھی.

سیدھی سی بات ہے سب اصولوں کو بنانے والا اللہ تعالی ہے، ہم سب کچھ انہی اصولوں بروے کار دیکھنے کے عادی ہو چکے ہیں لہٰذا ان پر حیران نہیں ہوتے. کیا بادل لاکھوں ٹن پانی اٹھا کر زمین کو مسلسل سیراب نہیں کرتے رہتے؟ کیا سورج جو روز طلوع اور غروب ہوتا ہے اور چاند

نے

جو گھٹتا گھٹتا باریک نظر آتا ہے حیرا نکن نہیں. کیا ایک تن آور درخت ایک بیج میں بند نہیں ہوتا؟. کیا ایک بیج کے عوض ستر دانے ہم اگاتے ہو؟ کیا ہم ایک جادو نگری جیسی دنیا میں نہیں رہ رہے. غور و فکر کرو تو ایسا ہی ہے. جس کا خدا پر ایمان نہیں، اسکا یقین نہیں، اسی کو اسکی عقل گمراہ کرتی ہے اور اسکا نفس اس پر سوار رہتا ہے.

If you could peer into any one of your body's 50 trillion cells, you'd find a fantastically complex and busy world. At the center of this world, you'd find a nucleus containing 46 molecules called chromosomes−23 from your mother and 23 from your father. These chromosomes are basically an instruction set for the construction and maintenance of... you.

You've got six billion of these pairs of nucleotides in each of your cells, and amongst these six billion nucleotide pairs are roughly 23,000 genes. A gene is a distinct stretch of DNA that determines something about who you are. (More on that later.) Genes vary in size, from just a few thousand pairs of nucleotides (or "base pairs") to over two million base pairs.

نے

یہ سب جو اوپری عبارت میں درج ہے کیسے ممکن ہو گیا۔؟ دنیا، جہاں ہمارے وجود کو زندہ رکنے والے خلیوں میں موجود جنوم کی تعداد تین ارب پیر زہے۔ انسان کے وجود کے اندر بند ڈی این اے کو اگر کھول دیا جائے تو وہ ہمارے نظام شمسی کے گرد دائرہ پر محیط ہو۔ کیا یہ سب عجائب بنانے والا رب اس بات پر قادر نہیں کہ وہ سب جانوروں کے جوڑوں کو ایک کشتی میں جمع کر دے؟ ہدہد بول بھی سکتا ہے، چیونٹیاں گفتگو کر سکتی ہیں۔ حضرت ابراہیم پر آگ کا ٹھنڈا پڑ جانا ہو۔ حضرت عیسی کی بن باپ کے پیدائش ہو حضرت یونس کا مچھلی کے پیٹ میں زندہ رہنا ان تمام باتوں کو کرنے پر اللہ تعالی قادر ہیں۔ یہ اللہ تعالی کے لئے کچھ مشکل نہیں۔ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو کہتا ہے، ہو جا، اور وہ ہو جاتی ہے۔

قرآن کریم نے حضرت نوح کے قصّہ کو اسطرح بیان فرمایا ہے:

سورۃ ھُود

یہاں تک کہ جب ہمارا حکم (عذاب کے قریب) آ پہنچا اور زمین میں سے پانی ابلنا شروع ہوا ہم نے نوحؑ سے فرمایا کہ ہر قسم (کے جانوروں) میں سے ایک ایک نر اور ایک ایک مادہ یعنی دو عدد اس (کشتی) میں چڑھالو اور اپنے گھر والوں کو بھی (چڑھالو) باستثناء اس کے جس پر (غرق ہونے کا) حکم نافذ ہو چکا ہے اور (گھر والوں کے علاوہ)

نے

دوسرے ایمان والوں کو بھی اور بجز قلیل آدمیوں کے ان کے ساتھ کوئی ایمان نہیں لایا تھا۔(۴۰)ا

سورہ نوح

نوح نے دعا کی کہ اے میرے پروردگار میں نے اپنی قوم کو رات کو بھی اور دن کو بھی (دین حق کی طرف) بلایا۔(۵) سو میرے بلانے پر (دین سے) اور زیادہ بھاگتے رہے۔ اور میں نے جب کبھی ان کو بلایا تاکہ آپ انکو بخش دیں تو انہوں نے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں دے لیں اور اپنے کپڑے (اپنے اوپر) لپیٹ لئے اور اصرار کیا اور غایت درجہ کا تکبر کیا۔(۷) پھر (بھی) میں نے ان کو بآواز بلند بلایا۔(۸) پھر میں نے ان کو علانیہ بھی سمجھایا اور ان کو بالکل خفیہ بھی سمجھایا۔(۹) اور میں نے کہا کہ تم اپنے پروردگار سے گناہ بخشواؤ بیشک وہ بڑا بخشنے والا ہے۔(۱۰) کثرت سے تم پر بارش بھیجے گا۔(۱۱) اور تمہارے مال اور اولاد میں ترقی دے گا اور تمہارے لئے باغ لگادے گا اور تمہارے لئے نہریں بہادے گا۔(۱۲) تم کو کیا ہوا کہ تم اللہ کی عظمت کے معتقد نہیں ہو۔(۱۳) حالانکہ اس نے تم کو طرح طرح سے بنایا۔(۱۴) کیا تم کو معلوم نہیں کہ اللہ نے کس طرح سات آسمان اوپر تلے پیدا کئے۔(۱۵) اور ان میں چاند کو نور (کی چیز) بنایا اور سورج کو (مثل) چراغ بنایا۔(۱۶) اور اللہ نے تم کو

نے

زمین سے ایک خاص طور پر پیدا کیا۔(۱۷) پھر تم کو (زمین) ہی میں لے جاوے گا
اور تم کو باہر لے آوے گا۔(۱۸) اور اللہ تعالیٰ نے زمین کو تمہارے لئے فرش بنایا۔
(۱۹) تا کہ تم اسکے کھلے رستوں میں چلو۔(۲۰) نوح نے کہا کہ اے میرے پرودگار
ان لوگوں نے میرا کہا نہیں مانا اور ایسے شخصوں کی پیروی کی کہ جن کے مال اور اولاد
نے ان کو نقصان ہی زیادہ پہنچایا۔(۲۱) اور جنہوں نے (حق کے مٹانے میں)
تدبیریں کیں۔(۲۲) اور جنہوں نے کہا کہ تم اپنے معبودوں کو ہرگز نہ چھوڑنا اور نہ
وَدّ کو اور نہ سُواع کو اور نہ یغوث یعوق اور نسر کو چھوڑنا۔(۲۳) اور ان لوگوں نے
بہتوں کو گمراہ کر دیا اور (اب آپ) ان ظالموں کی گمراہی اور بڑھا دیجئے۔(۲۴)
(ان لوگوں کا انجام یہ ہوا کہ) اپنے ان ہی گناہوں کے سبب وہ غرق کئے گئے پھر
دوزخ میں داخل کئے گئے اور خدا کے سوا ان کو کوئی حمایتی میسر نہ ہوئے۔(۲۵) اور
نوح نے (یہ بھی) کہا کہ اے میرے پروردگار کافروں میں سے زمین پر ایک باشندہ
بھی مت چھوڑ۔(۲۶) اگر آپ ان کو رہنے دینگے تو آپ کے بندوں کو گمراہ کر دینگے
اور ان کے محض فاجر اور کافر ہی اولاد پیدا ہوگی۔(۲۷) اے میرے رب مجھ کو
اور میرے ماں باپ کو اور جو مومن ہونے کی حالت میں میرے گھر میں داخل ہیں
ان کو اور تمام مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بخشدیجئے اور ان ظالموں کی
ہلاکت اور بڑھائیے۔(۲۸)

نے

سورۃ العنکبوت

اور ہم نے نوحؑ کو ان کی قوم کی طرف (پیغمبر بنا کر) بھیجا سو وہ ان میں پچاس سال کم ایک ہزار برس رہے (اور قوم کو سمجھاتے رہے) پھر (جب اس پر بھی وہ باز نہ آئے تو) ان کو طوفان نے آدبایا اور وہ بڑے ظالم لوگ تھے۔ (۱۴) پھر ہم نے ان کو اور کشتی والوں کو بچا لیا اور ہم نے اس واقعہ کو تمام جہان والوں کے لیے موجب عبرت بنایا۔ (۱۵

پس اللہ کے کاموں میں شک کرنے کی گنجائش نہیں.

یہ کتاب ایسی ہے جس میں کوئی شبہ نہیں راہ بتلانے والی ہے خُدا سے ڈرنے والوں کو۔ (۲) وہ (خدا سے ڈرنے والے) لوگ ایسے ہیں کہ یقین لاتے ہیں چُھپی ہوئی چیزوں پر اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور جو کچھ دیا ہے ہم نے اُن کو اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ (۳) اور وہ لوگ ایسے ہیں کہ یقین رکھتے ہیں (کتاب) پر بھی جو آپ کی طرف اتاری گئی ہو اور ان (کتابوں) پر بھی جو آپ سے پہلے اتاری جا چکی ہیں اور آخرت پر بھی وہ لوگ یقین رکھتے ہیں۔ (۴) یہ لوگ ہیں ٹھیک راہ پر جو اُن کے پروردگار کی طرف سے ملی ہے. اور یہ لوگ ہیں پورے کامیاب۔

نسے

ہر زمانے میں انسانی سوچ اور حس کا بدلتا انداز

لوگوں کا ہر آنے والے زمانہ میں حقائق کو دیکھنے کا انداز بدلتا رہتا ہے. کل جو بات گناہ کبیرہ تھی بدلتے وقت کے ساتھ لوگوں اسکے بارے میں بے فکر ہو جاتے ہیں. کل عورت کی آواز میں بے حیائی کے عشقیہ اشعار والا گانا ریڈیو پر سن کر عورتیں حیاء سے سرخ ہو جاتی تھیں. آج انہی شریف بیبیوں کی اولادیں کسی طرح کی بے حیائی محسوس کئے بغیر ھر طرح کی برہنہ ویڈیوز اور فحش کلامی دیکھتی اور سنتی ہیں.

جو ملحد اور دہریہ الذہن لوگ ہیں وہ اسکو مثبت تبدیلی سمجھتے ہیں. جو ایک اللہ پر یقین رکھنے والے لوگ ہیں وہ اسکو انسانیت کا انحطاط کہتے ہیں.

ایسے ہی مظاہر کے اثرات کو دیکھ کر ملحد اپنے نکتہ نظر سے اس کی تشریح کچھ یوں کرتے ہیں

.جنگوں میں ظلم و ستم کے بارے میں انسانی معیار میں تبدیلی

عورتوں کے حقوق اور آزادی کو لے کر وقت بدلنے کے ساتھ انسانی سوچ میں تبدیلی

ہم جنس پسندوں کو لے کر معاشرے کا نرم رویہ اور انکو آپس میں شادیوں کی اجازت

نے

دین اسلام جن باتوں کو منع کرتا ہے منکر خدا جو کہتے اور جو چاہتے ہیں وہ اسکے بلکل الٹ اور اسکی ضد ہے.

رچرڈ ڈاکنز کا کہنا ہے. روح عصر کے اس اجتماعی انداز میں ترّقی کے بارے میں تفصیلی وضاحت فراہم کرنا نفسیات اور عمرانیات میں میری غیر پیشہ ورانہ قابلیت سے باہر ہے۔ میرے مقاصد کے لئے اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ یہ ایک مشاہدہ شدہ حقیقت ہے کہ یہ بڑھتی ضرور ہے، اور اس کا محرّک مذہب نہیں ہے اور صحیفے تو قطعی نہیں۔ ....۔ وجہ جو بھی ہو، روح عصر کی ترّقی کا صریح رجحان اس دعوے کو جھٹلانے کے لئے کافی ہے کہ اچھا بننے کے لئے یا اچھائی کی پہچان کرنے کے لئے ہمیں کسی خدا کی ضرورت ہے۔

زمانہ بدلتا ہے انسان کی سوچ بدلتی ہے مگر اسکے اثرات کے بارے میں مومن اور کافر کی رائے میں زمین آسمان کا فرق ہے. یہ کون سی چیز ہے جو درمیان میں لکیر کھینچ دیتی ہے؟. وہ ایمان ہے.

زمانے کے بدلتے رنگ کے بارے میں اہل ایمان اور کفّار کے استدلال میں زمین آسمان کا فرق ہے. بہتر قدرتی انتخاب کے نظریہ کی بنیاد پر ملحد اور منکر خدا یہ خیال کرتے ہیں کہ

نے

وقت کے ارتقاء کے ساتھ انسانوں کے رویوں میں مثبت تبدیلی رونما ہو رہی ہے. مثال کے طور پر انکا کہنا ہے کہ آج کا انسان ظلم اور بربریت کے بارے میں پہلی نسلوں سے بہتر تصورات رکھتا ہے. آج کا انسان مہذب ہو رہا ہے. وہ ہٹلر اور سٹالن کی بربریت کو برا خیال کرتا ہے حالانکہ چنگیز خان کی بربریت کے مقابلے میں ہٹلر اور سٹالن کم ظالم تھے اور اسی طرح آج کا انسان ہٹلر اور سٹالن کے مقابلے میں کم ظالم ہے. یہی انسانیت بہتر قدرتی انتخاب کے نظریہ کے تحت بہتری کی طرف گامزن ہے.

اسی طرح وہ انسانوں کی غلامی کی مثالیں بھی پیش کرتے ہیں. کس طرح اٹھارویں صدی کے اسکالر تک غلاموں کے بارے میں تعصب بھرے الفاظ استعمال کرنے کو معیوب خیال نہیں کرتے تھے جبکہ آج کے زمانہ کے اخلاقی پیمانہ کے مطابق ان مفکرین کے الفاظ نسل پرستانہ تھے.

عورت کی آزادی کو لیکر بھی انکے خیالات کچھ اسی قسم کے ہیں. عورت وقت کے ساتھ ساتھ اپنے حقوق حاصل کر پائی ہے. ایک دو صدیوں پہلے تک تو اسکو ووٹ کا حق بھی حاصل نہیں تھا. جبکہ آج وہ آزادی کے بہکاوے میں آکر استحصال کا شکار ہو رہی ہے. جب آج کی عورت کہتی ہے میرا جسم میری مرضی تو ملحد اس سوچ کی دل و جان سے حمایت کرتے ہیں. ایک ملحد تو یہاں تک کہتا ہے کہ اگر جہادی کلچر ختم کرنا ہے تو انکی عورتوں کو آزادی نسواں کے ذریعہ باغی بناؤ، جہادی خود ہی ختم ہو جائیں گئے.

نے

منکر خدا اور ملحد آزادی حقوق کے نام پر ہم جنس پرستی کے بھی پر زور حامی ہیں. اسی طرح کے لوگوں کی کوششوں سے اب مغرب میں مرد سے مرد کی شادی کو قانونی حیثیت حاصل ہو رہی ہے.

انسانی نفس کی خواہشات کی تکمیل ان ملحدوں کی نظر میں آزادی کی تکمیل ہے

جو نظریات یہ ملحد رکھتے ہیں اہل ایمان کے خیالات اس کے بلکل بر عکس ہیں

اہل ایمان کے نظریات کی بنیاد بہتر قدرتی انتخاب کے انسانی نظریہ کی بجاے اللہ کی ہدایت پر ہے جو وحی کی صورت میں نازل کی گئی ہے.

قران میں اللہ تعالی فرماتے ہیں:

سورۃ الجَاثِیَۃ

سو کیا آپ نے اس شخص کی حالت بھی دیکھی جس نے اپنا خدا اپنی خواہش نفسانی کو بنا رکھا ہے اور خدائے تعالیٰ نے اسکو باوجود سمجھ بوجھ کے گمراہ کر دیا ہے. اور خدائے تعالیٰ نے اس کے کان اور دل پر مہر لگادی ہے اور اسکی آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے سو ایسے شخص کو بعد خدا کے (گمراہ کر دینے کے) کون ہدایت کرے کیا تم پھر بھی نہیں سمجھتے۔(۲۳)

سورۃ الاَنعَام

نے

اور ایسے لوگوں سے بالکل کنارہ کش رہ جنہوں نے اپنے دین کو لہو لعب بنار کھا ہے اور دنیوی زندگی نے ان کو دھوکہ میں ڈال رکھا ہے

منکر اور ملحد اپنی عقل کے بل پر جن باتوں کو ترقی سمجھتے ہیں قران کی روشنی میں اہل ایمان کو وہ انسانیت کا انحطاط نظر آتا ہے.

کیا بڑھتی ہوئی نشہ کی تباہ کاریاں، جنسی بے راہروی جس سے اب معصوم بچے تک محفوظ نہیں رہے کیا فحش فلموں سے نوجوانوں کی بڑی تعداد کا ذہنی بیمار پڑ جانا انسانیت کا زوال نہیں؟. عورت کی آزادی کے نام پر انکو برہنہ کر دینا اور بازار کی زینت بنا دینا انسانی نسلوں کی تباہی کا سامان نہیں؟

اسلام میں ہر پسندیدہ بات کی اجازت ہے خواہ وہ عورت کی عزت و تکریم ہو

یا انسان کا مرتبہ اور مقام ہو-اسلام پسند نہیں کرتا دونوں میں سے کوئی بھی اپنے شرف انسانیت کے مقام سے گر جائے.

سورۃ الأعرَاف

آپ فرمایئے کہ البتہ میرے رب نے حرام کیا ہے تمام فحش باتوں کو ان میں جو علانیہ ہیں وہ بھی اور ان میں جو پوشیدہ ہیں وہ بھی اور ہر گناہ کی بات کو اور ناحق کسی پر ظلم کرنے کو اور اس بات کو کہ تم اللہ کے ذمے ایسی بات لگاؤ جس کی تم سند نہ رکھو۔(۳۳)

یونیورسل یا آفاقی اقدار کی سچائی وقت اور زمانے کے ساتھ نہیں بدلتی. آفاقی

نے

اقدار پر عمل اپنے اثرات پیدا کرتا ہے اور اپنی افادیت کا زندہ ثبوت ہوتا ہے. سائنس پر تجربات پر یقین رکھنے والے یہاں بغاوت اور گمراہی کیوں اختیار کرتے ہیں؟ وہ کام فخر سے کرتے ہیں جو فی زمانہ قابل قبول ہوتے ہیں خواہ وہ گناہ کے کام ہی کیوں نہ ہوں. انسانی تہذیب و تمدن اس لحاظ سے زوال پذیر ہے کہ بہت سی اچھی باتیں اور اخلاقیات اب ماند پڑ رہی ہیں.

نے

دور جدید کے کفّار کی ایک مکارانہ دلیل

رچرڈ ڈاکنز کا کہنا ہے:

"بنیاد پرستوں کو یقین ہوتا ہے کہ وہ صحیح ہیں، کیونکہ انہوں نے سچ ایک الہامی کتاب میں پڑھا ہوتا ہے اور وہ پہلے سے ہی جانتے ہیں کہ وہ اپنے عقیدے سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ الہامی کتاب کا سچ ایک کلیہ ہے، استدلال کا نتیجہ نہیں۔ کتاب سچی ہے، اور اگر شواہد کتاب سے اختلاف کریں تو شواہد کو رد کر دیا جائے گا، نہ کہ کتاب کو۔ اس کے برعکس، میں بحیثیت ایک سائنسدان جو بھی مانتا ہوں وہ اس لئے نہیں کہ میں نے اسے کسی الہامی کتاب میں پڑھا تھا بلکہ اس لئے کہ میں نے ثبوت اور شواہد کا مطالعہ کیا تھا۔ یہ واقعی بالکل ہی علیحدہ مسئلہ ہے۔ ارتقاء کے بارے میں لکھی جانے والی کتابیں اس لئے نہیں مانی جاتیں کہ وہ مقدس ہیں بلکہ اس لئے مانی جاتی ہیں کیونکہ وہ قابل فہم تعداد میں شواہد پیش کرتی ہیں جو ایک دوسرے کی پشت پناہی کرتے ہیں۔ اصولی طور پر کسی بھی قاری کے لئے ان شواہد کا مطالعہ ممکن ہے۔ جب سائنس کی کوئی کتاب غلط ہوتی ہے تو کوئی نہ کوئی اس غلطی کو پکڑ ہی لیتا ہے، اور آنے والی کتابوں میں اس غلطی کی تصحیح کر لی جاتی ہے۔ یہ ایک نمایاں حقیقت ہے کہ مقدس کتابوں کے ساتھ کبھی ایسا نہیں ہوتا"۔

نے

اس میں کوئی شک نہیں یہ ایک طاقتور اظہار بیان ہے جو شک میں مبتلا مسلمان نوجوانوں کے ایک بڑے طبقہ کے تشکک کی ترجمانی کرتا ہے.

دیکھنا پڑے گا ایک زندہ عاقل بالغ انسان کو زندگی میں کون کون سی باتیں معلوم کرنے کی فطرتی ضرورت ہوتی ہے. اور انکا حصول کس طرح ممکن ہوتا ہے. سائنس کے علوم کل نہیں جزو ہیں. انسان نے بہت سی باتیں جو وہ پہلے نہیں جانتا تھا معلوم کر کے سائنس کی وجہ سے بہت سی ایجادات کی ہیں اور بہت سے اصول معلوم کئے ہیں جو آفاقی ہیں اور انکو بار بار پرکھا جاسکتا ہے. مذہبی عقائد اور تصورات ظاہر ہے ایسی چیز نہیں ہیں جن کو سائنس کے اصولوں پر پرکھا جاسکے یا پرکھا جانا چاہیے. مذہبی عقائد کی افادیت تو مذہب کے احکامات پر عمل کر کے ہر زمانہ میں ہر شخص معلوم کر سکتا ہے. مشاہدہ کر سکتا ہے اور محسوس کر سکتا ہے. اس لحاظ سے الہامی مذہبی عقائد کے انسانیت پر اثرات سائنس سے کم طاقتور نہیں ہیں. سائنس اگر مادی ترقی کے لئے بنیاد بنتی ہے تو مذھب انسانی تہذیب و تمدن میں رکھ رکھاؤ اور نظم پیدا کرتا ہے جس میں انسان کی بہبود اور فلاح مضمر ہوتی ہے اور الہامی عقائد پر یقین اور احکامات پر عمل انسان کو مادی اور روحانی ترقی سے ہمکنار کر کے اسکو شرف آدمیت عطا کرتا ہے. وحی کے ذریعہ حاصل ہونے والی معلومات ہی میں سب انسانوں کی فلاح ہے. ان احکامات کا تجربہ انکو اپنی ذات پر کرنا ہے نہ کہ ان احکامات کو سائنس کے سامنے

ثابت کرنے کیلئے پیش کرنا ہے. پس یقین کرنا ہے یا یقین نہیں کرنا. جب اللہ کے رسول اور اللہ کی وحی پر یقین کامل ہو گیا تو پھر اللہ پر ایمان ہو گا. غائب پر بھی ایمان لے آئے گا، فرشتوں اور قیامت پر بھی ایمان ہو گا، جنت دوزخ پر بھی اور حیات بعد الموت پر بھی. پھر یہ سب کچھ سائنس سے ثابت کرنے کے شیطانی فریب اور وسوسہ سے انسان کی جان چھوٹ جائے گی.

اب فرض کریں سائنس خدا کے وجود کو ثابت کر دیتی ہے تو پھر کیا ہو گا؟ کیا سب انسان برائی چھوڑ کر اچھے ہو جائیں گے؟ یا خدا کو مان کر خدا پر اپنا احسان رکھیں گے. اور اس سب سے خدا کی خدائی کو کیا فرق پڑے گا.

ان سے ایک سوال یہ بھی ہے کہ جو عقل خدا کو بذریعہ سائنسی تجربہ کے ثابت کر دے وہ عقل بڑی ہو گی یا خدا؟ یہ تو ابھی سے اپنی عقل کو ہی

کیا انسان اپنی محسوسات کو سائنسی تجربے کی کسوٹی پر پرکھ سکتا ہے؟ کیا وہ دوسروں کو دیکھا سکتا ہے اس پر کتنا بڑا صدمہ بیتا ہے؟ پس عقل اور سائنس کے درست استعمال کی بات کرنی چاہیے.

نے

دین کے احکامات اور حکمتیں جن کا ماخذ وحی ہے اس میں کجی نہیں ہوتی اور جب کجی ہی نہیں تو سائنسی نتائج میں غلطی درست کرنے کی طرح کی کوئی ضروت بھی نہیں پڑتی.

. دین اسلام کا مخاطب انسان ہے. اسلام تمام انسانوں کی بھلائی چاہتا ہے.

لہٰذا جن معاملات پر اسلام توجہ دیتا ہے انکی فضیلت اور اہمیت سائنس سے کہیں بلند وبالا ہے. اللہ کے الہامی پیغام کا کسی اور علم سے موازنہ کرنا درست نہیں. سائنس کا میدان تو فقط ان چیزوں کو دریافت کرلینا ہے جن کا مکلف خود خدا نے انسان کو بنایا ہے. انسان کو نئ باتیں دریافت کرنے کی قدرت اللہ ہی کی بخشی ہوئی ہے.

سچے عقائد جن کا ماخذ وحی ہے وہ اپنے آپ میں اس بات کا اعلان ہے کہ یہ وہ علم ہے جو انسان اپنی عقل سے معلوم نہیں کر سکتا. ان الہامی باتوں کو سائنس سے پر کھا نہیں جاسکتا. لہٰذا منکران خدا کا یہ نکتہ ہی غلط ہے کہ وہ خدا کو سائنس سے برامد شدہ شواہد کی بنیاد پر ہی مانیں گئے. الہام سے معلوم باتیں کسی بھی سائنس کی دریافت سے غلط ثابت نہیں ہوتیں. دین اسلام جو ایک سچا دین ہے مظاہر قدرت یا ان پر تحقیق و جستجو کے نتیجہ میں حاصل ہونے والی دریافتوں سے موافقت رکھتا ہے ان دونوں کے

درمیان کسی بھی بات میں اختلاف ہو ہی نہیں سکتا. کائنات کی ہر شے خدا کی عظمت کی گواہی دیتی ہے.

خدا کا ایک ہونا، پیغمبروں پر وحی کی حقیقت کا سچ ہونا، فرشتوں، یوم قیامت غائب اور اچھی اور بری تقدیر پر ایمان یہ سب کوئی سائنس انسان کو نہیں بتلا سکتی. نہ سائنس کی اتنی اونچی اڑان ہے کہ وہ ان پر تجربات کر کے نتائج اخذ کر سکے. یہ وہ حقائق ہیں جن میں تبدیلی نہیں ہو سکتی. نہ ہی ان باتوں کو غلط ثابت کرنے کی انسان کی عقل اور علم میں طاقت ہے. اللہ کی طرف سے اتاری گئی سچی کتاب قران کریم سے قدرتی یا سائنس کے شواہد کبھی اختلاف نہیں کر سکتے. بلکہ ہر آنے والے دن میں انسانی علم میں جو اضافہ ہوتا ہے وہ اہل ایمان کے یقین میں اور اضافہ کرتا ہے. کائنات کی ہر شے میں غور و فکر، جستجو اور تحقیق کی حوصلہ افزائی تو خود دین اسلام کرتا ہے. اس کو تسخیر کرنے کی صلاحیت اللہ تعالی ہی نے تو انسان کو عطا کی ہے.

الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَىَ جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَذا بَاطِلاً سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

وہ لوگ اللہ کی یاد کرتے ہیں کھڑے بھی بیٹھے بھی لیٹے بھی اور آسمانوں اور زمین کے پیدا ہونے میں غور کرتے ہیں (اور کہتے ہیں کہ) اے ہمارے پروردگار آپ نے اس کو لایعنی پیدا نہیں کیا ہم آپ کو منزہ سمجھتے ہیں سو ہم کو عذاب دوزخ سے بچا لیجئے۔

ایک رب پر ایمان لانے اور اسکے احکامات کے مطابق زندگی بسر کرنے کے جو اچھے نتائج مرتب ہوتے ہیں وہ خود اللہ اور دین کے برحق ہونے کا جیتا جاگتا ثبوت ہوتا ہے.

کسی جگہ پر آگ ہونے کی خبر کا سننا، پھر آگ کا خود مشاہدہ کرنا اور پھر اس آگ میں خود داخل ہونا حقیقت کے علم کے مختلف درجے ہیں. دین کو اپنے ارد گرد محسوس کرنا اور اسکے فیوض اور برکات سے مستفیض ہونا حق الیقین ہے. یہ بات کافر کے نصیب میں کہاں

جن اصولوں کا ذکر اللہ تعالی نے کیا ہے وہ اپنی ذات میں قانون کا درجہ رکھتے ہیں جن میں ردو بدل ممکن نہیں. قران کریم میں اللہ تعالی نے فرمایا ہے:

وَمَن لَّمْ يَجْعَلِ اللَّهُ لَهُ نُورًا فَمَا لَهُ مِن نُّورٍ

نے

اور جس کو اللہ تعالیٰ ہی نور (ہدایت) نہ دے اس کو (کہیں سے بھی) نور نہیں

(میسر ہو سکتا)۔(۴۰) سورہ نور

ایک اور چھوٹی سی آیت پر غور کیجئے اور دیکھئے یہ بات کس قدر گہری اور جامع ہے اور کس طرح کائنات میں اللہ تعالی کے مقرر کردہ پیمانہ سے اسکا تعلق ہے

فرمایا:

اللهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنثَى وَمَا تَغِيضُ الأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِندَهُ بِمِقْدَارٍ

اللہ کو معلوم ہے کہ جو کچھ ہر مادہ اپنے پیٹ میں لیے ہوئے ہے اور جو کچھ پیٹ میں سکڑتا اور بڑھتا ہے اور اس کے ہاں ہر چیز کا اندازہ ہے

اس آیت کے آخری حصّہ پر غور کریں، "ہر چیز کی اسکے ہاں ایک مقدار ہے"

آپ ساری کائنات میں چیزوں کو اللہ کے مقرر کردہ اندازوں کے تابع پائیں گئے ان میں تھوڑی سی بھی کمی بیشی پوری انسانیت کے خاتمہ کا باعث بن سکتی ہے.

نے

اللہ تعالی بارش ایک مقدار میں نازل فرماتے ہیں، کم ہو جائے تو انسان قحط اور پیاس سے مر جائے، زیادہ ہو جائے تو سیلاب سے سب کچھ تباہ ہو جائے.

اسی طرح زمین سے سورج کا ایک اندازہ مقرر فرمایا کہ کچھ میٹر اور زمین سورج کے قریب ہوتی تو انسان گرمی سے مر جاتا اور اگر کچھ تھوڑا اور دور ہوتی تو برف میں جم جاتا. چاند ایک خاص مقرر کردہ فاصلے پر ہے. کچھ یہی حال جو پیٹر سیارے کا ہے کہ اسکا حجم کی کشش ثقل زمین پر چیزوں کے آکر گرنے سے روکتی ہے، انکو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے. ماں کے جسم میں بھی ایک خاص مدت تک ٹھہرنے کا وقت اللہ نے مقرر فرمایا. لہٰذا تمام مظاہر قدرت اور ان سے حاصل ہونے والی معلومات یا جو معلومات انسان کو آئندہ حاصل ہونگی وہ اپنے رب کے ہونے اور اسکی بزرگی کا اظہار اور اعلان کرتی رہیں گیں

ماں باپ اور مولوی بہت دور کہیں پیچھے رہ گئے، زمانہ اور نئ نسل آگے نکل گئ اتنی آگے کہ اسکو اپنا ہمنوا بنانے کے لئے ابلیس اور اسکے چیلے دہریے اس پر اپنے جال ڈالنے لگے. اب اپنے دین کو سنجیدگی سے زیادہ گہرائی سے سیکھنے کی ضرورت ہے.

نسے

بچپن کی ذہن سازی

ملحد جدید روشن خیالی کی آڑ میں باور کرواتے ہیں:

اے نوجوان بچپن میں تمہاری مذھبی ذہن سازی ہوئی ہے اور یہ تمہاری آزادانہ رائے قائم کرنے کی صلاحیت حاصل کرنے کے حق پر ڈاکہ تھا. بچپن میں تمہیں کسی عقیدے پر قائم کر کے تم پر ظلم کیا ہے، یہ وہ جرم ہے جو تمھارے والدین اور بزرگوں نے کیا ہے. پس اب جبکہ تم خود مختار اور آزاد ہو تو اپنے بڑوں کے خلاف اور انکے عقائد اور مذھب کے خلاف بغاوت تمہارا حق ہے. تمیں کسی مذھب کا پابند بنا کر تمہارا استحصال کیا گیا ہے، اب تمہیں اسکا مداوا کرنے کی خاطر ان عقائد پر نظر ثانی کرنی چاہیے اور بچپن میں اخذ کردہ مذہبی عقائد کو رد کر دینا چاہیے.

یہ کام جدید ذریعہ ابلاغ سے بھی لیا جا رہا ہے. مولوی تو جمعہ کے دن کچھ دیر خطاب کرتا ہے اور نوجوان کی مرضی ہے وہ مسجد جائے نہ جائے مگر ابلیسی سبق کی تو اب چوبیس گھنٹے نوجوانوں تک ڈائریکٹ رسائی ہے.

نے

کوئی بھی جب اس ذہن سازی اور مائنڈ کنٹرول کے زیر اثر اپنے ماضی پر نظر ڈالتا ہے تو دہریوں کی کہی باتیں اسکو درست معلوم دیتی ہیں. واقعی اسکے والدین اسکو دین کی باتیں بتلاتے تھے واقعیات سناتے تھے اور نماز کی تلقین کرتے تھے، اچھے اور برے اعمال کا آخرت میں بدلہ ملنے کی باتیں کرتے تھے. یہ سب جب وہ اپنے ذہن میں تازہ کرتا ہے تو سوچتا ہے یہ کافر بات تو ٹھیک ہی کہہ رہا ہے میرے ساتھ ایسا ہوا ہے. اپنے ذاتی تجربے کی وجہ سے اسکو تسلیم کیے بغیر چارہ نہیں ہوتا کہ وہ مان لے کہ بچپن میں وہ اس ظلم کا شکار ہوا ہے.

کفّار نے یوں ایک تیر سے دو شکار کر لئے. ایک تو نوجوان کو اپنے والدین اور بزرگوں کا گستاخ بنا دیا کہ وہ انکو قصوروار سمجھنے لگا ہے اور دوسرے جن عقائد اور جس مذہب کی انہوں نے تعلیم و تربیت دی تھی اسکے بارے میں شک کا شکار کر دیا.

اب وہ شاکی نوجوان جب اپنے والدین اور بزرگوں سے ان بولڈ سوالات کا جواب مانگتا ہے جو اس نے انٹرنیٹ سے حاصل کیے ہوتے ہیں جو انکے مذہب اور عقیدہ کے بارے میں ہوتے ہیں تو وہ ایسے سوالات کے جوابات نہیں دے پاتے اور اپنے بچے کو ایسے توہین آمیز سوالات کرنے سے منع کرتے اور ڈانٹ ڈپٹ کرتے ہیں تو اپنے مذہب کے بارے میں بچے کے شک میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے. اسکو انٹرنیٹ پر

نے

پہلے ہی بتا دیا گیا تھا کہ مذ ھب پسند لوگوں کے پاس دلیل اور شواہد نہیں ہوتے اور وہ سوالات کرنے کو ناپسند کرتے ہیں. وہ سوال پوچھنے سے منع کرتے ہیں.

یہ اور دیگر عناصر کی وجہ سے ایسا نوجوان دین سے باغی ہو جاتا ہے. وہ اپنی اس کیفیت کو اپنے پیاروں سے چھپا کر رکھتا ہے کہ وہ کہیں اس سے ناراض نہ ہو جائیں.

اسی بات کو کہتے ھوے دہریہ رچرڈ ڈاکنز کچھ اس طرح رقم دراز ہے

"لوگ مجھے بتاتے ہیں کہ کیسے میری کتابیں پڑھنے کے نتیجے میں انہوں نے مذہب کو ترک کر دیا۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان میں سے اکثر اس بات کا بھی اعتراف کرتے ہیں کہ وہ اپنے رشتہ داروں کو بتانے کی ہمت نہیں رکھتے، یا جہاں کسی نے ایسی ہمت کی ہے تو انہیں سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ درج ذیل واقعہ ایک عام مثال ہے۔ خط لکھنے والا امریکہ میں مقیم طب کا ایک طالب علم ہے"۔

"مجھے آپ سے خط و کتابت کرنے کی خواہش اس لئے ہوئی کیونکہ مذہب کے بارے میں میرے خیالات آپ سے ہم آہنگ ہیں، اور یہ تو آپ جانتے ہی ہوں گے کہ امریکہ میں ایسے خیالات اکیلا کر دیتے ہیں۔ میں ایک عیسائی خاندان میں پلا بڑھا اور اگرچہ مذہب کا تصوّر میرے حلق سے اتر نہیں پاتا، مجھے کسی کے سامنے اس بات کا

نے

اعتراف کرنے کی حال ہی میں ہمت ہوئی. جس کی وجہ سے اس پر دہشت سی طاری ہوگئی۔ میں سمجھ سکتا ہوں کہ لادینیت کا اعتراف حیران کن ہو سکتا ہے، لیکن اب تو ایسا لگتا ہے جیسے میں اس کے لئے کوئی اجنبی ہوں۔ وہ کہتی ہے کہ اب وہ مجھ پر اعتماد نہیں کر سکتی کیونکہ میری اخلاقیات مجھے خدا سے نہیں ملتیں۔ مجھے معلوم نہیں کہ ہم اس مشکل رکاوٹ کو پار کر پائیں گے یا نہیں، اور میں مزید ایسے لوگوں پر جو مجھ سے قریب ہیں یا مجھے عزیز ہیں اپنے خیالات آشکار کرنے سے اس لئے نہیں جھجھک رہا کہ کہ کوئی رد عمل ہو گا۔ میں نے آپ کو یہ خط صرف اس امید میں... لکھا ہے کہ آپ میری مایوسی کو سمجھ سکیں اور اس میں شریک ہو سکیں۔ صرف مذہب کی وجہ سے کسی ایسے کو کھو دینے کا تصوّر کیجئے جسے آپ نے چاہا ہو اور جس نے آپ کو چاہا ہو۔ میرے بارے میں اس کے اس تاثر کے علاوہ کہ میں اب خدا سے عاری ایک کافر بن چکا ہوں، ہم دونوں ایک دوسرے کے لئے انتہائی موزوں تھے۔ میری آپ بیتی مجھے آپ کے اس جملے کی یاد دلاتی ہے کہ لوگ عقیدے کے نام پر عجیب و غریب حرکات کر جاتے ہیں۔ میری بات سننے کا شکریہ۔

ایک اور عورت کی آپ بیتی ڈاکنز زبانی سنئے:

نے

"مجھے ایک چالیس سالہ امریکی خاتون کا خط موصول ہوا جس کی تربیت رومن کیتھولک انداز میں ہوئی تھی۔ اس نے مجھے بتایا کہ سات سال کی عمر میں اس کے ساتھ دو ناخوشگوار واقعات پیش آئے تھے۔ اس کے علاقے کے پادری نے اپنی گاڑی میں اس کے ساتھ جنسی دست درازی کی تھی۔ اور انہی دنوں اس کی ایک عزیز سہیلی کی موت واقع ہوئی اور وہ جہنم وارد ہو گئی کیونکہ اسکا تعلق ایک دوسرے عیسائی فرقہ سے تھا۔ یا کم از کم اس کے والدین کے چرچ کے سرکاری نظریے کے مطابق اسے یہی بتایا گیا تھا۔ زمانہ بلوغت میں پہنچنے تک، بچّوں کے ساتھ رومن کیتھولک جسمانی اور ذہنی زیادتی کی ان دو مثالوں میں سے اسے دوسری کئی گنا زیادہ نقصان دہ لگنے لگی تھی۔ اس نے لکھا کہ پادری کے ہاتھوں چھوئے جانے کے واقعے کا

سات سالہ ذہن پر بس "گندی حرکت" کا اثر رہا، لیکن میری سہیلی کے جہنم میں چلے جانے کا خیال مجھ میں بے پناہ، منجمد خوف پیدا کر دیتا ہے۔ پادری کی غلیظ حرکت نے تو میری نیند حرام نہیں کی لیکن کئی بار پوری پوری رات میں خوف کے عالم میں یہ سوچ کر جاگتی رہی کہ جن لوگوں سے میں پیار کرتی ہوں وہ جہنم کی آگ میں جلیں گے، مجھے ایسے ڈراونے خواب آتے رہے۔

نے

جل مٹن جہنم سے خائف رہنے کے ماحول میں بڑی ہوئی، بالغ ہوتے ہی عیسائیت سے فرار ہو گئی، اور اب ایسے لوگوں کا نفسیاتی علاج اور مدد کرتی ہے جن کے ذہنوں کو بچپن میں اسی طرح نقصان پہنچایا گیا ہے: 'اگر میں اپنے بچپن کو یاد کروں تو مجھے اس میں صرف خوف کا غلبہ نظر آتا ہے۔ اور جہاں حال میں مذمّت کا نشانہ بننے کا خوف تھا وہاں مستقبل میں ہمیشہ ہمیش کے لئے لعنتی گناہ گار قرار دیے جانے کا خوف بھی تھا۔ اور بچّے کے ذہن میں دہکتی آگ اور تکلیف میں پستے ہوئے دانتوں کے مناظر حقیقت اختیار کر لیتے ہیں۔ وہ قطعاً تشابہات نہیں ہیں'۔ میں نے اس سے پوچھا کہ وہ مجھے بتائے کہ بچپن میں اسے جہنم کے بارے میں کیا بتایا گیا تھا، اور اس کا جواب سن کر مجھے اتنا ہی دکھ ہوا جتنا اس کی ہچکچاہٹ کے دوران اس کے چہرے کے بدلتے ہوئے تاثرات کو دیکھ کر ہوا جب آپ مجھ سے سے یہ سوال.... جب آپ.... مجھ پر اثر انداز ہونے کی.... تھا: 'کتنی عجیب بات ہے! اتنا وقت گزر جانے کے بعد بھی اس میں اتنی طاقت ہے۔ جہنم ایک خوفناک جگہ ہے۔ وہ خدا کی طرف سے مکمل طور پر مسترد کر دیے جانے کی حالت ہے۔ ایک حتمی فیصلہ ہے، اصلی آگ ہے، اصلی تکلیف ہے، اصلی تشدد ہے، اور یہ سب ایک لامتناہی سلسلے میں جاری رہتا ہے، لہٰذا اس سے کوئی چھٹکارا ممکن نہیں'۔ اس کے بعد اس نے مجھے اس باہمی حمایت کے گروہ کے بارے میں بتایا جسے وہ ان لوگوں کی مدد کے لئے چلاتی ہے جو اسی کے جیسے بچپن گزارنے کے باوجود بچ نکلنے میں کامیاب ہو گئے، اور مجھے تفصیل سے بتایا کہ

نے

زیادہ تر لوگوں کے لئے فرار کتنا کٹھن مرحلہ تھا: 'مذہب چھوڑنے کا عمل نہایت حیرت ناک حد تک مشکل ہوتا ہے۔ آپ اپنے سارے معاشرتی تعلقات اپنے پیچھے چھوڑ کر جا رہے ہیں، ایک پورا نظام حیات جس میں آپ کی نشو نما ہوئی ہے؛ آپ عقائد کا.... ایک نظام پیچھے چھوڑ کر جا رہے ہیں جسے آپ برسوں سے سینے سے لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ عموماً رشتہ داروں اور دوستوں کو بھی چھوڑنا پڑتا ہے

یہ ایک گھمبیر صورت حال ہے جس میں آئندہ وقت میں اور بھی اضافہ متوقع ہے. نوجوانوں کو ان شیطانی پھندوں سے نکالنا ہو گا. انکے شک دور کرنے ہونگے. یہ ایک انتھک محنت کا کام ہے جس کی طرف بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہے

توبہ توبہ کس موثر انداز میں یقین رکھنے کے برے اثرات کی ہولناک منظر کشی کی ہے.

کیا صرف مذہبی لوگ ہی اپنے بچوں کو اپنے عقائد سکھاتے ہیں؟ دوسرے لوگ بچوں کی صحت مند ذہنی نشوونما کرتے ہیں؟ کیا بڑے ہونے پر غیر مذھبی بچوں کا ذہن کسی بھی خوف سے پاک ہوتا ہے؟

نے

حقیقت اس کے بر عکس ہے جو یہ دہریے بیان کرتے ہیں. کیا مذھب کے بارے میں ایک بچہ اپنے والدین سے جو سیکھتا ہے اس میں اتنی ہی مذھبی شدت پسندی ہوتی ہے ؟ کیا والدین اپنے بچوں کی ذہن سازی دنیاوی حوالوں سے نہیں کرتے ؟ کیا والدین شوق سے بچوں کو انگلش میڈیم مشنری اسکولوں میں نہیں بھیجتے ؟ کیا وہاں ان بچوں کی ذہن سازی نہیں ہوتی ؟ وہاں جو تعلیم انکو دی جاتی ہے اور جو ذہنی تربیت اور مائنڈ انجینرنگ کی جاتی ہے اسکا مقصد انکو دنیامیں رائج مغربی استحصالی سرمایادارانہ نظام کا مفید کل پرزہ بنانا ہوتا نہیں ہوتا؟. کیا یہ سب قابل قبول ہے ؟ یہ انجینرنگ توکئی سال جاری رہتی ہے. کیا تمام ملک اپنے نوجوانوں کی فوجی ذہن سازی نہیں کرتے کہ وہ ضرورت پڑنے پر اپنے ملک پر اپنی جان دے دیں. کیا ذریعہ ابلاغ اور سینکڑوں ٹی وی چینل رات دن ذہن سازی نہیں کرتے ؟ کیا فیشن شو، مورننگ شو ڈرامے اور فحاشی سے لبریز پروگرام ذہن سازی نہیں کرتے ؟

والدین بچپن میں اپنی اولاد کو وہی کچھ بتلاتے ہیں جو وہ خیال کرتے ہیں کہ انکے بچوں کے حق میں درست ہے. والدین سے زیادہ اپنے بچوں کا خیر خواہ اور کون ہو گا؟

والدین کی اچھی تعلیم و تربیت کے بعد ایک نوجوان اپنی عقل و فہم سے اپنے عقائد کو پرکھنے اور انکے بارے میں اپنا آزادانہ فیصلہ کرنے میں آزاد ہے. یہ تاثر پیدا کرنا غلط

نے

ہے کہ والدین کی مذھبی تعلیم وتربیت کوئی انہونا کام ہے یا کہ کوئی غیر معمولی عمل ہے.

نوجوان اپنے علم مشاہدات اور فہم کے ساتھ اپنے اپنے ایمان کو مزید مضبوط کر سکتا ہے.

يُؤْتِى ٱلْحِكْمَةَ مَن يَشَآءُ ۚ وَمَن يُؤْتَ ٱلْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِىَ خَيْرًا كَثِيرًا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّآ أُو۟لُوا۟ ٱلْأَلْبَٰبِ

(اللہ) دین کا فہم جس کو چاہتے ہیں دیدیتے ہیں۔ اور (سچ تو یہ ہے کہ) جس کو دین کا فہم مل جاوے اُس کو بڑی خیر کی چیز مل گئی اور نصیحت وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو عقل والے ہیں (یعنی جو عقل صحیح رکھتے ہیں)۔

انسانی معاشرے کی ایک اور قبیح خرابی بچوں کے ساتھ جنسی بدفعلی ہے. کئی لوگوں پر انکی قوت بھیمیہ کا غلبہ ہو جاتا ہے تو اس امید پر کہ بچے ڈر اور بدنامی کے خوف سے بات نہیں کریں گئے اور یوں وہ کسی بھی سزا سے بچ نکلیں گئے انکو بچوں کے ساتھ گندی حرکتیں کرنے پر دلیر کرتا ہے. مغرب میں تو یہ کام بہت عام ہے اسکی مثالیں بہت خوفناک ہیں. اور یہ کام وہ لوگ کرتے ہیں جو خدا اور مذھب پر یقین نہیں رکھتے

نے

بلکہ انکی خواہشات ہی انکا خدا ہوتی ہیں. انسان کی اس کمزوری کا تعلق کسی خاص طبقہ سے جوڑنا ناانصافی ہو گی ہاں مذہب سے اپنا تعلق رکھنے والے اگر اس میں ملوث ہوں تو وہ زیادہ بدنام ہوتے ہیں اور پھر انکی وجہ سے مذہب کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے. حالانکہ مذہب اسلام تو ناجائز جنسی تعلق کی کڑی سزائیں مقرر کرتا ہے. جس پر کفّار اور دہریہ لوگ اسلام پر تنقید کرتے ہیں. اسلام کی سخت وعید اور کڑی سزاؤں کے باوجود مغربی معاشروں کی طرح اسلامی ممالک میں بھی بچے اس جنسی دست درازی سے محفوظ نہیں اور شرم کا مقام یہ ہے کہ خطیب اس اہم معاملے پر کم ہی گفتگو کرتے ہیں. اس قبیح فعل کے بچوں پر نہایت ہی بھیانک نتائج مرتب ہوتے ہیں، انکی عزت نفس کو ناقابل تلافی نقصان پہنچتا ہے. ایسا ذہنی صدمہ انکی مستقبل میں فطرتی اور بھرپور نشوونما کے راستہ میں رکاوٹ بن جاتا ہے. ایسا صدمہ انکو اپنے دین اور عقائد سے بھی باغی بنا سکتا ہے. بچوں کی یہ خاموش تباہی ایک اسلامی معاشرے کے علماء اور مفکرین کے لئے ڈوب مرنے کا مقام ہے. انکو بچوں پر جنسی زیادتی پر سخت رد عمل اختیار کرنے کی فوری ضرورت ہے. ان معاملات میں پہلو تہی اللہ کے غضب کو دعوت دینے کے مترادف ہے. افسوس کا مقام ہے کہ دہریہ لوگ انسانوں کی اس گندگی کو مذھب کے کھاتے میں ڈال کر اسکو بدنام کرتے ہیں. جرم پر سزا کا ڈر ہی انسان کو ایسی تباہ کن اثرات والی دست درازی سے روک سکتا ہے. کیا ہر ریاست اپنے

نے

مجرموں کو سزائیں نہیں دیتیں پھر جو سزائیں دین اسلام نے قائم کی ہیں ان پر اعتراض کیسا؟

تمام انسانوں کی خصلت ایک جیسی نہیں ہوتی، کچھ پر بہیمیت بہت زیادہ غالب ہوتی ہے انکو جرم سے روکنے کے لئے سزا کے ڈر کا ہونا لازمی ہے. کوئی معاشرہ قانون اور سزا کے نظام کے بغیر نہیں ہے. کچھ لوگ اللہ کی وعید اور جہنم میں سدا جلتے رہنے کی سزا پر بہت سارے اعتراضات کرتے ہیں اور ایسی سزا کو بہت سخت کہتے ہیں. اگر اللہ جو اس جہاں اور انسانوں کا خالق اور مالک ہے اس نے اس جہنم سے ڈرایا ہے تو ہمیں ڈر جانا چاہیے. اور ایسے اعمال سے باز آجانا چاہیے جو ناپسندیدہ ہیں اور جو انسان کو سدا کے لئے شقی بنا دیتے ہیں اب اگر وہ اپنے اعمال سے پکا شقی بن گیا ہے تو اسکا ٹھکانہ بھی پھر سدا کے لئے جہنم ہی ہو گا. دین اسلام میں اللہ سے امید اور خوف میں توازن کی بات کی ہے. دہریوں کا یہ نکتہ نظر غلط ہے کہ مذھب کی سزا کے خوف سے انسانی زندگی ڈپریشن کا شکار رہتی ہے. انسان اللہ کے احکامات پر عمل کرے تو پر امید رہ سکتا ہے، ایسی ہی حالت کی امید قران کریم نے ان الفاظ میں دلائی ہے جس کو توبہ کہتے ہیں اور جسکا دروازہ ہمیشہ کھلا ہے تو پھر وہ جہنم میں کیوں جائے؟

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

نے

کہہ دو اے میرے بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو بے شک اللہ سب گناہ بخش دے گا بے شک وہ بخشنے والا رحم والا ہے (۵۳

اگر انسان نے راہ راست ہی اختیار نہیں کرنی اور نہ ہی توبہ کرنی ہے بلکہ اپنے رب کا اسکے احکامات کو سرے سے ماننے ہی سے انکار کر دینا ہے.

تو اسکا ٹھکانہ ہمیشہ کے لئے جہنم کی آگ میں رہنا ہو گا.

نے

تمام برقعوں کی ماں

فرد اور سماج کے تعلقات کو لیکر اسلام کی تمام تعلیمات کو دیکھ لیجئے، ان میں ایک ہی بنیادی اصول کار فرما ہے کہ اسلام ہر قسم کی ناانصافی اور استحصال کے خلاف ہے. دین اسلام تمام انسانوں کے لئے سلامتی کا نظام چاہتا ہے. اسلام انسان کو وہ مقام عطا کرنا چاہتا ہے جسکا وہ بحیثیت اشرف المخلوقات حقدار ہے. تمام انسانی معاشروں میں ہونے والے مظالم میں سے ایک بڑا ظلم عورت کا استحصال ہے. ایک چھوٹی مثال دیکھئے غیر محرم عورت کے حسن و جمال کو لذت آمیز نظر سے دیکھنا مردوں کی عام عادت ہے. اسلام مردوں کو نظر نیچی رکھنے کا کہتا ہے وہیں عورت کو بھی اپنے زینت کے مقام کو چادر سے ڈھانپنے کا کہتا ہے. حیاء اور پردہ کے اقدامات سے بے حیائی کی حوصلہ شکنی کرتا ہے.

کم ظرف لبرل اور لادین لوگ پردہ اختیار کرنے کو عورت کی آزادی پر قدغن قرار دیتے ہیں. اپنے پر فریب الفاظ سے خلق خدا کو گمراہ کرتے ہیں. اسکا ایک مظاہرہ دور جدید میں ملحدوں کے سردار رچرڈ ڈاکنز نے ان الفاظ میں کیا ہے:

"ہماری سڑکوں پر نظر آنے والے نہایت افسوسناک مناظر میں سے ایک منظر اس عورت کا ہے جو سر تا پا ایک سیاہ بے وضع لبادے میں ڈھکی ہوتی ہے. اور باہر کی دنیا کو ایک باریک چاک سے دیکھتی ہے. برقعہ محض عورتوں کے استحصال کا ایک ہتھیار اور انکی خوبصورتی اور

نے

آزادی پر کئے جانے والے خانقاہی جبر کا ذریعہ ہی نہیں ہے بلکہ شدت آمیز مردانہ ظلم اور سہمی ہوئی عورت کا نشان بھی ہے. میں اسکے باریک چاک کو کسی اور چیز کی علامت کے طور پر استعمال کرنا چاہتا ہوں."

میں پوچھتا ہوں اسلام میں پردہ کی تاریخ کیا کہتی ہے؟ کیا ایک مسلمان کی نیت اپنی عورتوں پر ظلم اور انکا استحصال کرنے کی ہوتی ہے؟. کیا پردہ کی حقیقت وہ بیان کر سکتا ہے جو پردہ کرنے والے سماج میں رہتا ہے یا وہ جو ایک مسلمان معاشرے کا حصّہ ہی نہیں.
اسکے باوجود اگر وہ نیک نیتی سے غور و فکر کرتا تو سچائی تک پہنچ جاتا مگر اسکا شیطانی مقصد تو ایک اخلاق باختہ معاشرہ تشکیل دینا ہے.
برقعہ کے چاک کو ملحدوں کا سردار رچرڈ ڈاکنز ہماری محدود تنگ نظری سے تشبیہ دیتا ہے. کہ ہم صرف محدود سوچ کے ساتھ زندگی گزارنے کے عادی ہیں. اسکا کہنا ہے ہم زندگی کے کینوس کا جو بڑا اسپیکٹرم ہے اس سے ناواقف رہتے ہیں اور ایسی لاعلمی اسکے خیال میں سب برقعوں کی ماں ہے
بقول رچرڈ ڈاکنز:

نے

Imagine a gigantic black burka, with a vision slit of approximately the standard width, say about one inch. If the length of black cloth above the slit represents the short-wave end of the invisible spectrum, and if the length of black cloth below the slit represents the long-wave portion of the invisible spectrum, how long would the burka have to be in order to accommodate a one inch slit to the same scale? It is hard to represent it sensibly without invoking logarithmic scales, so huge are the lengths we are dealing with. The last chapter of a book like this is no place to start tossing logarithms around, but you can take it from me that it would be the mother of all burkas. The one-inch window of visible light is derisorily tiny compared with the miles and miles of black cloth representing the invisible part of the spectrum, from radio waves at the hem of the skirt to gamma rays at the top of the head. What science does for us is widen the window. It opens up so wide that the imprisoning black

garment drops away almost completely, exposing our senses to airy and exhilarating freedom.

سائنس کے جو بھی امکانات ہوں انسان کی جو بھی استبداد اور صلاحیت ہوں یہ لادینیت کی میراث نہیں ہیں نہ یہ ڈارون کے کسی نظریہ کی دین ہیں جو چھپا ہوا ہے اور جو ظاہر ہو چکا ہے یہ ایک سپیکٹرم کا حصّہ ہے اور انسان فطرتی طور پر اسکی تسخیر کی امنگ رکھتا ہے

انسان کے اندر یہ جذبہ خالق کائنات نے ودیعت کیا ہے کہ تسخیر کرے. پس وہ معلوم کرتا چلا جائے گا اور بلاخر اسی نتیجہ پر پہنچے گا کہ یہ دنیا ایک پیدا کرنے والے خالق اور مالک کی حیرا نکن تخلیق اور کرشمہ سازی ہے. اسکی نشانیاں ہیں جو انسان کو اسی کا راستہ دیکھاتی ہیں. نہ کہ سب کچھ جان کر بھی بے نیل و مراد چھوڑ دیتی ہیں. کیا سائنس کی دریافتوں کا ماحاصل صرف انسان کی حیرت رہ جاتا ہے؟.

مسلمان عورت کے برقع کے چاک کے نظر کو محدود کرنے پر طنز کرنے اور پھر اسکی تشبیہ انسان کی محدود زاویہ کی حد تک زندگی کو جانچنے کی اہلیت کو سائنس سے دور کرنے کی ترغیب دینے والے منکر خدا یہ بھول جاتے ہیں کہ سب سے بڑا پردہ جو انکی آنکھوں پر پڑا ہے. جس میں کوئی چاک بھی نہیں، وہ ہے خدا کے وجود کا انکار. یہ تمام برقعوں کی ماں ہے انکی اسی کیفیت کو قران کریم نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے.

نے

سو کیا یہ (منکر) لوگ ملک میں چلے پھرے نہیں جس سے ان کے دل ایسے ہو جاویں کہ ان سے سمجھنے لگیں یا ان کے کان ایسے ہو جاویں کہ ان سے سننے لگیں بات یہ ہے کہ (نہ سمجھنے والوں کی کچھ) آنکھیں اندھی نہیں ہو جایا کرتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں وہ اندھے ہو جایا کرتے ہیں۔(۴۶)22

بے شک جو لوگ کافر ہو چکے ہیں برابر ہیں اُن کے حق میں خواہ آپ اُن کو ڈرائیں یہ نہ ڈرائیں وہ ایمان نہ لاویں گے۔(۶) بند لگا دیا ہے اللہ تعالیٰ نے اُن کے دلوں پر اور اُن کے کانوں پر اور اُن کی آنکھوں پر پردہ ہے اور اُن کے لیے سزا بڑی ہے۔(۷)2

بالیقین آسمانوں اور زمین کا (ابتداءً) پیدا کرنا آدمیوں کے (دوبارہ) پیدا کرنے کی نسبت بڑا کام ہے لیکن اکثر آدمی (اتنی بات) نہیں سمجھتے۔(۵۷) اور بینا نابینا اور (ایک) وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کیے اور (دوسرے) بدکار باہم برابر نہیں ہوتے تم لوگ بہت ہی کم سمجھتے ہو۔(۵۸)40

اور ہم نے آدمؑ کی اولاد کو عزت دی اور ہم نے ان کو خشکی اور دریا میں سوار کیا اور نفیس نفیس چیزیں ان کو عطا فرمائیں اور ہم نے ان کو اپنی بہت سی مخلوقات پر فوقیت دی۔(۷۰)

نے

جس روز ہم تمام آدمیوں کو ان کے نامۂ اعمال سمیت بلاویں گے پھر جس کا نامۂ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جاوے گا ایسے لوگ اپنا نامۂ اعمال پڑھیں گے اور ان کا ذرا نقصان نہ کیا جاوے گا۔(۷۱) اور جو شخص دنیا میں اندھا رہے گا سو وہ آخرت میں بھی اندھا رہے گا اور زیادہ راہ گم کردہ ہو گا۔(۷۲) 17

یہ زندگی کا نامکمل تصور ہی ہے جو ملحدوں کو مادی زندگی میں انسانی کامیابیاں تو گنواتا ہے مگر انسانی زندگی کے اصل مقصد اور انسان کے حتمی انجام سے غفلت میں رکھتا ہے. اسلام تو خود بار بار اللہ کی تخلیقات میں غور و فکر کی دعوت دیتا ہے اور تسخیر کائنات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے. عیسائیت کا رویہ اگر اسکے بر عکس رہا ہے تو اسلام سے اسکا موازنہ نہیں کیا جا سکتا. اصل بات یہ ہے کہ اہل یورپ نے مذہب اور خدا کو صرف عیسایت کے زاویہ سے دیکھا اور سمجھا ہے. مسلمانوں کا تو سائنس اور دیگر علوم کی ترقی میں بڑا حصّہ ہے اور تاریخ اسکی گواہ ہے. اس علمی تحقیق کی تحریک مسلمانوں کو قران کریم ہے سے ملی ہے. اسلام کے بارے میں مغربی دانشوروں کا رویہ متعصبانہ ہے کیونکہ اسلام کے بارے میں سنجیدگی سے جاننے کی انہوں نے کبھی کوشش ہی نہیں کی. پس اللہ کا انکار کرنے والوں کو سائنس کی ترقی اور دریافتوں پر بیجا اکڑنے کی بجاے اپنی اصلاح کرنی چاہیے اور اپنی آنکھوں پر پڑا گمراہی کا پردہ ہٹانے کی فکر کرنی چاہیے.

نسے

کیا مذہب انسان کے لئے تسّلی حاصل کرنے کا ذریعہ ہے؟

انسان کو اپنی حدود اور ودیعت کی گئی صلاحیتوں کا تعین کر لینا چاہیے.

انسان نے کائنات میں کچھ بھی تخلیق نہیں کیا بلکہ وہ خود تخلیق شدہ ہے.

وہ رزق دینے والا نہیں بلکہ خود رزق کھانے والا ہے.

اپنی مرضی سے پیدا نہیں ہوا اور نہ اسکو پتا ہے کب مرے گا.

وہ غائب کی باتیں نہیں جانتا مگر اتنا کچھ جو اللہ نے انسانوں کو بتلایا ہے.

وہ ایک محقق اور کھوجی ضرور ہے جو ہر چیز کے پیچھے پوشیدہ اسباب جاننا چاہتا ہے. سائنس اسکی یہی ضرورت پوری کرتی ہے. جو معلوم نہ تھا اسکو وہ اسکو معلوم کرتا ہے. جو ہولے ہولے وہ معلوم کرتا ہے ضروری نہیں وہ حتمی سچائی ہو. جیسے جیسے انسان کے علم میں اضافہ ہوتا ہے اپنی کاوش سے معلوم کی گئیں اسکی سچائیاں بھی بدلتی رہتی ہیں.

لادینوں کے موجودہ پیشوا رچرڈ ڈاکنز کا خیال ہے مذھب, خدا کا وجود تخلیق کر کے انسان کو تسلی دینے کی ضرورت پوری کرتا ہے بالکل ویسے ہی جیسے ایک بچہ اپنے کسی کھلونے کو خیالوں میں اپنا دوست اور اپنا ہمراز بنالیتا ہے اور اس سے تسلی اور بھروسہ حاصل کرتا ہے.

کیا دین اسلام ایک بچے کے کھلونے کے مماثل ہے جس سے انسان تسلی حاصل کرنے کا کام لیتا ہے؟.

نے

اس سوچ کو شیطان کا شاطرانہ وسوسہ نہیں تو اور ہم کیا کہیں گے. کیا دین اسلام کی تشبیہ یوں دی جانی چاہیے. کیا دین اسلام کو اختیار کرنا انسان کا اپنی کسی کمزوری کو پورا کرنے کی غرض سے ہے

رچرڈ ڈاکنز کا کہنا ہے

"دوست اور راز دار کے لئے ایک بنکر (کھلونا): یقیناً یہ ایک ایسا فریضہ ہے جو خدا اسرانجام دیتا ہے—ایک ایسا خلاء جو خدا کے چلے جانے سے باقی رہ جائے گا۔"

آگے چل کر وہ لکھتا ہے:

"شاید بہتر یہ ہو گا کہ بنکر (کھلونے) اور خداؤں کو ایک دوسرے کے اباو جد تصوّر کرنے کی بجائے دونوں کو ایک ہی نفسیاتی رجحان کے ضمنی پیداوار کے طور پر دیکھا جائے۔ خداؤں اور بنکر میں ذہنی سکون فراہم کرنے کی صلاحیت مشترک ہے، اور وہ آپ کو نت نئے خیالات کے بارے میں سوچنے کے لئے ایک اچھی سلیٹ فراہم کرتے ہیں"

مصنف نے یہ بار خدا پر ایمان رکھنے والے پر ڈال دیا ہے کہ وہ ثابت کریں خدا پر یقین بچپن میں کسی کھلونے کو دوست بنانے اور اس پر بھروسہ کرنے سے مختلف ہے.

پہلی بات تو یہ ہے کہ بچہ کے انفرادی دماغی طرز عمل اور ایک عاقل بالغ آدمی کے غور و فکر کے بعد ایک اللہ پر ایمان لانا اور اس پر بھروسہ کرنے میں زمین و آسمان کا فرق ہے.

نے

ایک خدا پر ایمان ایک عاقل بالغ آدمی کے سوچے سمجھے عقائد کا حصّہ ہے کسی بچہ پر ہونے والی دماغی نفسیات کا اثر نہیں. یقینا یہ بچہ کی طفلانہ سوچ سے مختلف بات ہے.

زندہ انسان کا عقیدہ بہتے دریا کی مانند ہے جس کی ہر وقت تجدید ہو تیر ہتی ہے.

اور ہم نے (قوم) عاد کی طرف ان کے (برادری یا وطن کے) بھائی (حضرت) ہودؑ کو پیغمبر بنا کر بھیجا انھوں نے اپنی قوم سے فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود ہونے کے قابل نہیں تم محض مفتری ہو۔(۵۰)

سورۃ هُود

نے

اور ہم نے قومِ ثمود کے پاس انکے بھائی صالحؑ کو پیغمبر بنا کر بھیجا انہوں نے (اپنی قوم سے) فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں ٦١

سورۃ ھُود

اور ہم نے مدین (والوں) کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ کو بھیجا انہوں نے (اہل مدین سے) فرمایا کہ اے میری قوم تم (صرف) اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (بننے کے قابل نہیں

سورۃ النّحل

اور ہم ہر امت میں کوئی نہ کوئی پیغمبر بھیجتے رہے ہیں کہ تم (خاص) اللہ کی عبادت کرو اور شیطان کے رستے سے بچتے رہو سو ان میں بعضے وہ ہوئے کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی اور بعضے ان میں وہ ہوئے جن پر گمراہی کا ثبوت ہو گیا تو (اچھا) زمین میں چلو پھرو (پھر آثار سے) دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا برا انجام ہوا۔ (٣٦)

(مسلمانو) کہدو کہ ہم ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور اس کے (حکم) پر جو ہمارے پاس بھیجا گیا اور اس پر بھی جو حضرت ابراہیم اور حضرت اسمٰعیل اور حضرت اسحٰق اور حضرت یعقوب(ؑ) اور اولادِ (یعقوب) کی طرف بھیجا گیا اور (اس حکم و معجزہ پر بھی) جو حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ کو دیا گیا اور اس پر بھی جو کچھ اور انبیاء(ؑ) کو دیا گیا ان کے پروردگار کی طرف سے اس کیفیت سے کہ ہم ان (حضرات) میں سے کسی ایک میں بھی تفریق نہیں کرتے اور ہم تو اس (اللہ تعالیٰ) کے مطیع ہیں۔ (١٣٦)

نے

اعتقاد رکھتے ہیں رسول (ﷺ) اس چیز کا جو ان کو پاس ان کے رب کی طرف سے نازل کی گئ ہے اور مومنین بھی سب کے سب عقیدہ رکھتے ہیں اللہ کے ساتھ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ اور اسکی کتابوں کے ساتھ اور اس کے پیغمبروں کے ساتھ کہ ہم اُس کے سب پیغمبروں میں سے کسی میں تفریق نہیں کرتے۔ اور ان سب نے یوں کہا کہ ہم نے (آپ کا ارشاد) سُنا اور خوشی سے مانا ہم آپ کی بخشش چاہتے ہیں اے ہمارے پروردگار اور آپ ہی کی طرف (ہم سب کو) لوٹنا ہے۔ (۲۸۵) ۲

علم، ہدایت اور سچ کا قابل یقین ذریعہ وحی ہے. وحی کو اسلام عیسایت یہودیت مجوسیت اور بدھ مت نے تسلیم کیا ہے. وحی کا علم نیکی اور بدی کی نشاندہی کرتا ہے حق اور باطل کیا ہے انسان کو بتلاتا ہے اور انسان کو اسکی بہتری کی طرف رہنمائی کرتا ہے. اسکو وہ کچھ بتلاتا ہے جس تک اپنی عقل سے اسکی رسائی ممکن نہیں ہے.

مختلف ادیان کے عقائد میں جو تضاد پایا جاتا ہے اس کی وجہ وحی کا مختلف ہونا نہیں. بلکہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مذہب کی ہدایات کو نقل اور منتقل کرنے والوں کی طرف سے اس کلام میں کمی بیشی کرنے کی وجہ سے ایسا ہوا ہے وگرنہ جو مذہب وحی کے ذریعہ نازل ہوا وہ تو ایک ہی تھا. دوسرا نکتہ یہ ہے کہ ایک شریعت سے دوسری شریعت کے درمیان جو احکامات تبدیل ہوے انکی وجہ انسان میں ترقی کے ساتھ ساتھ اسکی سمجھنے اور قبول کرنے کی استعداد میں اضافہ تھا

مگر سختی کے ساتھ وحی کا بنیادی نظریہ ایک ہی رہا. یعنی اللہ واحد پر ایمان لانا.

نے

رہی بات صاحب وحی کے سچا ہونے پر یقین کی تو اسکا اندازہ تو انسان کو قرائن اور تواتر سے صاحب وحی کے حالات واقعیات اور اخبار معلوم ہونے سے لگ جاتا ہے

ہر فرد اپنے نفس کی پاکیزگی کے لحاظ سے اس قابل کہاں کہ اس پر وحی نازل ہو پھر یہ اللہ کی منشا ہے وہ اس کام کے لئے کس کو چنتا ہے. اگر ہر فرد پر وحی کا نزول بھی ہو جاتا تو بھی شک اور وہم کرنے والے ہوتے.

اور ہر بشر کی (یہ) مجال نہیں کہ اللہ اس سے (براہِ راست) کلام کرے مگر یہ کہ وحی کے ذریعے (کسی کو شانِ نبوت سے سرفراز فرمادے) یا پردے کے پیچھے سے (بات کرے جیسے موسیٰ علیہ السلام سے طورِ سینا پر کی) یا کسی فرشتے کو فرستادہ بنا کر بھیجے اور وہ اُس کے اِذن سے جو اللہ چاہے وحی کرے (الغرض عالمِ بشریت کے لیے خطابِ اِلٰہی کا واسطہ اور وسیلہ صرف نبی اور رسول ہی ہو گا)، بیشک وہ بلند مرتبہ بڑی حکمت والا ہے

—قرآن :سورۃ الشوریٰ:51

پھر کیا ضروری ہے منکر خدا جو حجت کے طور پر چاہیں اللہ تعالی انکی اس فرمائش کو ضرور پورا کر دے. اللہ تعالی کسی انسان کی خواہش کا پابند نہیں.

وحی سمجھ نہ آنے والے الفاظ کا نہیں ہوتے. بے معنی بات نہیں ہوتی. کوئی خفیہ مطلب رکھنے والے الفاظ نہیں ہوتے. وحی کی مجموعی صورت کا ادراک کیا جائے. جس میں وحی میں کہی گئی ہدایات اور حکم .وحی کا وجود اور وحی کا سچا ہونا اور صاحب وحی کا سچا ہونے کا ثبوت شامل ہے. یعنی یہ ایک علمی لوپ

نے

ہے. اس کے علاوہ اپنے نتائج کے اعتبار سے بھی کسی چیز کی سچائی ثابت ہوتی ہے. جو مثبت اثرات اس سے فرد اور معاشرے پر پڑتے ہیں وہ وحی کی حقانیت کا منہ بولتا ثبوت ہیں.

اللہ کی طرف سے جس پر وحی اترتی ہے اسکا اخلاق اور کردار امانت اور صداقت کا پیکر ہوتا ہے. وحی کسی بشر کا استحقاق نہیں.

وحی کسی بدکردار کذاب پر کبھی نہیں اتری یہ بذات خود وحی کی سچائی کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے. یہی وجہ ہے جب نبی کریم حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی قوم کو اللہ کی ہدایت کی طرف بلانے کا حکم ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے اپنے کردار کے بارے میں اپنی قوم سے گواہی چاہی. اور قوم نے یہ کہا کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ اپ نے ہم سے کبھی جھوٹی بات نہیں کہی.

انسان کو وحی سے وہ باتیں بتلانے کی ضرورت تھی جو وہ اپنی عقل اور سائنس سے کسی صورت معلوم نہیں کر سکتا. یہ کہ اللہ واحد ہے اور تمام کائنات خالق ومالک ہے. وہ حاضر اور ناظر ہے. کیا انسان جان سکتا ہے کہ جنّت اور دوزخ کا وجود ہے. کیا انسان جان سکتا ہے کہ موت کے بعد اسکو پھر سے زندہ کیا جائے گا. کیا انسان جان سکتا ہے کہ فرشتے بھی اللہ کی ایک مخلوق ہیں جنکو اللہ نے کام میں لگا رکھا ہے. کیا انسان جان سکتا ہے کہ یہ کائنات کیونکر وجود میں آئی. پھر یہ کہانسان مقصد حیات دراصل ہے کیا. دنیا میں اس کو کس طرح کی زندگی بسر کرنی چاہیے.

یہ سب قرآن کریم میں اللہ تعالی نے بتلایا ہے:

سورة البَقَرَة

نے

ہم نے حکم فرمایا نیچے جاؤ اس بہشت سے سب کے سب پھر آوے تمھارے پاس میری طرف سے کسی قسم کی ہدایت سو جو شخص پیروی کرے گا میری اس ہدایت کی تو نہ کچھ اندیشہ ہو گا ان پر اور نہ ایسے لوگ غمگین ہونگے۔(۳۸) اور جو لوگ کفر کرینگے اور تکذیب کریں گے ہمارے احکام کی یہ لوگ ہونگے دوزخ والے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔(۳۹)

اس زندگی کی حیات کیا ہے؟ بس ابدیت سے ایک لحظہ تخلیق کیا گیا ہے. جس سے وقت کا آغاز ہوتا ہے اور جس کی مدت ہمارے خیال میں تو لاکھوں سال ہے مگر اللہ کی نظر میں وہ مدت بہت قلیل ہے. اس کائنات میں جو کوئی عمل دور دراز کسی کہکشاں میں کی لاکھ نوری سال پہلے ہوا تھا اسکی خبر روشنی کی صورت میں اب ہماری زمین تک پہنچی ہے. یعنی جو بات ہمیں آج معلوم ہو رہی ہے وہ لاکھوں سال پرانی خبر ہے. کیا آج جو واقعہ لاکھوں نوری سال دور واقع ہو رہا ہے وہ ہمیں حقیقی وقت میں معلوم ہو سکتا ہے، جواب ہے نہیں جن ٹولز سے ہم یہ معلومات حاصل کرتے ہیں یعنی مادی ذرائع انکی پہنچ محدود ہے. شائد ہم میں موجود غیر مادی قوتیں کل کو معلوم کر سکیں مگر تب جب ہم انکو استعمال کرنا سیکھنے کی طرف توجہ دیں گئے. تب بھی انسان اللہ کی طرف سے مقرر کردہ حدود سے باہر نہیں نکل سکتا اور وہ کچھ معلوم نہیں کر سکتا جو وحی ہمیں بتلاتی ہے.

پس اللہ کی باتیں اللہ ہی ہمیں نہ بتلاے تو ہمیں معلوم نہیں ہو سکتیں اور نہ اسکے چاہے بغیر ہمیں سیدھا راستہ نظر آسکتا ہے

اسکا فرمانا ہے. وَمَن لَّمْ يَجْعَلِ اللَّهُ لَهُ نُورًا فَمَا لَهُ مِن نُّورٍ

نسے

اور جس کو اللہ تعالٰی ہی نور نہ دے اس کو (کہیں سے بھی) نور نہیں (میسر ہو سکتا)۔(۴۰)

سورۃ النُّور

دنیا کا انجام کب ہو گا کس طرح ہو گا اسکا جواب بھی آپکو سائنس یا انسان کی عقل نہیں دے سکتی. وحی ہی سے معلومات ملتی ہے.

ان آیات پر غور کیجیے اور بتایئے کون سی سائنس اور کون سی انسانی عقل آخرت کی اس تصویر کشی کا خود بخود احاطہ کر سکتی ہے

سورۃ القِیَامَۃ

سو جس وقت (مارے حیرت کے) آنکھیں خیرہ ہو جاویں گی۔(۷) اور چاند بے نور ہو جائیگا۔(۸) اور سورج اور چاند ایک حالت کے ہو جائینگے (یعنی دونوں بے نور ہو جائیں گے)۔(۹) اس روز انسان کہے گا اب کدھر بھاگوں۔(۱۰

سورۃ الانفِطار

جب آسمان پھٹ جاوے گا۔(۱) اور جب ستارے (ٹوٹ کر) جھڑ پڑیں گے۔(۲) اور جب سب دریا (شور اور شیریں) بہ پڑیں گے۔(۳) اور جب قبریں اکھاڑ دی جاویں گی (یعنی ان کے مردے نکل کھڑے ہوں گے (۴) ہر شخص اپنے اگلے اور پچھلے اعمال کو جان لے گا۔(۵) اے انسان تجھ کو کس چیز نے ایسے رب کریم کے ساتھ بھول میں ڈال رکھا ہے۔(۶) جس نے تجھ کو (انسان) بنایا پھر تیرے اعضا کو درست کیا پھر تجھ کو (مناسب) اعتدال پر بنایا۔(۷) (اور) جس صورت میں چاہا تجھ کو ترکیب دے دیا۔(۸)

آپ نے دیکھا اللہ تعالی کی ہدایات یونیور سل ہیں اور ہر زمانہ اور جگہ پر ایک ہی جیسی. وہ لوگ جن کے دل میں مرض ہے آج مسلمانوں کو یہ باور کروانے کی کوشش کرتے ہیں کہ اسلام تو فقط عرب کے قبائلی معاشرے کے لئے تھا اور وہ بھی اس زمانے کے لئے. یہ گمراہ کن بات ہے جو حقیقت کے سراسر خلاف ہے.

صاحب وحی حضرت محمّد اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف اور اعلی اخلاق کی گواہی:

بخاری میں روایت ہے

ہم کو ابو الیمان حکم بن نافع نے حدیث بیان کی، انہیں اس حدیث کی شعیب نے خبر دی۔ انھوں نے زہری سے یہ حدیث سنی۔ انہیں عبید اللہ ابن عبد اللہ ابن عتبہ بن مسعود نے خبر دی کہ عبد اللہ بن عباس سے ابوسفیان بن حرب نے یہ واقعہ بیان کیا کہ ہر قل (شاہ روم) نے ان کے پاس قریش کے قافلے میں ایک آدمی بلانے کو بھیجا اور اس وقت یہ لوگ تجارت کے لیے ملک شام گئے ہوئے تھے اور یہ وہ زمانہ تھا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش اور ابوسفیان سے ایک وقتی عہد کیا ہوا تھا۔ جب ابوسفیان اور دوسرے لوگ ہر قل کے پاس ایلیاء پہنچے جہاں ہر قل نے دربار طلب کیا تھا۔ اس کے گرد روم کے بڑے بڑے لوگ (علماء وزراء امراء) بیٹھے ہوئے تھے۔ ہر قل نے ان کو اور اپنے ترجمان کو بلوایا۔ پھر ان سے پوچھا کہ تم میں سے کون شخص مدعی رسالت کا زیادہ قریبی عزیز ہے؟ ابوسفیان کہتے ہیں کہ میں بول اٹھا کہ میں اس کا سب سے زیادہ قریبی رشتہ دار ہوں۔ (یہ سن کر) ہر قل نے حکم دیا کہ اس کو (ابوسفیان کو) میرے قریب لا کر بٹھاؤ اور اس کے

نے

ساتھیوں کو اس کی پیٹھ کے پیچھے بٹھادو۔ پھر اپنے ترجمان سے کہا کہ ان لوگوں سے کہہ دو کہ میں ابوسفیان سے اس شخص کے (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے) حالات پوچھتا ہوں۔ اگر یہ مجھ سے کسی بات میں جھوٹ بول دے تو تم اس کا جھوٹ ظاہر کر دینا، (ابوسفیان کا قول ہے کہ) خدا کی قسم! اگر مجھے یہ غیرت نہ آتی کہ یہ لوگ مجھ کو جھٹلائیں گے تو میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت ضرور غلط گوئی سے کام لیتا۔ خیر پہلی بات جو ہرقل نے مجھ سے پوچھی وہ یہ کہ اس شخص کا خاندان تم لوگوں میں کیسا ہے؟ میں نے کہا وہ تو بڑے اونچے عالی نسب والے ہیں۔ کہنے لگا اس سے پہلے بھی کسی نے تم لوگوں میں ایسی بات کہی تھی؟ میں نے کہا نہیں کہنے لگا، اچھا اس کے بڑوں میں کوئی بادشاہ ہوا ہے؟ میں نے کہا نہیں ۔ پھر اس نے کہا، بڑے لوگوں نے اس کی پیروی اختیار کی ہے یا کمزوروں نے؟ میں نے کہا نہیں کمزوروں نے۔ پھر کہنے لگا، اس کے تابعدار روز بڑھتے جاتے ہیں یا کوئی ساتھی پھر بھی جاتا ہے؟ میں نے کہا نہیں۔ کہنے لگا کہ کیا اپنے اس دعوائے (نبوت) سے پہلے کبھی (کسی بھی موقع پر) اس نے جھوٹ بولا ہے؟ میں نے کہا نہیں۔ اور اب ہماری اس سے (صلح کی) ایک مقررہ مدت ٹھہری ہوئی ہے۔ معلوم نہیں وہ اس میں کیا کرنے والا ہے۔ (ابوسفیان کہتے ہیں) میں اس بات کے سوا اور کوئی (جھوٹ) اس گفتگو میں شامل نہ کر سکا۔ ہرقل نے کہا کیا تمہاری اس سے کبھی لڑائی بھی ہوتی ہے؟ ہم نے کہا کہ ہاں۔ بولا پھر تمہاری اور اس کی جنگ کا کیا حال ہوتا ہے؟ میں نے کہا، لڑائی ڈول کی طرح ہے، کبھی وہ ہم سے (میدان جنگ) جیت لیتے ہیں اور کبھی ہم ان سے جیت لیتے ہیں۔ ہرقل نے پوچھا۔ وہ

نے

تمہیں کس بات کا حکم دیتا ہے ؟ میں نے کہا وہ کہتا ہے کہ صرف ایک اللہ ہی کی عبادت کرو، اس کا کسی کو شریک نہ بناؤ اور اپنے باپ دادا کی (شرک کی) باتیں چھوڑ دو اور ہمیں نماز پڑھنے، سچ بولنے، پرہیز گاری اور صلہ رحمی کا حکم دیتا ہے۔ (یہ سب سن کر) پھر ہرقل نے اپنے ترجمان سے کہا کہ ابوسفیان سے کہہ دے کہ میں نے تم سے اس کا نسب پوچھا تو تم نے کہا کہ وہ ہم میں عالی نسب ہے اور پیغمبر اپنی قوم میں عالی نسب ہی بھیجے جایا کرتے ہیں۔ میں نے تم سے پوچھا کہ (دعویٰ نبوت کی) یہ بات تمہارے اندر اس سے پہلے کسی اور نے بھی کہی تھی، تو تم نے جواب دیا کہ نہیں، تب میں نے (اپنے دل میں) کہا کہ اگر یہ بات اس سے پہلے کسی نے کہی ہوتی تو میں سمجھتا کہ اس شخص نے بھی اسی بات کی تقلید کی ہے جو پہلے کہی جا چکی ہے۔ میں نے تم سے پوچھا کہ اس کے بڑوں میں کوئی بادشاہ بھی گزرا ہے، تم نے کہا کہ نہیں۔ تو میں نے (دل میں) کہا کہ ان کے بزرگوں میں سے کوئی بادشاہ ہوا ہو گا تو کہہ دوں گا کہ وہ شخص (اس بہانہ) اپنے آباء و اجداد کی بادشاہت اور ان کا ملک (دوبارہ) حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اور میں نے تم سے پوچھا کہ اس بات کے کہنے (یعنی پیغمبری کا دعویٰ کرنے) سے پہلے تم نے کبھی اس کو دروغ گوئی کا الزام لگایا ہے؟ تم نے کہا کہ نہیں۔ تو میں نے سمجھ لیا کہ جو شخص آدمیوں کے ساتھ دروغ گوئی سے بچے وہ اللہ کے بارے میں کیسے جھوٹی بات کہہ سکتا ہے۔ اور میں نے تم سے پوچھا کہ بڑے لوگ اس کے پیرو ہوتے ہیں یا کمزور آدمی۔ تم نے کہا کمزوروں نے اس کی اتباع کی ہے، تو (دراصل) یہی لوگ پیغمبروں کے متبعین ہوتے ہیں۔ اور میں نے تم سے پوچھا کہ اس کے ساتھی بڑھ رہے ہیں یا کم ہو

نے

رہے ہیں۔ تم نے کہا کہ وہ بڑھ رہے ہیں اور ایمان کی کیفیت یہی ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ وہ کامل
ہو جاتا ہے اور میں نے تم سے پوچھا کہ آیا کوئی شخص اس کے دین سے ناخوش ہو کر مرتد
بھی ہو جاتا ہے تم نے کہا نہیں، تو ایمان کی خاصیت بھی یہی ہے جن کے دلوں میں اس کی
مسرت رچ بس جائے وہ اس سے لوٹا نہیں کرتے۔ اور میں نے تم سے پوچھا کہ آیا وہ کبھی
عہد شکنی کرتے ہیں۔ تم نے کہا نہیں، پیغمبروں کا یہی حال ہوتا ہے، وہ عہد کی خلاف ورزی
نہیں کرتے۔ اور میں نے تم سے کہا کہ وہ تم سے کس چیز کے لیے کہتے ہیں۔ تم نے کہا کہ وہ
ہمیں حکم دیتے ہیں کہ اللہ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور تمہیں
بتوں کی پرستش سے روکتے ہیں۔ سچ بولنے اور پرہیز گاری کا حکم دیتے ہیں۔ لہٰذا اگر یہ
باتیں جو تم کہہ رہے ہو سچ ہیں تو عنقریب وہ اس جگہ کا مالک ہو جائے گا کہ جہاں میرے یہ
دونوں پاؤں ہیں۔ مجھے معلوم تھا کہ وہ (پیغمبر) آنے والا ہے۔ مگر مجھے یہ معلوم نہیں تھا کہ
وہ تمہارے اندر ہو گا۔ اگر میں جانتا کہ اس تک پہنچ سکوں گا تو اس سے ملنے کے لیے ہر
تکلیف گوارا کرتا۔ اگر میں اس کے پاس ہوتا تو اس کے پاؤں دھوتا۔ ہرقل نے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم وہ خط منگایا جو آپ نے دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کے ذریعہ حاکم بصریٰ کے
پاس بھیجا تھا اور اس نے وہ ہرقل کے پاس بھیج دیا تھا۔ پھر اس کو پڑھا تو اس میں (لکھا تھا):
¤¤اللہ کے نام کے ساتھ جو نہایت مہربان اور رحم والا ہے۔ ¤اللہ کے بندے اور اس کے
پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے یہ خط ہے شاہ روم کے لیے۔ اس شخص پر سلام ہو
جو ہدایت کی پیروی کرے اس کے بعد میں آپ کے سامنے دعوت اسلام پیش کرتا ہوں۔

نے

اگر آپ اسلام لے آئیں گے تو (دین و دنیا میں) سلامتی نصیب ہو گی۔ اللہ آپ کو دوہرا ثواب دے گا اور اگر آپ (میری دعوت سے) روگردانی کریں گے تو آپ کی رعایا کا گناہ بھی آپ ہی پر ہو گا۔ اور اے اہل کتاب! ایک ایسی بات پر آ جاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان یکساں ہے۔ وہ یہ کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں اور نہ ہم میں سے کوئی کسی کو خدا کے سوا اپنا رب بنائے۔ پھر اگر وہ اہل کتاب (اس بات سے) منہ پھیر لیں تو (مسلمانو!) تم ان سے کہہ دو کہ (تم مانو یا نہ مانو) ہم تو ایک خدا کے اطاعت گزار ہیں۔ ابو سفیان کہتے ہیں: جب ہرقل نے جو کچھ کہنا تھا کہہ دیا اور خط پڑھ کر فارغ ہوا تو اس کے اردگرد بہت شور و غوغہ ہوا، بہت سی آوازیں اٹھیں اور ہمیں باہر نکال دیا گیا۔ تب میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ ابو کبشہ کے بیٹے (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم) کا معاملہ تو بہت بڑھ گیا (دیکھو تو) اس سے بنی اصفر (روم) کا بادشاہ بھی ڈرتا ہے۔ مجھے اس وقت سے اس بات کا یقین ہو گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عنقریب غالب ہو کر رہیں گے۔ حتیٰ کہ اللہ نے مجھے مسلمان کر دیا۔ (راوی کا بیان ہے کہ) ابن ناطور ایلیاء کا حاکم ہرقل کا مصاحب اور شام کے نصاریٰ کا لاٹ پادری بیان کرتا تھا کہ ہرقل جب ایلیاء آیا، ایک دن صبح کو پریشان اٹھا تو اس کے درباریوں نے دریافت کیا کہ آج ہم آپ کی حالت بدلی ہوئی پاتے ہیں۔ (کیا وجہ ہے؟) ابن ناطور کا بیان ہے کہ ہرقل نجومی تھا، علم نجوم میں وہ پوری مہارت رکھتا تھا۔ اس نے اپنے ہم نشینوں کو بتایا کہ میں نے آج رات ستاروں پر نظر ڈالی تو دیکھا کہ ختنہ کرنے والوں کا بادشاہ ہمارے ملک پر غالب آ گیا ہے۔ (

نے

بھلا) اس زمانے میں کون لوگ ختنہ کرتے ہیں؟ انھوں نے کہا کہ یہود کے سوا کوئی ختنہ نہیں کرتا۔ سو ان کی وجہ سے پریشان نہ ہوں۔ سلطنت کے تمام شہروں میں یہ حکم لکھ بھیجئے کہ وہاں جتنے یہودی ہوں سب قتل کر دیئے جائیں۔ وہ لوگ انھی باتوں میں مشغول تھے کہ ہرقل کے پاس ایک آدمی لایا گیا۔ جسے شاہ غسان نے بھیجا تھا۔ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات بیان کئے۔ جب ہرقل نے (سارے حالات) سن لیے تو کہا کہ جاکر دیکھو وہ ختنہ کئے ہوئے ہے یا نہیں؟ انھوں نے اسے دیکھا تو بتلایا کہ وہ ختنہ کیا ہوا ہے۔ ہرقل نے جب اس شخص سے عرب کے بارے میں پوچھا تو اس نے بتلایا کہ وہ ختنہ کرتے ہیں۔ تب ہرقل نے کہا کہ یہ ہی (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اس امت کے بادشاہ ہیں جو پیدا ہو چکے ہیں۔ پھر اس نے اپنے ایک دوست کو رومیہ خط لکھا اور وہ بھی علم نجوم میں ہرقل کی طرح ماہر تھا۔ پھر وہاں سے ہرقل حمص چلا گیا۔ ابھی حمص سے نکلا نہیں تھا کہ اس کے دوست کا خط (اس کے جواب میں) آگیا۔ اس کی رائے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور کے بارے میں ہرقل کے موافق تھی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم (واقعی) پیغمبر ہیں۔ اس کے بعد ہرقل نے روم کے بڑے آدمیوں کو اپنے حمص کے محل میں طلب کیا اور اس کے حکم سے محل کے دروازے بند کر لیے گئے۔ پھر وہ (اپنے خاص محل سے) باہر آیا اور کہا "اے روم والو! کیا ہدایت اور کامیابی میں کچھ حصہ تمہارے لیے بھی ہے؟ اگر تم اپنی سلطنت کی بقا چاہتے ہو تو پھر اس نبی کی بیعت کر لو اور مسلمان ہو جاؤ" (یہ سننا تھا کہ) پھر وہ لوگ وحشی گدھوں کی طرح دروازوں کی طرف دوڑے (مگر) انہیں بند پایا۔

نے

آخر جب ہر قل نے (اس بات سے) ان کی یہ نفرت دیکھی اور ان کے ایمان لانے سے مایوس ہو گیا تو کہنے لگا کہ ان لوگوں کو میرے پاس لاؤ۔ (جب وہ دوبارہ آئے) تو اس نے کہا میں نے جو بات کہی تھی اس سے تمہاری دینی پختگی کی آزمائش مقصود تھی سو وہ میں نے دیکھ لی۔ تب (یہ بات سن کر) وہ سب کے سب اس کے سامنے سجدے میں گر پڑے اور اس سے خوش ہو گئے۔ بالآخر ہر قل کی آخری حالت یہ ہی رہی۔ ابو عبد اللہ کہتے ہیں کہ اس حدیث کو صالح بن کیسان، یونس اور معمر نے بھی زہری سے روایت کیا ہے۔

ایسے بابرکت نبی کی بات مانی جائے یا کسی دہریہ کی؟ دوستو ذرا سوچو کچھ سمجھو.

انسان کی ذہنی صلاحیتیں اور وحی کی ماہیت

اللہ تعالی نے انسان کو بیشمار صلاحیتوں سے نوازا ہے. ان میں انسان کا دماغ اور ذہن حیرت انگیز خوبیوں کا مالک ہے. انسان کی ذہنی صلاحیتوں میں سے وجدان، الہام القاء ہیں، سچے خواب ہیں. ٹیلی پیتھی ہے مسمریزم ہے. مگر وحی ان سب سے الگ چیز ہے اور اس کی اپنی منفرد حیثیت ہے. یہ واضح طور اللہ کی طرف سے پیغام رسانی ہے. یہ کسی انسان کی کسی بھی قسم کی ذہنی کیفیت کا کرشمہ نہیں.

اسکو ذرا امام بخاری کی بخاری شریف باب بدا الخلق کی حدیث نمبر تین کی روشنی میں سمجھیں. وحی کے بارے میں بہت ساری باتوں کا اس میں جواب ہے.

نسے

ہم کو یحییٰ بن بکیر نے یہ حدیث بیان کی، وہ کہتے ہیں کہ اس حدیث کی ہم کو لیث نے خبر دی، لیث عقیل سے روایت کرتے ہیں۔ عقیل ابن شہاب سے، وہ عروہ بن زبیر سے، وہ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کرتے ہیں کہ انھوں نے بتلایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کا ابتدائی دور اچھے سچے پاکیزہ خوابوں سے شروع ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں جو کچھ دیکھتے وہ صبح کی روشنی کی طرح صحیح اور سچا ثابت ہوتا۔ پھر من جانب قدرت آپ صلی اللہ علیہ وسلم تنہائی پسند ہوگئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غار حرا میں خلوت نشینی اختیار فرمائی اور کئی کئی دن اور رات وہاں مسلسل عبادت اور یاد الٰہی وذکر و فکر میں مشغول رہتے۔ جب تک گھر آنے کو دل نہ چاہتا توشہ ہمراہ لیے ہوئے وہاں رہتے۔ توشہ ختم ہونے پر ہی اہلیہ محترمہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لاتے اور کچھ توشہ ہمراہ لے کر پھر وہاں جا کر خلوت گزیں ہو جاتے، یہی طریقہ جاری رہا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر حق منکشف ہو گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم غار حرا ہی میں قیام پذیر تھے کہ اچانک حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ اے محمد! پڑھو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں نے کہا کہ میں پڑھنا نہیں جانتا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ فرشتے نے مجھے پکڑ کر اتنے زور سے بھینچا کہ میری طاقت جواب دے گئی، پھر مجھے چھوڑ کر کہا کہ پڑھو، میں نے پھر وہی جواب دیا کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ اس فرشتے نے مجھ کو نہایت ہی زور سے بھینچا کہ مجھ کو سخت تکلیف محسوس ہوئی، پھر اس نے کہا کہ پڑھ! میں نے کہا کہ میں پڑھا ہوا

نہیں ہوں۔ فرشتے نے تیسری بار مجھ کو پکڑا اور تیسری مرتبہ پھر مجھ کو بھینچا پھر مجھے چھوڑ دیا اور کہنے لگا کہ پڑھو اپنے رب کے نام کی مدد سے جس نے پیدا کیا اور انسان کو خون کی پھٹکی سے بنایا، پڑھو اور آپ کا رب بہت ہی مہربانیاں کرنے والا ہے۔ پس یہی آیتیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت جبرائیل علیہ السلام سے سن کر اس حال میں غار حرا سے واپس ہوئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دل اس انوکھے واقعہ سے کانپ رہا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت خدیجہ کے ہاں تشریف لائے اور فرمایا کہ مجھے کمبل اوڑھا دو، مجھے کمبل اوڑھا دو۔ لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کمبل اوڑھا دیا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ڈر جاتا رہا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زوجہ محترمہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو تفصیل کے ساتھ یہ واقعہ سنایا اور فرمانے لگے کہ مجھ کو اب اپنی جان کا خوف ہو گیا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اہلیہ محترمہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ڈھارس بندھائی اور کہا کہ آپ کا خیال صحیح نہیں ہے۔ خدا کی قسم آپ کو اللہ کبھی رسوا نہیں کرے گا، آپ تو اخلاق فاضلہ کے مالک ہیں، آپ تو کنبہ پرور ہیں، بے کسوں کا بوجھ اپنے سر پر رکھ لیتے ہیں، مفلسوں کے لیے آپ کماتے ہیں، مہمان نوازی میں آپ بے مثال ہیں اور مشکل وقت میں آپ امر حق کا ساتھ دیتے ہیں۔ ایسے اوصاف حسنہ والا انسان یوں بے وقت ذلت وخواری کی موت نہیں پا سکتا۔ پھر مزید تسلی کے لیے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں، جو ان کے چچازاد بھائی تھے اور زمانہ جاہلیت میں نصرانی مذہب اختیار کر چکے تھے اور عبرانی زبان کے

کاتب تھے، چنانچہ انجیل کو بھی حسب منشائے خداوندی عبرانی زبان میں لکھا کرتے تھے۔ (انجیل سریانی زبان میں نازل ہوئی تھی پھر اس کا ترجمہ عبرانی زبان میں ہوا۔ ورقہ اسی کو لکھتے تھے) وہ بہت بوڑھے ہو گئے تھے یہاں تک کہ ان کی بینائی بھی رخصت ہو چکی تھی۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے ان کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات بیان کیے اور کہا کہ اے چچازاد بھائی! اپنے بھتیجے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کی زبانی ذرا ان کی کیفیت سن لیجیئے وہ بولے کہ بھتیجے آپ نے جو کچھ دیکھا ہے، اس کی تفصیل سناؤ۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اول تا آخر پورا واقعہ سنایا، جسے سن کر ورقہ بے اختیار ہو کر بول اٹھے کہ یہ تو وہی ناموس (معزز راز دان فرشتہ) ہے جسے اللہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر وحی دے کر بھیجا تھا۔ کاش، میں آپ کے اس عہد نبوت کے شروع ہونے پر جوان عمر ہوتا۔ کاش میں اس وقت تک زندہ رہتا جب آپ کی قوم آپ کو اس شہر سے نکال دے گی ۔رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سن کر تعجب سے پوچھا کہ کیا وہ لوگ مجھ کو نکال دیں گے؟ (حالانکہ میں تو ان میں صادق وامین و مقبول ہوں) ورقہ بولا ہاں یہ سب کچھ سچ ہے۔ مگر جو شخص بھی آپ کی طرح امر حق لے کر آیا لوگ اس کے دشمن ہی ہو گئے ہیں۔ اگر مجھے آپ کی نبوت کا وہ زمانہ مل جائے تو میں آپ کی پوری پوری مدد کروں گا۔ مگر ورقہ کچھ دنوں کے بعد انتقال کر گئے۔ پھر کچھ عرصہ تک وحی کی آمد موقوف رہی۔

بخاری شریف ہی کی ایک اور روایت ہے:

نے

ابن شہاب کہتے ہیں مجھ کو ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن نے حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ عنہما سے یہ روایت نقل کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وحی کے رک جانے کے زمانے کے حالات بیان فرماتے ہوئے کہا کہ ایک روز میں چلا جا رہا تھا کہ اچانک میں نے آسمان کی طرف ایک آواز سنی اور میں نے اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایا کیا دیکھتا ہوں کہ وہی فرشتہ جو میرے پاس غار حرا میں آیا تھا وہ آسمان وزمین کے بیچ میں ایک کرسی پر بیٹھا ہوا ہے۔ میں اس سے ڈر گیا اور گھر آنے پر میں نے پھر کمبل اوڑھنے کی خواہش ظاہر کی۔ اس وقت اللہ پاک کی طرف سے یہ آیات نازل ہوئیں۔ اے لحاف اوڑھ کر لیٹنے والے! اٹھ کھڑا ہو اور لوگوں کو عذاب الٰہی سے ڈرا اور اپنے رب کی بڑائی بیان کر اور اپنے کپڑوں کو پاک صاف رکھ اور گندگی سے دور رہ۔ اس کے بعد وحی تیزی کے ساتھ پے درپے آنے لگی۔ اس حدیث کو یحییٰ بن بکیر کے علاوہ لیث بن سعد سے عبد اللہ بن یوسف اور ابو صالح نے بھی روایت کیا ہے۔ اور عقیل کے علاوہ زہری سے ہلال بن رواد نے بھی روایت کیا ہے۔ یونس اور معمر نے اپنی روایت میں لفظ «فوادہ» کی جگہ «بوادرہ» نقل کیا ہے۔

وحی اور مسلمانوں کا فکری ارتقاء

اسلامی عروج کے ابتدائی دور میں مسلمان مفکرین نے ہر پہلو سے وحی کے پیغام اور تعلیمات نبوی صلی پر غور و فکر کیا جس کے نتیجہ میں علوم سے مختلف شعبہ جات وجود میں آئے اور مختلف فقہ وجود میں آئے. اسلامی فتوحات نے مسلمانوں کو ایران ہندوسان

یونان اور رومی علوم وفنون سے متعارف کروایا اور اپنی تمام تر دیانت کے ساتھ مسلمان مفکرین نے ان بیرونی علوم سے استفادہ کیا اور وحی کی تعلیمات کو انپر پیش کیا. کچھ نے یونانی فلسفہ اور منطق کی تائید سے وحی سے حاصل شدہ علم کو ثابت کرنے کی تحریک شروع کی. اس فکری رحجان کے فقط دو قابل ذکر علمی گروہوں کا ہم ذکر کریں گئے یعنی معتزلہ اور اشعریہ جنکا تعلق عقلیت پسندی کے نکتہ نظر سے بنتا ہے یہ وہ مقام ہے جس سے بہت پہلے مسلمان گزر آے ہیں مگر اپنی تاریخ سے ناواقف ہونے کی وجہ سے یہی عقلیت پسندی کے سوالات آج کے کچھ مسلمان نوجوانوں کو پریشان کر رہے ہیں.

معتزلہ ایک عقلیت پسند فرقہ ہے جس کا بانی ایک ایرانی نژاد واصل بن عطا الغزال تھا، اس کے نزدیک قرآن مخلوق ہے، توحید عقلاً معلوم ہو سکتی ہے. دوسری صدی ہجری کے اوائل میں یہ فرقہ وجود میں آیا اور اس کا سب سے پہلا پیروکار عمرو بن عبید تھا جو حسن بصری کا شاگرد تھا، ان لوگوں کو اہل السنۃ والجماعۃ کے عقائد سے الگ ہو جانے کی بنا پر معتزلہ کہا جاتا ہے۔ معتزلہ کے مذہب کی بنیاد عقل پر ہے کہ ان لوگوں نے عقل کو نقل پر ترجیح دی ہے، عقل کے خلاف قطعیات میں تاویلات کرتے ہیں اور ظنیات کا انکار کر دیتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے افعال کو بندوں کے افعال پر قیاس کرتے ہیں، بندوں کے افعال کے اچھے اور برے ہونے کی بنیاد پر اللہ تعالیٰ کے افعال پر اچھے اور برے کا حکم لگاتے ہیں، خلق اور کسب میں کوئی فرق نہیں کر پاتے،

ان کے مذہب کے پانچ اصول ہیں:

- عدل

نسے

- توحید
- نفاذِ وعید
- منزلۃ بین منزلتین۔
- امر بالمعروف اور نہی عن المنکر۔

- (1) عقیدۂ عدل کے اندر در حقیقت انکارِ عقیدۂ تقدیر مضمر ہے، ان کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ شر کا خالق نہیں، اگر اللہ تعالیٰ کو خالقِ شر مانیں تو شریر لوگوں کو عذاب دینا ظلم ہوگا جو خلافِ عدل ہے، جبکہ اللہ تعالیٰ عادل ہے ظالم نہیں۔
- (2) ان کی توحید کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تمام صفات اور قرآن مجید مخلوق ہیں، اگر انہیں غیر مخلوق مانیں تو تعدد قدماء لازم آتا ہے جو توحید کے خلاف ہے۔
- (3) نفاذِ وعید کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو جو عذاب بتلائے ہیں اور جو جو وعیدیں سنائی ہیں، گنہگاروں پر ان کو جاری کرنا اللہ تعالیٰ پر واجب ہے، اللہ تعالیٰ کسی کو معاف نہیں کر سکتا اور نہ کسی گنہگار کی توبہ قبول کر سکتا ہے، اس پر لازم ہے کہ گنہگار کو سزا دے، جیسا کہ اس پر لازم ہے کہ نیکوکار کو اجر و ثواب دے، ورنہ نفاذِ وعید نہیں ہوگا۔
- (4) منزلۃ بین منزلتین کا مطلب یہ ہے کہ معتزلہ ایمان اور کفر کے درمیان ایک تیسرا درجہ مانتے ہیں اور وہ مرتکبِ کبیرہ کا درجہ ہے، ان کے نزدیک مرتکبِ کبیرہ یعنی گنہگار شخص ایمان سے نکل جاتا ہے اور کفر میں داخل نہیں ہوتا، گویا نہ وہ مسلمان ہے اور نہ کافر۔

نے

- (5) امر بالمعروف کا مطلب ان کے نزدیک یہ ہے کہ جن احکامات کے ہم مکلّف ہیں دوسروں کو ان کا حکم کریں اور لازمی طور پر ان کی پابندی کروائیں اور نہی عند المنکر یہ ہے کہ اگر امام ظلم کرے تو اس کی بغاوت کر کے اس کے ساتھ قتال کیا جائے۔

اشعری علمی تحریک معتزلہ کے عقائد کے خلاف رد عمل تھا.

اَشعری یا اشاعرہ اہل سنت کی کلامی جماعتوں میں سے ہے جس کی بنیاد ابو الحسن اشعری (260-324ھ) نے رکھی اسی بنا پر اشعری کہلاتے ہیں. نامی گرامی اشعری علماء میں قاضی ابو بکر باقلانی، عبد القاہر بغدادی، امام الحرمین جوینی، ابو حامد غزالی، فخر رازی، عضد الدین ایجی اور سعد الدین تفتازانی شامل ہیں اور ان کی اہم ترین کتابوں میں جوینی کی الشامل فی اصول الدین سید شریف جرجانی کی شرح المواقف، تفتازانی کی شرح المقاصد اور شرح العقائد النسفیہ اور فخر الدین رازی کی تفسیر کبیر شامل ہیں۔

اشعری کی رائے کے مطابق عقل و فہم سے فائدہ اٹھانا اور شرع کی تائید حاصل کرنا ضلالت نہیں بلکہ ایک ضرورت ہے؛ لیکن عقل سے استفادہ مطلق نہیں ہے بلکہ عقل نصّ (اور نقل) سے مقید و مشروط ہے ورنہ تو عقل راستہ کھو جائے گی۔ عقل اور نقل کے درمیان تضاد و تعارض کی صورت میں اشعری نے نقل کی جانبداری کی ہے اور ان کا عقیدہ ہے کہ عقل کو نصّ کے تابع ہونا چاہیے.

http://ur.wikishia.net/view/%D8%A7%D8%B4%D8%B9%D8%B1%DB%8C%DB%81

امام غزالی فلسفہ اور منطق کے استاد اور ماہر تھے علم تدبر اور اس کی فضیلت پر احیا علوم الدین تہافت الفلاسفہ جیسی کتابیں لکھ کر وحی اور عقل دونوں کی اہمیت پر زور دیتے ہیں. اس پر انہوں نے معیار العلم کتاب بھی لکھی. جس میں علم اور عقل کی مدح سرائی کی گئی ہے. یہاں تک کہ لوگوں نے خیال کیا کہ امام غزالی عقلیت پسند ہیں. پھر انہوں نے فلسفہ

نے

کے رد میں فلاسفروں کے منتشر خیالات نامی کتاب لکھی. امام صاحب کا خیال ہے کہ سچے علم کا حصول ایک نہایت سنجیدہ کام ہے جس کے لئے انسان کو عقلی اور روحانی دونوں قوتوں کی ضرورت ہے. معلومات سے انسان کو علم حاصل ہوتا ہے مگر یہ اسکا اخیر نہیں بلکہ علم سے فہم اور پھر فہم سے فضیلت حاصل کرنا ہوتی ہے جو کہ انسان کو روحانی بلندی اور بالیدگی عطا کرتی ہے. کمپیوٹر سکرین پر ہم انفارمیشن تو دیکھ سکتے ہیں یہ ہمیں ذہانت اور فضیلت منتقل نہیں کرتیں.

امام صاحب کا کہنا ہے کہ انکے دور کے مسلمان فلسفی جو یونان کے فلسفہ سے متاثر تھے انہوں نے سمجھا کہ تجربہ سے حاصل شدہ ثبوت یعنی برہان وحی کے ذریعہ ملنے والے علم کے مقابلہ میں اعلیٰ ہے. اس خیال کی وجہ سے ان مسلمان فلاسفہ نے دین کے احکام کو پس پشت ڈالنا شروع کر دیا

امام صاحب نے انکے ان خیالات کا رد کیا جو ان فلاسفہ کے اپنے علم پر تکبر کا شاخسانہ تھا. امام صاحب کا کہنا تھا کہ فلاسفہ تقلید کرتے ہیں اور بغیر مزید سوچ بچار کے اپنے قدیم اساتذہ کی تعلیمات کو صرف دہراتے رہتے ہیں.

امام صاحب کا کہنا ہے کہ فلسفیوں کو اپنی کتاب میں بیان کردہ خدا، فطرت انسان کی روح اور آسمانی چیزوں کے بارے میں تصوارت نبیوں کی وحی کی وجہ سے معلوم ہوے جنکو

انہوں نے اپنے خیالات کہا حالانکہ یہ تصورات انکے اپنے نہیں تھے جنکو انہوں نے اپنی عقل اور برہان سے اخذ کیا ہو۔

۔اشعریہ علم و عرفان کا اصل ماخذ وحی الہٰی کو مانتے تھے۔ انکے نزیک اللہ تعالی کی ذات ہی حق اور سچ کا منبع ہے لہٰذا انسانی عقلی دلائل کے مقابلے میں وحی کو فوقیت حاصل ہے۔

وحی کے نوع انسانی پر اثرات

سادہ الفاظ میں، جیسے انسانوں پر اللہ تعالی کے ان گنت احسانات ہیں انمیں سے وحی کی رحمت اللہ کا بہت بڑا احسان ہے۔

عقیدہ توحید اللہ پر ایمان اور یقین سے آج بھی انسانوں کی ایک کثیر تعداد فلاح پا رہی ہے۔ وحی کی فراہم کردہ بنیادوں پر آج بھی انسانی معاشروں اور تہذیبوں میں اخلاقیات اور باہمی انسانی لیں دین اور حسن سلوک کے ضابطے قائم دائم ہیں۔ حلال اور حرام کی تمیز باقی ہے۔ رشتوں کی حرمت اور تکریم باقی ہے۔ نیک و بد کی پہچان باقی ہے۔ انصاف کے ضابطے موجود ہیں یہ اور بات کہ انسان ان پر عمل نہیں کرتا اور اپنے لئے مشکلیں اور تکلیفیں پیدا کر رہا ہے۔ وحی سے حاصل شدہ برکات نے انسان کو اوج ثریا تک وسعت عطا کی ہے۔ وحی کی وجہ سے انسان نے اپنے پروردگار کے ساتھ رابطہ استوار کیا ہے۔ وحی نے انسان کی بے نوری دور کر کے اسے نور نظر عطا کیا ہے۔ اسکو وہ بصیرت عطا کی ہے جو اسکی

نے

نجات کی بھی ضامن ہے. انسان کو صراط مستقیم پر چلنے والا باعمل انسان بنایا ہے جو اپنے لئے اور باقی مخلوق کے لئے خیر ہی خیر ہے.

قرآن کریم کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:

"اِنَّانَحْنُ نَزَّلْنَاالذِّكْرَ وَ إِنَّالَہٗ لَحَافِظُوْنَ"(الحجر:9)

ترجمہ:"ہم نے ہی اس ذکر (وحی) کو نازل فرمایا ہے اور بلاشبہ ہم ہی اس کے محافظ ہیں"۔

نے

ذات باری تعالی

معرفت کا لغوی اور اصطلاحی معنی لفظ معرفت ”عرف“ سے مشتق ہے اور لغت میں اس کا معنی ہے ”کسی چیز کی ذات، آثار اور خصوصیات کے بارے میں علم حاصل کرنا“ (۱) جبکہ اصطلاح میں کسی چیز کو اس کے غیر سے ممتاز کر دینے کو اس چیز کی معرفت کہا جاتا ہے۔

فرق بین علم و معرفت:

وجود باری تعالی کے تناظر میں علم و معرفت کے درمیان فرق یہ ہے کہ اگر کسی چیز کی تصویر ذہن میں آجائے اور حواس خمسہ کے ذریعہ اسکا ادرک کیا جائے۔ تو یہ اس شی کا علم کہلاتا ہے اور چونکہ اللہ تعالی انسانی تصور سے بالاتر ہے، حواس خمسہ بھی اس کے ادراک سے عاجز ہیں لہذا اللہ تعالی کے بارے میں لفظ ”علم“ استعمال نہیں ہوتا بلکہ لفظ ”معرفت“ استعمال ہوتا ہے

نے

رب کی معرفت، انسانی عقل سے بالاتر ہے بلکہ ملائکہ مقربین اور انبیاء مرسلین بھی اس متحیر العقول وادی میں قدم نہیں رکھ سکے۔ منقول ہے:

''ان اللہ احتجب عن العقول کما احتجب عن الابصار و ان الملا الاعلی یطلبونہ کما تطلبونہ انتم''(۸)

اللہ کی ذات عقلوں سے اسی طرح پوشیدہ ہے جس طرح وہ آنکھوں سے اوجھل ہے۔ جس طرح تم اس کی جستجو میں ہو اسی طرح ملاآعلی کے مکین بھی اس کی جستجو میں ہیں۔

http://balaghah.net/old/nahj-htm/urdo/id/maq/11.htm

سب تعریفیں اللہ ہی کو لایق ہیں جو مربّی ہیں ہر ہر عالم کے۔(۲) جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔(۳) جو مالک ہیں روزِ جزا کے.

نے

اللہ نور ہے آسمانوں اور زمین کا، اس کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے ایک طاق کہ اس میں چراغ ہے، وہ چراغ ایک فانوس میں ہے، وہ فانوس گویا ایک ستارہ ہے موتی سا چمکتا، روشن ہوتا ہے برکت والے پیڑ زیتون سے جو نہ پورب کا نہ پچھم کا، قریب ہے کہ اس کا تیل بھڑک اٹھے اگرچہ اسے آگ نہ چھوئے، نور پر نور ہے، اللہ اپنے نور کی راہ بتاتا ہے جسے چاہتا ہے اور اللہ مثالیں بیان فرماتا ہے لوگوں کے لیے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے

منافقوں ملحدوں اور دہریوں نے خدا کا انکار کیا. کیا انکو ادراک بھی ہے کہ وہ بابرکت ذات کیا ہے. کیا انکو اس کا واقعی کچھ تعارف بھی ہے.

آیئے دیکھتے ہیں اللہ کے دوست اسکو کس طرح سے جانتے پہچانتے ہیں

مگر اس سے پہلے ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالی نے خود اپنا تعارف قران کریم میں کس طرح بیان فرمایا ہے

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

نے

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ ہے سب کا تھامنے والا نہ اس کی اونگھ دبا سکتی ہے نہ نیند آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے سب اسی کا ہے ایسا کون ہے جو اس کی اجازت کے سوا اس کے ہاں سفارش کر سکے مخلوقات کے تمام حاضر اور غائب حالات کو جانتا ہے اور وہ سب اس کی معلومات میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا کہ وہ چاہے اس کی کرسی نے سب آسمانوں اور زمین کو اپنے اندر لے رکھا ہے اور اللہ کو ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گزرتی اور وہی سب سے برتر عظمت والا ہے (۲۵۵) دین کے معاملے میں زبردستی نہیں ہے بے شک ہدایت یقیناً گمراہی سے ممتاز ہو چکی ہے پھر جو شخص شیطان کو نہ مانے اور اللہ پر ایمان لائے تو اس نے مضبوط حلقہ پکڑ لیا جو ٹوٹنے والا نہیں اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے (۲۵۶)

سورة الحَدید

اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں سب جو کچھ کہ آسمانوں اور زمین میں ہیں اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ (۱) اسی کی سلطنت ہے آسمانوں اور زمین کی. وہی حیات دیتا ہے اور (وہی) موت دیتا ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے (سب مخلوق سے)۔ (۲) وہی پہلے ہے اور وہی پیچھے اور وہی ظاہر ہے اور وہی مخفی ہے اور وہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے۔ (۳) وہ ایسا ہے کہ اس نے آسمان اور زمین کو چھ روز (کی مقدار) میں پیدا کیا پھر تخت پر قائم ہوا وہ سب کچھ جانتا ہے جو چیز زمین کے اندر داخل ہوتی ہے (مثلا

نے

بارش)اور جو چیز اس میں سے نکلتی ہے (مثلاً نباتات)اور جو چیز آسمان سے اترتی ہے اور جو چیز اس میں چڑھتی ہے اور وہ تمہارے ساتھ رہتا ہے خواہ تم لوگ کہیں بھی ہو اور وہ تمہارے سب اعمال کو بھی دیکھتا ہے۔(۴)اسی کی سلطنت ہے آسمانوں اور زمین کی اور اللہ ہی کی طرف سب امور لَوٹ جائیں گے۔(۵)وہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے (جس سے دن بڑا ہو جاتا ہے)اور وہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے (جس سے رات بڑی ہو جاتی ہے)اور وہ دل کی باتوں (تک) کو جانتا ہے۔ (۶)

سورة إبراهيم

اللہ وہ ہے جس نے آسمان اور زمین بنائے اور آسمان سے پانی نازل کیا پھر اس سے تمہارے کھانے کو پھل نکالے اور کشتیاں تمہارے تابع کر دیں تاکہ دریا میں اُس کے حکم سے چلتی رہیں اور نہریں تمہارے تابع کر دیں (۳۲)اور سورج اور چاند کو تمہارے تابع کر دیا جو ہمیشہ چلنے والے ہیں اور تمہارے لیے رات اور دن کو تابع کیا

نے

(۳۴)اور جو چیز تم نے اُس سے مانگی اُس نے تمہیں دی اور اگر اللہ کی نعمتیں شمار کرنے لگو تو انہیں شمار نہ کر سکو. بے شک انسان بڑا بے انصاف اور ناشکرا ہے

انہوں نے اللہ کی کچھ بھی قدر نہ کی بے شک اللہ زور والا غالب ہے (۷۴) فرشتوں اور آدمیوں میں سے اللہ ہی پیغام پہنچانے کے لیے چن لیتا ہے بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے (۷۵) وہ ان کے اگلے اور پچھلے حالات جانتا ہے اور سب کاموں کا مدار اللہ پر ہے (۷٦) اے ایمان والو رکوع اور سجدہ کرو اور اپنے رب کی بندگی کرو اور بھلائی کرو تا کہ تمہارا بھلا ہو (۷۷) الحج

کہہ دو وہ اللہ ایک ہے (۱) اللہ بے نیاز ہے (۲) نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے (۳) اور اس کے برابر کا کوئی نہیں ہے (۴)

آج کے منکر ان کی طرح اپنے آپ کو عقل کل سمجھتے ہوے جب فرعون نے حضرت موسیٰ سے پوچھا تمہارا رب کون ہے تو قران کریم کے مطابق انہوں نے اسکا جواب یوں دیا

وہ کہنے لگا کہ پھر (یہ بتلاؤ کہ) تم دونوں کا رب کون ہے اے موسیٰؑ۔ (۴۹) موسیٰؑ نے کہا (ہمارا سب کا) رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کے مناسب بناوٹ عطا فرمائی پھر رہنمائی فرمائی۔ طٰہٰ

ایک اور منکر خدا کو خدا کا تعارف ان الفاظ میں کروایا گیا ہے

(اے) مخاطب تجھ کو اس شخص کا قِصہ تحقیق نہیں ہوا (یعنی نمرود کا) جس نے حضرت ابراہیمؑ سے مباحثہ کیا تھا اپنے پروردگار کے (وجود کے) بارہ میں اس وجہ سے کہ خدا تعالیٰ نے اس کو سلطنت دی تھی جب ابراہیمؑ نے فرمایا کہ میرا پروردگار ایسا ہے کہ وہ جلاتا ہے اور مارتا ہے کہنے لگا کہ میں بھی جلاتا ہوں اور مارتا ہوں۔ ابراہیمؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آفتاب کو (روز کے روز) مشرق سے نکالتا ہے تو (ایک ہی دن) مغرب سے نکال دے اِس پر متحیر رہ گیا وہ کافر (اور کچھ جواب نہ بن آیا) اور اللہ تعالیٰ (کی عادت ہے کہ) ایسے بیجا راہ پر چلنے والوں کو ہدایت نہیں فرماتے۔ البقرہ

بڑھتے ہوئے کفر کے اثرات کے اس جدید دور میں اچھی بات ہے کہ اللہ رب کریم کی ذات کے بارے میں جو اس میدان کے شہ سوار تھے یعنی کہ ہمارے اسلاف

انہوں نے جو کچھ تفصیل بیان کی ہے اسکا خلاصہ پیش کرنے کی جسارت کی جائے.

حضرت شاہ اسماعیل شہید نے بیان فرمایا ہے

الٰہیات اُن مباحث کو کہا جاتا ہے جس میں ذاتِ باری تعالیٰ، اُس کی صفات اور کائنات، مبدأ کائنات، مخلوق کے خالق سے ربط و تعلق اور ان سے متعلقہ مسائل سے گفتگو کی جائے۔ یہ میدان بہت ہی نازک ہے، اسی لیے پوری تاریخ اسلام میں علماء اسلام میں سے چند شخصیات ہی اس موضوع کو زیر بحث لانے سے مشہور ہوئی ہیں۔ شیخ اکبر امام ابن عربی، امام ابن تیمیہ، امام غزالی، مجدد الف ثانی اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور قریبی دور میں مولانا محمد قاسم نانوتوی اس سلسلے کے نمایاں نام ہیں؛ لیکن ناانصافی ہوگی اگر شاہ اسماعیل شہید کو اس فہرست میں شامل نہ کیا جائے، اس کا بین ثبوت آپ کی کتاب "العبقات" ہے۔

"اس کتاب کے اہم مباحث میں سب سے پہلے یہ بحث شامل ہے کہ انسان کے نفسی اور حواسی علوم کتنے ہیں اور ان کی کیا کیا نوعتیں ہیں اس کے بعد اس کتاب کو چار اشاروں یا چار حصص پر پیش کیا گیا ہے۔ اس کے اشارۂ اول میں وجود سے بحث کی گئی ہے، اس ضمن میں جو مباحث آئے ہیں، وہ ہمارے جدید فلسفہ و طبعیات کے لیے غیر معمولی دلچسپی کے حامل ہیں اس اشارے میں یونانی اور سوفسطائی نظریات کا بھی

نے

جائزہ لیا گیاہے؛ نیز اعیانِ ثابتہ ، حقائقِ امکانیہ، اسمائے کونیہ، مظاہیر وجود، مبداءِ وجود، ماہیاتِ قبل الوجود، تعین ماہیت، مبدأ اور وجود کا تعلق، وجودِ واجب، عالم کا وجود طبعی، وجود منبسط، نورِ وجہ اللہ، توحید، عالمِ لاہوت، اِبداع، خلق، تدبیر و تدلّی سے بحث کی گئی ہے۔

تاریخ انسانی بیان کرتے ہوے بیچ میں سے شروع کی گئی مادیت پرستوں کی بات کیسے درست ہو سکتی ہے کہ بس ایک بڑا دھما کہ یعنی بگ بینگ ہوا اور کائنات کی ابتداء ہو گئی یہ نامکمل اور غیر تسلی بخش بیان ہے. اسی طرح یہ بتائے بغیر کہ دنیا میں زندگی کی ابتداء کس طرح ہوئی وہ پہلا خلیہ کہاں سے آیا ارتقاء کا نظریہ ادھوری بھی بات ہے.

حق اور سچ یہ ہے کہ جب کچھ بھی نہ تھا تو اللہ ہی کی ذات تھی. حضرت شاہ ولی اللہ نے وجود کو تین حصّوں میں تقسیم کیا ہے اللہ کی ذات، مرتبہ عقل یعنی اللہ کی صفات اور شخص اکبر یعنی کائنات. انسانی عقل کے لئے اس راہ کی ابتداء بھی عجز و حیرت ہے اور انتہا بھی عجز و حیرت ہے. ارسطو کے نزدیک وجود، واجب ممکن اور حادث میں منقسم ہے

نے

فارابی کے نزدیک وجود، واجب الوجود اور ممکن الوجود میں منقسم ہے

حضرت شہاب الدین سہروردی کے نزدیک وجود نور ہے جسکے کئی مراتب ہیں

شیخ اکبر ابن عربی کے نزدیک وحدت سے کثرت کی بنیاد تجلی ذات ہے

اہل عرفان کا کہنا ہے وجود، وجود مطلق ہے اور موجودات اسکے ظواہر ہیں.

صدر الدین القونوی کا کہنا ہے ذات کے پانچ مراتب ہیں یعنی وجود مطلق، یعنی لاھوت. عالم ارواح یعنی جبروت، عالم انسان کامل، عالم مثال یعنی ملکوت اور عالم مادہ یعنی ناسوت.

حضرت شاہ اسماعیل شہید نے اسطرح سمجھایا ہے. فرماتے ہیں:

فرض کریں ایک بادشاہ ہے جو خیال کرتا ہے کہ وہ ایک حکومت قائم کرے اور اسکے تمام لوازمات وہ اپنے خیال میں طے کرتا ہے پھر وہ انکی تفصیل میں منہمک ہوجاتا ہے تو جو چیزیں اسکے تحت الشعور میں تھیں وہ شعور میں آجاتی ہیں گویا اسکا منصوبہ معقول کے درجہ سے تخیل میں داخل ہو گیا.

نے

پہلا درجہ عقل تھا جو حکیم کے نفس میں پیدا ہوا دوسرا درجہ خیال تھا جو چیز عقل کے مقام پر تھی اسکو اسماء کونیہ کہتے ہیں. کیوں کہ انکا تعلق براہ راست ہے تو انکو ذات کے قائم مقام بھی ماں لیا جاتا ہے. حضرت شاہ ولی اللہ نے اسکی مثال ایک ٹھپہ سے دی ہے جس پر جو نقش کھدا ہوا ہے جو مٹی پر لگایا تو اس پر کندا ں ہو گیا. جو ٹھپہ پر نقش ہے وہ تو مرتبہ عقل ہے اور جو کھد گیا وہ مرتبہ شہادی ہے، یہی کائنات ہے اور اسی کا نام شخص اکبر بھی ہے.

اس مختصر سی تمثیل سے آپکو معلوم ہو گیا ہو گا کہ اس جہاں میں زندگی کی ابتداء کیونکر ہوئی اور کس نے اس کے قاعدے قوانین بنا ہے جس پر یہ چل رہی ہے. اور جو قاعدہ کلیہ بھی انسان اور سائنس دریافت کرتی ہے اسکا بنانے والی ذات اللہ ہی ہے. آپ کو یہ بھی اندازہ ہو گیا ہو گا کہ اللہ کی ذات مادی وجود سے کس قدر پاک اور بلند ہے اور اسکے باوجود وہ شہ رگ سے بھی قریب ہے. اسی تعلق کو بین کرتے ہوے حضرت شاہ اسماعیل فرماتے ہیں "تمام امکانی حقائق کو برقرار رکھنے والی قوت ایک ہی ہے یعنی وہ ایک واحد ذات ہی انکی قیوم ہے."

ایک متجسس انسان کے ذہن میں یہ سوال ضرور ابھرے گا کہ معرفت الہیہ کے بارے میں جو کچھ کہا گیا ہے اسکی بنیاد کیا ہے اور یہ کہ وہ اس کی تصدیق کیسے کر سکتا

نے

ہے. ایسے نوجوان سے گزارش ہے کہ کسی بھی شعبہ میں جاننے کے لئے جیسے
مخصوص مہارت اور شخصی قابلیت درکار ہوتی ہے اسی طرح الہیات میں عرفان کے
لئے بھی قابلیت درکار ہے اور یہ قابلیت فقط قوت عقل رکھنا ہی نہیں بلکہ قوت
متخیلہ قوت واہمہ قوت محرکا اور قوت عازمہ کی اعلی تہذیب کا ہونا بھی اسکے لئے
ضروری ہے. الہیات کے ضمن میں جو معلومات صاحب الوالعزم بزرگان خدا کے
ذریعہ ہم تک پہنچیں اس میں کشف بھی شامل ہے. جس کو انکی کہی باتوں کی تصدیق کا
شوق ہے وہ خود کو شرف کے اونچے معیار تک لے جائے. خود کو سنوارے اور
نکھارے اور تب اس پر بہت سے راز کھل جائیں گے.

اللہ تعالی کی ذات اور کائنات کی تخلیق

☆ذات وصفات الہی کے بارے میں قرآن اور فلسفہ کا بنیادی واصولی فرق

ایک دوسری جگہ اللہ تعالٰی کے ذات وصفات کے بارے میں قرآن مجید اور فلسفہ کا ایک
اصولی فرق بیان کرتے ہوئے یہ اہم علمی نکتہ لکھا ہے کہ:

"قرآن مجید جہاں صفاتِ الٰہی ثابت کرتا ہے، وہاں تفصیل سے کام لیتا ہے اور صرف تمثیل
کی نفی پر اقتصار کرتا ہے (لیس کمثلہ شئ ُ) اور یہی انبیاء علیہم السلام کا طریقہ ہے کہ ان کے
نے

یہاں اثبات مفصّل اور نفی مجمل ہے، اس کے بر خلاف ان کے حریفوں اور مخالفین (فلاسفہ یونان) کے یہاں سارازور نفی پر صرف ہوتا ہے، اور اثبات سے وہ سر سری طور پر گذر جاتے ہیں۔" (النبوات ص ۱۵۳)

فلسفہ یونان کا پورا دفتر ابن تیمیہ کے اس نکتہ کی تصدیق کرتا ہے۔ فلاسفہ نے نفی میں جس مبالغہ اور اہتمام سے کام لیا ہے اس نے خدا کے وجود کو محض ایک ذہنی تصور اور ایک مفلوج مجہول و مجبور ہستی بنا کر رکھ دیا ہے لیکن خدا کیا ہے؟ اور کیسا ہے؟ اس بارے میں ان کے یہاں چند لفظوں اور فلسفیانہ اصطلاحات سے زیادہ کچھ نہیں ملتا، اس کا نتیجہ ہے کہ یونان کے اندر اور ان تمام حلقوں میں جو یونان کے فلسفہ کے زیر اثر رہے 'خدا سے کوئی حقیقی زندہ اور عملی تعلق نہیں رہا ہے۔ اس لئے کہ اس حقیقی اور علمی، قلبی اور جذباتی تعلق کے لئے اسماء وصفات وافعال کی ضرورت ہے اور فلسفہ کو ان کی نفی پر اصرار ہے۔ دنیا کی پوری عقلی تاریخ میں کبھی انسان کو کسی ایسی ہستی سے قلبی تعلق اور وابستگی نہیں رہی ہے جس کی صفت و فعل کا اس کو کوئی علم نہ ہو۔ محبت، خوف، امید ورجاء، طلب و سوال سب کے لئے صفات کی ضرورت ہے اور وہ فلسفہ یونان میں بالکل منفی ہیں، اس لئے مورخین اخلاق وادیان کا بیان ہے کہ اہلِ یونان کا تعلق نہ صرف خدا کے ساتھ بلکہ مذہب کے ساتھ بالکل سطحی اور برائے نام تھا اور اس میں کوئی روح اور گہرائی نہیں تھی۔ امام ابن تیمیہ نے ایک جگہ پر صحیح لکھا ہے کہ "لاکھوں نفی ایک اثبات کے قائم مقام نہیں ہو سکتی"

واقعہ یہ ہے کہ نفی محض پر کسی مذہب اور زندگی کی عمارت نہیں کھڑی ہو سکتی اور غالباً مغرب میں فلسفہ یونان اور مشرق میں بودھ مذہب اسی وجہ سے ایک انسانی سوسائٹی پیدا کرنے میں ناکام رہے، جس کی عمارت خدا کے تصور اور عقیدہ پر قائم ہو اور یہ اسی کا نتیجہ ہے کہ ان دونوں فلسفہ کے حلقہ اثر میں ایک طرف بت پرستی اور دوسری طرف الحاد اور انکارِ خدا کا رجحان بہت جلدی دبے پاوں چلا آیا۔ اس لئے کہ عوام کی تشفی (جن کی فطرت میں عبادت اور خدا پرستی کے جذبات ودیعت ہوتے ہیں) ایسے فلسفہ سے نہیں ہو سکتی جس میں سارازور دماغی ورزش اور فلسفیانہ تصوّرات پر ہو اور قلب و دماغ کے لئے معرفت و محبت کی کوئی غذا فراہم نہ کی جائے۔

ان (ابن تیمیہؒ) کے نزدیک اس کا نتیجہ ہے کہ صحابہ کرام کو جو نبوت کے فیض یافتہ تھے، جو معرفت وعلوم حاصل ہوئے وہ بڑے مکمل اور گہرے ہیں اور ان میں تکلف کا نام ونشان نہیں ہے۔ وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور متاخرین کا جو فلسفہ اور علمِ کلام سے متاثر تھے، موازنہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:-

"صحابہ کرام باوجود اس کے کہ علم نافع اور عمل صالح کے اعتبار سے کامل ترین خلائق تھے، تکلفات سے بالکل پاک وبری تھے۔ کسی صحابی کی زبان سے ایک یا دو لفظ حکمت و معارف کے نکل جاتے ہیں اور ان دو لفظوں کے اثر وبرکت سے پوری کی پوری قوم کو ہدایت

نے

نصیب ہو جاتی ہے، یہ اس امت پر اللہ تعالٰی کا انعام ہے۔ اس کے مقابلہ میں دوسرے لوگ صفحے کے صفحے ان تکلفات و شطحات سے بھر دیتے ہیں جو محض غیر ضروری مباحث اور نو ایجاد آراء و نظریات ہیں۔ (نقض المنطق ص ۱۱۴)

غرض یہ کہ امام ابن تیمیہ نے اس بات پر پورا زور دیا ہے کی عقائد کا ماخذ وحی و نبوت اور کتاب و سنت کو بنایا جائے انہی کے نصوص کو اس بارے میں معیار کا درجہ دیا جائے۔ انھوں نے ساری عمر اس کی دعوت دی او مشکل سے ان کی کوئی تصنیف اس سے خالی نظر آئے گی۔ اس طرح انھوں نے فکر اسلامی کو طاقت و تازگی بخشی جو فلسفہ و علم کلام اور عجمی روح سے بہت کچھ مجروح و مضمحل ہو گئی تھی۔

استفادہ تحریر: تحریک دعوت و عزیمت از مولانا سید ابو الحسن علی ندوی

شجر ہجر حشرات حیوان انسان درجہ بہ درجہ ذات باری تعالی کے بارے میں اتنا ہی جان سکتے ہیں جتنا کہ اللہ کی طرف سے انکو علم دیا گیا.

اسکے باوجود ہر شے اپنے پیدا کرنے والے کی شان بیان کرتی ہے مگر ہم اسکا فہم نہیں رکھتے.

سُوۡرَةُ بنىَ اسرآئيل / الإسرَاء

نے

تُسَبِّحُ لَهُ ٱلسَّمَـٰوَٰتُ ٱلسَّبۡعُ وَٱلۡأَرۡضُ وَمَن فِيهِنَّۚ وَإِن مِّن شَيۡءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمۡدِهِۦ وَلَـٰكِن لَّا تَفۡقَهُونَ تَسۡبِيحَهُمۡۗ إِنَّهُۥ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا (٤٤)

سورة بنیَ اسرآئیل / الإسرَاء

تمام ساتوں آسمان اور زمین اور جتنے ان میں ہیں اس کی پاکی بیان کر رہے ہیں اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اس کی پاکی (قالاًیاحالاً) بیان نہ کرتی ہو لیکن تم لوگ ان کی پاکی بیان کرنے کو سمجھتے نہیں ہو وہ بڑا حلیم ہے بڑا غفور ہے۔(۴۴)

http://www.darululoom-deoband.com/urdu/magazine/new/tmp/05-Hujjatul%20Islam%20Shah%20Ismail_MDU_12_Dec_12.htm

سیدنا عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:

كَتَبَ اللهُ مَقَادِيرَ الْخَلَائِقِ قَبْلَ أَنْ يَّخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْـأَرْضَ بِخَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ، قَالَ : وَعَرْشُہ، عَلَى الْمَاءِ .

”زمین و آسمان کی تخلیق سے پچاس ہزار سال قبل اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات کی تقدیر لکھ دی تھی، نیز فرمایا: اللہ کا عرش (ابھی) پانی پر تھا۔“

نے

(صحیح مسلم: ۲۶۵۳)

حرف آخر

تمام مخلوقات اور انکی فطرتوں اور جبلتوں کا خالق اللہ تعالی ہے. ہر چھوٹے سے چھوٹا جرثومہ یا زندگی ان ابتدائی شکل لئے واحد خلیہ اسی پروگرام یا تقدیر کہہ لیں کے مطابق عمل کرتا ہے جو اسکو پیدا کرنے والے خالق نہیں مقرر کرر کھی ہے. مخلوقات کی ان کیفیات کو کسی قدرتی انتخاب یا ڈارون کے نظریہ ارتقاء کا نتیجہ قرار دینا کم فہمی اور گمراہ کن تصور ہے.

انسان نے اگر یہ معلوم کر لیا کہ انسان کی فلاں فلاں خصوصیت کس کس وقت پر رونما ہو گی تو کون سا تیر مارا؟ کیا جنیٹک کوڈ کو سمجھنے کی اہلیت حاصل ہو جانے اور قدرت کے رازوں سے واقفیت ہو جانے سے اللہ تعالی کی شان میں کوئی کمی آتی ہے؟ بلکہ ہر نئی دریافت اللہ کی شان اور انسان کے ایمان میں مزید اضافہ کا باعث بنتی ہے. اب اگر وہ استعداد جو اللہ نے انسان کو اپنی منشا سے بخشی ہے کی بنا پر وہ اللہ کی بنائی اشیا کے ڈیزائن میں کچھ تبدیلیاں بھی کر لیتا ہے تو کیا وہ جو کچھ کر رہا ہے وہ اللہ کے ارادہ سے باہر ہے؟ یقینا ایسا نہیں ہے. پھر چاہیے تو یہ کہ انسان ان عنایات اور مسخر کرنے کی قدرت ملنے پر اللہ تعالی کا شکر

نے

گزار ہو، وہ ان چیزوں کی خصوصیات کو مخصوص نتائج کی وجہ سمجھ کر اس مغالطے میں ذات اعلیٰ صفات رب کریم کا انکار کر بیٹھے، اس سے بڑھ کر احمقانہ پن اور کیا ہو گا.

سورۃ یسٓ

کیا آدمی کو یہ معلوم نہیں کہ ہم نے اس کو نطفہ سے پیدا کیا سو وہ علانیہ اعتراض کرنے لگا۔ (۷۷) اور اس نے ہماری شان میں ایک عجیب مضمون بیان کیا اور اپنی اصل کو بھول گیا کہتا ہے کہ ہڈیوں کو جب کہ وہ بوسیدہ ہو گئی ہوں کون زندہ کرے گا۔ (۷۸)

آے میرے رب تمام تعریفیں آپ کے لئے ہیں، ہدایت والی حیات عطا فرمائے ہم سب کو. اور توفیق عطا فرمایئے کہ ہم وہ اعمال سر انجام دیں جس میں آپکی رضا ہو. آپ ہمیں معاف فرماء دیں اور ہمیں بخش دیں یوم حساب والے دن. آمین یارب العلمین.

وماتوفیقی الا باللہ العظیم